APRIL 2023 – VOL. 23 – ISSUE 04

# AZEEM ENGLISH MAGAZINE

MONTHLY

ISLAMIC EDITION



PAGE 01
LET'S LEARN THE HOLY QURAN

PAGE 76
صبح عظیم

PAGE 03
LET'S LEARN THE HADITH SHAREEF

PAGE 48
ادبیات پنجابی

PAGE 09
THE CONCEPT OF ECONOMIC WELFARE

PAGE 05
ISLAMIC CONCEPT OF LAWFUL (حلال) AND PROHIBATED (حرام) MEANS OF SUSTENANCE

PAGE 63
تاریخ کے جھروکوں سے

PAGE 42
اللہ والوں کی باتیں

PAGE 155
آسان فہم قرآن سلسلہ

ISSN 2788-4252

PKR 350 | AED 14 | USD 6

# DISCLAIMER

The magazine does not endorse any of the ideas, opinions or thoughts proposed in the published articles. The opinions belong to the authors only. We reserve the right to edit letters for reasons of clarity and space.

To get your content published, send your submissions at
*submit@aemagazine.pk*

# EDITORIAL BOARD

**Patron-in-Chief**
Dr. Muhammad Azeem Farooqi

**Editor-in-Chief**
Muhammad Ali Farooqi

**Associate Editor**
Imran Khan

**Managing Editor**
Humaira Riaz

**Art Director**
Fazal Khan

**Marketing Director**
Sumaira Riaz

# EDITOR'S NOTE



We are thrilled to present our special Islamic edition in this holy month of Ramadan. This edition is dedicated to exploring the depths of Islamic knowledge and spirituality. In this edition you will get a comprehensive understanding of the Quran and Hadith, Islamic concepts of Halal and Haram, and the concept of economic welfare in Islam.

We have also included profiles of some of the inspiring personalities in Islamic history, such as Hazrat Sultan Bahu, Hazrat Baba Farid Ganj Shakar, Bulleh Shah, and Syed Mujaddid Alf Thani, who have left a lasting impact on the world with their wisdom.

We hope this special edition will serve as a valuable resource for all those seeking to deepen their knowledge and understanding of Islam. We welcome your feedback and look forward to continuing our journey of discovery and learning together.

*Bonne Lecture!*

**Muhammad Ali Farooqi**
**Editor-in-Chief**

# Table of Contents


**Let's Learn The Holy Quran**

Surah Al Jasiah 1

**Let's Learn The Hadith Shareef**

Chapter of Cleanliness 3

**Let's Learn Islamic Economics**

Islamic Concept of Lawful (حلال) and Prohibited (حرام) 5

Means of Sustenance

The Concept of Economic Welfare 9

**اللہ والوں کی باتیں**

حضرت مخدوم شاہ مینا لکھنوی رحمتہ اللہ علیہؒ، شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ، 42

حضرت خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہؒ، حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی سرہندیؒ

**ادبیاتِ پنجابی**

حضرت سلطان باہوؒ 48

سید بُلھے شاہؒ 52

حضرت بابا فرید گنج شکرؒ 57

**تاریخ کے جھروکوں سے**

تاریخ خلافت کا تاریخی جائزہ 63

صُلح حدیبیہ / فتحِ مُبین 70

**صبح عظیم**

ریاکاری 76

سود 83

صدق 89

تقویٰ و پرہیزگاری 96

ایمانداری 99

ایفائے عہد 103

تعلیم اور معاشرتی اخلاق 105

ریاستِ مدینہ 107

معاشرتی فلاح و بہبود 110

عفوودرگزر 118

اُخوت 124

**آسان فہم قرآن سلسلہ**

دسواں پارہ ایک نظر میں 155

نواں پارہ ایک نظر میں 184

اٹھواں پارہ ایک نظر میں 209

ساتواں پارہ ایک نظر میں 232

# (آیئے قرآن سیکھئے)Let's Learn The Holy Quran

## *Surah Al Jasiah(45)*

***By Prof.Dr. Muhammad Azeem Farooqi***

**Translated by:** Prof. M.Imran Khan Farooqi (Ph.D. Scholar)

(جاثیہ)Jasiah means "one who site on the knees". The name of the surah has been taken from the verse no 28.

وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً

"And thou wilt see every nation bowing the knees".

In this Surah, attention is drawn towards the righteousness of revelation and to be entitled to reward and punishment and to be entitled to reward and punishment for denying their authenticity is mentioned.

**SOME IMPORTANT TOPIC:**

The testimony of the Universe

It was very difficult for them to accept monotheism (Tauheed). To end this difficulty, the attention of the readers was drawn towards the colours, beauties and complexities of the Universe which cry out and testify to the wisdom, power and knowledge of the Creator.

**The Blessings on Bani Israeel:**

Allah Almighty has described all His countless blessings He showered on Bani Israeel. He blessed this nation with book, government and Prophethood. They were given the excellence and greatness over all the nation

of that time. But after some, they became victim of mutual jealousy and enmity. They got divided into different sects and faction. They broke that heavenly religion a part in a way that it the lost the power of guiding them in their communal life.

**Admonition to the prophet (SAW):**

Allah Almighty said to His Prophet (SAW)

"We have given you a whole and complete code of life .It is compulsory for you to obey it and do never obey these foolish and ignorant people who had become the victims of their desires.

**The Faith of the Kuffar (The Non Believer):**

Kuffar were having the faith that was no life after the death. So, there would not be any Doomsday. They inherited this faith from their forefathers. They did never want to give up this faith.

**To Draw Attention to the Resurrection:**

At the end of the Surah, The Kuffar was told that there would the Day of Judgment. At that day people would be rewarded or punished according to their acts.

This Surah consists on 4 chapters and 37 verses. It was revealed in Makkah.

**Hadith on the Learning of Quran:**

**Narrated Al-Bara:**

I learnt' ,Glorify the Name of your Lord the Most High'(Surat al-A'la) No 87 ,before the Prophet came (to Medina).

Sahih Bukhari, Volume 6,Book 61, Number 517

# Let's Learn The Hadith Shreef

Prof. Dr. Muhammad Azeem Farooqi,

Translated by Prof. M.Imran Khan Farooqi

## Chapter of Cleanness

The saying of the Prophet (SAW):

Hazrat Abu Malik Ashaari (RA) says,

Prophet (SAW) said,

اَلطَّهُوْرُشَطْرُالْاِيْمَانَ(مُسلم)

"(Purity) Cleanliness is half of faith"

Allama Yahya bin Sharaf Novi writes. A meaning of this Hadith is that the reward of cleanliness reaches to the level of the holy of the faith. Another meaning of the Hadith is that the sins committed before embracing Islam are erazed after embracing Islam. In the same way, the sins before ablution are erazed by ablution. But without faith, there would be no ablution, that is whey Prophet (SAW) said that purity (cleanliness) is half of the faith.

Hazrat Abdullah bin Bashr ul Mazli (RA) says, Prophet (SAW)

said, "trim your nails, bury the nail clipping, clean the knuckles, clean food particles from gums, clean the teeth and do not come to me with a dirty and smelly mouth".

Allah Almighty says;

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ

(البقرة:۲۲۲)

"Verily indeed, Allah loves those who repent a lot and those who adopt a lot of purity"

In the Holy Quran, purity has been applied to both purity of the soul and purity of the body.

It was the practice of Ansaars (the companions of the Prophet (SAW) from Madinah) that after defecating process they used to do astanjah( the process of cleaning) with clay molds first and then with the water. Allah Almighty liked their habit and said in the Holy Quran.

فِیْهِ رِجَالٌ یُّحِبُّوْنَ اَنْ یَّتَطَهَّرُوْا وَاللّٰہُ یُحِبُّ

الْمُطَّهِّرِیْنَ(التوبه:۱۰۸)

"(In this Masjid these are people who like to be clean .And Allah loves those who are pure.

# Islamic Concept of Lawful (حلال) and Prohibited (حرام) Means of Sustenance

**by Dr. Muhammad Azeem Farooqi**

**(drazeemfarooqi.com)**

Islam guides human beings in every sphere of life and wherever it feels necessary also determines the few prohibitions and limitations. These prohibitions and limitations are binding on every Muslim. If we look at these prohibitions and limitations without any prejudice, it would transpire that these are for the benefit of human beings. Human intellect is limited as compared to divine wisdom and sometimes someone feels that these prohibitions and limitations are worthless and useless. But it is a fact that Allah (SWT) has imposed these where there is a benefit for humans in them. Allah (SWT) knows best about His wise decisions and humans cant perceive it. It is also a fact that if these prohibitions and limitations were not in the benefit of humans but for the unlimited favours of Allah (SWT) on humans, they are obliged to impose on themselves to pay thanks to Him.

**Difference Between Lawful (حلال) and Prohibited (حرام):**

Allah (SWT) has imposed certain limitations and prohibitions on eatables and by using the term Lawful (حلال) and prohibited (حرام)

has distinguished what can be eaten and what not. Those that can be eaten are called Lawful ( حلال) and those that cant be eaten are called prohibited (حرام) .

The second principle is that certain means to get these eatables are allowed in Islam while some others are prohibited. Those means that are allowed are called Lawful (حلال).

**Four Modes of Getting Means of Sustenance:**

Keeping in view Lawful (حلال) and Prohibited (حرام), following four modes are available.

Things are Lawful (حلال) and the means to achieve it are also Lawful (حلال) .

Things are Lawful (حلال) and the means to achieve it are Prohibited (حرام) .

Things are Prohibited (حرام) and the means to achieve it are Lawful (حلال) .

Things are Prohibited (حرام) and the means to achieve it are also Prohibited (حرام) .

**Lawful (حلال) and Just (جائز) way of Getting Means of Sustenance.**

Islam has allowed only the first approach and all others are prohibited. The special feature of the first mode is that

1.The Thing is also lawful (حلال)

2.The process of getting that is also lawful (حلال)

The second feature that is the lawful process is called lawful profession (کسب حلال) and that is our focus right now. Therefore, we shall discuss the lawful process of getting things while

ignoring the lawful things.

Another point to be considered is that the antonym of lawful profession (کسب حلال) is prohibited profession (کسب حرام) i-e getting things by adopting prohibited means. It is a common principle that to explain a phenomenon clearly it is necessary to discuss it against its antonym. So we shall discuss lawful profession by also discussing prohibited procession.

**Divine Ordinance (احکام خداوندی)and Lawful Profession (کسب حلال):**

يٰاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِى الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّ لَا
تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ

O MANKIND! Partake of what is lawful and good on earth, and follow not Satan's footsteps: for, verily, he is your open foe, 2:168

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ
وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ

O you who have attained to faith! Partake of the good things which We have provided for you as sustenance, and render thanks unto God, if it is [truly] Him that you worship. 2:172

وَ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْٓ اَنْتُمْ
بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ

Thus, partake of the lawful, good things which God grants you as sustenance, and be conscious of God, in whom you believe 5:88

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّ اشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ
اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ

AND SO, partake of all the lawful, good things which God has provided for you as sustenance, and render thanks unto God for His blessings, if it is [truly] Him that you worship. 16:114

Advice to Refrain from Prohibited Profession (کسب حرام)

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

AND DEVOUR NOT one another's possessions wrongfully, and neither employ legal artifices with a view to devouring sinfully, and knowingly, anything that by right belongs to others. 2:188

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا

O YOU who have attained to faith! Do not devour one another's possessions wrongfully - not even by way of trade based on mutual agreement and do not destroy one another: for, behold, God is indeed a dispenser of grace unto you! 4:29

Hadith of The Prophet Muhammad (PBUH) and Persuasion of Lawful Profession (کسب حلال)

1.Allah (SWT) says that He is ashamed of taking account of a person who abstains from prohibited (حرام).

ابھی گھر بیٹھے ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی صاحب کی تصانیف آرڈر کرنے کے لیے کال کریں

+923125892959

یا ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں

drazeemfarooqi.com

# The Concept of Economic Welfare

## by Dr. Muhammad Azeem Farooqi

**(drazeemfarooqi.com)**

**Meaning:**

In Lisan Al Arab (The Tongue of the Arabs) فلح، افلح (cultivate) is used as success (الفلاح) (success) الفوز ، والنجا والبقا فی النعیم والخیر۔(لسان العرب،ج ۲،ص۶۴۵). If there is success in the favours of Allah (SWT) and virtues, guarantee of protection from harm and survival then this state is known as success (فلاح). In آلمجتہد (Al-Mujtahid) فلاح (success) means to tear apart, to crack open that is why farmer is called فلاح because he works hard to cultivate the land and he receives his reward in the shape of joyously waving farm and in place of one grain he receives up to seven hundred grains. His hard work prospered, flourished and he received an excess reward, it is success (فلاح).

**According to Imam Al Raghib Isfahani success (فلاح) is of two kinds:**

1.Worldly Success - The meaning of it is to achieve all those successes by which worldly life becomes happier e.g. wealth, respect, high rank etc.

2.Success in Hereafter - it is the achievement of following four things:

a.Survival without death (بقا بلا فنا)

b.Wealth without poverty (غنا بلا فقر)

c.Respect without deception (عزت

(بلا ضلالت)

d.Knowledge without ignorance (علم بلا جہالت)

**Urdu Daira Maarif (اردو دائراہ معارف) describes success as follows:**

Success (فلاح) is a special term in Islamic Economics that is derived from the Quran. It means a satisfactory life of a person in this world and achievement of success in the Hereafter.

**Oxford dictionary defined success or welfare as:**

Satisfactory state, health and prosperity, well-being state on having national health insurance and other social services, work, efforts to make life worth living for employees etc.

According to Mufti Muhammad Shafi Complete success (فلاح) can only be achieved in Paradise (جنت), there is no such place in this world. However, in view of circumstances, to achieve success (فلاح) and to free from any harm is possible in this world that Allah (SWT) favours upon His slaves.

In the Quran on many occasions the word success (فلاح) has been described and it means success in this world and in the Hereafter.

**Islamic Concept of Success:**

The concept of success in Islam is not the abundance of resources for means of worldly life rather it is a name of life of gratifying heart and satisfactory living. Opposite to this all false systems of the world present success related to the material world and abundance of resources of means of life is

considered success and totally ignore the spiritual needs of the human beings. It is a fact that fleshy humans besides having fleshy bodies also have some spiritual needs. It is possible that a human living in a hut would be more satisfied than the one living in a comfortable home.

Islam endeavors utmost to provide basic necessities of human beings and at the same time if anyone struggles more for his necessities, it appreciates it. But Islam does not consider the worldly means the objective of life because Islamic concept of success is not limited to this worldly life rather the true success is not possible in this world because human wants are unlimited and to fulfill these the resources are limited. When all the wants of someone dont fulfil, he cannot achieve true success. Islam clarifies the concept of success in human mind that success in this world is when a human achieves spiritual satisfaction(نفس مطمعنہ) .

يٰاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّۃُ۔ارْجِعِیۤ اِلٰی رَبِّکِ رَاضِیَةً مَّرْضِيَّةً.فَادْخُلِیۡ فِیۡ عِبٰدِیۡ.وَادْخُلِیۡ جَنَّتِیۡ.

"O reassured soul, Return to your Lord, well-pleased and pleasing [to Him],And enter among My [righteous] servants And enter My Paradise." 89.27 to 89.30

Those who attain spiritual satisfaction, Quran describes their attributes as

اِنَّ الَّذِیۡنَ قَالُوۡا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسۡتَقَامُوۡا تَتَنَزَّلُ عَلَیۡہِمُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ اَلَّا تَخَافُوۡا وَ لَا تَحۡزَنُوۡا وَ اَبۡشِرُوۡا بِالۡجَنَّۃِ الَّتِیۡ کُنۡتُمۡ تُوۡعَدُوۡنَ(۳۰)

Indeed, those who have said, "Our Lord is Allah " and then remained on a right course - the angels will descend upon them, [saying], "Do not fear and do not grieve but receive good tidings of Paradise, which you were promised. 41.30

The Prophet (PBUH) taught a supplication.

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَ رِزْقًا طَیِّبًا وَ عَمَلاً مُتَقَبَّلاً

O Allah, I ask You for beneficial knowledge, good provision, and deeds that will be accepted (Sunnan Ibn Maja 925).

Islam wants to establish this feeling in this world and in the hereafter that is why Allah (SWT) taught Muslims the following invocation.

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ

'O our Sustainer! Grant us good in this world and good in the life to come, and keep us safe from suffering through the fire' 2:201

Humans cant determine what is beneficial for them that can guarantee success and what is harmful for them that is why with the word حسن it was prayed that give us everything in which is betterment for us in this world and in the hereafter.

The economic values that Islam has given, its very purpose is success of humanity. The forbiddance of usury is for the betterment of humans because usury imbalances the entire economy. Allah (SWT) says in Quran

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْکُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْن

O You who have attained to faith! Do not gorge yourselves on usury, doubling and re-doubling it but remain conscious of God, so that you might attain to a happy state; 3:130

The cleansing of the economy from usury will benefit in the shape of success in this world and to do so on the order of Allah (SWT) it will also benefit in the hereafter. Similarly the purpose of forbiddance of wine and gambling is also welfare of humanity. Allah (SWT) says in Quran

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ
وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ
تُفْلِحُوْن

O You who have attained to faith! Intoxicants, and games of chance, and idolatrous practices, and the divining of the future are but a loathsome evil of Satan's doing:' shun it, then, so that you might attain a happy state! 5:90

The abolishing of all these evils results in cessation of lawlessness, anxiety, economic and moral lowness and a satisfactory and prosperous life is achieved.

Economic success is based on effort. Allah (SWT) says in Quran

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ
فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ
كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (٩) فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي
الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا
لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (١٠)

O You who have attained to faith! When the call to prayer is sounded on the day of congregation, hasten to the remembrance of God, and leave

all worldly commerce: this is for your own good, if you but knew it. And when the prayer is ended, disperse freely on earth and seek to obtain [something] of God's bounty; but remember God often, so that you might attain a happy state! 62:9-10

According to the above verses, it is necessary that for economic success along with effort & struggle remembrance of Allah (SWT) is also done so that all economic activities to remain under the divine laws of Allah (SWT) and society to remain safe from transgression and usurpation that is why it is said that whenever one starts any work one should recite the بسم اللہ. Imam Hussain(RA) said that I hate both the oppressor and oppressed. Oppressed for the reason that his bearing of oppression encourages the oppressor.

The Quran describes different societies and groups of people.

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ
حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ
اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ۔ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ
الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ۔ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۔ رَضِيَ اللّٰهُ
عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۔ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ۔ اَلَآ اِنَّ
حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

Thou canst not find people who [truly] believe in God and the Last Day and [at the same time] love anyone who contends against God and His Apostle - even though they be their fathers, or their sons, or their brothers, or [others of] their kindred. [As for the true believers,] it is they in

whose hearts He has inscribed faith, and whom He has strengthened with inspiration from Himself, and whom [in time] He will admit into gardens through which running waters flow, therein to abide. Well-pleased is God with them, and well-pleased are they with Him. They are Gods partisans: oh, verily, it is they, the partisans of God, who shall attain a happy state! 58:22

Those who follow the rules and regulations of the Quran for them is the above mentioned success in this world and in the hereafter.

**The Means of Achieving Economic Success**

Lets see now what rules and regulations Islam has given for the achievement of success that guide us in the practical life and help in eradicating the poverty and hunger.

**1.Encouragement for Economic Activities:**

Islam encourages everyone to strive for economic activities according to his/her abilities. Allah (SWT) says in the Quran:

فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِی الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ

And when the prayer is ended, disperse freely on earth and seek to obtain [something] of God's bounty; 62:10

Further said

وَلَا تَنْسَ نَصِیْبَکَ مِنَ الدُّنْیَا

do not forget your share of the world 28:77

Prophet (PBUH) said

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلیَّ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ: (طَلَبُ کَسْبِ الْحَلَالِ فَرِیْضَۃٌ بَعْدَ الْفَرِیْضَۃِ

Narrated by Abdullah Bin Masood (RA), the Prophet (PBUH) said: To seek the Halal provisions is a major obligation after the obligations made necessary by Allah (SWT). Mishkat Vol. 3:23

**2.Dynamic and Comprehensive Regulations:**

Islam has provided dynamic and comprehensive rules for the economy like others areas of life that guide us through every stage. Keeping in view human needs, Islam allows prohibited and repugnant items because Islam likes collective expediency e.g. If a life can be saved from a sip of wine then Islam allows its use in such circustances. Islam has also provided economic concepts that can help in drafting detailed regulations in every period of time easily e.g. prohibition of usury, prohibition of gambling, good loan (قرض حسنہ) , levy of zakat, permissible (حلال) businesses or professions etc. In this respect important principles of Islam like gradul, absence of harm and reduction of difficulty guide us.

**3.Fairness and Justice:**

The economic principles that Islam has given are based on fairness and justice. Islam has provided such principles of creation of wealth, spending of wealth and distribution of wealth that secure the interests of all strata of the population. It has enjoined upon the Government to uphold justice so that people can be freed from the tyranny of the tyrants. For this very purpose, the

judiciary has always been separate from the administration throughout history so that right holders rights can be secured, therefore, Islam has offered the concept of a welfare state.

**4.Circulation of Wealth:**

Circulation of wealth is the base of economic principles. Islam has provided legal rules as well as ethical incentives for circulation of wealth. Quran says:

كَیۡ لَا یَکُوۡنَ دُوۡلَۃًۢ بَیۡنَ الۡاَغۡنِیَآءِ مِنۡکُمۡ

so that it may not be [a benefit] going round and round among such of you as may [already] be rich. 59:7

The above is a part of the said Aya which is about the distribution of spoils from cities captured without war. It was made clear in the above Aya that the purpose of distribution of wealth is the circulation of wealth that is why it was given to those who dont have wealth or have a little. That is to discourage the concentration of wealth. For this purpose, Islam on the one side discourages concentration of wealth, pledges severe punishment for miserliness and on the other hand shows displeasure for greed, condemns extravagance and stresses moderation in spending of wealth.

Narrated by Hazrat Abdullah Ibn Masud (RA) that Prophet Muhammad (PBUH) said

ما عال من اقتصد - He who opted moderation and prudence, he will never be insolvent. ( M u s n a d Ahmed Vol 2:2308)

**5.Consistency between Materialistic and Ethical Progress:**

The basic principles that Islam has given if implemented in true spirit, would yield ethical as well as materialistic benefits. In islam material, ethical and spiritual elevation is consistent with each other e.g. a rich person when spends in the way of Allah (SWT), he thereby achieves the highest level of virtue.

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ

[But as for you, O believers,] never shall you attain to true piety unless you spend on others out of what you cherish yourselves; 3:92

Similarly, doing favours on others and helping out the poors is not possible without materialistic progress and in this way our ethical and spiritual development is hidden in our materialistic development.

Similarly, Islam accepts the right of individual ownership and has prescribed a share for the poors in the wealth of rich person. The purpose behind such freedom is that the wealthy should work for the betterment of the society and thereby to create a society wherein an environment of cooperation and trust is established. A society where greed and lust becomes norms, cannot progress. That is why Islam has made unlawful (حرام) all those means of economics which have unethical elements because by adopting these means society is deprived of kindness and selflessness.

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ

people whom neither [worldly] commerce nor striving after gain can divert from the remembrance of God, and from constancy in prayer, and from charity: 24:37

The cooperation between an individual and the group is necessary for the purpose of igniting a spirit of kindness, selflessness and service to humanity between the people of the society.

**Narrated An-Nu'man bin Bashir:**

Allah's Apostle said, "You see the believers as regards their being merciful among themselves and showing love among themselves and being kind, resembling one body, so that, if any part of the body is not well then the whole body shares the sleeplessness (insomnia) and fever with it." Bukhari 3:970

In contrast to this, in other systems there is a conflict among individuals and the public. Principles and vested interests are in conflict with each other and because of it these systems have failed in all practicalities.

The compulsory principle in Islam to achieve success is that peopel of a society must cooperate with each other. According to Imam Ibn Hizam, He is not a believer who eats full belly and his neighbour sleeps hungry. Every person in every city is answerable for the death of a person because of hunger. All such people are responsible for payment of blood money.

**6.Developing Standard of Living:**

Islam encourages to improve the standard of living in accordance with the changing circustances so that people can fulfill their needs in a better way. Similarly, Islam has given basic principles of economy like profession but left the details on the prevailing circumstances so that living standard of humans could be improved. Alongside it also stressed upon that living standard should not be made objective of life so that in society greed and lust could not be created.

It Is narrated on the authority of Abdullah b. Mas'ud that the Apostle of Allah (may peace be upon him), observed: He who has in his heart the weight of a mustard seed of pride shall not enter Paradise. A person (amongst his hearers) said: Verily a person loves that his dress should be fine, and his shoes should be fine. He (the Holy Prophet) remarked: Verily, Allah is Graceful and He loves Grace. Pride is disdaining the truth (out of self-conceit) and contempt for the people. Muslim 1:266

Islam made it possible to make standard of living ever developing by giving economic freedom. Those who leave behind in the economic race, Islam does not leave them on their own rather it has prescribed a minimum living standard in the shape of Zakat institution.

Standard of living depends on the circumstances of the economic

environment and economic means of every period of time. Every person is free to choose the economic means to fulfil his/her economic needs. The only condition is that it does not make him/her proud and priority should be given to those who are economically deprived.

**7.Eradication of Hunger and Poverty:**

Islam managed to eradicate povert and hunger for the economic welfare. Because poverty and hunger bears harmful effects on the personality of a human, on his faith, on his character & ethics.

Prophet Muhammad (PBUH) said Poverty can almost turn into disbelief. Shah Waliullah 40:37

Prophet Muhammad (PBUH) used to invoke Allah (SWT) O Allah I seek refuge in You from disbelief and poverty. Someone enquired: Are these two equal? The Prophet (PBUH) replied Yes. Sahih Ibn Hibban, Hadith: 1026 Al-Ihsan

Poverty and hunger is also harmful for family life. The Quran imposes a condition for marriage contract (نکاح) that one must be able to support the family life because poverty creates many problems.

وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحًا حَتَّىٰ يُغْنِيَهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ

And as for those who are unable to marry, let them live in continence until God grants them sufficiency out of His bounty, 24:33

Hazrat Abu Dharr al-Gifari (RA)

said that I am astonished that, who has nothing to eat, how will he raise sword to fight with people? A servant told Imam Muhammad al-Baqir that there is no flour left in house. He said may Allah (SWT) punish you because you have wiped out forty rulings of Fiqh from my mind. According to Imam Abu Hanifa Do Not consult with the one who has no flour in his house.

**Narrated 'Abdur Rahman bin Abi Bakra:**

Abu Bakra wrote to his son who was in Sijistan: 'Do not judge between two persons when you are angry, for I heard the Prophet saying, "A judge should not judge between two persons while he is in an angry mood." Bukhari 3:2071

Islam wants to drive out poverty and hunger from the society and strives to provide the necessities of life to every member of the society so that the society can progress to its full potential and all the people can live a life of prosperity and calm.

**8.The Role of State in the achievement of Economic Welfare:**

Islamic State is a social welfare state. In Islam reponsibility of the State is not limited to ensure internal law & order and defense of its boundaries but also to establish true and natural equality in every sector of the life, remove all the obstacles that hinder the equality of effort and struggle in the persuit of fair economic objectives of its citizens and

provision of basic needs of its citizens whether Muslims or Non-Muslims. If it finds anywhere within its boundaries hunger & starvation, poverty & famine, oppression & abuse then it should use all its powers to eradicate these ills.

Islam has given a guideline concerbning economic life that it is the duty of an Islamic Society and Islamic State that it should strive to eliminate hunger and poverty as it strives to abolish the darknesses of unfaith.

Islam has opened doors of economic struggle to all but has also given the concept that this ownership is like a trust. In the wealth of everybody, Allah (SWT) and His servants have a right. It is necessary that everybody after meeting his fair needs should fulfil the rights of the State and other humans. The Zakat Levy was made obligatory on the persons who have a minimum threshold of wealth for levy of Zakat ( صاحب نصاب) for the purpose of helping the State and people to eradicate poverty and hunger. It is the responsibility of an Islamic State that it should make arrangements for the guardianship of all those people who are handicapped, destitute or hungry.

Narrated by Hazrat Jabir Bin Abdullah (RA) that once some impoverished people came to the Prophet (PBUH) and after seeing them the Prophet (PBUH) became heartbroken. He went to his house but could not find

anything. Then he came out and ordered Hazrat Bilal(RA) to gather people. When people gathered, he said help these poor people. Then a good amount of wealth was accumulated that was given to them. Hazrat Jabir (RA) says that the same face that a while ago was sad now is shining like gold. ( Could not find Hadith Source)

Prophet Muhammad (PBUH) said that those who die while indebted, ther debts are to be paid from the treasury of the Islamic State.

عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ ”انا اول بالمومنین من انفسھم، فمن توفی من المومنین فترک دینا فعلی قضاوہ“۔

Narrated by Hazrat Abu Huraira (RA) that Prophet Muhammad (PBUH) said Muslims love me more than themselves so who died while indebted, payment of his debt is my responsibility. (Sahih Bukhari 2298)

In another Hadith, He also said the same regarding other responsibilities of the dead other than debt e.g. guardianship of destitutes.

عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ ”فایما مومن ترک مالا فلیرثہ عصبتہ من کانوا، فان ترک دینا او ضیاعا فلیاتنی فانا مولاہ“۔

Narrated by Hazrat Abu Huraira (RA) that Prophet Muhammad (PBUH) said who died and left wealth, wealth is for his family but if someone left someone without guardian then I am responsible for guardianship. (Sahih Bukhari 4781)

All the jurists have clearly explained that it is the

responsibility of the head of state that he should safeguard the rights of citizens of the state. Hazrat Abu Bakar (RA) explained this point in his first speech after assuming the responsibilities of Khilafat He who is week among you is powerful for me until I give him his rightful, if Allah (SWT) wills and he who is powerful among you is week before me until I take away from him the rights of poors, if Allah (SWT) wills.

Hazrat Umer (RA) said By Allah (SWT) we could not provide justice if we benefited from someone in his youth and left him on his own in his old age.

In an agreement with the non-muslims of Haira (word is unconfirmed) made by Hazrat Khalid Bin Wali8d (RA), it was clearly written that if a person becomes old or is touched by some catastrophe or becomes impoverished then he shall not be liable to pay Jizya (جزیہ) rather he and his family shall be taken care of by the Baitul Maal (بیت المال) .

Ibn Taymiyyah deduced following principle from the Hadiths of the Prophet (PBUH) and Traditions of scholars:

Islamic State is responsible for the sponsorship of a person who has no sponsor.

**Famous historian Shibli Nomani writes:**

It was strictly managed that no one in the captured countries remained penniless and hungry. It was a common order and it was observed as such that salaries of

any number of persons who are disable, would be given to them by the Baitul Maal (بیت المال) . More than hundreds of thousands of people were registered who were provided food to their door steps. For poors and needy without any prejudice, the order was to give them a daily stipend.

Islam established this system in its standardized form and it is quite different from Capitalist system. The principle followed in the Capitalist system is that whoever is left behind in the economic race then he has no helping hand. He is doomed to die in life's struggle. The result of this is that the chance for the rich to become richer is there but no chance for the poor to come out of the vicious circle of poverty. Whereas Islamic system provides equal opportunity to everyone to earn his livelihood and at the same time it also helps those who could not earn enough to meet both ends.

This system of welfare state is also different from Socialist system. It guarantees the minimum livelihood but not at the cost of independence and individuality. Total ownership by the state is against the spirit of Islam. Islam allows rights of individual ownership and independence but also establishes balance and justice.

This is also different from the modern type of mixed welfare state. In this system, basic sponsorship is provided as a right and to abolish political agitation.

Whereas Islamic state does sponsorship with empathy and by considering it a religious duty rather than by compel and force. In Islamic system not only is the standard of living increased but ethical values are also increased. This is a revolutionary concept which is far better and of high standard in worldly affairs as well as in ethical spheres than all other economic concepts of the present era.

**Resources of Economic Success:**

**For economic success, Islam has provided following resources:**

**1.Zakat:**

Zakat is obligatory on every Muslim if he/she possess a minimum threshold of wealth liable to Zakat. It is not a charity, but rather a right of poors. Where Zakat lessens the love of wealth and creates a sentiment to spend in the way of Allah (SWT) and sacrifice the wealth, it is also a comprehensive social welfare scheme by which help is provided to the poors and needy in the country and thereby they are drawn back into the struggle for life on equal footings.

Social welfare is a new concept in modern economics. But Islam since its inception presented a concept of welfare and service oriented state and in the shape of Zakat it guarantees the minimum livelihood of the poor and supressed people of the society. Islamic state implemented this system in its practical shape.

Population census was undertaken, poor were registered and needy people were provided official stipends and its result was according to the historian Al-Tabari in a short period of time there were hundreds of people paying Zakat but there was none left to receive it.

**2.Obligatory Charity:**

There are many other obligatory charity that every muslim has to pay on different occasions if he liable to pay these e.g Sadq-e-Fitr (صدقہ فطر) also known as Zakat Al-Fitr. These are also helpful in achieving social economic welfare.

**3. Infaq:**

Islam creates a sentiment in every Muslim for Infaq Fi Sabillillah. It lessens the love of wealth and persuades to spend in the way of Allah (SWT) to seek His blessings in this world and in the hereafter.

**4.Law of Inheritance:**

Islam has given a system of inheritance in which wealth bof the deceased is distributed among all the members of the family accodring to the fair scheme of distribution and unlike Western system of distribution not given to any one person. By this way wealth is distributed justly and is not concentrated in one hand.

**5.Non-Obligatory Charity:**

If it is necessary for the Government, it can raise resources by asking rich people for charity other than obligatory charity like Zakat and

Sadqa-e-Fitr etc. For the defence and integration of the country, it is expected from the rich like everybody else to show his generosity and sacrifice by voluntarily contributing to the state exchequer.

Succinctly, Islam by giving the system based on justice and goodwill (عدل و احسان) aims not only to eradicate the economic inequalities but also to make distribution of wealth more just and besides, it also seeks to impart ethical training to its followers. In this way, the Islamic system of justice and goodwill does not allow for the sectarian collision which happens in the Capitalists and Socialists societies rather a great social structure comes into being devoid of any conflict.

All the systems that human beings have devised through their faculties aim to establish justice in the society. But the system Islam has provided to human beings aims far higher than justice. It aims for Goodwill (احسان) . To eradicate oppression (ظلم) is the first step towards peace , Justice ( عدل) is its second step and goodwill (احسان) is the epitome of it.

**True Strength Lies in Self-Control: A Prophetic Hadith**

"The strong man is not the one who can overpower others. Rather, the strong man is the one who controls himself when he is angry -".Sunan At-Tirmidhi, Book 47,Hadith 3599

(آسان فہم قرآن سلسلہ)

# ساتواں پارہ ایک نظر میں

پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی

مسرت عظمت فاروقی

**سوال نمبر 1: واذا سمعوا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مع الشھدین (المائدہ:83) کی روشنی میں بادشاہ نجاشی کا مقام ومرتبہ بیان کریں؟**

**جواب:** جب مہاجرین حبشہ کو بادشاہ نجاشی کے دربار میں طلب کیا گیا جہاں حبشی عیسائی اور مشرکین مکہ کثیر تعداد میں جمع تھے تو نجاشی بادشاہ نے امیر جماعت حضرت جعفر ابن ابی طالب ؓ سے پوچھا کہ کیا تمہارے قرآن میں ہماری مریم ؑ بتول کا بھی ذکر ہے۔ تو آپ ؓ نے فرمایا کہ ہمارے قرآن میں حضرت مریم ؑ کے نام پر پوری ایک سورت ہے۔ سورۃ مریم اور ان کا ذکر بہت جگہ قرآن میں موجود ہے۔

شاہ حبشہ نے سورۃ مریم سنانے کی درخواست کی۔ آپ ؓ نے یہ رکوع تلاوت کیا "وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ" (سورۃ مریم ١٦) اور " ذٰلِكَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ" (مریم ٣٤) تک پڑھا اس کے بعد سورۃ طہٰ شریف شروع سے "وَهَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى" (طہٰ:9) تک کی تلاوت کی اس پر نجاشی بادشاہ اور اس کے درباری عیسائی بہت روئے جیسا کہ پچھلی آیت میں عرض کیا گیا۔ پھر نجاشی بادشاہ کے ستر مصاحب مدینہ منورہ حضور ﷺ کی زیارت کے لیے آئے۔ آپ ﷺ نے انہیں سورۃ یٰسین سنائی۔ جس پر وہ بہت روئے اُن کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اور زاروقطار رونے لگے۔ ان کے جذبہ محبت کی تعریف میں اللہ جل شانہ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی اور قیامت تک آنے والے لوگوں کو بتادیا کہ میرے محبوب کے عاشق کا یہ مرتبہ ہے۔ آج تقریباً ساڑھے چودہ سو سال گزرنے کے بعد بھی ہم ان عظیم لوگوں کا قرآن میں مقام مرتبہ پڑھ کر اپنے دلوں میں عشق رسول ﷺ کی شمع کو فروزاں کرنے کی سعی کریں اور اپنے ایمان کو بڑھائیں اور اللہ تعالیٰ کے محبوبین سے محبت کا اظہار کریں۔ اللہ تعالیٰ ہم کو بھی معرفتِ الٰہی اور سوز وگداز کا جذبہ عطا فرمائے (آمین)

ع چاہیں تو اشاروں سے اپنے کایا ہی پلٹ دیں دُنیا کی
یہ شان ہے خدمت گاروں کی تو سرکار کا عالم کیا ہوگا؟

شاہ حبشہ کی آپ ﷺ نے غائبانہ نماز جنازہ ادا فرمائی۔

**سوال نمبر 2: مذکورہ آیت سورۃ المائدہ کی آیت نمبر 82 میں نومسلم عیسائیوں کی کون سی حالتوں کا تذکرہ ہے؟ (المائدہ:83)**

**جواب:** اس آیت کریمہ میں ان نومسلم عیسائیوں کی اِن حالتوں کا ذکر فرمایا۔

1۔ اپنے کانوں سے حضور ﷺ کی تلاوت سننا۔
2۔ آنکھوں سے آنسو بہنا۔
3۔ دل میں سوز وگداز اور معرفت الٰہی کا ہونا۔
4۔ زبان سے اپنے ایمان کا اظہار کرنا۔

5۔اچھوں (نیک بندوں) کا سنگ مانگنا وغیرہ۔

**سوال نمبر 3: فیض کا کیا مطلب ہے؟**

**جواب:** تَفِیْض بنا ہے فیض سے جس کے معنی چھلکنا۔یعنی برتن کا بھر جانا اور اس سے کچھ گر جانا۔ بزرگوں کے فیوض برکات کو اس لیے فیض کہتے ہیں کی وہ ان کے بھرے ہوئے دل میں چھلکا ہوتا ہے جو جوش میں آنکھوں سے بہنے لگتا ہے۔جس سے ہم جیسے لوگ چلّو بھر لیتے۔یعنی ان کی آنکھیں آنسوؤں سے اس قدر بھر جاتی ہیں آنسو کہ ان سے اُبل پڑتے ہیں۔تم ان کا یہ حال اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہو۔ برتن سے کوئی چیز گر جانے سے برتن خالی ہو جاتا ہے۔آس پاس چیز بہہ جاتی ہے۔جس سے چیونٹی مکھی وغیرہ جانور بھی پی لیتے ہیں۔اسے عربی میں فیض اور اُردو میں اُبلنا یا چھلکنا کہا جاتا ہے چونکہ مردمومن کے ایسے آنسو جو عشق الٰہیٰ میں بہیں اس زمین کے لیے جہاں وہ بیٹھ کر روئے اس درو دیوار کے لیے بلکہ وہاں کے ذروں کے لیے جو شخص وہاں محبت و اخلاص سے آکر بیٹھ جائے اس کے لیے فیض رساں ہوتے ہیں اور خود رونے والے کے لیے کوئی کمی نہیں ہوتی۔

**سوال نمبر 4: حبشہ کے ستر (70) عیسائیوں کے ایمان قبول کرنے پر جب یہودیوں نے انہیں طعنے دیئے تو انہوں نے کیا جواب دیا؟**

جواب: جب اُن کے ہم قوم عیسائی یا یہودی ان کو مسلمان ہو جانے پر طعنہ دیتے ہیں تو وہ ان کو طعنوں کا اثر نہ لیتے بلکہ ان کی مخلصانہ تبلیغ والا جواب دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور اس کے رسولِ برحق پر ایمان کیوں نہ لائیں جب وہ حق ہمارے پاس آ گیا اور ہم نے پہچان بھی لیا پھر ایمان لانے سے رکاوٹ کیا ہے؟

**سوال نمبر 5: دعاؤں کی کتنی اقسام قرآن مجید میں وارد ہیں؟ (المائدہ:84:85)**

**جواب:** قرآن مجید میں دو قسم کی دعائیں مذکور ہیں بعض وہ جو خود رب تعالیٰ نے ہم کو تعلیم کے لیے ارشاد فرمائیں جیسے "اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْم" (الفاتحہ:6) بعض وہ دعائیں جو مقبول بندوں نے مانگیں اور رب تعالیٰ نے نقل فرمائیں۔دوسری قسم کی دعاؤں میں دو برکتیں ہیں۔ایک قرآن مجید کی دعا ہونا، دوسرے مقبول بندوں کے منہ سے نکلی ہوئی ہونا، یہاں دوسری قسم کی دعاؤں کا تذکرہ ہے۔یہ بہت ہی مقبول ہیں۔

بعض اوقات انسان کے منہ سے ایسی دُعا نکل جاتی ہے جس سے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور انسان مقبولین میں بن جاتا ہے اور بعض بات ایسی مُنہ سے نکل جاتی ہے جس سے ساری نیکیاں برباد ہو جاتی ہیں جیسے آدم علیہ السلام کی ایک بات سے ان کی توبہ قبول ہوگئی اور شیطان کی رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا۔۔۔۔۔لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَO (البقرہ) ایک بات سے لاکھوں سال کی عبادت ضائع ہوگئی۔

اَکُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ (الحجر:33)

رب نے ان نومسلموں کے قول کی وجہ سے فرمایا کہ ہم نے ان کو جنتیں عطا فرمائیں۔

**سوال نمبر 6: آیات 87 اور 88 کس موقع پر نازل ہوئی؟**

**جواب:** ایک بار حضور نبی کریم ﷺ نے ایک جماعت سے وعظ فرمایا جس میں قیامت، دوزخ اور عذابِ الٰہی کا ذکر تبلیغ فرمایا۔ صحابہ کرامؓ کے دل پر اس کا بہت اثر ہوا کہ وہ حضرت عثمان ابن مظعونؓ کے گھر میں دس صحابہ کرامؓ جمع ہوئے اور ان بزرگوں نے

تارک الدنیا ہوجانے کا عہد کیا اور وعدہ کیا کہ ہم ہمیشہ دن کو روزہ رکھیں گے اور رات کو نوافل ادا کریں گے۔ بستروں پر نہ سوئیں گے۔ گوشت، چربی وغیرہ اچھے کھانے نہ کھائیں گے، عورتوں سے نکاح نہیں کریں گے اور جو شادی شدہ ہیں اپنی بیویوں کے پاس نہیں جائیں گے، ٹاٹ کا لباس پہنیں گے، خانہ بدوش ہوکر زمین میں مسافرانہ زندگی بسر کریں گے۔ یہ خبر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تک پہنچی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم حضرت عثمان ابن مظعون رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے۔ آپ ؐ نے اُن سے پوچھا اور اُنہوں نے اقرار کیا اور کہا کہ ہم نے نیت خیر سے یہ ارادہ کیا ہے۔ آپ ؐ نے فرمایا کہ مجھے رب نے ترک دنیا کا حکم نہیں دیا، روزے بھی رکھو اور افطار بھی کرو۔ رات کو سوؤ بھی اور نوافل بھی پڑھو۔ میں تم کو عیسائیت کی تعلیم دینے نہیں آیا۔ دیکھو میں نکاح بھی کیا، گوشت بھی کھاتا ہوں۔ دنیا میں بھی مشغلہ رکھتا ہوں، یہ میری سنت ہے جو میری سنت سے منہ موڑے وہ میری جماعت سے نہیں۔

**سوال نمبر 7: حرام کی کتنی قسمیں ہیں؟**

**جواب:** حرام کی تین قسمیں ہیں بذات خود حرام جیسے سور، کتا، گدھا وغیرہ حرام۔ حرام بغیرہ جو کسی حادثے کی وجہ سے حرام ہوجائے جیسے مردار بکری وغیرہ۔ حرام عارضی جو ہماری کسی حرکت کی وجہ سے ہمارے لیے حرام ہو جائے۔ جیسے چوری، جوئے، سود، رشوت، یا حرام کمائیوں ناجائز پیشوں سے حاصل کی ہوئی چیزیں ان تمام کی تفصیل قرآن مجید نے نہیں کی صرف حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمائی ان تین کے سوا باقی سب چیزیں حلال ہیں۔

**سوال نمبر 8: کیا مختلف قسم کے کھانے کھانا جائز ہیں؟ (المائدہ: 87-88)**

**جواب:** بالکل جائز ہیں جس کا اللہ نے ان آیات میں حکم دیا ہے۔ امام حسن رضی اللہ عنہ ایک دعوت میں تشریف لے گئے۔ آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ فرقد اور اس کے ساتھی بھی تھے۔ دعوت میں بھی مرغ، شہد، فالودہ اور قسم قسم کے کھانے اور شربت تھے۔ فرقد الگ ہوکر بیٹھا امام حسن نے پوچھا کہ کیا تیرا روزہ ہے وہ بولا نہیں لوگوں نے کہا کہ یہ عمدہ کھانے نہیں کھایا کرتا تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ شہد ایک مکھی کے منہ کا لعاب ہے اور آٹا گھی بھی اللہ کی نعمتیں ہیں۔ ان میں سے کونسی چیز حرام ہے اللہ کی نعمتیں بندوں کے لیے ہی پیدا ہوئی ہیں۔ ایک روایت میں ہے کہ کسی نے امام حسن رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کی فلاں شخص لذیذ غذائیں نہیں کھاتا۔ وہ کہتا ہے کہ میں ان کا شکریہ ادا نہیں کرسکتا۔ آپ نے فرمایا کہ وہ ٹھنڈا پانی بھی پیتا ہے کہ نہیں لوگوں نہ کہا ہاں پیتا ہے۔ فرمایا کیا وہ ٹھنڈے پانی کا شکریہ ادا کرسکتا ہے۔ وہ جاہل ہے کیونکہ ٹھنڈا پانی اللہ کی نعمت ہے۔ جس کا شکریہ ناممکن ہے۔

**سوال نمبر 9: منعقدہ قسموں کا کفارہ کیا ہے؟ (المائدہ: 89)**

**جواب:** منعقدہ قسمیں جن کو منعقد نے کے لیے تم کھاؤ ان پر پکڑ فرماتا ہے کہ ان کے توڑ دینے کی صورت میں تم پر کفارہ واجب کرتا ہے۔ ان قسموں کے توڑنے کا کفارہ یہ ہے کہ تم قسم توڑ دینے کے بعد دس مسکینوں کو کھانا دو خواہ اس طرح کہ ان کی دعوت کر کے انہیں کھلاؤ یا اسطرح کہ انہیں کھانے کا مالک بنا دو یا دس مسکینوں کو (لباس) بدن چھپانے والا کپڑا دے دو یا کوئی صحیح سالم غلام یا لونڈی آزاد کردو خواہ وہ غلام مسلمان ہو یا کافر ان تین میں تو تم کو اختیار ہے کہ ان میں سے جو چاہو ادا کرو لیکن اگر بروقت کفارہ دے کے تم ان میں سے کسی چیز پر قادر نہ ہو کہ نہ تمھارے پاس دس

مسکینوں کا کھانا ہو نہ کپڑا نہ غلام آزاد کرنے کے لیے طاقت ہو تو تین روزے رکھے یہ تمھاری قسموں کا کفارہ ہے۔

**سوال نمبر 10: شراب کی حرمت کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ نے اور کن کن چیزوں کی حرمت کا ذکر فرمایا ہے؟**

**جواب:** اے ایمان والو! شراب وجواء، بت پرستی، تیروں سے فال کھولنا یہ سارے کام گندے ہیں۔شیطانی ہیں۔لہذا ان سے بچو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔

**سوال نمبر 11: شراب اور جوئے میں بنیادی طور کس بُرائی کا تذکرہ ہے؟(المائدہ:90-91)**

**جواب:** شراب وجوئے میں دینی ودُنیاوی بہت سی بُرائیاں ہیں۔ شیطان چاہتا ہے شراب وجوئے کے ذریعے تمہاری آپس میں دُشمنی اور بغض ڈال دے کہ تم شراب کے نشے میں ایک دوسرے کو گالیاں دو، آپس میں مار پیٹ کر، نشہ اُترنے پر مار پیٹ کا بدلہ لو۔ جوئے میں ہار جانے والا جیتنے والے کو اپنا مال لے جاتا دیکھے تو اس کے دل میں غم وغُصے کی آگ بھڑک جائے اور جوش وغضب میں اسے ہلاک ہی کر ڈال۔لہذا یہ دونوں چیزیں ہزاراہا دُنیاوی خرابیوں کا ذریعہ ہیں اور یہ دونوں تم کو اللہ تعالیٰ کے ذکر اور نماز سے روکتی ہیں۔

**سوال نمبر 12: یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔۔۔ قرآن مجید میں کتنی قسم کا خطاب ہے؟ مثالیں دیں۔(المائدہ:94)**

**جواب:** کبھی الذین امنو کے خطاب میں سارے مومن فرشتے اور جن وانس شامل ہوتے ہیں جیسے اے ایمان والو! ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آواز پر اپنی آوازیں اونچی نہ کرو وغیرہ۔ کبھی اس خطاب میں صرف مومن جن وانس ہی داخل ہیں۔ جیسے اے مومنو! تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں، کبھی اس خطاب میں صرف مومن انسان شامل ہوتے ہیں جیسے اے ایمان والو! تم پر جہاد فرض کیا گیا، کبھی اس خطاب میں صرف صحابہ کرامؓ ہی داخل ہوتے ہیں۔ یہاں چوتھی قسم کا جواب ہے جس میں صرف صحابہ کرامؓ ہی داخل ہیں۔

**سوال نمبر 13: المائدۃ کی آیت ۹۴ میں صحابہ کرامؓ کو کیسے آزمایا گیا؟**

**جواب:** اے صحابہ کرامؓ! عنقریب اللہ تعالیٰ تمہارے کچھ شکاری جانوروں سے امتحان لینے والا ہے کہ تم عمرہ کا احرام باندھے حدیبیہ میں ٹھہرے ہوئے ہو کہ تم کو چھوٹے، بڑے شکاری جانور گھیر لیں گے، تم پر اس طرح چھا جائیں گے کہ تم کو ان کے شکار کے لئے محنت کرنا پڑے گی۔صرف نیزوں کا ہاتھیوں سے ان کا شکار کر سکو۔خیال رکھنا کہ اس وقت تمہارے دل شکار کے لئے بے قرار نہ ہو جائیں۔ یہ تمہاری آزمائش ہوئی کہ کس کے دل میں خوفِ خدا ہے اور کس کے دل میں نہیں۔اس کے ذریعے رب تعالیٰ اور دلی متقین کی چھانٹ کر دے گا۔

**سوال نمبر 14: حالتِ احرام میں خشکی کا شکار عمداً کرنے سے کفارہ لازم آتا ہے۔(المائدہ:95)**

**جواب:** فرمایا اے ایمان والو! خبردار احرام میں یا حرم شریف میں کوئی خشکی کا شکار نہ کرنا، سوائے ان چند جانوروں کے جنہیں محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے مستثنیٰ کر دیا۔

کفارہ: دو عادل متقی قیمت جاننے والوں سے اس کی قیمت لگوالے، اگر اس کی قیمت ہدی کو پہنچ جائے یعنی اس قیمت کی بکری یا گائے یا اونٹ اس کے بعد اس کو تین چیزوں کا اختیار

ہے، ایک یہ کہ اس قیمت کی ہدی خرید کر حرم شریف میں پہنچ کر ذبح کرے وہاں کے فقراء اس کا گوشت کھالیں یا اس قیمت کا غلہ خریدے اور وہاں ہی یا حرم شریف پہنچ کر اسے مساکین میں تقسیم کردے۔ فی مسکین آدھا صاع (سودوسیر) گندم یا ایک صاع یعنی ساڑھے چار سیر جو دے یا فی مسکین غلہ کے صدقے کے عوض ایک روزہ رکھے کہ اس قیمت سے دس صاع گندم آتی ہے تو بیس روزے رکھے۔ خواہ وہاں ہی رکھے یا حرم شریف پہنچ کر رکھ لے۔

**سوال نمبر 15: حالتِ احرام میں کون سا شکار جائز ہے؟ (المائدہ:96)**

**جواب:** اے حج یا عمرہ کے احرام والو! شکار کے متعلق تم کو یہ آسانی دی جاتی ہے کہ تمہارے لئے بحالت احرام دریائی شکار حلال کیا گیا ہے۔ تم دریائی جانوروں کا شکار بھی کرسکتے ہو اور اگر بغیر شکار تم کو مل جائیں تو ان کو کھا بھی سکتے ہو اور اگر مچھلی کا شکار کرو تو جائز ہے اور اگر دریا نے مچھلیاں کنارے پر پھینک دیں تو بھی کھا سکتے ہو۔ اس میں مقامی محرم اور مسافرین محرم کا سامان ہے کہ مقامی محرم تازہ مچھلیاں کھائیں، مسافر محرم خشک مچھلیاں کھاتے رہیں۔

**سوال نمبر 16: ماہ ذوالحج کے پہلے عشرے کی کیا فضیلت ہے۔ اس دن کون کون سے واقعات رونما ہوئے تھے؟**

**جواب:** ماہ ذوالحجہ کا پہلا عشرہ بہت ہی فضیلت والا ہے۔ امام نیشاپوریؒ فرماتے ہیں کہ اس ہی عشرے میں حضرت موسیٰؑ نے رب سے پہلا کلام کیا۔ اسی عشرہ حج ہوتا ہے۔ اسی میں حضرت آدمؑ کی توبہ قبول ہوئی۔ اسی عشرہ میں حضرت اسماعیلؑ کا ذبح اور فدیہ کا واقع پیش آیا۔ اسی عشرہ میں حضرت ہودؑ اپنی قوم سے اور حضرت نوحؑ نے طوفان سے نجات پائی۔ اسی عشرہ میں بیعت رضوان، صُلح حدیبیہ، بشارتِ خیبر ہوا اور اسی لئے اس عشرے میں خصوصاً عرفہ کے دن یعنی نویں ذوالحج کا روزہ بہت افضل ہے۔

**سوال نمبر 17: المائدہ کی آیت 98 میں کن چار چیزوں کی حُرمت بتائی گئی ہے؟**

**جواب:** رب تعالیٰ نے چار چیزوں کی حرمتوں اور ان کے فوائد کا ذکر فرمایا ہے۔ کعبہ معظّمہ، بقرو عید کا مہینہ، عام ہدی کی جانور، ڈھیل دار قربانی کے جانور جن کے گلے میں ہار پہنائے جائیں۔

**سوال نمبر 18: خانہ کعبہ کس طرح ہم سب کے لئے وسیلہ بقاء ہے؟ (المائدہ:97-98)**

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے پہلے سے ہی اس عزت وحرمت والے گھر کعبہ معظّمہ کو اہلِ عرب یا سارے مسلمانوں یا سارے انسانوں کے لئے ذریعہ قیام وسیلہ بقاء بنایا کہ اس گھر سے ان کی دین وذُنیا قائم ہے۔ مومن جئیں تو کعبہ معظّمہ سے وابستہ ہوکر، مریں تو کعبہ کو منہ کرکے، بعد موت، غسل دیئے جائیں، دفن کئے جائیں تو کعبہ کی طرف منہ کرکے۔ ان کی عبادتیں اس کعبہ سے وابستہ ہیں۔

**سوال نمبر 19: آیت نمبر 100 المائدہ میں خبیث اور طیب کا تذکرہ ہے۔ اس سے کیا مُراد ہے؟ (المائدہ:100)**

**جواب:** خبیث سے مُراد مالِ حرام اور طیب سے مُراد مالِ حلال ہے۔ یہ دونوں برابر نہیں، مالِ حلال میں برکت، رحمت، شفاء، عبادات کی لذت اور دُعا کی قبولیت ہے جب کہ مالِ حرام میں ان کے برعکس ہے۔

**سوال نمبر 20: خبیث اور طیب سے اور کیا کیا مُراد ہے؟**

**جواب:** دوسرے خبیث سے مراد انسان خبیث اور طیب سے

مُراد انسان طیب ہے۔ تیسرا یہ کہ خبیث سے مراد کلمہ خبیث اور طیب سے مُراد کلمہ طیب ہے یعنی اچھی ، بُری بات برابر نہیں ۔ چوتھا خبیث سے مُراد بنجر زمین ہے، طیب سے مُراد قابلِ کاشت زمین کہ یہ دونوں زمینیں نام وشکل وحالت میں یکساں ہی مگر خبیث زمین میں بویا ہوا دانہ برباد ہوجاتا ہے جب کہ طیب زمین میں بویا ہوادانہ پھل پھول لاتا ہے اگرچہ دانہ، پانی، ہوا، دھوپ یکساں ہیں۔ پانچویں یہ کہ خبیث سے مُراد گندے دل، طیب سے مُراد اچھے اور پاکیزہ دل۔ ابوجہل کے لئے قرآن، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار مفید نہیں ہوئے کیونکہ دل خبیث تھا۔ حضرات صحابہؓ کی یہ قابلیت کہ انہیں چیزوں سے ان کو بےشمار فائدے دیئے۔

**سوال نمبر 21: یَااَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (101) میں کن لوگوں کو مخاطب کیا گیا ہے؟ (المائدہ:101)**

**جواب:** یَااَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔۔۔قرآن مجید میں کبھی اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سے تاقیامت سارے انسان مومن مراد ہوتے ہیں۔ کبھی سارے جن وانس بلکہ ملائکہ مومنین مراد ہوتے ہیں۔ کبھی صرف صحابہ کرامؓ ہی مراد ہوتے ہیں۔ یہاں تیسری قسم کا خطاب ہے یعنی صرف صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ہی مراد ہیں کیونکہ نزول قرآن کے زمانے میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کچھ پوچھنا ان کو ہی میسر تھا۔

**سوال نمبر 22: آیت نمبر 101 میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرامؓ کو کس چیز سے منع کیا گیا ہے؟**

**جواب:** بعض لوگوں نے غیر ضروری سوال کئے، حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جوابات تو دیئے مگر اللہ تعالیٰ نے نہ تو محبوب سے فرمایا کہ آپ نے ایسے سوالات کے جوابات کیوں دیئے اور نہ یہ فرمایا کہ آپ ایسے سوالات کے جوابات نہ دیا کریں تاکہ جواب نہ دینے کی وجہ سے کوئی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بےعلم اور بےخبر جانے بلکہ پوچھنے والوں سے فرمایا کہ آئندہ ایسے سوالات نہ کیا کرو۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جواب سے نہ روکا بلکہ لوگوں کو سوال سے روکا۔

**سوال نمبر 23: حضرات صحابہ کرامؓ نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کتنی قسم کے سوالات کئے؟ نیز ان کے جواب کی کیا نوعیت تھی؟**

**جواب:** حضرات صحابہ کرامؓ کے سوالات حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تین قسم کے ہوئے:

(ا) ایک وہ جن کے جوابات قرآن کریم نے بغیر ترمیم وتبدیلی دیئے:

"وَیَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْمَحِیْضِ (البقرۃ ۲۲۲) لوگ آپؐ سے حیض کے احکام پوچھتے ہیں "قُلْ ھُوَ اَذًی فَاعْتَزِلُو النِّسَآءَ فِی الْمَحِیْضِ (البقرۃ 222) فرمادو کہ وہ گندگی ہے ایسی حالت میں بیویوں سے الگ رہو۔

یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْاَنْفَالِ ط قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰہِ وَالرَّسُوْلِ (الانفال ۱)

"آپؐ سے اضافی مال (مالِ غنیمت) کے بارے میں پوچھتے ہیں آپؐ فرمادیجئے کہ مالِ غنیمت اللہ تعالیٰ اور رسولؐ کے لئے ہیں"۔

(۲) دوسرے وہ سوالات جن کے جوابات کچھ ترمیم سے دیئے گئے کہ اصل سوال کچھ مفید نہ تھے جیسے:

"یَسْـَٔلُوْنَکَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِیَ مَوَاقِیْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ" (البقرۃ:۱۸۹) حضرات صحابہؓ نے چاند کے گھٹنے بڑھنے کی وجہ پوچھی تھی کہ سورج کی طرح ہمیشہ پورا کیوں نہیں نکلتا؟

(۳) تیسرے وہ سوالات تھے جن کے جوابات دینے کی بجائے ان سے روک دیا گیا۔ یہاں ان تیسری قسم کے سوالات کا ذکر ہے کیونکہ یہ سوالات مضر تھے۔

**سوال نمبر 24: آیت نمبر 104 المائدہ میں بحیرہ، سائبہ، وصیلہ اور حام کی خودساختہ حُرمت کا بیان ہے۔ وہ کون سے جانور تھے؟**

**جواب:**

(۱) بحیرہ کے معنی: چیرا ہو یعنی اونٹنی کے کان کو چیر کر اس کو بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے۔

(۲) سائبہ کے معنی: سائبہ بنا ہے سیب سے بمعنی چلنا یا چھوڑنا۔ اہل عرب کا دستور تھا کہ جب کوئی بیمار ہوتا یا سفر کو جاتا تو نذر مانتا تھا کہ اگر میں تندرست ہو جاؤں یا بخیریت سفر سے واپس تو میری اونٹنی سائبہ ہوگی یعنی بتوں کے نام پر چھوڑی ہوئی۔

(۳) وصیلہ کے معنی: ملا ہوا یا ملایا ہوا جانور۔ اہل عرب اسے بکریوں میں چھوڑ دیتے تھے۔

(۴) حام کے معنی: حام بنا ہے حَمْیٌ سے بمعنی گرمی یا بچانا۔ جب ان کا اونٹ دس بار اونٹنی کو گابھن کر دیتا تو اس کو بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے اور کہتے کہ حام یعنی ذبح اور کام وغیرہ سے محفوظ کر دیا گیا۔

**سوال نمبر 25: دین براہیمی میں پہلا بگاڑ پیدا کرنے والا شخص کون تھا؟ نیز اس کی دیگر بدعقیدگیاں کیا تھیں؟**

**جواب:** ان چاروں جانوروں کا موجد بلکہ دین ابراہیمی میں پہلا بگاڑ پیدا کرنے والا شخص عمرو ابن لحی ابن قمعہ ابن خندف تھا جو بنی مدلج سے تھا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے اسے دوزخ میں جلتے دیکھا ہے۔ اس نے شرک اور بُت پرستی کی بنیادیں فراہم کیں تھیں۔

**سوال نمبر 26: آیت نمبر 105 المائدہ کا بنیادی پیغام اہلِ حق اور باطل پیروں کاروں کے بارے میں کیا ہے؟**

**جواب:** اے ایمان والو! جن کے دل میں ایمان مضبوط ہو چکا تم اپنی فکر کرو، دُنیا میں رہ کر آخرت کا توشہ تیار کرلو، دوسروں کی فکر میں اپنے آپ کو نہ بھول جاؤ کیونکہ تم صحیح معنی میں ہدایت پر ہو کہ تمہارے عقیدے، عبادتیں اور معاملات، لوگوں کو شریعت کی تبلیغ ضرورت کے وقت کفار سے جہاد، سب کچھ ٹھیک ہے۔ اس کے بعد جو لوگ بدعقیدہ، بدعمل رہیں اور تمہاری نہ مانیں تو ان کے گمراہ اور بدعمل رہنے سے تم کو بالکل نقصان نہ پہنچے گا۔ کسی کی بدعملی دوسرے کے لئے عذاب کا باعث نہ ہوگی۔ تمہارے ذمے تبلیغ احکام ہے، باقی ہدایت دینا ہمارا کام ہے، تم سب کا رجوع آخرکار قیامت میں ہماری ہی طرف ہے۔

**سوال نمبر 27: مذکورہ آیت کے متعلق ابوثعلبہ خشنیؓ نے حضورؐ کے حوالے سے تبلیغِ دین کے بارے کیا پیغام دیا؟**

**جواب:** کسی شخص نے ابوثعلبہ خشنیؓ سے اس آیت کے متعلق پوچھا کہ اس کا مطلب کیا ہے کہ اب تبلیغ نہ کی جائے تو فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سُنا ہے کہ لوگو! احکام شرعیہ لوگوں تک پہنچاتے رہو۔ جب لوگوں کا یہ حال ہو جائے کہ بخل کی پیروی کرنے لگیں، ہر شخص اپنی رائے کو پسند کرے۔ دُنیا

کی فکر میں پڑ کر آخرت کو بالکل بھول جائیں تو تم اپنی فکر کرنا، لوگوں کی فکر چھوڑ دینا۔ ایک زمانہ ایسا آ رہا ہے جب کہ ایمان پر قائم رہنا ہاتھ میں آگ لینے سے بھی زیادہ دُشوار ہو جائے گا جو اس زمانہ میں صبر کرے اسے پچاس مومنوں کا ثواب ہوگا۔

**سوال نمبر 28: وصیت کرتے وقت کتنے گواہوں کی ضرورت ہے؟(المائدہ:106)**

**جواب:** دوسرے مالی معاملات کی طرح وصیت میں بھی دو گواہ چاہئیں۔ نہ تو ایک گواہ کافی ہے، نہ چار گواہوں کی ضرورت ہے۔ یہ فائدہ دو گواہوں سے حاصل ہوگا۔

**سوال نمبر 29: مقدمہ کے وقت کون سے چار اُمور ہیں؟ ان میں سب سے اہم کون سا ہے؟(المائدہ:106)**

**جواب:** مقدمہ میں چار چیزیں ہوتی ہیں۔ دعویٰ۔ جواب دعویٰ، گواہی۔ حاکم کا فیصلہ۔ مگر ان سب میں گواہی کو بڑی اہمیت حاصل ہے کہ اس پر دعویٰ کی پختگی ہوتی ہے۔ اس پر حاکم کا فیصلہ موقوف ہے۔ فریقین کی جرح گواہوں پر ہی ہوتی ہے۔

**سوال نمبر 30: آیات ۱۰۷ اور ۱۰۸ (المائدہ) کس فیصلہ کی توثیق کے لئے نازل ہوئی؟**

**جواب:** تمیم داری اور عدی ابن زید جب حضرت بدیلؓ کا مال جھوٹی قسم کھا کر بدیلؓ کے وارثوں کو دیا گیا پھر وہ چاندی کا پیالہ مکہ معظّمہ میں ایک (شخص) کے پاس پکڑا گیا اس نے کہا کہ ہم نے یہ پیالہ تمیم داری اور عدی سے خریدا ہے۔ تب بدیلؓ کے وارثوں نے پھر یہ مقدمہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوبارہ تمیم داری اور عدی کے بیان لئے، اس کے مقابل بدیل کے وارثوں نے قسمیہ بیان دیا کہ یہ جھوٹے ہیں اور پیالہ ہمارے عزیز بدیل کا ہے، تب بارگاہ رسالت میں ان وارثوں کے حق میں فیصلہ ہوا اور پیالہ ان کو دلوایا گیا اور تمیم اور عدی پیالے کی قیمت مکہ کے خریدار کو واپس کروائی گئی۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فیصلے کی تائید میں یہ دونوں آیات نازل ہوئیں۔

**سوال نمبر 31: حضرت عیسیٰؑ پر کیا کیا انعامات نچھاور کئے گئے؟ (المائدہ:110)**

**جواب:** وہ نعمتیں یاد کرو جب براہ راست یا تمہاری معرفت تمہاری ماں مریم کو بخشیں کہ تم کو بذریعہ جبریل امین جو کہ پاک رُوح ہیں قوت بخشی کہ وہ تمہارے خادم ہوکر ہر وقت تمہارے ساتھ رہتے تھے کہ تم کو یہ نعمت دی کہ بچپن میں جو گہوارہ کی عمر ہوتی ہے اور ادھیڑ عمر میں لوگوں سے نہایت فصیح وبلیغ کلام فرماتے تھے۔ آسمانی کتب کا علم بخشا، حکمت کے راز سکھائے، خصوصاً تورات وانجیل کا عالم بنایا۔

**سوال نمبر 32: حضرت عیسیٰؑ کے کون کون سے معجزات تھے؟ سورہ المائدہ کی آیت نمبر 110 میں ہوئے؟(المائدہ:110)**

**جواب:** فرمایا تمہیں قدرت اور عالم میں تصرف عطا فرمایا کہ تم گارے سے پرندے کی شکل بناتے تھے پھر اس میں دم فرما دیتے تھے تو وہ زندہ پرندہ بن جاتا تھا۔ مادرزاد اندھوں کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے تم ہی انکھیارا کر دیتے تھے۔ کوڑھوں، برص کے ماروں کو شفا دیتے تھے۔ تم میرے حکم سے مُردے کو زندہ فرما لیتے تھے۔

**سوال نمبر 33: حوارین کسے کہتے ہیں؟ نیز وہ کون لوگ تھے؟ (المائدہ:111)**

**جواب:** ''الحوارین'' جمع ہے حواری کی جو بنا ہے حور سے بمعنی خالص سفیدی حضرت عیسیٰؑ کے خاص صحابہ کو حواری کہتے ہیں کہ ان کے دل صاف اور نیتیں پاک تھیں۔ ان میں بعض مچھیرے اور بعض دھوبی تھے۔

**سوال نمبر 34: مائدہ، سفرہ اور خوان میں کیا فرق ہے؟ ان کے متعلق کیا اقوال ہیں؟ (المائدہ:112)**

**جواب:** کپڑے کا دستر خوان مائدہ ہے۔ چمڑے کا دستر خوان سفرہ کہلاتا ہے۔ کھانے کی میز جو لکڑی وغیرہ کی ہو زمین سے اونچی رہے اسے خوان کہتے ہیں۔ اسی لئے کہا جاتا ہے کہ خوان پر کھانا سلاطین کا فعل ہے جب کہ سفرہ پر کھانا عجمیوں کا عمل ہے اور مائدہ پر کھانا عرب کا کام ہے۔

**سوال نمبر 5 3: نزول دستر خوان کس طرح رونما ہوا؟ (المائدہ:114-115)**

**جواب:** جب حواریوں نے حضرت عیسیٰؑ کو ہر طرح کا اطمینان دلایا کہ ہم یہ خوان محض شوق یا تفریح کے لئے نہیں مانگتے بلکہ اس میں ہمارے دینی مقاصد ہیں تب حضرت عیسیٰؑ نے ٹاٹ کا لباس پہنا اور رو رو کر وہ دُعا کی جو مذکورہ ہے۔ چنانچہ سُرخ رنگ کا دسترخوان بادلوں میں ڈھکا ہوا آیا۔ یہ تمام لوگ اسے اُترتا ہوا دیکھ رہے تھے۔ یہ دستر خوان معہ بادلوں کے آہستہ آہستہ نیچے اُترا۔ یہاں تک کے لوگوں کے درمیان رکھا گیا۔ حضرت عیسیٰؑ اس دستر خوان کو دیکھ کر بہت روئے اور دُعا کی کہ مولیٰ مجھے شاکرین میں سے بنا۔ حواریوں نے اس میں سے ایسی خوشبو محسوس کی جو اس سے پہلے کبھی نہ کی تھی۔ حضرت عیسیٰؑ اور حواری سجدہ شکر میں گر گئے۔

**سوال نمبر 36: دستر خوان کس نے کھولا؟ (المائدہ:115)**

**جواب:** حضرت عیسیٰؑ نے فرمایا اسے کون کھولے گا؟ یہ خوان سُرخ غلاف میں ڈھکا ہوا تھا۔ تمام نے عرض کی کہ حضور آپ ہی کھولیں۔ چنانچہ حضرت عیسیٰؑ نے دوبارہ تازہ وضو کیا، نوافل پڑھے، دیر تک دُعائیں مانگی پھر دستر خوان سے غلاف ہٹایا۔

**سوال نمبر 7 3: دستر خوان میں کیا کیا چیزیں تھیں؟ (المائدہ:114-115)**

**جواب:** اس میں حسب ذیل چیزیں تھیں۔ سات مچھلیاں، سات روٹیاں، مچھلیوں پر سِنّے نہ تھے۔ اندر کا کانٹا نہ تھا، اس سے روغن ٹپک رہا تھا۔ ان کے سروں کے آگے سرکہ، دُم کی طرف نمک، آس پاس سبزیاں۔ بعض روایت میں ہے کہ پانچ روٹیاں تھیں۔ ایک روٹی پر زیتون، دوسری پر شہد، تیسری پر گھی، چوتھی پر پنیر اور پانچویں پر بُھنا گوشت تھا۔

**سوال نمبر 8 3: خوان کہاں سے آیا تھا؟ (المائدہ: 114-115)**

**جواب:** شمعون حواری نے پوچھا کہ اے رُوح اللہ! یہ کھانا جنت کا ہے یا زمین کا۔ فرمایا نہ زمین کا، نہ جنت کا یہ محض قدرتی ہے۔

**سوال نمبر 39: یہ کھانا کتنے دن اُترا اور یہ کتنے لوگوں نے کھایا اور اس کے کیا اثرات ہوئے اور کتنے دن اُترتا رہا؟**

**جواب:** اولاً بیمار فقراء، افاقہ مست برص وجذام والے اور اپاہج بُلائے گئے۔ آپ نے فرمایا بسم اللہ پڑھ کر کھاؤ۔ تمہارے لئے مبارک ہے، منکرین کے لئے بلا۔ پھر دوسرے لوگوں سے بھی یہی فرمایا۔ چنانچہ پہلے دن سات ہزار تین سو آدمیوں نے کھایا پھر وہ خوان اُٹھا لوگ دیکھتے رہے، اُڑتا ہوا اُن کی نگاہوں سے

غائب ہو گیا۔ تمام بیمار، مصیبت زدہ تندرست ہو گئے۔ فقراء غنی ہو گئے، پھر یہ خوان چالیس دن تک مسلسل یا ایک دن کے بعد ایک دن آتا رہا لوگ کھاتے رہے۔

**سوال نمبر 40: کل کے لئے بچا کر رکھنے والوں کو کیا سزا ملی؟ (المائدہ:115)**

**جواب:** ترمذی شریف کی حدیث میں ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ "ان لوگوں کو تاکید کی گئی تھی کہ اس خوان میں کل کے لئے بچا کر یا چھپا کر نہ رکھیں۔ بعض لوگوں نے کل کے لئے بچایا۔ وہ سور بنا دیئے گئے"۔ نبی کرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت میں سخت عذاب، دسترخوان والے نافرمان عیسائیوں، فرعونی لوگوں اور منافقوں کو ہوگا۔

**سوال نمبر 41: روزِ قیامت حضرت عیسیٰؑ سے عیسائیوں کے سامنے کیا سوال کیا جائے گا اور آپ کیا جواب دیں گے؟ (المائدہ:116)**

**جواب:** جب اللہ تعالیٰ عام انسانوں خصوصاً عیسائیوں کے سامنے انہیں شرمندہ فرمانے کے لئے حضرت عیسیٰؑ سے سوال فرمائے گا کہ جناب مریمؑ کے فرزند عیسیٰؑ! کیا ان لوگوں (عیسائیوں) سے دُنیا میں تم نے کہا تھا کہ تم مجھے اور میری ماں مریمؑ کو اللہ تعالیٰ کے سوا لائق عبادت مان لو یا آئندہ مان لینا۔

حضرت عیسیٰؑ جواب میں تین باتیں عرض کر دیں گے۔

(۱) اولاً اللہ تعالیٰ کی حمد کریں گے۔

(۲) پھر اپنے جواب دعویٰ جس سے نبی کا مقام اور نبی کی شان ظاہر ہو جائے گی کہ نبی کوئی ناحق بات کہہ سکتا ہی نہیں۔

(۳) پھر اپنے جواب کے ثبوت میں رب تعالیٰ کے علم کی گواہی کہ تو خود ہی علام الغیوب ہے، تیرا علم میرا گواہ ہے۔

**سوال نمبر 42: روز قیامت حضرت عیسیٰؑ اپنے رب کے سامنے اپنی معذرت کیسے پیش کریں گے؟**

**جواب:** حضرت عیسیٰؑ رب تعالیٰ کے سوال کا جواب دے کر اپنی معذرت پیش فرما کر عرض کریں گے میرے مولیٰ میں نے ان لوگوں سے صرف وہی کہا تھا جو کہنے کا تو نے مجھے حکم دیا تھا کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں اللہ تعالیٰ پر ایمان لاؤ۔ اس کی عبادت کرو جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے۔ میں رب نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں۔ اے مولیٰ! جب تک میں ان لوگوں میں رہا تب تک ان کے اعمال اور ان کے عقائد کی نگرانی کرتا رہا۔ انہیں بگڑنے سے بچاتا رہا۔ میری موجودگی میں یہ لوگ نہ مجھے الٰہ کہہ سکے، نہ میری عبادت کر سکے۔ جب تو نے مجھے آسمان پر اُٹھا لیا تو پھر میری ذمہ داری ختم ہوگئی۔ پھر وہ تمہارے حوالے ہوئے، ان کے افعال اعمال، عقائد کا حافظ ونگران تو رہا، تو ہر چیز پر ہمیشہ سے نگراں ہے۔ میری موجودگی میں اور میری پس پشت ہر چیز تیرے حضور حاضر ہے۔

**سوال نمبر 43: آیت نمبر ۱۱۸ (المائدہ) کی تلاوت کرتے وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کیا کیفیت حدیث میں بیان کی گئی ہے؟ (المائدہ:118)**

**جواب:** مسلم شریف میں حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ ایک بار حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آیت کریمہ "رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضۡلَلۡنَ كَثِيۡرًا" (ابراہیم:۳۶) "اے میرے رب بے شک وہ اکثر گمراہی میں پڑ گئے"۔ اور یہ ہی آیت "اِنۡ تُعَذِّبۡهُمۡ الخ" "اگر تو اِن کو عذاب دے گا"۔ تلاوت کی تو اپنے ہاتھ

شریف دُعا کے لئے اُٹھائے اور بہت رو کر عرض کیا ''اَللّٰھُمَّ اُمَّتِیْ اُمَّتِیْ'' ''اے اللہ! میری اُمت، میری اُمت''۔ جبریل امین حاضر ہوئے اور پیغام الٰہی پہنچایا کہ اے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم تمہاری اُمت کے متعلق تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کر دیں گے۔

**سوال نمبر 44: حضرت عیسیٰؑ اور بے دین عیسائیوں کے مابین مقدمہ کا فیصلہ رب تعالیٰ کیا فرمائے گا؟ (المائدہ: 119-120)**

**جواب:** مقدمہ کے فیصلے کا ذکر ہے کہ حضرت عیسیٰؑ کی شفاعت سے وہ عیسائی فائدہ حاصل نہیں کرسکیں گے نہ ان کی بخشش ومعافی ہوگی۔ چنانچہ حضرت عیسیٰؑ کی مذکورہ عرض ومعروض پر اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ یہ قیامت کا دن وہ ہے کہ آج کسی کی دولت وعزت وغیرہ کام نہ آئے گی۔ آج سچوں کو ان کا سچ نفع دے گا جو دُنیا میں سچے مومن بن کر رہے، سچے اعمال کئے۔ ان کو ہر طرح کا نفع ہوگا کہ ان کی نیکیاں قبول ہوں گی۔ گناہ معاف ہوگے، اس کی جزا میں انہیں ایسے گھنے باغات عطا ہوں گے جن کے نیچے دودھ، شہد، پانی، طہور شراب کی نہریں رواں ہیں۔ ان سب پر طُرہ یہ کہ رب تعالیٰ ان سے راضی، وہ رب سے خوش، سب سے بڑی کامیابی یہی ہے۔ اس کو حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

**سوال نمبر 45: سورۃ الانعام کے نزول کے متعلق حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کا کیا قول ہے؟**

**جواب:** سیدنا عبداللہ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ یہ پوری سورت مکہ معظّمہ میں ایک شب میں ہی نازل ہوئی۔ اس کے ساتھ ستر ہزار فرشتے تسبیح کرتے ہوئے آئے جن سے آسمانوں کے کنارے بھر گئے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم **سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ** کہتے ہوئے سجدہ میں گر گئے۔

**سوال نمبر 46: سورۃ الانعام کی پہلی تین آیات کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟**

**جواب:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو کوئی صبح کے وقت سورۃ الانعام کی ان تین آیات کی تلاوت کرے یعنی تَکْسِبُوْنَ تک پڑھے تو رب تعالیٰ اس کی حفاظت کے لئے ستر ہزار فرشتے مقرر فرما دیتا ہے جو دوسری صبح تک اس کی حفاظت کرتے ہیں۔

**سوال نمبر 47: سورت انعام کے اہم عنوانات کیا کیا ہیں؟**

**جواب:** اس سورت کریم میں توحید کے دلائل، عدل، انصاف، نبوت، معاد، بے دینوں کے دلائل کے جوابات، ملحدین کی تردید سب سے زیادہ اس سورت میں یہ چیزیں علم عقائد کے اصل اصول ہیں۔

**سوال نمبر 48: قرآن مجید کی کتنی سورتوں کے شروع میں الحمدللہ ہے اور وہ کون سی ہیں؟**

**جواب:** قرآن پاک کی پانچ سورتوں کے شروع میں الحمدللہ ہے۔

(۱) سورۃ الفاتحہ میں وہاں فرمایا گیا ''**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ**''۔ (الفاتحہ: 1۔ پارہ: 1)

(۲) اس سورۃ انعام میں ارشاد ہوا ''**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ**''۔ (الانعام: 1۔ پارہ: 7)

(۳) سورۃ کہف میں کہ وہاں ارشاد ہوا۔ ''**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ**

اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہِ الْکِتٰبَ "O(پارہ:15-16)

(۴) سورۃ سبامیں وہاں ارشاد ہوا۔ "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ"۔(السباء:1۔پارہ:22)

(۵) سورۃ فاطر میں ہے کہ وہاں ارشاد فرمایا۔"اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ"۔(فاطر:1۔پارہ:22)

**سوال نمبر 49: سورۃ الانعام کی آیت نمبر ا میں ظلمات اور نور کا تذکرہ ہے۔ان کے کیا معانی و مطالب ہیں؟(الانعام:1)**

**جواب:** سیدنا عبداللہ ابن عباسؓ فرماتے ہیں اَلظُّلُمٰتُ سے مُراد کفرونفاق ہے اور "نُوْرٌ" سے مُراد ایمان اور اخلاص ہے۔

**سوال نمبر 50: ناشکری کے کون کون سے درجات ہیں؟ (الانعام:1)**

**جواب:** ناشکری کے تین درجے ہیں۔اول یہ کہ راحتوں کو اپنا کمال جانے،مصیبتوں کو محض اسباب ظاہری سے سمجھے۔دوسرا یہ کہ نعمتوں کو اپنے کمال سے مصیبتوں کو اتفاق جانے۔تیسرا یہ کہ مصیبتوں کو خدا کا ظُلم سمجھے یہ درجہ کفر ہے۔

**سوال نمبر 51: آیت نمبر 1 میں دعویٰ، دلیل دعویٰ اور انسانوں کی بداعمالی کا کیسے تذکرہ ہے۔(الانعام:1-2)**

**جواب:** اس آیت کریمہ کے تین جز ہیں۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ جس میں دعویٰ ہے کہ "اَلَّذِیْ خَلَقَ" الخ جس میں اس دعویٰ کی دلیل ہے۔ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا جس میں نافرمان ناشکرے بندوں کی شکایت ہے۔

**سوال نمبر 52: آیت نمبر 3 میں حق کا تذکرہ ہے۔حق کیا ہے اور اس سے کون سا حق مراد ہے؟(الانعام:5)**

**جواب:** حق کے تین معنی ہیں۔

(ا)حق ثابت ہے یعنی ناقابل زوال،باطل،قابل زوال۔

(۲)وہ سچ جس میں جھوٹ کا کوئی شائبہ نہ ہو۔باطل جھوٹا ہے۔

(۳)حکمت والی چیز،باطل لغو و بیہودہ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات وصفات،افعال،اعمال، احوال،ان تینوں معنوں سے حق ہیں۔آپ کی نبوت آپ کی کتاب،آپ کا دین،آپ کے احکام بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام،آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت،آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبوبیت لازوال ہے۔

**سوال نمبر 53: آیت نمبر 6 میں گزشتہ قوموں کی تباہی کا کیا سبب بتایا گیا ہے؟(الانعام:6)**

**جواب:** حضرت نوحؑ ،حضرت شعیبؑ، حضرت لوطؑ، حضرت صالحؑ، حضرت ہودؑ کی، کافر قومیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے بدنی قوت، مالی طاقت، ظاہری ساز وسامان ان کفار عرب سے کہیں زیادہ دیا تھا۔ان پر کرم فرمایا کہ ان پر موسم بہار میں خوب بارش ہو اور موسم خزاں میں دریاؤں ، قدرتی چشموں سے ان کے محلوں، باغات کے نیچے نہریں بہا کرتی تھیں۔ان پر کبھی پانی کی تنگی نہ ہوتی تھی۔جب پانی کی ایسی فراوانی تھی تو ظاہر ہے کہ ان پر دانہ پھل، پھول کی بہتات تھی۔غرض کہ وہ ہر طرح عیش وآرام میں تھے۔مگر وہ اس کرم فرمائی سے فائدہ نہ اُٹھا سکے۔اُنہوں نے ہمارے انبیاء کی مخالفت کی جس کا یہ نتیجہ ہوا کہ ہم نے اِن پر دُنیاوی عذاب بھیج کر انہیں تباہ کر دیا، ہلاک کر دیا۔پھر اِن کی ہلاکت سے ہمارے شہر خالی نہیں رہ گئے۔ہم نے اِن میں بعض بستیوں میں دوسری قومیں بسا دیں یا دُنیا میں قومیں آباد کر دیں۔ یہی انجام اِن کفار کا ہوگا کہ یہ نہ رہیں گے ان کی بدنامی رہے گی

اور نئے لوگ آباد ہونگے۔

**سوال نمبر 54: کفار مکہ کے قرآن کریم کے متعلق کون سے تین مطالبے تھے؟ (الانعام: 7-9)**

**جواب:** (۱) ہم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اس وقت تک ایمان نہیں لائیں گے جب تک کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس اللہ تعالیٰ کی کتاب تحریر شکل میں نہ لائیں۔

(۲) دوسرا یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گواہی دینے کے لئے کوئی فرشتہ کیوں نہیں اُترتا جو اپنی اصل شکل میں آ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کا اعلان کرے۔

(۳) تیسرا یہ کہ انسان نبی نہیں ہونا چاہیے، نبوت کا بوجھ انسان نہیں اُٹھا سکتا بلکہ فرشتہ نبی ہونا چاہیے جو ہم میں تبلیغ کرتا۔

اللہ تعالیٰ نے ان مطالبات کا کامل جواب دیا۔

**سوال نمبر 55: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جبرائیلؑ کو ان کی اپنی اصلی شکل میں کتنی بار دیکھا؟ (الانعام: 8)**

**جواب:** ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو بار حضرت جبرائیلؑ کو ان کی اپنی اصلی شکل میں دیکھا۔

**سوال نمبر 56: حُسنِ یوسفؑ کے مختلف پرتو کیا کیا قرآن پاک میں بیان کئے گئے؟**

**جواب:** حُسنِ یوسف کی مختلف تجلیاں ہیں جب بھائیوں نے کنعانی کنویں پر انہیں فروخت کیا تو تجلی اور تھی کہ نو درہم میں فروخت کر دیا۔ جب مصر میں پہنچے تو تجلی اور تھی کہ لاکھوں روپے صرف انہیں دیکھنے کے لئے لوگوں نے دے دیئے۔ مصری عورتوں نے دیکھا تو نوعیت اور تھی کہ ہاتھ کٹ گئے۔ جب قحط کا زور ہوا تو حُسن یوسف کی تجلی اور شان اور تھی۔ بھوکے مصری ایک جھلک دیکھ کر دو دو ماہ تک بھوک و پیاس محسوس نہ کر سکے۔ (سُبۡحَانَ اللّٰہ)

**سوال نمبر 57: حُسنِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کیا کیا تجلیاں قرآن میں مذکور ہیں؟ (الانعام: 8)**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرش پر جلوہ گر ہوں تو ان کی تجلی اور طرح کی ہے کہ مومن، کافر، سارے چھوٹے، بڑے انسان دیکھیں مگر جب معراج کو چلیں تو اور تجلی کہ صرف فرشتے دیکھیں۔ سدرہ پر پہنچے تو اور قسم کی تجلی کہ صرف جبریل دیکھے۔ سدرہ سے آگے بڑھیں تو اور قسم کی نورانیت کہ صرف رب جلیل دیکھے۔ (سُبۡحَانَ اللّٰہ)

**سوال نمبر 58: آیت نمبر ۱۰ (سورۃ انعام) کس موقع پر نازل ہوئی؟ (الانعام: 10)**

**جواب:** ایک بار حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حرم کعبہ میں تشریف فرما تھے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اردگرد حضرت بلال حبشیؓ، صہیب رومیؓ، عمار ابن یاسرؓ جیسے فقراء مسلمین تھے۔ ادھر سے ابوجہل، ولید ابن مغیرہ، امیہ بن خلف وغیرہ وہاں سے گزرے تو اِن حضرات کو دیکھ کر ابوجہل اپنے ساتھیوں سے بولا کہ یہ وہ لوگ ہیں جن کو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنت کا بادشاہ کہتے ہیں۔ ذرا اِن بادشاہوں کو دیکھو، یہ حالت اور بادشاہی۔ اس بکواس کے موقع پر یہ آیات نازل ہوئیں۔ (تفسیر رُوح البیان)

**سوال نمبر 59: ہر زمانے میں انبیاء کرام کے دُشمن پہلے بھیجے گئے اور نبی بعد میں آئے؟ اس کی کیا حکمت تھی؟**

**جواب:** ہر زمانے میں حضرات انبیاء کرام کے دُشمن رہے ہیں۔ قانون قدرت ہے کہ وہ اپنے بندوں کو مخالفین کی مخالفت کے

ذریعے عروج دیتا ہے بلکہ دُنیا میں مخالفین پہلے آتے ہیں۔ شیطان پہلے پیدا ہوا حضرت آدمؑ بعد میں۔ نمرود پہلے پیدا ہوا اور حضرت ابراہیمؑ بعد میں۔ ابوجہل پہلے آیا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعد میں۔ یہ فائدہ "وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ" سے حاصل ہوا۔ لہٰذا مخالفین کی مخالفت پر صبر کرنا سُنت انبیاء ہے۔

**سوال نمبر 60: زمین میں سفر کرنا کیسا ہے؟ نیز اس کی حیثیتیں بتائیں؟ (الانعام:11)**

**جواب:** زمین میں سفر کرنا مباح ہے بلکہ سفر کا حکم مقصد کے حکم سے وابستہ ہے۔ حرام کام کے لئے سفر حرام ہے۔ فرض کام کے لئے سفر فرض ہے۔ سُنت کام کے لئے سفر سُنت ہے۔ چوری، ڈکیتی کے لئے سفر حرام ہے۔ حج فرض کے لئے سفر بھی فرض ہے۔ زیارت قبور کے لئے سفر سُنت ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ سے سفر فرما کر مقام ابوا میں اپنی والدہ ماجدہ کی قبر کی زیارت کے لئے تشریف لے کر گئے تھے۔

**سوال نمبر 61: اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات پر رحمت لکھ لی۔ اس کا کیا مطلب ہے؟**

**جواب:** اس کی تفسیر وہ حدیث ہے جو امام بخاری نے بروایت حضرت ابوہریرہؓ سے مرفوعاً نقل فرمائی کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق پیدا کرنے کا فیصلہ فرمالیا تو ایک تحریر اپنے دست قدرت پر لکھ کر اپنے پاس عرش کے اوپر رکھ لی "اِنَّ رَحْمَتِیْ سَبَقَتْ غَضَبِیْ" یعنی میری رحمت میرے غضب سے زیادہ اور غالب ہے۔

**سوال نمبر 62: رحمت خداوندی کے بارے میں فرمان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بتائیے؟**

**جواب:** مُسلم و بخاری نے حضرت ابوہریرہ سے مرفوعاً روایت کیا کہ اللہ تعالیٰ نے رحمت کے سو حصے کئے، ناوے حصے اپنے پاس رکھے اور جن کا ظہور قیامت میں ہوگا۔ ایک حصہ دُنیا میں تقسیم کیا۔ اسی سے ماں بچوں پر، باپ اولاد پر اور دوست، دوست پر، عزیز اپنے قریبی رشتہ داروں پر رحمت کرتے ہیں۔ جن وانس حتیٰ کہ وحشی جانور اس رحمت سے اپنے بچوں پر مہربان ہیں۔

**سوال نمبر 63: اللہ تعالیٰ کی رحمت کے ہم ہر وقت طالب ہیں۔ ہمیں دُعا کیسے کرنی چاہئے؟**

**جواب:** شیخ محی الدین ابن عربی سے ایک دُعا منقول ہے:

"اے اللہ ہم پر اس وقت رحمن فرما جب کہ پیشانی پر پسینہ آجائے، رونے والے کی پکار اُٹھے، ہم پر کرم ہو، حکیم جواب دے چکیں، الٰہی ہم پر اس وقت رحم کر جب کہ ہم مٹی میں چھپ جائیں، دوست احباب چھوڑ دیں، دُنیاوی نعمتیں ختم ہوجائیں۔ ہوا ہم پر بند ہوجائے۔ اے اللہ ہم پر اس وقت رحم کر جب کہ ہمارا نام بھولا جاچکے۔ ہمارے جسم گل سڑ جائیں، ہماری قبریں مٹ جائیں، ہمارا چرچہ ختم ہوجائے۔ اے اللہ ہم پر اس وقت رحم کر جب کہ چھپی باتیں کھلیں، دل کے بھید ظاہر ہوں۔ دفتر اعمال پھیلے ہوں۔ وزن ہو رہا ہو۔ اے قیوم ہم اِن اوقات میں تیری مدد مانگتے ہیں۔ (رُوح البیان)

**سوال نمبر 64: جب کفار مکہ نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بے دینی کی طرف دعوت دی تو آپؐ نے اپنے رب کے حکم سے کیا جواب دیا؟ (الانعام:14-15)**

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سے فرمائیں گے کہ اے بیوقوفو! کیا میں سید الانبیاء ہوکر اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو معبود بنا سکتا

ہوں۔کیا تم کو مجھ سے یہ توقع کرتے ہو۔اللہ تعالیٰ آسمان وزمین کا پیدا فرمانے والا ہے۔اس کی شان یہ ہے کہ وہ بے نیاز ہے، غنی ہے، تمام اس کے حاجت مند ہیں۔ وہ سب کو روزی دیتا ہے، اسے کوئی روزی نہیں دیتا جس کی یہ شان ہو وہی لائق عبادت ہے۔آپ اِن سے یہ بھی فرمادو کہ مجھے روزِ ازل یا روزِ میثاق میں اور دُنیا میں آمد پر حکم دیا گیا ہے کہ میں ساری مخلوق میں سب سے پہلا مومن اور مسلم بھی رب کا مطیع ہوں۔

**سوال نمبر 65: شیطان کو مارنے کے لئے کون سے دو ہتھیار کارآمد ہیں؟(الانعام:16)**

**جواب:** شیطان کسی ہتھیار سے مار نہیں کھاتا، نہ تلوار و تیر سے، ایٹم بم وراکٹ سے، اسے مارنے کے دو ہی ہتھیار ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا خوف اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عشق۔جس دل میں یہ ہتھیار ہوں وہاں شیطان شکست ہی کھاتا ہے۔ چور اس گھر میں جاتا ہے جہاں دولت،غفلت،ظُلمت ہو۔اللہ تعالیٰ کا خوف بیداری ہے،حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عشق نُور ہے۔

**سوال نمبر 66: اللہ تعالیٰ کا قُرب پانے کے لئے انسان کو کون سے دو بازوؤں کی ضرورت ہے؟(الانعام:17)**

**جواب:** انسان دو بازوؤں کے ذریعے راہ طے کرکے حق تعالیٰ تک پہنچ سکتا ہے۔ ایک باز و صبر اور دوسرا شکر کا ہے۔صحت ، دولت جسے اللہ تعالیٰ یہ دونوں نعمتیں عطا فرمائے وہ کامل ہے۔

**سوال نمبر 67: کن احکام میں بندے مجبور وعاجز ہیں اور کن میں اختیار دیا گیا ہے؟(الانعام:18)**

**جواب:** اللہ تعالیٰ تکوینی احکام میں اپنے بندوں پر ایسا غالب ہے کہ اس کے سامنے تمام بندے مجبور وعاجز ہیں۔جس کو جو بنا دیا وہ وہی بن گیا۔ کالا، گورا، سعید، شقی۔ بنانے والا وہی ہے مگر تشریعی احکام میں وہ بندوں پر اس طرح غالب ہے کہ بندوں کو بھی اعمال کا اختیار دیا گیا۔مگر بندوں کا اختیار رب تعالیٰ کے اختیار کے ماتحت ہے۔

**سوال نمبر 68: بادشاہ نبی کون کون تھے؟ کیا ان کے دین بعد میں باقی رہے؟(الانعام:17)**

**جواب:** سوائے تین پیغمبروں کے سارے نبی مساکین گزرے۔

(۱) داؤدؑ بادشاہ (۲) سلیمانؑ بادشاہ۔

(۳) یوسفؑ بادشاہ

ان انبیاء کے دین بعد میں باقی نہ رہے۔

**سوال نمبر 69: اگر نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بادشاہ ہوتے تو کیا اعتراض پیدا ہوسکتا تھا؟(الانعام:19)**

**جواب:** اگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بادشاہ امیر ہوتے تو لوگ کہہ سکتے تھے کہ اسلام میں ذاتی خوبی کوئی نہیں ، یہ تو طاقت اور دولت کے بل بوتے پر چلایا گیا دین ہے۔نیز طاقت سے منوائی ہوئی بات قائم نہیں رہتی۔ جب طاقت ختم ہوتو بات بھی ختم۔

**سوال نمبر 70: جب منکرین نبوت نے آپؐ کی نبوت پر گواہ مانگا تو رب تعالیٰ نے کیا جواب دیا؟(الانعام:19)**

**جواب:** اے محبوبؐ! یہ لوگ جو آپ سے آپؐ کی نبوت پر گواہ مانگتے ہیں۔ان سے پوچھو کہ رب تعالیٰ کی گواہی سے بڑھ کر کس کی گواہی ہوسکتی ہے کہ وہ ہر چیز کا خالق ومالک اس کے ہر حال سے خبردار ہے وہ جس چیز کی گواہی دے گا حق دے گا وہ میری نبوت اور تمہاری بے دینی کا گواہ ہے۔اس نے میری گواہی ہزار ہا طریقے سے دی ہے اور اِن میں بڑی گواہی یہ ہے کہ اس اپنی

کتاب مجھ پر یعنی قرآن مجید اُتارا۔

**سوال نمبر 71: حضرت عبداللہ بن سلام (پہلے یہودی عالم تھے) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیسے پہنچانتے تھے؟ (الانعام:20)**

**جواب:** ایک دن حضرت عمرؓ نے حضرت عبداللہ ابن سلام سے پوچھا کہ رب تعالیٰ فرماتا ہے کہ علماء یہود و نصاریٰ اللہ تعالیٰ کے محبوب کو ایسے جانتے پہنچانتے ہیں جیسا کہ اپنے بیٹوں کو اے عبداللہ! تم تو عالم یہود تھے۔ بتاؤ یہ معرفت کیسی ہے؟ حضرت عبداللہ ابن سلام نے فرمایا قسم ہے اس کی جس کی قسم کھائی جاتی ہے کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے بیٹوں سے زیادہ یقین سے جانتے ہیں کیونکہ اپنے بیٹے کے متعلق تو گمان ہوسکتا ہے کہ اس کی ماں نے خیانت کی ہو مگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق تو کسی شُبہ کی گنجائش نہیں۔

**سوال نمبر 72: اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کون جھوٹ بولنے کی جرأت کرے گا؟ (الانعام:24)**

**جواب:** کفار و مشرکین کی جماعت بارگاہ الٰہی میں جھوٹ بولنے سے باز نہیں آئے گی۔ یہ اِن کی انتہائی بے حیائی ہے۔

**سوال نمبر 73: سورۃ الانعام کی 25 مذکورہ آیت مبارکہ میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیدار، گفتار اور صحبت پاک کا کیسے ذکر کیا گیا ہے؟ (الانعام:25)**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی چند نعمتیں اپنے ساتھ ہی لے گئے۔ اپنا دیدار، اپنی گفتار، اپنی صحبت پاک اپنے ساتھ لے گئے۔ لوگ ان نعمتوں سے صحابی جاتے تھے۔ اس آیت کریمہ میں یہ فرمایا گیا کہ یہ محروم ازلی ان تین نعمتوں سے فائدہ نہیں اُٹھاتے۔ یَسْتَمِعُ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گفتار کا ذکر ہے۔ وَاِنْ یَرَوْا میں دیدار شریف کا ذکر ہے اور اِذَا جَآءُوْکَ ''جب وہ آتے ہیں تمہارے پاس'' میں صحبت پاک کا ذکر ہے۔

**سوال نمبر 74: کفار کو کن موقع پر ندامت ہوگی؟ (الانعام:27)**

**جواب:** کفار کو یوں تو ہر وقت ہی ندامت رہے گی مگر چار موقع پر خاص طور پر شرمندگی اور ندامت ہوگی۔ ایک تو مرتے وقت عذاب کے فرشتے دیکھ کر۔ دوسرا قبر میں امتحان میں فیل ہو کر۔ تیسرا جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقام محمود پر جلوہ گر ہوں گے تب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان دیکھ کر۔ چوتھے اس موقع پر یعنی دوزخ کی آگ پر کھڑا کیا جائے گا۔

**سوال نمبر 75: انسان کی کتنی زندگیاں ہیں؟ نیز منکرین قیامت کتنی زندگیوں کو مانتا ہے اور کن کا انکار کرتا ہے؟ (الانعام:29)**

**جواب:** انسان کی تین زندگیاں ہیں، دُنیاوی زندگی جو ماں کے پیٹ سے قبر کے درمیان ہے۔ برزخی زندگی جو موت سے لے کر دوسرے نفخ صور تک ہے۔ اُخروی زندگی جو صور کے دوسرے نفخ تک ہے۔ منکرین قیامت صرف ایک زندگی کو مانتے ہیں یعنی دُنیاوہ زندگی، باقی دو زندگیوں کے منکر ہیں۔

**سوال نمبر 76: کفار کی زندگی کو خسارے والی زندگی کیوں کہا گیا ہے؟ (الانعام:21)**

**جواب:** خُسْرٌ بنا ہے خُسْرَانَ وہ نقصان ہے جس میں اصل پونجی بھی برباد ہو جائے، کافر کفر کر کے اپنی زندگی بالکل ہی برباد کر لیتا ہے اس لئے یہاں خُسْرٌ ارشاد ہوا۔ گنہگار مومن زندگی کا نفع کم پاتا ہے، بالکل برباد نہیں کر لیتا اس لئے وہ خسارہ میں

نہیں۔ ہر انسان تاجر ہے، زندگی کے عوض اعمال کما رہا ہے۔ ہر دن زندگی گھٹتی ہے، بُرے یا اچھے عمل بڑھتے ہیں اس لئے خسارہ ارشاد فرمانا بہت موزوں ہے۔

**سوال نمبر 77: قیامت کو ساعت بھی کہا گیا ہے اس کا کیا مطلب ہے؟ (الانعام:31)**

**جواب:** قیامت کے بہت نام ہیں۔ ان میں سے ایک نام ساعت بھی ہے بمعنی گھڑی۔ چونکہ قیامت کی ابتداء معمولی سی گھڑی سے ہوگی یا اس دن حساب وکتاب ساری خلقت کا صرف گھڑی بھر میں ہوگا۔ اِنَّ اللّٰہَ سَرِیۡعُ الۡحِسَابِ (آل عمران:۱۹۹) یا اتنا دراز دن کہ اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں کو گھڑی بھر کا محسوس ہوگا۔ ان وجوہ سے اسے ساعت کہا جاتا ہے اگرچہ علامات قیامت صدیوں پہلے سے ظاہر ہوں گی مگر قیامت کی آمد اچانک ہوگی۔

**سوال نمبر 78: سورۃ انعام میں اوزار سے کیا مُراد ہے؟ (الانعام:31)**

**جواب:** اوزار سے مراد گناہوں کا بوجھ ہے۔ قیامت میں گناہوں کی شکل بھی ہوگی، ان میں وزن اور بوجھ بھی ہوگا۔ نیک اعمال پر مومنین سوار ہوں گے اور بداعمال گنہگار پر سوار ہوں گے۔

**سوال نمبر 79: اس دُنیا کا ہر انسان تاجر ہے کیسے؟ (الانعام: 31-32)**

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو تاجر قرار دیا ہے۔ اس کی حاجات اس کی اصل رقم ہے اور اطاعات یا کفارات اس کی کمائی ہے۔ ساعات کم ہو رہی ہیں۔ طاعات وکفارات بڑھ رہی ہیں۔ یہ ہے نفع کی تجارت غافل وکافر کی ساعات خرچ ہو رہی ہیں یعنی گناہ بڑھ رہے ہیں یہ حسران کی تجارت ہے۔

**سوال نمبر 80: سورۃ انعام مذکورہ آیت میں کفار کے تین طرح کے خساروں کا تذکرہ کیسے کیا گیا ہے؟ (الانعام:31)**

**جواب:** اس آیت میں کفار کی تین تین قسم کے خساروں کا ذکر ہے۔ زندگی میں خسارہ ہر وقت خسارہ یہ "بِلِقَآءِ اللّٰہ" (اللہ تعالیٰ سے ملاقات تک) ہوا۔ موت کے وقت اور اس کے خسارہ یہ "حَتّٰی اِذَا جَآءَتۡهُمُ" سے لیکر "مَافَرَّطۡنَا فِیۡهَا" تک بیان ہوا قیامت اور اس کے بعد خسارہ یہ "وَهُمۡ یَحۡمِلُوۡنَ" سے آخر تک بیان ہوا۔

**سوال نمبر 81: مال دُنیا وآخرت میں کس طرح نافع ہوسکتا ہے؟ (الانعام:32)**

**جواب:** مال حلال راستے سے آئے یا ناجائز ذریعوں سے حاصل کیا جائے، حلال طریقہ سے رہے کہ اس کی زکوٰۃ سے صدقہ نکلتا رہتا ہے۔ حلال جگہ یا عبادات ورضائے الٰہی کے مقامات پر خرچ ہوجائے تو انشاءاللہ دین ودُنیا کا نفع ہے ورنہ نرا وبال ہے۔

**سوال نمبر 82: کیا ابوجہل نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جھوٹا سمجھتا تھا؟ (الانعام:33)**

**جواب:** ابوجہل کا دوست اخنس ابن قیس ایک بار اسے تنہائی میں لے گیا بولا ابوجہل سچ بتا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سچے ہیں یا نہیں۔ سچ بول دے میں کسی کو نہ کہونگا۔ ابوجہل بولا وہ بالکل سچے ہیں، ان کی زبان سے جھوٹ کبھی نہیں نکلا۔ میں اس لئے انہیں نہیں مانتا کہ ان کے خاندان قصی ابن کلاب میں پہلے ہی سے بہت عظمتیں جمع ہیں۔ اگر نبوت بھی ان میں پہنچ جائے تو

دوسرے قریشیوں کے لئے کیا بچے گا۔

**سوال نمبر 83: غم کسے کہتے ہیں اس کی کون کون سی اقسام ہیں؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کون کون سے غم تھے؟ (الانعام:34)**

**جواب:** گزشتہ واقعہ پر جو رنج ہوا اسے حسرت یعنی غم کہا جاتا ہے۔غم بہت قسم کے ہیں یعنی اپنی ذات کا غم، قوم کا غم، دین کا غم، قرآن کا غم، اولاد کا غم، مال کا غم، رسول کا غم، اللہ تعالیٰ کا غم، ذات کا غم دوطرح کا ہوتا ہے۔ دُنیا کا غم، دین کا غم، ان غموں میں بعض غم حرام ہیں۔ بعض غم عبث ہیں، بعض عبادت ہیں، بعض غم ایمان ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غم مختلف قسم کے تھے۔ اُمت کا غم، قرآن مجید کا غم، اللہ تعالیٰ کا غم، یہ غم عین عبادت ہیں۔ یہاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آخری دو غم مراد ہیں۔

**سوال نمبر 84: صبر کی کون سی تین بڑی اقسام ہیں؟ نیز صبر کسے کہتے ہیں؟ (الانعام:34)**

**جواب:** صبر کی تین قسمیں ہیں۔ گناہوں سے یعنی نفس کو گناہوں سے روکنا، نیکیوں پر صبر یعنی نفس کو نیک کاموں پر روکے رکھنا، ہٹنے نہ دینا، مصیبتوں پر صبر یعنی قدرتی آفتوں، انسانی تکالیف میں گھبرانے سے اپنے نفس کو روکنا، ہر قسم کا صبر سُنت انبیاء ہے۔ صبر کے معنی ہیں روکنا۔

**سوال نمبر 85: کیا کفار مکہ کے تمام مطالبے (معجزہ مانگنے) پورے کئے جاتے تھے؟ (الانعام:35-36)**

**جواب:** جی نہیں ایک بار حارث ابن عامر نوفل ابن مناف جماعت قریش کو لیکر حضور کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور بولا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کوئی ایسا معجزہ ہم کو دکھائیں جو معجزہ گزشتہ انبیاء کرام دکھاتے تھے (یعنی یا تو ہمارا منہ مانگا معجزہ جیسے مکہ کے پہاڑوں کو سونا بنا دینا وغیرہ یا جیسے صالحؑ کی اونٹنی۔ عصائے موسویٰؑ وغیرہ) تو ہم سب آپؐ پر ایمان لے آئیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کا یہ مطالبہ منظور نہ فرمایا۔ اس پر اُنہوں نے شور مچایا، مذاق اُڑایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس پر بہت صدمہ ہوا۔ تب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تسکین کی خاطر یہ دونوں آیتیں نازل ہوئیں۔ (تفسیر کبیر رُوح المعانی خازن تفسیر صادی وغیرہ)

**سوال نمبر 86: کفار مکہ نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کن معجزات کا مطالبہ کیا تھا؟ (الانعام:36)**

**جواب:** اگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سچے نبی ہوتے تو ان پر وہ معجزات رب کی طرف سے کیوں نہیں اُترتے جن کا ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ سونے کے پہاڑ ان کے ساتھ چلیں، زمین مکہ منتقل کر کے یہاں دوسری سبزہ زار زمین رکھ دی جائے۔ یا ان پر وہ معجزات کیوں نہ اُترے جو گزشتہ نبیوں پر اُترے جیسے یدِ بیضا، عصا، آسمانی دسترخوان وغیرہ یا قرآن میں وہ آیتیں کیوں نہیں اُتریں جو ہم چاہتے ہیں۔ نزول قرآن ہماری مرضی کے مطابق کیوں نہیں ہوتا۔

**سوال نمبر 87: معجزات انبیاء کی کون کون سی اقسام ہیں؟ (الانعام:35-36)**

**جواب:** معجزات انبیاء تین قسم کے ہیں۔ ایک وہ جو نبی کی ذات کے ساتھ لازم ہوتے ہیں۔ کبھی ان سے جدا نہیں ہوتے جیسے حضرت یوسفؑ کا حُسن یا داوٗدؑ کی خوش آوازی یا ہمارے حضور

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسم شریف کا بے سایہ اور خوشبو دار ہونا۔ دوسرے وہ جو انبیاء کرام کے اختیار میں ہوتے ہیں جیسے حضرت موسیٰؑ کا عصا یا ید بیضا یا جیسے حضرت عیسیٰؑ کا مردے زندہ کرنا۔ بیمار اچھے کرنا کہ یہ چیز آپ کے اختیار میں دی گئیں تھیں۔ تیسرے وہ جن میں نبی کے اختیار کو دخل نہیں رب جب چاہے ظاہر فرمادے۔ ہاں ان کی دُعا سے یہ معجزے ظاہر ہوتے ہیں جیسے حضرت مسیحؑ کی دُعا سے دسترخوان آسمان سے آیا، حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دُعا سے بعض آیات آئیں۔

**سوال نمبر 88: قرآن مجید کے علوم اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم غیب کے بارے میں مسلمانوں کا کیا عقیدہ ہے؟**

**جواب:** حضرات صحابہ سے لے کر آج تک قریباً تمام مسلمانوں کا یہ عقیدہ رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام آسمانی کتابوں پر قرآن کریم کو بہت وجہ سے فوقیت دی۔ ان میں سے ایک درجہ یہ بھی ہے کہ قرآن کریم میں تمام دینی اور دُنیاوی علوم جمع فرمادیئے۔ ازل سے ابد ہر چیز کا اس میں فرمارہا ہے اور اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سارے جہاں کا عالم بنادیا۔

**سوال نمبر 89: قرآنی دلائل کیا ہیں؟ (الانعام: 37-38)**

**جواب:** چنانچہ قرآن کے علوم کے متعلق بہت جگہ اعلان فرما۔ کہیں فرمایا ''وَنَزَّلۡنَا عَلَیۡکَ الۡکِتٰبَ تِبۡیَانًا لِّکُلِّ شَیۡءٍ'' ''ہم نے نازل کیا آپؐ پر کتاب کو اس میں ساری چیزوں کا روشن بیان ہے''۔ ہم نے آپ پر قرآن ساری چیزوں کا روشن بیان فرمانے کے لئے نازل فرمایا۔ یہاں فرمایا ''فَرَّطۡنَا فِی الۡکِتٰبِ مِنۡ شَیۡءٍ'' اس کتاب قرآن مجید میں کوئی دینی و دنیاوی چیز چھوڑی نہیں۔ کہیں فرمایا ''وَلَا رَطۡبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیۡ کِتٰبٍ مُّبِیۡنٍ'' ''نہیں ہے تر و خشک چیز مگر اس روشن کتاب میں'' نہیں۔

**سوال نمبر 90: علومِ قرآن کے متعلق کوئی حدیث تحریر کریں؟ (الانعام: 38)**

**جواب:** حضرت ابن سعودؓ سے روایت ہے کہ قرآن مجید میں سارے علوم ہیں اور اس میں سب چیزیں بیان کردی گئی ہیں۔ ہمارے علوم میں کوتاہی ہے لیکن قرآن میں سبھی کچھ ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ نے مَرۡفُوۡعاً فرمایا کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی چیز قرآن مجید میں چھوڑی جاتی تو چیونٹی، مچھر، رائی کا ذکر نہ ہوتا کہ یہ بہت حقیر چیزیں ہیں مگر ان کا ذکر قرآن مجید میں ہے۔

**سوال نمبر 91: گزشتہ اقوام پر عذاب اتارنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی طرف سے کیا کیا آزمائشیں آتیں تھیں؟ (42-43)**

**جواب:** وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلٰۤی اُمَمٍ.....یَعۡمَلُوۡنَ O

اور بیشک ہم نے تم سے پہلی امتوں کی طرف رسول بھیجے تو انہیں سختی اور تکلیف سے پکڑا کہ وہ کسی طرح گڑگڑائیں۔ تو کیوں نہ ہوا جب ان پر ہمارا عذاب آیا تو گڑگڑاتے ہوتے لیکن ان کے تو دل سخت ہو گئے اور شیطان نے ان کے کام ان کی نگاہ میں آراستہ کر دیئے۔

مختلف امتوں کی طرف بہت سے رسول بھیجے گئے انکی امتوں نے اپنے رسولوں کی نافرمانی کی اللہ تعالیٰ نے ان کی ہلاکت سے پہلے انہیں قحط، بھوک، بیماریوں، ظالم بادشاہوں کی گرفت وغیرہ میں مبتلا کیا تاکہ وہ اپنے رب کی بارگاہ میں معافی مانگیں مگر انہوں نے ایسا نہ کیا تو ان کے دل اور سخت ہو گئے ان کے ساتھی شیطانوں

نے ان کے اعمال ان کی نظر میں بھلے کر دیئے انہوں نے تمام آزمائشوں کو اتفاقاً سمجھا اس وجہ سے وہ ہدایت سے محروم رہے۔

**سوال نمبر 92: دُشمنانِ انبیاء کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا ہمیشہ سے کیا سلوک رہا ہے؟((43-42**

**جواب:** اولاً تمام انبیاء کرام نے اپنی قوموں کو اللہ تعالیٰ کا پیغام سُنایا۔ ان کو نیک اعمال بجالانے پر اجرِ عظیم کے وعدے فرمائے اور بُرائیوں کے انجام میں وعیدیں سُنائیں لیکن کفار اپنی بدعقیدگیوں اور بداعمالیوں میں مشغول رہے، پھر ان پر چھوٹے چھوٹے عذاب بھیجے تاکہ وہ ہدایت کی طرف لوٹ آئیں لیکن ان پر کوئی اثر نہ ہوا۔ تب وہ مصائب چلے گئے اور ان کی جگہ ہر طرح سے راحت وسُکون کے دروازے کھول دیئے گئے یعنی دولت کی ریل پیل ہوگئی اور وہ سمجھنے لگے کہ اُن کا کفر وعناد اور عداوتِ انبیاء اچھا عمل ہے۔ یہاں تک کہ وہ خوب غافل ہوگئے۔ اسی غفلت میں ان پر اچانک اللہ تعالیٰ کی پکڑ آگئی۔

**سوال نمبر 93: متکبر کافروں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے غریب صحابہ کرامؓ کے بارے میں کیا مطالبہ کیا تھا؟ آپ ﷺ کا جواب کیا تھا؟(52)**

**جواب: بارگاہِ الٰہی میں صحابہ کرامؓ کا مقام ومرتبہ:**

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ

''اور دُور نہ کرو انہیں جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صبح وشام''۔

اس آیت کا نازل ہونا۔ قوم عاد پر اوپر سے سخت آندھی کا آنا، قومِ ہودؑ پر غیبی چیخ بھیجی گئی۔ نیچے سے عذاب جیسے قوم شعیب علیہ السلام پر زلزلے کا عذاب آنا۔ قارون کا زمین میں دھنس جانا۔

سیدنا ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اوپر سے عذاب ظالم بادشاہ، ظالم حکام کا ظُلم ہے۔ نیچے سے عذاب نالائق نوکروں، بدمعاش، غلاموں کی تکلیف ہے۔

**سوال نمبر 94:**

**سوال نمبر 95: نبی اکرم ﷺ کا نسب تحریر کریں؟(75-74)**

**جواب:** (۱) آدمؑ (۲) شیثؑ (۳) انوش (۴) قینان (۵) میلائیل (۶) یرد (۷) ادریسؑ (۸) متلوشلخ (۹) لمک (۱۰) نوحؑ (۱۱) سام (۱۲) ارمجتد (۱۳) شالخ (۱۴) عابر (۱۵) ماح (۱۶) ارعو (۱۷) شاروح (۱۸) نامور (۱۹) تارخ بن ابراہیمؑ (۲۰) ابراہیمؑ (۲۱) اسماعیلؑ (۲۲) قیدار (۲۳) حمل (۲۴) نبت (۲۵) سلامان (۲۶) یشجب (۲۷) یعرب (۲۸) حمیسیع (۲۹) یسع (۳۰) آذو (ان میں قدرے اختلاف ہے) متفق علیہ یہاں سے شروع ہوتے ہیں۔

عدنان، معد، نزار، مضر، ایاس، مُدرکہ، کنانہ، نضر، مالک، فہر، غالب، لوئی، کعب مرہ، کلاب، قصی، عبدمناف، ہاشم، عبدالمطلب، عبداللہ، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

یہ کُل (۵) نام ہیں جن میں سے کوئی مشرک کافر، زانی نہیں، سب مومن موحد متقی ہیں۔ ان میں چھ (۶) انبیاء کرامؑ ہیں۔ حضرت آدمؑ، شیثؑ، ادریسؑ، نوحؑ، ابراہیمؑ، اسماعیلؑ۔ باقی دوسرے نورانی لوگ تھے۔

**سوال نمبر 96: انبیاء کرامؑ کے خاص اوصاف تحریر کریں؟ (86-84)**

**جواب: اوصافِ انبیاء کرامؑ:**

حُسنِ یوسفؑ، دمِ عیسیٰؑ، ید بیضا داری
آنچہ خُوباں ہمہ دارند تُو تنہا داری

**نسب والے انبیاء:**

ابراہیمؑ،نوحؑ،اسحاقؑ،یعقوبؑ۔

**بادشاہ نبی:**

داوٗدؑ،سلیمانؑ،یوسفؑ

**انقلاب کی نعمت:**

حضرت موسیٰؑ، حضرت ہارونؑ کو انقلاب کی نعمت بخشی۔ اِن کے ہاتھوں فرعون وقارون ہلاک ہوئے۔

**صبر کے لئے مقبول:**

حضرت ایوبؑ کا خاص درجے کا صبر۔ یوسفؑ کا اولاً صبر، پھر سلطنت عطا ہوئی۔

زہداور ترکِ دُنیا میں نام:

زکریاؑ،یحییٰؑ،عیسیٰؑ،الیاسؑ

جن کا کوئی پیروکار نہیں ہوا۔

اسماعیلؑ،یسعؑ، یونسؑ،لوطؑ

مندرجہ بالا آیات میں جن انبیاءکرام کا تذکرہ ہوا نہیں میں خصوصاً اوصاف بیان کئے گئے۔

**سوال نمبر 97: اللہ تعالیٰ کی شانِ قدرت ہر چیز میں جلوہ افروز ہے۔وضاحت کریں؟**

**جواب: شانِ خداوندی:**

اِنَّ اللّٰہَ خَالِقُ الْحَبِّ وَ النَّوٰی

’’بے شک اللہ تعالیٰ پھاڑنے والا ہے دانے اور گھٹلی کا‘‘۔

اللہ تعالیٰ ایسی قدرت والا ہے کہ وہ کھیت کی زمین میں دانہ چیر کر درخت پیدا فرماتا ہے۔ دانہ سے تمہاری بقاء ہے اور پھلوں سے لذت پاتے ہو۔ بے جان نطفے اور انڈے سے جاندار انسان اور جانور نکالتا ہے۔ ایسے رب کو چھوڑ کر مجبور بتوں کی پوجا کیوں کرتے ہو؟ رات کی تاریکی چاک کر کے اس میں سویرے کا دھاگہ نکالتا ہے۔ اس نے رات بنائی جس میں تم سُکون وچین کر کے دن کی تھکن دُور کرتے ہو۔ اسی نے چاند وسورج دونوں بنائے جس سے تمہارے حساب دُرست ہوتے ہیں۔ یہ سب اندازے اس رب کے ہیں جو غالب بھی ہے علم والا بھی ہے۔

**سوال نمبر 98: کیا دیدارِ الٰہی ممکن ہے؟(103)**

**جواب: دیدارِ الٰہی:**

لَا تُدْرِکُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارَ ج وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ (۱۰۳)

’’نہیں پاسکتیں اسے آنکھیں اور وہ پاتا ہے آنکھوں کو اور وہ لُطف والا خبر والا ہے‘‘۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ کی چار صفات کا تذکرہ ہے۔ پہلی دو دعویٰ ہیں اور آخری دو اس دعوے کی دلیل۔

اللہ تعالیٰ وہ شان والا ہے، کوئی آنکھ کبھی بھی اس کا ادراک نہیں کر سکتی۔

دوسری شان یہ ہے کہ وہ نظروں کو گھیرے ہوئے ہے، کسی نے آج تک نظر کو نہیں دیکھا۔

ان صفات کی وجہ یہ ہے کہ وہ لطیف ہے، خفی بالذات ہے، اس کے ساتھ ہی وہ خبر والا ہے، سب کی خبر رکھتا ہے۔ سب کو دیکھتا ہے۔

**دیدارِ الٰہی از روئے احادیث:**

بخاری و مُسلم۔ ابوداوٗد، ترمذی نے بروایت ابوہریرہؓ روایت کی کہ کچھ لوگوں نے حضورؐ کی خدمت میں عرض کی یا رسول اللہؐ! کیا

ہم قیامت میں اپنے رب کو دیکھیں گے۔فرمایا تم اپنے رب کو قیامت میں بلاشک وشبہ ظاہر ظہور دیکھو گے۔اس کے علاوہ اور بھی احادیث ہیں۔

**حضرت موسیٰؑ کا تقاضائے دیدارِ الٰہی:**

رَبِّی اَرِنِیْ اُنْظُرْ اِلَیْکَ (الاعرف:143)

''خدایا تو مجھے اپنا جمال دکھا''۔

اگر دیدار ممکن نہ ہوتا تو کلیم اللہؑ تقاضا نہ کرتے۔

**سوال نمبر 99: کیا شب معراج کو حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قاب قوسین میں پہنچ کر بچشم سر رب تعالیٰ کا دیدار فرمایا۔ ((103**

**جواب: دیدارِ معراج:**

**ازروئے قرآن:**

ارشادِ خداوندی ہے:

وَ لَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰی O عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰی O

(النجم:14-13)

''(اس حضور انورؐ) نے رب تعالیٰ کو دوسری بار سدرۃ المنتہیٰ کے پاس سے دیکھا''۔

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰی O فَكَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی O (النجم:8-9)

پھر وہ (رب تعالیٰ) قریب ہوا بس اتنا جتنا دو کمانیں مل جائیں یا اس سے بھی زیادہ قریب''۔

مندرجہ بالا آیات میں رسول پاکؐ کا رب تعالیٰ کے دیدار کا تذکرہ ہے نہ کہ جبریلؑ کے دیدار کا اور ان سے قرب کا کیونکہ آگے ارشاد ہے:

فَاَوْحٰی اِلٰی عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰی O (النجم:10)

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندہ خاص کی طرف وحی فرمائی۔

**ازروئے حدیث:**

حضور انورؐ فرماتے ہیں:

رَأَیْتُ رَبِّیْ فِیْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ

''میں نے اپنے رب کو اچھی صورت میں دیکھا''۔

**حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں:**

رَاٰی مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ رَبَّهٗ

''محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا''۔

**امام احمد بن حنبلؒ نے فرمایا:**

حضورؐ نے رب کو دیکھا۔رب کو دیکھا۔رب کو دیکھا۔یہاں تک فرمایا کہ آپؐ کی سانس بند ہوگئی۔

**سوال نمبر 100: کیا کفار کے جھوٹے معبودوں کو بُرا بھلا کہنا جائز ہے؟((108**

**جواب:**

وَ لَا تَسُبُّوا الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَیَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَیْرِ عِلْمٍ ط O

''اور نہ گالیاں دو انہیں جن کو وہ پوجتے ہیں اللہ تعالیٰ کے سوا اور نہ وہ گستاخی کریں گے۔اللہ تعالیٰ کی حد سے بڑھتے ہوئے بغیر جانے''۔

تو اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے کہ کفار کے سامنے ان کو یا ان کے جھوٹے معبودوں کو بُرا نہ کہو، اِن کا مذاق نہ اُڑاؤ کہ اس میں اندیشہ ہے کہ اس کے جواب میں وہ اپنی جہالت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ یا اس کے رسولؐ یا تمہارے دین اور کتاب کے بارے میں گستاخی

کریں گے۔ اگرچہ وہ اللہ تعالیٰ کو مانتے ہیں مگر مخالفت میں اس کی پرواہ نہ کریں گے۔

معلوم ہوا کہ کوئی واعظ وعالم اس طریقہ نہ کہے جس سے لوگوں میں دُشمنی اور ضد پیدا ہوا اور فساد برپا ہو جائے۔ ایسے ہی اگر کسی شخص کے متعلق یہ قوی اندیشہ ہو کہ اسے نصیحت کرنا اور بھی زیادہ خرابی کا باعث ہوگا تو اسے نصیحت نہ کرے۔

**دیانت داری سے متعلق حدیث مبارکہ**

**حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ ، قَالَ : حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ . ح وحَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ ، قَالَ : حَدَّثَنِي أَبِي ، قَالَ : حَدَّثَنِي هِلَالُ بْنُ عَلِيٍّ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : " بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَجْلِسٍ يُحَدِّثُ الْقَوْمَ جَاءَهُ أَعْرَابِيٌّ ، فَقَالَ : مَتَى السَّاعَةُ ؟ فَمَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ ، فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ : سَمِعَ مَا قَالَ ، فَكَرِهَ مَا قَالَ ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ : بَلْ لَمْ يَسْمَعْ ، حَتَّى إِذَا قَضَى حَدِيثَهُ ، قَالَ : أَيْنَ أُرَاهُ السَّائِلُ عَنِ السَّاعَةِ ؟ قَالَ : هَا أَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ ، قَالَ : فَإِذَا ضُيِّعَتِ الْأَمَانَةُ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ ، قَالَ : كَيْفَ إِضَاعَتُهَا ؟ قَالَ : إِذَا وُسِّدَ الْأَمْرُ إِلَى غَيْرِ أَهْلِهِ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ ".**

**ترجمہ:** ہم سے محمد بن سنان نے بیان کیا، کہا ہم سے فلیح نے بیان کیا (دوسری سند) اور مجھ سے ابراہیم بن المنذر نے بیان کیا، کہا مجھ سے میرے باپ (فلیح) نے بیان کیا، کہا ہلال بن علی نے، انہوں نے عطاء بن یسار سے نقل کیا، انہوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ ✲ ایک بار نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں بیٹھے ہوئے ان سے باتیں کر رہے تھے۔ اتنے میں ایک دیہاتی آپ کے پاس آیا اور پوچھنے لگا کہ قیامت کب آئے گی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی گفتگو میں مصروف رہے۔ بعض لوگ (جو مجلس میں تھے) کہنے لگے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیہاتی کی بات سنی لیکن پسند نہیں کی اور بعض کہنے لگے کہ نہیں بلکہ آپ نے اس کی بات سنی ہی نہیں۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی باتیں پوری کر چکے تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں فرمایا وہ قیامت کے بارے میں پوچھنے والا کہاں گیا اس (دیہاتی) نے کہا (یا رسول اللہ!) میں موجود ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب امانت (ایمانداری دنیا سے) اٹھ جائے تو قیامت قائم ہونے کا انتظار کر۔ اس نے کہا ایمانداری اٹھنے کا کیا مطلب ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب (حکومت کے کاروبار) نالائق لوگوں کو سونپ دیئے جائیں تو قیامت کا انتظار کر۔ صحیح بخاری حدیث نمبر 59-باب 3

**حدیث کا مفہوم**

یہ حدیث بیان کرتی ہے کہ ایک دیہاتی نے پوچھا کہ قیامت کب آئیگی؟ حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ جب امانت (ایمانداری دنیا سے) اٹھ جائے تو قیامت قائم ہونے کا انتظار کر۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب (حکومت کے کاروبار) نالائق لوگوں کو سونپ دیئے جائیں تو قیامت کا انتظار کر۔

اس حدیث سے ہمیں امانت کے مقدار اور اہمیت کے بارے میں سمجھ ملتی ہے۔ ہمیں امانت کو بہت اہم جاننا چاہئے اور ہمیشہ امانتداری اختیار کرنا چاہئے۔

(آسان فہم قرآن سلسلہ)

# آٹھواں پارہ ایک نظر میں

پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی
مسرت عظمت فاروقی

**سوال نمبر 1: مُردے زندہ کرنے کے متعلق کفار مکہ کا کیا مطالبہ تھا؟ (الانعام۔111)**

**کفار کا مطالبہ:**

**جواب:** ایک دفعہ کفار مکہ آپؐ کے پاس تشریف لائے اور کہا کہ ان کی قوم میں قصی ابن کلاب اور عدبان بن عمرو بڑے پہنچے بزرگ گزرے ہیں۔ سارے قریش ان کی بات مانتے تھے۔ انہیں مرے ہوئے کافی عرصہ گزر چکا ہے۔ اگر آپؐ اِن مردوں کو زندہ کردیں اور وہ ہمارے سامنے آکر آپ کی حقانیت اور اسلام کی سچائی کی گواہی دے دیں تو ہم لوگ اسلام قبول کرلیں گے۔

**سوال نمبر 2: شیاطین کی کتنی قسمیں ہیں؟ زیادہ خطرناک کون سی قسم ہیں؟ (الانعام۔112)**

**شیاطین کا اقسام:**

**جواب:** حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ ابلیس نے اپنی ذریت کے دو حصے کیئے ہیں۔ ایک حصہ انسانوں کو بہکانے کے لئے انہیں شیاطین انس کہا جاتا ہے یعنی انسانوں کو گمراہ کرنے والے۔ دوسرا گروہ جنات کو بہکانے، ورغلانے کے لئے انہیں شیاطین جن کہا جاتا ہے یعنی جنات کو بہکانے والے۔

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ ابلیس جب جناتی شیطان کے ذریعہ کسی کو بہکانے سے عاجز ہوجاتا ہے تو انسانی شیاطین سے مدد لیتا ہے۔ جناتی شیطان چھپے رہتے ہیں مگر انسانی شیطان ہمارے سامنے ہمارے دوست، احباب بن کر آتے ہیں اور بہکاتے ہیں۔ لاحول سے جناتی شیطان بھاگ جاتے ہیں مگر انسانی شیطان نہیں بھاگتے۔ نبی اکرمؐ کا فرمان ہے کہ انسانی شیطان بدتر اور سخت تر ہیں۔

**سوال 3: حق اور باطل کے برسرپیکار ہونے میں کیا راز پنہاں ہیں؟ (الانعام:112-113)**

**جواب:** حق اور باطل کے برسرِ پیکار ہونے میں بے شمار حکمتیں چھپی ہیں۔

**حق اور باطل کی جنگ:**

(۱) جو کوئی دُنیا میں چمکتا اور اونچا ہوتا ہے وہ مخالفین کی مخالفت سے ہی اونچا ہوتا ہے۔ آدمؑ کی شان نظر آئی تو ابلیس کی مخالفت سے۔ ابراہیمؑ کی تجلی نمرود کے مقابلے سے اُجاگر ہوئی۔ موسیٰؑ کی شان فرعون کی دُشمنی سے واضح ہوئی۔ گویا:

چراغِ مصطفویٰ سے شرار بولہبی

(۲) اس سے کھرے کھوٹے کی پہچان ہوتی ہے۔

(۳) ایسی مخالفتوں کی وجہ سے سعید و شقی ایک دوسرے سے ممتاز ہوتے ہیں کہ سعید لوگ ان مخالفین کی سرگرمیوں کے باوجود ہمیشہ نیک کام کرتے ہیں اور بدنصیب لوگ وہ کرتے ہیں جو دُشمن ان سے کراتے ہیں۔

**سوال نمبر 4: قرآن مجید کی حقانیت کے کوئی تین دلائل تحریر کریں۔(الانعام:114-115)**

**دلائلِ حقانیت قرآن:**

**جواب:** قرآن مجید کی حقانیت کے تین نہایت قوی دلائل ان آیات میں ارشاد فرمائے گئے ہیں۔

**کتابِ الٰہی اصفتِ برحق (قرآن اور رب تعالیٰ):**

(۱) اللہ تعالیٰ جو اَحۡکَمُ الۡحَاکِمِیۡن ہے اس نے ہدایت دینے کے لئے اس نے مفصل کتاب بھیجی ہے۔ اس کا کتاب الٰہی ہونا خود اس سے ثابت ہے۔

(۲) اللہ تعالیٰ کی صفت بھی حق ہے۔ قرآن کی صفت بھی حق ہے اور حضورؐ کی صفت بھی حق ہے۔ گویا حق نے حق پر حق کتاب حق کے ساتھ بھیجی۔

**اہلِ کتاب کا توکل:**

(۳) جن علماء اہل کتاب کو ہم نے تورات وانجیل عطا کی ان کتابوں کے نور سے ان کے دل منور فرمائے وہ یقین سے جانتے ہیں کہ قرآن مجید آپ پر آپ کے رب کی طرف سے اُتارا گیا ہے۔

**سوال نمبر 5: قرآن پاک کی کن چار صفات کا تذکرہ فرمایا گیا ہے؟ (الانعام:114-115)**

**صفاتِ قرآن:**

**جواب:** مذکورہ آیات میں قرآن پاک کی ان صفات کا ذکر ہے۔

(۱) کلمۃ اللہ: اللہ تعالیٰ کی بات

(۲) صدقا: ساری خبروں سے سچا۔

(۳) عدلا: سارے احکام میں عادل۔ جھوٹ اور ظُلم سے پاک

(۴) لا مبدل: اس کو کوئی تبدیل نہیں کرسکتا۔

**سوال نمبر 6: اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں علماء کا کیا درجہ ہے؟**

**جواب:** اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں علماء کا بڑا درجہ ہے۔

**علماء کا درجہ سورۃ الانعام کی روشنی میں:**

(ترجمہ) اور وہ لوگ جن کو ہم نے کتاب عطا کی وہ جانتے ہیں کہ تیرے رب کی طرف سے سچ اُترا ہے۔ (الانعام۔ ۱۱۴)

**علماء کا درجہ سورۃ آل عمران کی روشنی میں:**

(ترجمہ) گواہی دی اللہ تعالیٰ نے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور فرشتوں نے اور علم والوں نے بھی گواہی دی۔ (آل عمران۔ ۱۸)

**سوال نمبر 7: کافروں اور منکروں کی باتیں ماننے کا کیا نقصان ہے؟ (الانعام:116)**

**جواب:** وَاِنۡ تُطِعۡ اَکۡثَرَ۔۔۔۔۔۔یَخۡرُصُوۡنَ O

کافروں اور منکروں کی باتیں ماننے سے دین کے متعلق شکوک وشبہات پیدا ہوسکتے ہیں مثلاً یہودیوں اور دوسرے منکرین کا اعتراض تھا کہ مسلمان اپنا مارا ہوا تو حلال کہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا مارا ہوا یعنی مردار حرام ہے۔

**عقائد اور اعمال کی خرابی:**

دوسری وجہ یہ ہے کہ ان لوگوں کے جو عقائد اور اعمال ہیں انہیں خود اس پر یقین نہیں۔ کوئی عقلی ونقلی دلیل نہیں محض قیاس آرائیوں سے کام لیتے ہیں۔ اس لئے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو کفار کی پیروی کرنے اور صحبت اختیار کرنے سے منع فرما رہا ہے۔

**سوال نمبر 8: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دلوں کو ہدایت پر گامزن رکھنے کے لئے کس دُعا کی تلقین فرمایا کرتے تھے؟ (الانعام:117)**

**جواب:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ انسان کا دل اللہ

تعالیٰ کے قبضہ میں ہے جب چاہے، جدھر چاہے پھیر دے۔حضور انورؐ یہ دُعا پڑھا کرتے تھے۔

**نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دُعا:**

**یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبِیْ اِلٰی مَاتُحِبُّ وَتَرْضٰہُ۔**

(ترجمہ) اے دلوں کے پھیرنے والے! میرے دل کو اپنے پسندیدہ محبوب کاموں کی طرف پھیر دے۔

**سوال نمبر 9:وقد فصل لکم ما حرم۔۔۔۔بالمعتدین O (الانعام:119)**

**قرآن مجید میں حرا، کے متعلق وعید:**

**جواب:** قرآن مجید کے مطابق وہ جانور جس کو ذبح کرتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام نہیں لیا گیا وہ بھی حرام ہے اور جس کے ذبح پر اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ کسی دوسرے کا نام بھی لیا جائے وہ بھی نہ کھاؤ کیونکہ یہ دونوں حرام ہیں۔

**حدیث میں حرام کھانے کے متعلق وعید:**

حضور نبی کریمؐ نے حرام جانوروں کو بالتفصیل بیان فرمایا کہ ہر کیل والا شکاری جانور اور ہر پنجہ والا شکاری پرندہ حرام ہے اور کیڑے مکوڑے، چوہے، سانپ وغیرہ حرام ہیں۔ اسی طرح قرآن نے سئور کا گوشت حرام فرمایا جب کہ حدیث شریف نے باقی اعضاء بھی حرام کر دیئے۔

قول حق قرآن ہے قول پیمبر ہے حدیث
نام ہی کا فرق ہے تقریر ہے دونوں کی ایک

**سوال نمبر 10: اضطراری حالت کس کو کہتے ہیں؟ (الانعام: 119)**

**شریعت اسلامی میں اضطراری حالت:**

**جواب: الا ما اضطر رتم۔۔۔** مگر جو بے بس ہو تم۔جب کسی مسلمان کو حرام کھانوں کو کھانے پر مجبور کیا جائے اور دھمکی لگائی جائے کہ اگر نہ کھائے گا تو قتل کر دیا جائے گا تو جان بچانے کے لے لئے حرام چیز کے تین لقمے تک کھانے کی اجازت ہے۔ دوسری صورت بھوک سے کسی مسلمان کی جان نکل رہی ہے اور سوائے حرام چیز کچھ بھی میسر نہیں تو جان بچانا ضروری ہے۔

**سوال نمبر 11: گناہ کی کتنی قسمیں ہیں؟ نیز ظاہری اور باطنی گناہ میں کیا فرق ہے؟ (الانعام:120)**

**گناہ کی اقسام:**

**جواب:وَذَرُوْ ظَاھِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَہٗ۔۔۔۔۔یَفْتَرُوْنَ O**

ترجمہ:اور چھوڑ دو کُھلا اور چھپا گناہ۔۔۔۔

گناہ کی دو قسمیں ہیں

۱۔ ظاہری گناہ ۲۔ باطنی گناہ

**ظاہری اور باطنی گناہ میں فرق:**

ان میں فرق اس طرح سے ہیں۔

(ا) قالب (جسم) کے گناہ، ظاہری گناہ ہیں اور قلب ارادہ اور نیت کے گناہ باطنی ہیں۔

(۲) بدعملیاں ظاہری گناہ ہیں۔بدعقیدگیاں باطنی گناہ ہیں۔

(۳) اعضائے ظاہری کے گناہ ظاہری گناہ ہیں جب کہ خیال ودماغ کے گناہ باطنی ہیں جیسے حسد، تکبر، شیخی اور مسلمانوں کا بُرا چاہنا وغیرہ۔

**سوال نمبر 12: قرآن مجید میں نور اور اندھیرا کن معنوں میں استعمال ہوتا ہے؟ نیز نور اور اندھیرے کے متصف کون لوگ ہیں؟ (الانعام:122)**

"او من کان میتا۔۔۔ما کانو ایعملون O"

**شرعیت اسلامی میں نُور اور اندھیرا:**

**جواب:** زمانہ کفر میں حضرت عمر بن خطاب اور ابوجہل آپس میں دوست تھے۔ حضرت عمر ایمان لاکر واصل الی الرسول ہوکر واصل باللہ ہوگئے اور ابوجہل حالت کفر ہی میں مرگیا۔ ان دونوں کا فرق یہاں بیان فرمایا گیا (کبیر۔خازن۔معانی)

**سوال 13: معاشرے میں عموماً نیکی کو روکنے والے کون لوگ ہوتے ہیں؟ (الانعام:123)**

**جواب:** وَ کَذٰلک جعلنا۔۔۔

(ترجمہ) اور یوں ہی ہم نے ہر بستی میں اس کے مجرموں کے سرغنہ بنائے کہ اس میں داؤ کھیلیں اور حق کے نمائندے بھی بھیجے کہ وہ حق کی ترویج کریں۔

**مالدار سرداروں کی مثال:**

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ یہی ارشاد فرماتا ہے کہ جیسے قریش کے سردار آپؐ کے مقابلے میں آپؐ کی مخالفت میں سرتوڑ کوشش کررہے ہیں۔

اسی طرح ہر بستی میں وہاں کے مالدار سرداروں کو ہم نے بڑا مجرم اور بدکار کیا تاکہ وہ اپنے زور اور اپنی جماعت کے ذریعے ان بستیوں میں فساد پھیلائیں۔ پھر ساری طاقتیں صرف کردیں اور ناکام رہیں اور ان کی کسی طرح پیش نہ چل سکے۔ اللہ تعالیٰ کا دین خوب چمکے اور دین کی قوت کا پتا لگے۔ یہ لوگ خود اپنے آپ کو فریب دے رہے ہیں۔

**سوال نمبر 14: شرح صدر کسے کہتے ہیں؟ (الانعام:125)**

**جواب:** فمن یرد اللہ۔۔

**حدیث میں شرح صدر:**

اور جسے اللہ تعالیٰ راہ دکھانا چاہے اس کا سینہ اسلام کے لئے کھول دیتا ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی تو حضورؐ سے پوچھا گیا کہ شرح صدر یعنی سینہ کھولنا کیا ہے۔ فرمایا یہ غیبی نُور ہے جو اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے دل میں ڈالتا ہے جس سے اسے نیک اعمال کی توفیق ملتی ہے اور ان کی طرف میلان نصیب ہوتا ہے۔ عرض کیا گیا اس کی علامت کیا ہے؟ فرمایا گیا۔ دُنیا سے نفرت، آخرت کی رغبت، موت سے پہلے، موت کی تیاری۔

عربی میں صدر کہتے ہیں سینہ کو جس کے اندر جگر اور قلب ہیں۔ سینہ کھولنے سے مُراد دل کو توفیق ملتی ہے۔

**صوفیاء کے مطابق شرح صدر**

صوفیاء کی اصطلاح میں محنت کے تیر سے دل کا زخمی ہونا شرح ہے۔ مولانا فرماتے ہیں:

سینہ خواہم شرحہ شرحہ از شرح
تا لگویم شرح درد اِشتیاق

**سوال نمبر 15: دارِ اسلام سے کیا مُراد ہے؟ (الانعام:126-127)**

**دارالسلام کا مطلب**

**جواب:** دارالسلام سے مُراد جنت ہے سلام یا تو اللہ تعالیٰ کا نام ہے۔ تو یہ اضافت عزت وشرافت کی ہے جس سے مُراد کعبۃ اللہ اور بیت اللہ اور ناقۃ اللہ ہے یا دارالسلام سے مُراد اللہ تعالیٰ کا بنایا ہوا گھر ہے تو مقصد یہ ہے کہ جب انسان اس دُنیا میں شاندار محل، کوٹھیاں، بنگلے تیار کرلیتا ہے کہ دیکھنے والے دنگ رہ جاتے ہیں تو

غور کرلو رب تعالیٰ کا بنایا ہوا گھر کیسا ہوگا۔

**سوال نمبر 16: شریعت اور طریقت میں کیا فرق ہے؟**

**(الانعام:126)**

**خدا پرستی کے راستے**

**شریعت:**

**جواب:** خدا پرستی کے دو راستے ہیں۔ ایک سیدھا اور کھلا ہوا جسے شریعت کہتے ہیں۔

دوسرا تنگ اور پیچیدار جسے طریقت کہا جاتا ہے۔

**فرق:**

شریعت وہ سیدھا وسیع راستہ ہے جس پر ہر شخص آسانی سے چل سکتا ہے۔ مگر اس راستہ میں دیر سے پہنچنا ہوتا ہے۔ طریقت وہ گلی در گلی راستہ ہے جسے صرف واصف آدمی ہی طے کرسکتا ہے۔ مگر یہ راستہ جلد منزل پر پہنچاتا ہے۔ یہ دونوں راستے قرآن وحدیث سے ثابت ہیں۔ دیکھو موسیٰؑ نے حضرؑ سے کہا:

**شریعت وطریقت قرآن کی روشنی میں:**

**عَلٰٓی اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا○ ۲۶، کھف)**

(ترجمہ) آپ اپنا علم مجھے بھی سکھا دیں یہ علم شریعت نہ تھا کہ وہ تو تورات میں عطا ہو چکا تھا بلکہ علم طریقت یعنی اسرار کا علم ہے۔

**سوال نمبر 17: قرآن پاک میں قیامت کے کتنے نام ہیں؟**

**(الانعام:128)**

**قرآن قیامت کے نام:**

**جواب: وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ۔۔۔۔ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ○**

قیامت کے قریباً گیارہ نام ہیں جو قرآن مجید میں آئے ہیں۔

۱۔ قیامت ۲۔ حشر

۳۔ یوم الحساب

۴۔ یوم البعث ۵۔ یوم النشور

۶۔ یوم الفصل ۷۔ قارعہ

۸۔ یوم الفتح ۹۔ یوم الثناد، الساعہ

۱۰۔ یوم الفزع الاکبر ۱۱۔ سارعۃ

کیونکہ وہ مومنوں کو گھڑی بھر کی محسوس ہوگی۔

**سوال نمبر 18: کیا رسول صرف انسانوں میں ہی آتے ہیں؟**

**(الانعام130-131)**

**رسولوں کی حقیقت:**

**جواب: يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ۔۔۔۔۔ وَاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ○**

اس پر ساری اُمت مصطفویؐ کا اتفاق ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رسول الثقلین ہیں۔ آپؐ کے زمانہ حیات میں اور آپؐ کے بعد کوئی جن یا انسان نبی نہیں بلکہ حضرت عیسیٰؑ کے آسمان پر جانے سے حضورؐ کے ظہور تک کوئی نبی نہیں آیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آخری نبی تمام خلق کے نبی اور رسول ہیں۔ نبی وہ انسان ہے جسے اللہ تعالیٰ نے تبلیغ احکام کے لئے بھیجا ہو۔

**سوال نمبر 19: بڑا درجہ حاصل کرنے کے لئے کن باتوں کا دھیان رکھنا ہے؟ (الانعام:132)**

**بڑا درجہ حاصل کرنے کے اصول:**

**جواب: وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ۔۔۔۔۔ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ○**

بڑا درجہ حاصل کرنے کے لئے تین باتوں کا خیال رکھو۔

(۱) فرائض واجبات پہلے کرو، نوافل بعد میں۔ بعض لوگ فرائض سے بے پرواہوتے ہیں، نوافل پر زور دیتے ہیں۔

(۲) نیک اعمال میں سُنت رسولؐ کا خیال رکھو، عمل تھوڑا کرو مگر

ہمیشہ کرو کہ مگر وہی کرو جو حضورؐ انور کو محبوب ہو۔

(۳) صرف نیک کام پر قناعت نہ کرو بلکہ اس کے ساتھ بُرے کاموں سے بچنے کی کوشش بھی کرو۔

اب بھی وقت ہے زادِراہ کی کرلوتم کچھ فکر طفیل
چڑیاں چُگ گئیں کھیت، تو پھر تم دُور کھڑے پچھتاؤ گے

**سوال نمبر 20: روز قیامت ایک شخص چھوٹی نیکی سے بڑا درجہ پائے گا جب کہ دوسرا شخص بڑی نیکی سے معمولی درجہ پائے گا۔ وجہ بیان کریں؟ (الانعام:135)**

**اعمال کی جزائیں:**

**جواب:** قیامت میں لوگوں کے اعمال کی جزائیں مختلف ہونگی۔ ایک شخص معمولی نیکی سے بڑا درجہ حاصل کرلے گا۔ دوسرا شخص بڑی نیکی سے معمولی درجہ پائے گا۔ حضرات صحابہ کرامؓ چار سیر جَو کی خیرات سے وہ درجہ پائیں گے جو دوسرے لوگ پہاڑ بھر سونا خیرات کرنے سے نہیں پاسکتے۔ حرمین طیبین کی ایک نیکی دوسری جگہوں کی ہزار ہا نیکیوں سے بڑھ کر، پھر رمضان شریف کا ایک عمل دوسری جگہوں کے ستر عملوں سے بڑھ کر ہے۔ جہاں مسجدیں بہت ہوں گی مگر کنواں کوئی نہ ہو وہاں ایک کنواں نکال دینے کا ثواب بہت سی مسجدیں بنانے سے زیادہ ہے کہ مسجدیں وہاں بیکار ہیں۔

**سوال نمبر 21: آیت نمبر 36 کے مطابق اہلِ عرب کا پیداوار سے حصہ نکالنے کا کیا دستور تھا؟ (الانعام:136)**

**اہلِ عرب کا دستور:**

**جواب:** وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا۔۔۔سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ O

صدیوں سے کفار عرب کا یہ دستور تھا کہ ان کے کھیتوں، باغوں میں جو پیداوار ہوتی ان کے اونٹ، بکریاں جو بچے دیتیں۔ اس کے تین حصے کرتے ایک حصہ اللہ تعالیٰ کے نام کا جو غریبوں، مسکینوں، مہمانوں اور دوسرے اچھے کاموں میں خرچ کرتے۔ ایک بتوں کے نام جو بت خانوں وہاں کے پجاریوں، بتوں کے چڑھاوؤں پر خرچ کرتے۔ باقی اپنے کام میں لاتے تھے۔

**اہلِ عرب کی جہالت:**

پھر اگر اللہ تعالیٰ کے نام کا حصہ والا کوئی جانور مر جاتا تو اللہ تعالیٰ کے نام والے جانوروں میں سے نکال کر بتوں والے میں شامل کردیتے اسے پورا کردیتے۔ یونہی اگر اللہ تعالیٰ کے نام والے حصہ میں سے کچھ بتوں کے حصہ میں گرجاتا تو اسے رہنے دیتے۔ لیکن اگر بتوں کے حصہ میں سے کچھ دانے یا پھل اللہ تعالیٰ کے حصہ میں پڑ جاتے تو اسے نکال لیتے اور کہتے کہ اللہ تعالیٰ غنی ہے اسے کمی کی پرواہ نہیں۔ یونہی اللہ تعالیٰ کے حصے میں سے اعلیٰ مال نکال کر بتوں کے حصے میں داخل کردیتے مگر بتوں والے حصے میں سے کچھ نہ نکالتے۔ ان کا یہ دستور زمانہ دراز سے چلا آرہا تھا اس آیت کریمہ نے اسی دستور کا ذکر فرمایا ہے۔

**سوال نمبر 22: سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ میں کفار کی کن کن بُرائیوں کا ذکر ہے؟ (الانعام:136)**

**اہلِ کفار کی حماقتیں:**

**جواب:** اس میں ان کی حماقت کا ذکر ہے۔ بُرائی بیان کرنے کا فعل ہے جو بہت بُرا ہے۔ ان مشرکین کی حماقت کی انتہاء ہے کہ وہ اپنے فاسد گمان میں قُربِ الٰہی اور اس کے ثواب کا ذریعہ سمجھتے ہیں حالانکہ یہ غلط ہے۔ ایمان کے بغیر اعمال کا ثواب کیسا؟ ثواب حاصل کرنا ہے تو ایمان لانا پڑے گا اور غلامی رسولؐ

کا پٹہ اپنے گلے میں ڈالنا پڑے گا۔اس میں ان کے وہ اعمال مثلاً:

۱۔ بتوں کے ناموں کا حصہ نکالنا۔

۲۔ بت خانوں کی تعمیر ومرمت

۳۔ وہاں کے رہائشیوں کی خدمت۔

۴۔ بتوں پر چڑھاوے وغیرہ کو خیر آباد کہنا ہوگا۔

ساءمایحکمون میں ان تمام بُرائیوں کا ذکر ہے۔

**سوال نمبر23:137 آیت کی روشنی میں عربوں کی قتلِ اولاد کی رسم بتایئے؟(الانعام:137)**

**جواب:وَ کَذٰلِکَ زَیَّنَ۔۔۔۔۔۔وَمَا یَفۡتَرُوۡنَ O**

**عربوں کی قتل اولاد کی رسم /مشرکین کی جہالت:**

جیسے کفار عرب کے سرداروں نے انہیں ان کا مال برباد کرنا سکھایا کہ ان کی گاڑھی کمائی ان سے بتوں کے نام پر خرچ کروائی۔اسی طرح ان سرداروں نے ان کے دلوں میں یہ بات جمائی کہ اپنی اولاد کو اپنے ہاتھوں قتل کر دینا بڑے فخر کی بات ہے۔ چنانچہ بہت سے مشرکین عرب اپنے بچوں کو لڑکوں کو بعض لوگ اور اکثر لڑکیوں کو اپنے ہاتھوں مختلف طریقوں سے ہلاک کرنے لگے۔ان سرداروں نے یہ سب کچھ اس لئے کیا تا کہ انہیں انسانیت کی بلندی سے اخلاقی پستی کے غار میں ڈال دیں۔ ان سے وہ کام کروائیں جو خونخوار درندے بھی نہیں کرتے۔یعنی اپنے ہاتھوں سے اپنے بچوں کو اس لئے ہلاک کرنا تا کہ وہ ان کے اپنے دینِ ابراہیمی کو سربلند کر دیں کہ وہ سمجھیں کہ اپنے ہاتھوں سے اپنے بچوں کو ہلاک کرنا ملت ابراہیمی کا مسئلہ ہے۔

**سوال نمبر24: جانوروں سے متعلق عربوں کی کیا بدعملیاں تھیں؟**

**عربوں کی بدعملیاں**

**جواب:وَقَالُوۡا ھٰذِہٖۤ اَنۡعَامٌ وَّ حَرۡثٌ۔۔۔ کَانُوۡا یَفۡتَرُوۡنَ O**

)۱۳۸۔الانعام)

اس آیت کریمہ میں کفار عرب کی چند بدعقیدگیوں کا ذکر ہے۔

۱۔ اپنے بعض کھیتوں، باغوں اور جانوروں کو بتوں کے نام پر وقف کرنا۔

۲۔ ان کے متعلق یہ کہنا کہ اس کی پیداوار آمدنی صرف مرد کھائیں، عورتیں نہ کھائیں۔

۳۔ یا ان جانوروں کی آمدنی ان بتوں کے خدام، پجاری کھائیں اور لوگ نہ کھائیں۔

۴۔ کچھ جانور بتوں کے نام پر چھوڑ دینا کہ ان سے کوئی کام نہ لیا جائے اور جس کے کھیت میں وہ جائیں انہیں وہاں سے نہ ہٹایا جائے۔

۵۔ بعض جانوروں کو بتوں کے نام پر ذبح کرنا۔ ان کی بھینٹ چڑھانا۔

۶۔ مردار جانور کھانا۔

**سوال نمبر25: معروشات وغیر معروشات کون کون سی ہیں؟**

**معروشات:**

**جواب :وَھُوَ الَّذِیۡۤ اَنۡشَاَ جَنّٰتٍ مَّعۡرُوۡشٰتٍ۔۔۔اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الۡمُسۡرِفِیۡنَ O) ۱۴۱۔الانعام)**

یہاں معروشات سے مُراد وہ درخت ہیں جنہیں باریک تیلیوں کی بھٹی پر چڑھایا جائے جیسے انگور کی بیل جو ٹہنیوں پر پھیلائی جاتی ہے یعنی بغیر سہارے زمین پر کھڑی ہو سکے۔

**غیر معروشات:**

غیر معروشات سے مُراد یا تو زمین پر پھیلی ہوئی بیل بوٹیاں ہیں جیسے تربوز، خربوزہ، کدو کی بیل وغیرہ یا اس سے مُراد تنے والے درخت ہیں جو اپنے تنے پر کھڑے ہوتے ہیں جیسے کھجور، انار یا آم کے درخت وغیرہ۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ اس سے مُراد انگور کے درخت ہیں۔

**سوال نمبر 26: متشابہ اور غیر متشابہ سے کون سے پھل مُراد ہیں؟ نیز جب یہ پھل پک جائیں تو کھانے کا حکم کیا ہے؟ (الانعام:141)**

**جواب:** کھیتوں کے دانے، باغوں کے پھلوں کی لذت، رنگت، شکل، خوشبو وغیرہ مختلف ہیں۔ کوئی میٹھا ہے، کوئی کھٹا، کوئی ترش، کوئی کھٹا میٹھا، کوئی کھرا ہے، کوئی ردی۔ زیتون درخت کو بھی کہتے ہیں اور اس کے پھل کو بھی۔ زیتون کے تیل کو زیت کہا جاتا ہے۔ یہاں درخت مُراد ہے۔ یوں رُمان انار کے درخت کو بھی کہتے ہیں۔ اس کے پھل کو بھی ۔ یہاں درخت انار مُراد ہے۔ بعض درختوں میں درخت کا نام اور ہوتا ہے، پھل کا کچھ اور۔ جیسے بیری کو سدرہ کہتے ہیں مگر بیر کو نبق کہتے ہیں۔ متشابھا اپنے معطوف سے مل کر ان دونوں کا ایک حال ہے۔ زیتون اور انار کے درخت بالکل ہم شکل ہوتے ہیں۔ پتے بالکل یکساں مگر پھلوں میں زمین وآسمان کا فرق ہے۔ اسی کا یہاں ذکر ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت دیکھو کہ یہ دونوں درخت یکساں ہیں مگر ان کے پھل، رنگ، شکل، خوشبو اور مزے میں بہت ہی مختلف کہ ان میں کوئی نسبت ہی نہیں۔

**سوال نمبر 27: واتوا حقہ یوم حصادہ میں کس چیز کا حکم ہے؟ (الانعام:141)**

**جواب:** یہ ہے کہ اٰتوا امر میں خطاب ان باغات وکھیت کے مالکوں سے ہے اور یہ حکم لازم کر دیا گیا یعنی ضرور ادا کرو۔ حق سے مُراد پیداوار کی زکوٰۃ ہے۔ ہر دسواں یا بیسواں حصہ ہے اور حضرت امام اعظمؒ کے نزدیک پیداوار کی زکوٰۃ واجب ہے۔ کم ہو یا زیادہ سال بھر تک رہے یا نہ رہے۔

**سوال نمبر 28: اسراف کرنے والوں کے بارے میں کیا حکم ہے؟**

**اسراف کرنے والوں کے بارے میں حکم:**

**جواب:** تبذیر حرام کاموں میں خرچ کرنا ہے۔

اسراف حد سے زیاد خرچ کرنا ہے اگر چہ جائز کاموں میں ہو۔

ارشاد فرمایا گیا تبذیر کرنے والے شیطانوں کے بھائی ہیں۔

**سوال نمبر 29: مال کی زکوٰۃ اور پیداوار کی زکوٰۃ میں کیا فرق ہے؟**

**جواب:** مال کی زکوٰۃ اور پیداوار کی زکوٰۃ میں چند طرح کا فرق ہے۔

**مال کی زکوٰۃ اور پیداوار کی زکوٰۃ میں فرق:**

۱۔ اس میں نصاب شرط ہے۔ نصاب سے کم پر زکوٰۃ نہیں مگر پیداوار کی زکوٰۃ میں نصاب نہیں۔ ہر تھوڑی بہت پر زکوٰۃ ہے۔ نصاب پر سال گزرنا ضروری ہے۔

۲۔ پیداوار میں سال گزرنا شرط نہیں ہے۔ پیداوار اور پھل حاصل ہوتے ہی زکوٰۃ فرض ہے۔

۳۔ مال پر زکوٰۃ صرف عاقل اور بالغ پر فرض ہے مگر پیداوار کی زکوٰۃ نابالغ بچے، دیوانے، پاگل پر بھی فرض ہے۔

۴۔ مال کی زکوٰۃ میں قرض کاٹ لیا جاتا ہے۔ پیداوار کی زکوٰۃ میں قرض نہیں کاٹا جاتا۔ مقروض پر بھی دینا واجب ہے۔

۵۔ وہ زکوٰۃ سال میں صرف ایک بار واجب ہوتی ہیں۔ پیداوار میں یہ رعایت نہیں۔اگر سال میں 4 فصلیں لی جائیں تو ہر فصل کی زکوٰۃ دینا ہوگی۔

٦۔ زکوٰۃ کی مقدار چالیسواں حصہ ہے مگر پیداوار کی زکوٰۃ دسواں یا بیسواں حصہ ہے۔ وجہ ظاہر ہے کہ مال کی زکوٰۃ محض عبادت ہے مگر پیداوار کی زکوٰۃ عبادت بھی ہے اور ٹیکس بھی۔ٹیکس میں رعایتیں نہیں ہوتیں جو محض عبادت میں ہوتی ہیں۔

**سوال نمبر 30: کون سے آٹھ جوڑوں کا تذکرہ ہے؟ (الانعام: 143)**

**کھانے کے آٹھ جوڑے:**

**جواب:** ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ۔۔۔۔صٰدِقِيْنَ O

اللہ تعالیٰ نے تمہارے کھانے کے لئے آٹھ جوڑے پیدا کئے جن میں سے بعض وہ ہیں جو تمہارے بوجھ لادنے کے کام آتے ہیں اور تمہاری سواری بھی بنتے ہیں جیسے اونٹ، اونٹنی، بیل وغیرہ اور بعض اس کام کے لئے نہیں، جیسے بکری، مرغی وغیرہ اور تمہارے کھانے کے لئے بھیڑ میں سے دو، نر، مادہ، بکری میں سے دو، نر مادہ۔ بتاؤ اگر ان میں سے بعض حرام ہیں اور ان کی حرمت کی وجہ کیا۔نر ہونا حرام ہونے کی وجہ ہے یا مادہ ہونا۔ یا مادہ کے پیٹ میں پیدا ہونا۔ یہ تینوں باتیں غلط ہیں۔گائے اور اونٹ کو ملا کر کل آٹھ جوڑے بنتے ہیں۔

**سوال نمبر 31: جانوروں کی حُرمت کے بارے میں کیا حکم ہے؟ (الانعام:142-143)**

**جانوروں کی حُرمت:**

**جواب:** جو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو بلا دلیل شرعی حرام کہے۔ جانوروں کی حلت اور حُرمت میں، نر و مادہ ہونے کا کوئی دخل نہیں جو جانور حلال ہے اس کا نر بھی حلال اور مادہ بھی حلال ہے۔

**سوال نمبر 32: فَمَنْ اَظْلَمُ (پس اس سے بڑھ کر کون ظالم ہے)۔۔۔اس سے کون لوگ مُراد ہیں؟ (الانعام:144)**

**کفار پر غیض وغضب:**

**جواب:** یعنی ان کفار پر انتہائی غیض وغضب کا اظہار ہے۔ جان بوجھ کر کسی پر تہمت لگانا اور رب تعالیٰ پر تہمت لگانا کہ جو حکم اس نے دیا ہی نہیں۔ رب کی طرف نسبت کہ بڑا ظُلم ہے۔

**سوال نمبر 33: انسان اپنے رب کے کن کن احکامات کا پابند ہے؟ (الانعام:145)**

**حرام کھانے پر وعید:**

**جواب:** قُل لآ فیما اوحی الی۔۔۔۔الاخر O (کہہ دو میں نہیں پاتا حرام ان میں جو وحی میری طرف کی جاتی ہے مگر مردار یا خنزیر کا گوشت، بہتا ہوا خون یا جس کو ذبح کرتے وقت غیر اللہ کا نام لیا گیا ہے)

سور کا گوشت، مُردار، بہتا ہوا خون اور غیر اللہ کے نام پر ذبح کیا گیا جانور کھانا حرام ہے۔ان کو نہ کھانے کا حکم ہے۔

**سوال نمبر 34: جو کوئی بھوک میں مجبور ہو تو ان آیات میں کیا حکم ہے؟ (الانعام:145)**

**اضطراری حالت میں کھانے کا حکم:**

**جواب:** فَمَنِ اضْطُرَّ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رَحِيْمٌ O (پس جو کوئی مجبور ہو نہ کہ بغاوت کرنے والا اور نہ حد سے بڑھنے والا)

جو کوئی بھوک میں مجبور ہو تو ان آیات میں مجبوری سے مُراد یہ ہے

کہ سخت بھوکا ہوا، جنگل میں سخت بھوکا ہونا کہ جان نکل رہی ہو اور کھانے کو حرام چیز کے سوا کچھ پاس نہ ہو یا کسی نے اسے قتل کرنے کی دھمکی دیکر اس کو کھانے پر مجبور کر دیا ہو۔

**سوال نمبر 35: ناخن والے جانور کون سے ہیں؟ (الانعام: 146)**

**شارحین کے مطابق:**

**جواب: وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا۔۔۔۔۔۔**

یہاں ناخن سے مُراد انگلی ہے یعنی ناخن کی جگہ۔ ظاہر یہ ہے کہ اس سے مُراد کھر والے جانور اور پنجہ والے جانور جن کے پنجے پھٹے ہوئے نہ ہوں۔ جیسے اونٹ، بطخ، شتر مُرغ وغیرہ۔ بعض شارحین نے فرمایا کہ اس سے مُراد پھٹے کھر، پھٹی انگلیوں، پھٹے پنجے والے اور بغیر پھٹے سب ہی مُراد ہیں۔

**سوال نمبر 36: یہودیوں پر جانوروں کی کون کون سی چیزیں حرام کر دی گئی؟**

**یہودیوں پر حرام کردہ چیزیں:**

**جواب:** وہ لوگ جو پہلے یہودی ہی تھے اور اب صرف نام کے یہودی رہ گئے تھے۔ ہم ان پر ہر پھٹے کھر والے اور پھٹے پنجے والے جانور حرام فرما دیئے تھے۔ جیسے اونٹ، بطخ، شُترمرغ وغیرہ اور گائے، بکری، بھینس، بھیڑ وغیرہ جو ان پر حلال تھیں ان میں بھی سخت پابندی لگا دی گئی تھی۔ ان پر ان جانوروں کی ہر قسم کی چربی حرام کر دی گئی تھی۔ سوائے تین قسم کی چربیوں کے۔

ایک پیٹھ کی چربی، دوسری آنتیں، تیسرے ہڈیوں پر لگی ہوئی چربی کہ یہ تین چربیاں ان کی حلال تھیں باقی سب حرام۔

**سوال نمبر 37: مشرکین اللہ تعالیٰ کے احکام پر عمل نہ کرنے کے کیا بہانے بناتے تھے؟ (الانعام: 148-149)**

**جواب: سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا۔۔۔**

اگر اللہ تعالیٰ ہمارے شرک وکفر نہ کرنے کا اور ایمان لانے کا ارادہ فرمالیتا تو ہم کبھی شرک نہ کرتے۔ مومن ہوتے۔ ہمارے باپ دادا اور ہم کوئی چیز حرام نہ کرتے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے شرک کرنے کا ارادہ فرمایا اسی لئے ہم شرک کرتے ہیں۔

**سوال نمبر 38: حَتّٰى ذَاقُوْا بَاسَنَا میں کفار کی کیا انتہا بتائی گئی ہے؟**

**جُملہ کی وضاحت:**

**جواب:** یہ جُملہ کذب کی انتہاء ہے۔ ذاقو بنا ہے ذوق سے یعنی چکھنا۔ یہاں مُراد ہے برداشت کرنا۔ کہا جاتا ہے کہ میں تجھے مزا چکھاؤں گا۔ باس بمعنی عذاب ہے اور اس سے وہ عذاب مُراد ہے جو گذشتہ کافر قوموں پر تکذیب انبیاء کی وجہ سے آئے۔ یعنی وہ کافر اپنے نبیوں کو اس وقت جھٹلاتے ہی رہے جب تک کہ ان پر عذاب الٰہی آ گیا۔

**سوال نمبر 39: حجتہ البالغہ سے کیا مُراد ہے؟**

**حجتہ البالغہ کی دلیل:**

**جواب:** اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ دلیل نہایت قوی ہے۔ حجتہ بنا ہے حج سے بمعنی قصد اور ارادہ۔ اس سے مُراد کتاب اللہ ہے یا حضورؐ کے فرمان یا خود حضورؐ کی ذاتِ گرامی کہ وہ ذاتِ اقدسؐ بذاتِ خود حُجتہ اللہ ہیں۔ انہیں رب نے برہان فرمایا ہے جو سارے عالم میں پہنچنے والی برھان عظیم ہیں۔

**سوال نمبر 40: حرام کو حرام اور حلال کو حلال جانے کے متعلق کیا حکم ہے؟ (الانعام: 150)**

**حرام اور حلال کے متعلق حکم**

**جواب:** حرام چیزوں کو حرام جاننا فرض ہے انہیں حلال جاننا کفر ہے۔حلال قطعی کو حلال ماننا فرض ہے۔

**سوال نمبر 41: دس احکامات (عشرہ احکام) کون کون سے ہیں جو پچھلی آسمانی کتابوں میں بھی موجود تھے؟**

**احکامِ الٰہی:**

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے ان دو آیتوں میں دس احکامات کا ذکر فرمایا ہے۔جن میں سے پانچ اس آیت میں ہیں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور کو شریک نہ ٹھہراؤ۔

۲۔ ماں، باپ کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو۔

۳۔ رزق کی کمی کی وجہ سے اولاد کو قتل نہ کرنا۔

۴۔ بے حیائیوں اور فحش باتیں جو ظاہر اور پوشیدہ ہیں ان سے بچے رہنے کا حکم دیا ہے۔

۵۔ جس انسان کا قتل حرام ہے اسے قتل نہ کرو۔

۶۔ یتیموں کے مال کھاؤ مگر احسن طریقے سے کہ وہ بلوغت کو پہنچ جائیں۔

۷۔ ناپ اور تول پورا کرو انصاف کے ساتھ۔

۸۔ جب بات کرو یا کسی سے کوئی عہد کرو تو اس کو پورا کرو۔

۹۔ انصاف کرو چاہے آپ کے قریبی ہوں یا پرائے ہوں۔

۱۰۔ عہد کو پورا کرو جو تم نے اللہ تعالیٰ سے کیا ہے۔

ان تمام باتوں کی وصیت کی گئی ہے۔

**سوال نمبر 42: وان هذا صراط مستقیما۔۔۔ آیہ کریمہ کی وضاحت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا ارشاد فرمایا ہے؟ (الانعام:153)**

**اسلام کی مثال:**

**جواب:** ایک دفعہ آپؐ نے صحابہ کرامؓ کو چند خط کھینچ کر دکھائے جن میں سے ایک سیدھا تھا باقی ٹیڑھے۔فرمایا سرکارؐ نے یہ سیدھا خط اسلام ہے باقی ٹیڑھے خطوط دوسرے دین ہیں۔تم سیدھے خط پر چل کر رب تعالیٰ تک پہنچ سکتے ہو۔پھر یہی آیت تلاوت فرمائی۔

**سوال نمبر 43: آیت مقدسہ کی روشنی میں قرآن مجید کی صفات تحریر کریں؟ (الانعام:157)**

**قرآن پاک باعثِ رحمت:**

**جواب:** یہ قرآن پاک تم سب کے پاس آیا "بَيِّنَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ" یہ عبارت جاء کا فاعل ہے۔اس میں قرآن مجید کا نام لیا گیا بلکہ اس کی تین صفات بتائیں کہ تورات تو صرف ہدایت اور رحمت تھی۔قرآن پاک بینہ بھی ہے، ہدایت بھی ہے اور رحمت بھی۔پھر تورات خاص قوم کے لئے خاص جگہ اور وقت ہی کے لئے رحمت تھی مگر قرآن مجید ہر قوم کے لئے ہر جگہ، ہر وقت قیامت تک کے لوگوں کے لئے بینہ ہے، ہدایت بھی اور رحمت بھی ہے۔

**سوال نمبر 44: جو لوگ اس انتظار میں ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی نشانیاں دیکھ کر ایمان لائیں گے۔کیا ان کا ایمان قبول ہوگا؟ (الانعام:158)**

**جواب:** هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ۔۔۔اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ O

**کفار کو اللہ تعالیٰ کا جواب قرآن کی روشنی میں:**

یہ کفار عرب جو قرآن مجید نازل ہوتے دیکھ کر آیات قرآنیہ سُن کر، آپؐ کے چہرہ انور کی زیارت کر کے، آپؐ کے معجزات دیکھ کر

بھی ایمان نہیں لائے۔ یہ کس چیز، کس وقت، کس دن کا انتظار کررہے ہیں۔ جب ان کی رُوح قبض کرنے کے لئے ملک الموت اورعذاب کے فرشتے آجائیں پھرایمان لائیں گے تاکہ ایمان قبول نہ ہو۔ یااس دن کا انتظار کررہے ہیں کہ قیامت کی بعض وہ نشانیاں دیکھ کرکہ جنہیں دیکھ کرایمان لانا معتبر نہ ہویعنی سورج کا مغرب کی طرف سے نکلنا۔ جب قیامت کی بعض ایسی نشانیاں آجائیں گی تو جوشخص اس سے پہلے ایمان نہ لایا ہواس کا ایمان لانا اسے کچھ فائدہ نہ دے گا۔

**سوال نمبر 45: یہودونصاریٰ میں کس حد تک تفرقہ بازی ہے؟(الانعام:159)**

**یہودونصاریٰ کے فرقے:**

**جواب:** حضورؐ کے زمانہ اقدس میں ہی یہودونصاریٰ کے بہت سے فرقے بن گئے ہوئے تھے جن میں سے ہرایک دوسرے کو کافرکہتا تھا۔ان کی بُرائی میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں مسلمانوں کوایسی غلطی کرنے سے روکا گیا ہے۔خیال رہے جو یہودونصاریٰ صحیح طور سے اپنے دین پرقائم رہے وہ حضورؐ کا نام پاک سُن کرآپؐ کی تعلیم سُن کر یا آپؐ کوبچپن میں آپؐ کی ایک جھلک دیکھ کرہی ایمان لے آئے جیسے بحیرہ راہب، ورقہ بن نوفل،شاہ حبشہ نجاشی اصمہ اورعبداللہ بن اسلام اوران کے ساتھی بلکہ تبع حمیری اوراس کی قوم توحضورؐ کا نام پاک سُن کرحضورؐ کی ولادت پاک سے صدیوں پہلے ایمان لاچکے تھے اور حضورؐ کو اپنے میں ملانے کی کوشش کیا کرتے تھے۔

ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں
جس راہ چل دیئے ہیں کوچے بسا دیئے ہیں

**سوال نمبر 46: نیکی اور بدی کا بدلہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہِ اقدس سے کیسے ملتا ہے؟(الانعام:160)**

**نیکی اور بدی کا اجر:**

**جواب:** مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ۔۔۔۔۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا رب تعالیٰ کاتبین اعمال فرشتوں کوحکم دیا ہوا ہے کہ جب میرابندہ گناہ کا خیال کرے تو نہ لکھو، جب کرلے تو ایک گناہ لکھ دو اوراگرارادہ گناہ کرکےتوبہ کرے، گناہ نہ کرے تو باز آجانے کی نیکی اورگناہ نہ کرنے کی نیکی لکھ دواوراگرمیرابندہ کسی نیکی کاارادہ کرے تو اس کی ایک نیکی لکھ لوکہ نیکی کا ارادہ بھی نیکی ہے اوراگرکرے تو دس گنا سے لیکرسات سوگنا تک لکھو۔(بخاری وُمسلم)

تیرے کرم کی الٰہی کچھ انتہاء ہی نہیں
تیرے سوا ہمارا کوئی آسرا ہی نہیں

**سوال نمبر 47: آیت نمبر 162 میں آپؐ کی کون کون سی صفات بیان کی گئی ہیں؟**

**صفاتِ رسول مقبولؐ:**

**جواب:** قل ان صلاتی ونسکی۔۔۔۔۔۔۔۔اول المسلمین O(کہہ دیجئے میری نماز، میری قربانیاں، میری زندگی اورمیری موت اللہ کے لئے جورب ہے تمام جہانوں کا)

قل ان صلاتی ونسکی میں حضورؐ کی بے مثال زندگی کی ایک جھلک دکھائی گئی ہے۔صلوٰۃ سے مُراد مطلقاً نماز ہے۔نفل ہو یا واجب یا فرض،نُسک جمع ہے نسکیہ کی بمعنی عبادت، بدنی ہو یا مالی یااس سے مُراد حج اورعمرہ کی قربانیاں یا مطلقاً قربانی جو بقرعید کو کی جاتی ہے۔

**سوال نمبر 48: آیت نمبر 164 میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابغی ربا وھو رب کل شیئٍ (میں کوئی اور پالنے والا چاہو حالانکہ وہ (اللہ تعالیٰ) ہر چیز کو پالنے والا ہے) نے کیا ارشاد فرمایا ہے؟**

**جواب:** اس میں آپؐ کی محفوظیت اور معصومیت کا ذکر فرمایا، پھر حضورؐ کے علم وتصرف کا پھر سب نفس کے متعلق۔ بندہ مکلف جو گناہ کرے گا اس کا وبال خود اس کرنے والے پر پڑے گا، دوسرے پر نہیں۔

**سوال نمبر 49: کوئی جان کسی دوسری جان کا بوجھ اُٹھا سکتی ہے کہ نہیں؟ (الانعام:164)**

**ہر کوئی اپنے گناہوں کا ذمہ دار:**

**جواب:** وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ ۔ ۔ ۔ ۔ تَخْتَلِفُوْنَ O (الانعام۔ ۱۶۴)

جو کوئی گناہ کرے گا شرک یا بدعملی اسی پر پڑے گی۔ اس کی سزا اسے ہی بھگتنا پڑے گی۔ اتنے جُز میں اسلام کے ایک قانون کا ذکر ہوا کہ دُنیا میں کوئی دوسرے کے گناہ کا ذمہ دار نہیں، ہر ایک اپنے لئے گناہ کرے گا۔ تمہارا یہ کہنا محض غلط ہے کہ لوگوں کے گناہ ہم اُٹھائیں گے۔ کوئی نفس کسی کے گناہ نہیں اُٹھا سکتا۔ ہر ایک کو اپنی پڑ جائے گی۔ یہ ہے دوسرا قانون۔ قانون قیامت میں کوئی بوجھل نفس کسی کا بوجھ اُٹھانے پر تیار نہ ہوگا۔

**سوال نمبر 50: ھو رب کل شیء میں کس چیز کا ذکر ہے؟ (الانعام:164)**

**ھو رب کل شیء:**

**جواب:** اس میں آپؐ کے علم محیط کا ذکر ہے۔ پھر قوانین اسلام کا تذکرہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ اس کی ربوبیت میرے توسل سے ہے۔ اس کی ربوبیت سے جسے حصہ ملا میرے وسیلہ سے ملا ہے۔

**سوال نمبر 51: آیت نمبر 165 میں اللہ تعالیٰ کی کون سی چار شانوں کا ذکر ہوا ہے؟ (الانعام:165)**

**اللہ تعالیٰ کی شان:**

**جواب:** وَھُوَ الَّذِیْ جَعَلَکُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ۔

ھو الذی سے چار باتیں بیان ہوتی ہیں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ کی شان ۲۔ اللہ تعالیٰ کی پہچان

۳۔ اللہ تعالیٰ کا احسان وانعام

۴۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تذکرہ

جہاں وھو الذی کے بعد حضورؐ کا ذکر ہو وہاں اللہ تعالیٰ کی شان یا اللہ تعالیٰ کی پہچان کے لئے ہوتا ہے جیسے ھُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ (سورۃ التوبہ، آیت ۳۳) یا جیسے ھُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا (سورۃ الجمعہ، آیت ۲) کیونکہ حضورؐ اللہ تعالیٰ کی شان بھی ہیں اور پہچان بھی۔ نشان بے پتہ والے سے جب ملنا ہو تو اسے خط لکھنا ہو تو شان والے کی معرفت اس سے ملا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مکاں و پتہ سے پاک ہے جب اس سے ملنا ہو تو حضورؐ کے پتہ اور نشان سے ملو۔

بخدا خدا کا یہی ہے — نہیں اور کوئی فرمقر
کوئی جو بھی ہو یہاں آئے ہو — جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

## سورۃ الاعراف:

**سوال نمبر 52: سورۃ اعراف کا تعارف اور مضامین بیان کریں؟**

**سورۃ اعراف کا تعارف**

**جواب:** اعراف کے معانی ہیں بلند مقامات۔ اس سورت کے پانچویں اور چھٹے رکوع میں کچھ لوگوں کا تذکرہ ہے جو اعراف میں ہوں گے۔ یہ انبیاء کرام کا گروہ ہے یا اُن کے کامل متبعین ہیں اس سورت میں مشرکین عرب کے عقائد کا ذکر ہے اور پچھلے انبیاء کرام کا ذکر پاک ارشاد فرمایا گیا۔

**سوال نمبر 53: سورہ الاعراف میں کن اشیاء کا تذکرہ ہے؟ (الاعراف:1-2)**

**سورۃ اعراف کا آغاز:**

**جواب: الٓمّٓصٓ O کِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَیْکَ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لِلْمُؤْمِنِیْنَ O**

خیال رہے کہ قرآن مجید میں چار چیزیں ہیں۔ الفاظ، معنی، مقصد، اسرار۔

الفاظ: قرآن پاک کا نزول حضورؐ کے کان شریف پر ہوا۔

معنی: قرآن پاک کے معنی کا نزول قلب مطہرہ پر ہوا۔

مقصد: مقصد کا نزول قلبِ مفسرہ پر ہوا۔

اسرار: اسرار کا نزول رُوح پاک مصطفویٰ پر۔

اب پڑھو جو اُنزل الیک دوسری جگہ ارشاد ہے۔

**علی قلبک**

ان چار چیزوں میں سے جسے جو ملے گا حضورؐ کی عطا سے ملے گا۔ الفاظ قرآن حضورؐ کی زبان اقدس سے ملیں گے۔ معانی قرآن حضورؐ کے فیضان سے، مقاصد قرآن حضورؐ کی توجہ سے، اسرارِ قرآن حضورؐ کی نظرِ کرم سے۔

قسم خدا کی نہ اُٹھ سکا قیامت تک
کہ جس کو تو نے نظر سے گرا کر چھوڑ دیا

**سوال نمبر 54: اتبعو۔۔۔۔۔؟ (الاعراف:3)**

**قرآن مجید اور سُنت رسول اللہ کی اتباع:**

**جواب: اتبعو ما أنزل الیکم۔۔۔۔**

ما اُنزل سے مُراد قرآن مجید اور سُنت رسول اللہ سب ہی ہے اسی لئے یہاں القرآن نہ فرمایا بلکہ اتنی دراز عبارت ارشاد ہوئی۔ خیال رہے کہ قرآن حضورؐ کے فرمان حضورؐ کے افعال و اعمال حضورؐ کے احوال بلکہ حضورؐ کی خوابیں بلکہ حضرات صحابہ کرامؓ کی خوابیں جن کی تصدیق نبوت سے ہوگئی سب ہی لازم العمل ہیں۔

**سوال نمبر 55: سورہ اعراف کی آیت نمبر 4 میں ڈارنے والوں کی تفصیل بیان کریں؟ وَ کَمْ مِنْ قَرْیَۃٍ۔۔۔۔اَوْ ھُمْ قَائِلُوْنَ O (الاعراف:4)**

**ڈرانے والوں کی تفصیل:**

**جواب:** ڈرانے کی بہت صورتیں ہیں۔

آئندہ عذابوں سے ڈرانا۔ گذشتہ قوموں کے عذابوں سے ڈرانا۔

اللہ تعالیٰ کی قدرت اس کی بے نیازی بیان کر کے ڈرانا وغیرہ وغیرہ۔

**سوال نمبر 56: اھلکنھا سے ہلاکت کی ہم کیا وضاحت کریں؟ (الاعراف:4)**

**عذاب کے ذریعے برباد کرنا:**

**جواب:** اس میں ہلاکت سے مُراد عذاب کے ذریعے برباد کرنا ہے، نہ طبعی موت سے اور اھلاک سے مُراد ہے عذاب و ہلاکت کا ارادہ کرنا یا حکم دینا۔

**سوال نمبر 57: رات کو اللہ تعالیٰ نے بستی والوں پر کیوں عذاب نازل فرمایا؟ (الاعراف:4)**

**بستی والوں پر عذاب:**

**جواب:** کیونکہ ہمیشہ رات کو تمام لوگ گھروں میں سو رہے ہوتے ہیں اور اس میں تمام قسم کے عذاب شامل تھے کہ کسی کو بچنے کی مہلت نہ ملی۔ رات کا آخری حصہ ذاکروں کے لئے نزول رحمت اور غافلوں کے لئے نزولِ عذاب۔

**سوال نمبر 58: روزِ قیامت بھاری اور کم وزن کا موازنہ کس طرح ہوگا۔ نیز اعمال میں وزن کی قوت کس بناء پر ہوگی؟ (الاعراف:8)**

**جواب:** وَ الْوَزْنُ یَوْمَئِذِ نِ الْحَقُّ۔۔۔۔

ا۔ قیامت میں کفر و ایمان کا وزن نہ ہوگا بلکہ بد و نیک اعمال کا وزن ہوگا۔ کیونکہ کافر کے پاس ایمان نہیں اور مومن کے پاس کفر نہیں پھر وزن کس چیز سے ہوگا۔

۲۔ وہاں وزن باٹ یا من، سیر نہ ہوگا بلکہ گناہوں کا نیکیوں سے ہوگا۔ ترازو کے ایک پلڑے میں نور ہی نور ہوگا جس میں نیکیاں رکھی جائیں گی۔ دوسرے پلڑے میں ظُلمات (اندھیرے) جس میں گناہ رکھے جائیں گے۔ جن کے پاس صرف نیکیاں ہیں، گناہ کوئی نہیں ان کا وزن نہ ہوگا جیسے حضرت ابوبکر صدیقؓ یا دوسرے خاص صحابہ کرام اور اولیاء اللہ۔

**سوال نمبر 59: عقیدہ میزان سے کیا مُراد ہے؟ (الاعراف:4)**

**عقیدہ میزان:**

**جواب:** اعمال کی تول اس کے ترازو جس کے دو پلڑے ہیں ایک ڈنڈی اور ڈنڈی کے درمیان ترازو کی لمبائی بالکل حق ہے۔ اس کا انکار کرنا اور ان جیسی آیات میں تاویلیں گمراہی ہے۔ حضرت داؤدؑ نے اللہ پاک سے عرض کیا یا مولیٰ مجھے بھی وہ ترازو دکھا دے۔ رب تعالیٰ نے ان کی نگاہ سے حجاب اُٹھا دیئے۔ آپؑ نے میزان ملاحظہ فرمائی تو اس کے پلڑوں کی فراخی دیکھ کر آپؑ کو غشی آ گئی۔ عرض کیا الٰہی اتنے بڑے پلڑے کون بھر سکے گا۔ کس کے پاس اتنی نیکیاں ہونگی۔ جن سے یہ وسیع پلڑے بھر جائیں۔ اللہ پاک نے فرمایا ''اے داؤدؑ جس پر ہمارا کرم ہوگا اس کی ایک کھجور کی قاش سے ہم یہ پلڑا بھر دیں گے یعنی معمولی صدقہ اس پلڑے کو بھر دے گا۔

**حدیث:** سیدنا عمرؓ کے بیٹے سیدنا عبداللہ بن عمرؓ روایت فرماتے ہیں کہ گناہ گار کے سامنے اس کے گناہوں کے ننانوے دفاتر پھیلائے جائیں گے۔ تاحدِ نظر پھیلے ہوں گے۔ فرمائے گا کہ اے بندے کیا تجھے ان گناہوں کا انکار ہے۔ وہ عرض کرے گا بالکل نہیں۔ یہ سب میرے گناہ ہیں تیرے فرشتوں نے بالکل حق لکھا ہے۔ ارشاد فرمایا جائے گا۔ تیری ایک نیکی بھی ہمارے پاس ہے۔ ایک پرچہ لایا جائے گا جس پر کلمہ طیبہ تحریر ہوگا۔ یہ کلمہ والا پرچہ نیکیوں کے پلڑے میں رکھا جائے گا تو یہ پلڑا کلمہ والا بھاری ہو جائے گا اور گناہوں والا پلڑا ہلکا ہو جائے گا۔ بندہ بخشا جائے گا۔ یہ وزن اعمال کا ایمان سے نہ ہوگا بلکہ وہ جو اخلاص سے کلمہ طیبہ پڑھا کرتا تھا یا مرتے وقت کلمہ پڑھا تھا وہ عمل یعنی کلمہ پڑھنا وزن کیا گیا۔

جے میں ویکھاں عملاں ولے تے کُجھ نئیں میرے پلّے
جے میں ویکھاں تیری رحمت ولے تے بَلّے بَلّے بَلّے

**سوال نمبر 60: ولقد مکنکم فی الارض میں کن مقامات کی فضلیت ہے؟(الاعراف:10)**

**مقامات کی فضیلت:**

**جواب: وَلَقَدۡمَکَّنّٰکُمۡ فِی الۡاَرۡضِ۔۔۔تَشۡکُرُوۡنَ O (الاعراف۔۱۰)**

ہم نے تم کو جگہ دی، قرار دیا، سکونت دی یا ہم نے تم کو قدرت دی، ملکیت دی۔ نماز کا مقام زمین کی فضیلت ہے۔ کعبہ معظّمہ دُور سے لوگوں کی نمازیں دُرست کر دیتا ہے مگر حج کے لئے پاس بُلاتا ہے کیونکہ نماز کی زمین ساری روئے زمین ہے مگر حج کی زمین صرف حرم کی زمین ہے۔ زمین کا مقام آسمان سے زیادہ ہے کہ نہیں مگر اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں اور خصوصاً اللہ تعالیٰ کے محبوبؐ کی قیام گاہ اور آرام گاہ بنی۔

**سوال نمبر 61: سورہ اعراف کی آیت 10 میں معیشت کی خوبصورتی کو کیسے بیان کیا گیا؟**

**معیشت کی خوبصورتی:**

**جواب:** معیشت کے معنی ہے زندگی گزارنے کا سامان یا ذریعہ معیشت کو روزی بھی کہتے ہیں کہ وہ زندگی گزارنے کا ذریعہ ہے۔ خیال رہے کہ یہاں بھی لکم میں دو طرح کے احتمال ہیں۔ اگر اس میں خطاب کفارِ مکہ سے ہو تو یہ زمین حرم کی ہے کہ اے قریز مکہ ہم نے یہاں تمہارے لئے حرم شریف کی زمین مین بے آب و گیاہ ہے روزیاں پیدا فرمائیں اور زمانہ حج میں لوگ ہر قسم کا سامان زندگی تمہارے پاس آکر دے جاتے ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بقدر طاقت بندے پر بوجھ نہیں ڈالتا۔

**سوال نمبر 62: قصہ آدمؑ سے کیا سبق ملتا ہے؟(الاعراف:11)**

**قصہ آدمؑ سے سبق:**

**جواب:** وَلَقَدۡ خَلَقۡنٰکُمۡ۔۔۔۔

ہم نے تمہارے پہلے والد حضرت آدمؑ کو پیدا کیا اور اُن کو صورت بخشی۔ حضرت آدمؑ اور آپؑ کی اولاد سے خطاب ہے کہ ان کی پیدائش کا فیصلہ فرمانا جو علم الٰہی میں پہلے ہی ہو چکا تھا اور صورت بنانے سے مراد ہے لوحِ محفوظ میں تفصیل وار ان کی صورتیں بنانا یعنی اے آدمؑ و بنی آدمؑ ہم نے تمہاری پیدائش کا پہلے ہی فیصلہ فرما لیا تھا پھر لوحِ محفوظ میں اس علم کو تحریری صورت بخشی پھر اس کے بعد فرشتوں کو سجدہ آدمؑ کا حکم دیا۔

**سوال نمبر 63: کیا آگ مٹی سے افضل ہے؟(الاعراف:12)**

**آگ اور مٹی:**

**جواب:** قَالَ مَا مَنَعَکَ۔۔۔۔مِنۡ طِیۡنٍ O

واقعہ یہ ہے کہ خاک آگ سے افضل ہے کئی وجہ سے۔ ایک یہ کہ مٹی میں عجز و انکسار ہے، آگ میں بڑائی و تکبر ہے اس لئے کھیت باغ، مٹی میں لگتے ہیں، آگ میں نہیں۔ دوسرے یہ کہ مٹی میں قرار ہے آگ میں تڑپ و بے قراری ہے اس لئے اللہ پاک کے بندے مٹی میں دفن ہوتے ہیں آگ میں نہیں۔ تیسرے یہ کہ مٹی میں آبادی ممکن ہے، آگ میں نہیں ہے، آگ برباد کر دیتی ہے۔ چوتھے یہ کہ مٹی میں امانت داری ہے، آگ میں نہیں اس لئے دانہ مٹی میں دبا دو تو وہ اسے محفوظ رکھتی ہے، آگ میں دال دو تو وہ اسے فنا کر دے گی، جلا دے گی۔ پانچویں یہ کہ مٹی، آگ پر غالب آجاتی ہے۔ آگ مٹی سے مغلوب ہے اس لئے آگ کو خاک بجھا دیتی ہے۔ چھٹے یہ کہ آگ میں فنا ہے اور خاک میں بقاء ہے اس لئے خاک میں بستیاں، شہر آباد ہو سکتے ہیں مگر آگ

میں یہ سب ممکن ہی نہیں۔

**سوال نمبر 64: قصہ آدمؑ وابلیس قرآن پاک میں کتنی جگہوں پر آیا ہے اور کہاں کہاں؟ (الاعراف:11۔25)**

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے سجدہ آدمؑ کا یہ واقعہ قرآن مجید میں سات جگہوں پر بیان فرمایا ہے۔

۱۔ سورۃ بقرہ میں۔
۲۔ سورہ اعراف میں۔
۳۔ سورہ حجر میں۔
۴۔ سورہ بنی اسرائیل میں۔
۵۔ سورۃ کہف میں
۶۔ سورہ طٰہٰ میں
۷۔ سورۃ ص میں

**سوال نمبر 65: آیت نمبر 13 میں اللہ تعالیٰ کا کون سا فرمان عالی ہے؟**

**فرمان عالی:**

قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا۔۔۔۔اِنَّکَ مِنَ الصّٰغِرِیْنَ O (الاعراف۔۱۳)

**جواب:** اس فرمان عالی میں غیض وغضب وقہر کا اظہار ہے۔ ھبط بنا ہے ھبوط سے جس کے معنی ہیں اوپر سے نیچے گرنا، بلندی سے پھینکے جانا خواہ جگہ کی بلندی ہو یا درجہ اور رُتبہ کی یعنی تجھے یہاں سے صرف سجدہ نہ کرنے کی وجہ سے نہیں نکالا جا رہا ہے کہ وہ تو محض ایک گناہ ہے بلکہ تیرے غرور وتکبر کی وجہ سے دھکے دے کر نکالا جا رہا ہے۔

**سوال نمبر 66: شیطان کو درازِ عمر دینے میں کیا حکمت پوشیدہ ہے۔ آیت نمبر 14 کی روشنی میں جواب دیں؟**

**شیطان کی درازِ عمر:**

**جواب:** قَالَ اَنْظِرْنِیْٓ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ O (اعراف۔۱۴)

شیطان کو اتنی دراز مہلت دینے میں بہت حکمتیں ہیں۔

۱۔ اس میں بندوں خصوصاً مسلمانوں کا امتحان ہے۔
۲۔ اس سے مخلص اور منافق بندگان اور بد بندگان میں چھانٹ ہے۔
۳۔ اس کے ذریعے رب نے ابلیس کو اس کی گذشتہ عبادتوں کا بدلہ دے دیا کہ تو نے اتنی دراز مدت عبادت کی ہے۔ اب لمبی عمر دنیا میں رہ لو۔
۴۔ اس مہلت میں بھی شیطان پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہے کہ زیادہ لمبی عمر میں زیادہ گناہ کرے۔
۵۔ اس میں وہ اپنے بندوں کو بتاتا ہے درازی عمر اگر گناہوں میں گزرے تو وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا عذاب ہے۔ اسے یومِ قرار تک مہلت دی گئی تاکہ صاحب ابصار کو عبرت حاصل ہو۔

**سوال نمبر 67: ابلیس نے نافرمانی کی کس طرح قسم کھائی؟**

**ابلیس کی نافرمانی:**

قَالَ اِنَّکَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ O (الاعراف۔۱۴۔۱۵)

**جواب:** ابلیس بدنصیب کی ایسی مت ماری گئی کہ معافی نہ مانگی بلکہ اور گناہ کرنے کی مہلت مانگ لی تاکہ میں سارے انسانوں کو بہکا سکوں اور حضرت آدمؑ کا بدلہ ان کی ساری اولاد سے لے سکوں اور دوزخ میں ساتھ لے جا سکوں۔

**سوال نمبر 68: اللہ تعالیٰ کا بڑا غضب بندہ پر کب ہوتا ہے؟ (۱۶)**

**جواب:** اللہ تعالیٰ کا بڑا غضب بندے پر یہ ہے کہ اسے اچھی مجلسوں سے اور اچھی صحبتوں سے محروم کر دیا جائے۔ اچھوں کے پاس سے نکال دیا جائے۔ اگرچہ اس کے پاس مال کی فراوانی رہے۔ دیکھو اللہ تعالیٰ نے جب شیطان پر غضب فرمایا تو نہ اسے فوراً موت دی، نہ اس کا کھانا پینا، مال کم کر دیا۔ اسے تمام زمینوں کے خزانوں پر دسترس دی۔ اس کی طاقت، علم، قوتِ رفتار سب ویسی ہی رکھی جیسے پہلے ہی رکھی تھی کہ فرمانا ہے۔ **انه یر کم هو و قبیله من حیث لا ترو نهم۔**

**سوال نمبر 69: شیطان کن طریقوں سے انسان کو بہکاتا ہے؟ (۱۷)**

**شیطان کا بہکانا:**

**جواب:** شیطان انسان کے پاس چار طرف سے آتا ہے۔ آگے سے اس طرح کہ انسان اپنے معتقدین اور مقبولین پر طعن کرتا ہے۔ صحابہ کرام میں کیا تھا؟ نبیوں میں کوئی کمال نہیں، ہم اور نبی برابر ہیں؟ یہ شیطان کا پہلا حملہ ہوتا ہے۔

پھر پیچھے سے آتا ہے کہ موجودہ مشائخ وعلماء میں انسان طعن کرتا ہے کہ سب لوگ جھوٹے ہیں اُنہوں نے دوکانداریاں بنا رکھی ہیں۔ ان کے افعال، اقوال اور احوال کو بُری نیت سے دیکھتا ہے۔ شیطان اگر یہاں دونوں جگہوں سے ناکام ہو جائے تو پھر دائیں طرف آتا ہے کہ انسان اپنے آپ کو بہت اچھا اور سب سے اونچا سمجھتا ہے کہ مجھ میں یہ خوبی اور یہ کمال ہے۔

گذشتہ دونوں جُرم کفر تھے اور یہ جرمم کبر وغرور ہیں۔ اگر یہاں ناکام ہو گیا تو پھر بائیں طرف سے حملہ کرتا ہے کہ انسان اپنے بُرے کاموں کو اچھا اور دوسرے کے اچھے کام کو بُرا سمجھنے لگتا ہے۔

یہ تمام شیطان کے حملے ہیں اے انسان خبردار وہ۔ غرض یہ کہ جن وجوہات سے شیطان مردود ہوا سی تمام وجوہات کو لوگوں میں پیدا کرتا ہے۔

سونا جنگل رات اندھیری چھائی بدلی کالی ہے
سونے والو جاگتے رہنا سونے کی رکھوالی ہے
سُونا بَن ہے۔ سونا پاس ہے سونا زہر ہے اُٹھ پیارے

**سوال نمبر 70: اللہ پاک کن لوگوں سے جہنم کو بھرے گا؟ (۱۸)**

**جہنمی لوگ:**

**جواب:** اللہ تعالیٰ وہ تمام وجوہات جن کی وجہ سے شیطان مردود اور لعنتی قرار پایا جن میں وہ پائی جائیں گی وہ سب دوزخ میں داخل کئے جائیں گے۔ متکبر اللہ تعالیٰ کے مقربین کے مخالف اور دُشمن لوگ، اپنی بات پر تکیہ کرنے والے سب شیطان کے بھائی ہیں۔

**سوال نمبر 71: شیطان نے کس طرح حضرت آدم وحواؑ میں وسوسہ ڈالا؟ وسوسہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟**

**وسوسہ:**

**جواب: فوسوس لهما الشیطن۔ ۔ ۔ ۔**
**(الاعراف۔ ۲۰۔ ۲۲)**

وسوسہ کے لغوی معنی ہلکی اور مسلسل آواز۔ اصطلاح میں وہ بُرے خیالات وسوسہ ہیں جو شیطان کی طرف سے انسان کے دل میں آئیں اور اچھے خیالات جو فرشتے کی طرف سے دل میں آئیں انہیں الہام کہتے ہیں۔

شیطان نے جنت سے نہایت ذلالت سے نکل جانے کے بعد حضرت آدم حواؑ سے بدلہ لینے کے لئے جنت کے دروازے پر ہی

رہتا۔ایک دفعہ حضرت آدم وحواؑ جنت کی سیر کرتے ہوئے جنت کے دروازے سے ان سے کلام کیا اور دل میں وسوسہ ڈالا اور ایسا اپنا داؤان دونوں بزرگوں پر چلایا۔

**سوال نمبر 72: حضرت آدم وحوا شیطان کی کون سی بات سے بہک گئے؟**

**حضرت آدمؑ وحوّاؑ کا بہکنا:**

**وَ قَاسَمَهُمَآ۔۔(الاعراف۔۲۱)**

**جواب:** اس مردود نے اس طرح کا وسوسہ ڈالا کہ اے آدم وحواؑ واقعی رب تعالیٰ نے تم دونوں کو اس درخت کے کھانے سے تو کیا اس کے قریب بھی جانے سے منع فرمایا ہے۔مگر وہ ممانعت دائمی نہ تھی بلکہ اس وقتِ خاص تک خاص تھی۔جب تم میں اس کے ہضم کرنے کی طاقت نہ تھی۔اب تم میں اس کو ہضم کرنے کی طاقت آگئی ہے۔اب تم اسے کھا سکتے ہو۔نیز اس کے کھانے سے انسان یا تو فرشتہ بن جاتا ہے یا اس قوم میں سے جنہیں موت آتی نہیں۔اس کے بعد اس نے رب تعالیٰ کی قسم کھا کر کہا کہ میں تمہارا بدخواہ نہیں ہوں۔یہ دونوں بزرگوں کو گمان بھی نہیں کہ کوئی بھی اللہ تعالیٰ کی جھوٹی قسم کھا سکتا ہے۔

**سوال نمبر 73: جنت سے نکالے جانے کے بعد حضرت آدم وحواؑ نے اللہ پاک سے کیا عرض کیا؟(۲۳)**

**حضرت آدمؑ وحوّاؑ کی اللہ تعالیٰ سے عرض:**

**جواب:** حضرت آدم وحواؑ نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا کہ اے ہمارے پالنے والے واقعی تو نے ہم کو یہ درخت کھانے سے منع فرمایا تھا ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور ہم نے اپنا حق خود مار دیا کہ دھوکا کھا گئے۔اے مولا! اگر تو ہمیں اپنی رحمت سے نہیں بخشے گا تو ہم نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔

**سوال نمبر 74: مُسۡتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰی حِیۡنٍ کی آیت میں کیا خطاب ہے؟ یا کسی انجام کا ذکر کریں۔**

**دُنیا کا سامان:**

**وَلَكُمۡ فِى الۡاَرۡضِ مُسۡتَقَرٌّ۔۔۔۔۔۔تُخۡرَجُوۡنَ O**

**جواب:** متاع فرما کر دو باتیں بتائی گئی ہیں ایک یہ دُنیا کا سامان برتنے کی چیز ہے کہ تم اسے برت کر چلے آؤ وہ ویسی ہی رہے۔دوسرے میں زمین میں لاکھوں چیزیں امانت رکھی ہیں۔تمہارے لئے سونے، چاندی، لال جواہر کی کانیں اور وہاں کے پھل، پھول تمہارے لئے ہی تو ہیں جاؤ اور ان کو برتو لیکن یہ تمہارا اصلی وطن نہیں صرف عارضی جائے قیام ہے۔

**سوال نمبر 75: آیت 25 کی روشنی میں اللہ پاک کے کون سے تین ارشاد ہیں؟**

**عارضی زندگی:**

**قَالَ فِيۡهَا تَحۡيَوۡنَ۔۔۔۔۔۔**

**جواب:** یہ کلام ان کی نسل کے لئے ہے کہ تم کو زمین میں عارضی طور پر بھیجا جا رہا ہے وہاں تم سب کے تین حال ہوں گے۔

۱۔اپنی زندگی کے زمانے میں زمین میں ہی جیو گے اور موت آنے پر زمین میں ہی مرو گے۔

۲۔پھر صور پھونکنے پر زمین میں سے ہی نکالے جاؤ گے۔

۳۔وہاں سے نفخ الاحزی پر میدان محشر میں پہنچو گے۔

**سوال نمبر 76: جو لوگ ہوائی سفر کے دوران یا سمندر میں فوت ہو جائیں کیا ان کے لئے بھی یہی حکم ہے؟(۲۵)**

**سفر کے دوران موت:**

**جواب:** رب تعالیٰ کا قانون ہے کہ وہ اپنا نظام جس طرح چاہے چلائے اور یہ بھی اسی کی قدرت ہے کہ قیامت کے دن حضرت ادریس علیہ السلام کو جنت سے حشر میں لائے اور اسی طرح حضرت عیسیٰؑ کو بہت عرصہ آسمانوں پر رکھ کر دوبارہ زمین میں بسائے۔ ایسے قادرِ مطلق پر کوئی مشکل نہیں کہ جو لوگ سمندر میں یا ہوائی جہاز مین اُڑتے ہوئے فوت ہو جائیں وہ بھی زمین ہی میں مرے اور اللہ تعالیٰ جسے چاہے ان سے حساب لے اور معاملے فرمائے۔

**سوال نمبر 77: آیت نمبر 26 میں لباس کے متعلق کیا حکم ارشاد فرمایا گیا؟**

**لباس ایک زینت:**

یٰبَنِیۡۤ اٰدَمَ۔۔۔۔۔۔۔لَعَلَّهُمۡ یَذَّكَّرُوۡنَ O (الاعراف۔ ۲۶)

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے کپڑے دو قسم کے عطا فرمائے ستر پوشی والے جیسے گاڑھا کھدر اور دوسرے سوتی کپڑے، دوسرے زینت والے جیسے باریک ململ ریشمی اعلیٰ درجے کے اونی کپڑے۔ خلاصہ یہ کہ لباس سے ستر بھی ہے اور زینت بھی ہے اور سُنت لباس زینت ہے۔ آپؐ کی سُنت پر عمل کرتے ہوئے کرتہ، تہبند، عمامہ، جوتا پہننا زینت بھی ہے اور سُنت رسولؐ بھی ہے اور لباس کی تیسری قسم لباسِ جنگ ہے۔

**سوال نمبر 78: تقویٰ کا لباس سے کیا مُراد ہے اور اس کے کتنے درجات ہیں؟ (۲۶)**

**تقویٰ کا لباس:**

**جواب:** تقویٰ کے چار درجے ہیں۔

۱۔ تقویٰ مومنین یعنی کفر و شرک سے بچنا۔

۲۔ تقویٰ متقین یعنی حرام چیزوں سے بچنا۔

۳۔ تقویٰ صالحین یعنی متشبہات سے بچنا۔

۴۔ تقویٰ مقربین جو شے خدا سے غافل کر دے۔

**سوال نمبر 79: لباس کا مقصد کیا ہے؟ (۲۶)**

**لباس کا مقصد:**

**جواب:** اے اولادِ آدمؑ تم ہماری ایک عظیم نعمت کو یاد رکھو کہ ہم نے تم پر لباس اُتارا جن سے تم ستر پوشی بھی کرتے ہو اور زینت بھی حاصل کرتے مگر صرف جسمانی لباس پر ہی قناعت نہ کرنا اپنے دل اور رُوح کو بھی لباس پہنانا دل کا اور رُوح کا لباس یہ ہے۔

۱۔ ایمان ۲۔ اعمال

۳۔ شرم و حیاء اور خوفِ خُدا

یہ سب ان ظاہر لباسوں سے افضل ہے۔

**سوال نمبر 80: ستر پوشی کے لئے کتنا لباس پہنا جائے گا؟ (۲۶)**

**ستر پوشی:**

**جواب:** اتنا باریک کپڑا پہننا جس سے ستر نہ ڈھکے یا اتنا چھوٹا لباس پہننا جس سے جسم بھی پورا نہ ڈھکے جیسے عورتوں کا باریک دوپٹا اوڑھنا یا بغیر آستین کے بازو پہننا یا مردانہ طرز کا لباس، یہ سب حرام ہے۔

**سوال نمبر 81: آیت نمبر 27 کے آغاز میں بنی آدمؑ کو کیا نصیحت کی گئی؟**

**بنی آدم کو نصیحت:**

یٰبَنِیۡۤ اٰدَمَ لَا یَفۡتِنَنَّكُمُ۔۔۔۔ (الاعراف: 27)

**جواب:** اس عبارت میں بظاہر شیطان کو ممانعت فرمائی گئی ہے مگر

اصل اشارہ انسان ہی کی طرف ہے کہ تم اس کے فتنہ میں واضح نہ ہوجانا۔ فتنہ کے اصول معنی ہیں سونے کو آگ پر تپانا۔ یہاں اس سے مُراد بدعقید گیوں اور بدکاریوں میں مبتلا ہونے سے بچنا۔ یہ کام مصیبتوں اور مشقتوں میں پڑ جانے کا سبب ہیں۔

**سوال نمبر 82: آیت مبارکہ میں قبیلہ کہہ کر کس کا ذکر کیا گیا ہے؟ (۲۷)**

**قبیلہ ایک خاندان:**

**جواب:** خیال رہے کہ ہر جماعت کو قبیل کہتے ہیں مگر قبیلہ ایک خاندان کو کہا جاتا ہے۔ یہاں رب تعالیٰ نے شیطان کے قبیلے کو فرمایا ہے کہ وہ اور اس کی پوری جماعت کو رب تعالیٰ نے یہ قوت دی ہے کہ وہ سارے جہاں کے انسانوں کو دیکھ سکتے ہیں کہ کون، کہاں ہے اور کیا کررہا ہے اور آگے کیا کرنے کا ارادہ کررہا ہے۔

**سوال نمبر 83: شیطان سے بچنے کے بارے میں ارشاد نبویؐ کیا ہے؟ (۲۷)**

**شیطان سے بچنا:**

**جواب:** حدیث شریف میں آپؐ نے فرمایا کہ جو شخص بسم اللہ پڑھ کر پاخانے جائے تو شیطان اس کا ستر نہیں دیکھ سکتا۔ بسم اللہ شیطان سے آڑ ہے اور پردہ ہے۔

**حدیث:** آپؐ نے ارشاد فرمایا ''شیطان انسان کے جسم میں خون کے ساتھ گردش کرتا ہے''۔

**سوال نمبر 84: شیطان کن کا دوست ہے؟ (۲۷)**

**شیطان کے ساتھی:**

**جواب:** جو ایمان نہیں لائے وہ شیطان کے دوست ہیں۔ چند آدمیوں کا وہ بہت گہرا دوست ہے۔ کفار، ظالم، حاکم، غنی، متکبر، تاجر خائن، شرابی، فسادی، ریاکار، مالِ یتیم کھانے والا، سود خور، مانع زکوٰۃ، دُنیا میں بڑی اُمیدیں باندھنے والا۔

**سوال نمبر 85: اس مردود کو کن شخصیتوں سے ڈر لگتا ہے؟ (۲۷)**

**شیطان کا ڈر:**

**جواب:** عادل حاکم، غنی تواضع و عجز والا، سچا تاجر، خشوع و خضوع والا عالم، خیر خواہ مومن، ہمیشہ توبہ کرنے والا، حرام سے بچنے والا، سخی مومن، اچھے اخلاق والا، لوگوں کو نفع پہنچانے والا، ہمیشہ پاک صاف رہنے والا، حاملِ قرآن، تہجد گزار۔

ؔ ہر کہ خواہد ہم نشینی با خدا
اونشید در حضورِ اولیاء

**سوال نمبر 86: کفار نیکی اختیار کرنے میں کون سا عقیدہ اختیار کرتے تھے؟ (۲۸)**

**کفار کے بدترین گناہ:**

**جواب:** کفارِ عرب جو بدترین گناہوں کو بہترین عبادت سمجھتے تھے۔ **فعلو** سے مُراد ہے اختیار کرنا، مطلب بحیرہ، سائبہ جانور مقرر کرنا یا غیر خدا کے نام پر جانور ذبح کرنا یا ایک دم ننگے طواف کرنا۔ عورتوں مردوں کا خلط ملط ہونا۔ بہتر یہ ہے کہ اس سے سارے گناہ مراد ہوں۔ اعتقادی گناہ ہوں یا عملی، ان کی عبادات ہوں یا معاملات یا عادات۔

**سوال نمبر 87: آیت نمبر 28 میں کس قاعدے کی بات کی گئی ہے؟**

**کفار مکہ کے قائدے:**

**جواب:** بیان کیا گیا ہے کہ کفارِ مکہ نے گندے عقیدے اور نہایت

گھناؤنے کام اختیار کرر کھے تھے جیسے شراب خوری، زندہ بچیوں کو دفن کرنا، حج کے زمانہ میں گھروں کے پیچھے سے آنا اور کعبہ معظّمہ کا ننگے مرد یا عورت ہوں طواف کرنا اور یہ طواف یکدم اکٹھے کرتے تھے۔ جب کوئی اِن سے کہتا کہ یہ تم کیا غضب کرر ہے ہوتو بڑی ڈھٹائی سے اور بے شرمی سے کہتے کہ ہمارے یہ کام بہت اچھے ہیں۔ان کی نام نہاد اچھائی کی ہمارے پاس دو دلیلیں ہیں۔ ایک یہ کہ صدیوں سے ہمارے باپ، دادا یہ کام کرتے چلے آئے ہیں ۔ وہ لوگ بہت عقل مند اور نیک لوگ تھے۔

دوسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں کاموں کا حکم دیا ہے۔ وہ ہمارے کاموں سے خوش ہے اور ہم کو کاموں سے ثواب ملے گا۔

**سوال نمبر 88: وَ اَقِيۡمُوۡا وَ جُوۡهَكُمۡ میں کیا حکم ہے؟ (۲۹)**

**کعبہ کی طرف مُنہ:**

**جواب:** اپنی نماز میں کعبہ کی طرف مُنہ کرنا فرض ہے۔ یہاں دین اور فرمانبرداری مُراد ہے۔ مخلص مومن بن کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا مُراد ہے۔

**سوال نمبر 89: بالقسط آیت نمبر 29 کا آغاز ہوا ہے اس کی تشریح کریں؟**

**عدل اور انصاف:**

**جواب:** قسط کے معنی حصہ بھی ہیں اور عدل وانصاف بھی اور درمیانی چیز بھی جس میں زیادتی کمی نہ ہو۔ یہ لفظ بہت چیزوں میں شامل ہے۔عقائد میں عدل وانصاف کرو۔ افراط تفریط سے بچو، عبادات میں عدل کرو۔ معاملات میں عدل کرو۔ بادشاہ ہوتو رعایا میں عدل کرو۔ فقیر ہوتو انصاف کرو۔ اولاد میں، قرابت داروں میں، اپنے نفس کے معاملہ میں عدل کرو۔ بہر حال یہ ایک لفظ ہزار یا احکام کو شامل ہے۔ شریعت وطریقت کے سارے مسئلے اس میں داخل ہیں۔

**سوال نمبر 90: كَمَا بَدَاَكُمۡ تَعُوۡدُوۡنَ میں فرمانِ عالی کی تفسیر کریں؟ (۲۹)**

**ہدایت النبی:**

**جواب:** فریق سے مُراد ٹولہ ہے انسانوں کا۔ ہدایت سے مراد ایمان اور نیک اعمال کی ہدایت اور صلالب سے مراد ہے۔ ان دونوں سے محرومی۔ یہ بات روز ازل سے طے ہوچکی ہے کہ سارے انسان نہ تو مومن ہونگے نہ کافر۔ ایک جماعت مومن ہوگی، دوسری کافر۔ لہذا بعض لوگوں کے کافر رہنے پر غم زدہ نہ ہو یہ تو سرکاری فیصلہ ہے۔ ہدایت یافتہ میں تین قسم کے لوگ شامل ہیں۔ بعض وہ حضرات جو صرف ہدایت کسی بندے کے ذریعے لیتے ہیں۔ کسی کو ہدایت دے نہیں سکتے یعنی ۔۔۔۔ ہیں مادی نہیں ہیں جیسے عام مومنین، بعض وہ جو کسی بندے سے ہدایت لیتے اور کسی کو ہدایت دیتے ہیں یعنی ہادی بھی اور مہدی بھی جیسے حضرات انبیاء کرام واولیاء عظام کہ اُنہوں نے حضورؐ سے ہدایت لی اور خلقت کو ہدایت دی۔ ایک ذاتِ کریم وہ ہے جو کسی بندے سے ہدایت نہیں لیتی بلکہ سب کو ہدایت دیتی ہے وہ ہے ذات پاک مصطفیؐ۔ حضورؐ سورج ہیں اور دوسرے نبی تارے اور چاند ہیں۔ عام مومنین گویا زمین۔ فریقا ھدیٰ ان سب کو شامل ہے۔

آیہ کائنات کا معنیٔ دیریاب تو
نکلے تیری تلاش میں قافلہ ہائے رنگ و بُو

نگاہوں میں دلوں میں لالہ زاروں میں ستاروں میں

تمہی تم ہو، تمہی تم ہو، تمہی تم ہو، تمہی تم ہو

**سوال نمبر 91: طیب روزی کیا ہے؟**

**طیب روزی:**

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ ۔ ۔ ۔ ۔

**(الاعراف۔ ۳۲) (کہہ دو کس نے اللہ تعالیٰ کی زینت کو حرام کیا؟)**

**جواب:** طیب رزق میں دو لفظ ہیں۔ ایک رزق دوسرا طیبات۔ رزق کے لغوی معانی ہیں حصہ۔ اصطلاح میں ہر روزی کو رزق کہتے ہیں۔ جسمانی ہو یا رُوحانی، لہٰذا خوراک، لباس، مکان وغیرہ جسمانی خوراک ہیں۔ اچھے عقیدے، نیک اعمال، اخلاص وغیرہ رُوحانی رزق ہے۔ طیب وہ روزی ہے جو بلا ذات حرام ہو جیسے کتا، بلا وغیرہ نہ بالفرض حرام ہو جیسے سور، رشوت سے حاصل کی ہوئی ہو۔ ہر حلال مزیدار کھانا پینا اگرچہ کتنا ہی قیمتی ہو حتیٰ کہ مرغ، بٹیر وغیرہ۔

**سوال نمبر 92: دوزخیوں کی ٹولیاں ایک دوسرے سے کیا کہیں گے؟ (۳۸)**

**دوزخیوں کا آپس میں کلام:**

**جواب:** ایک ٹولی جب اپنے دوزخی ٹھکانہ پر پہنچے گی تو یہ ٹولی ان پر یا اگلی ٹولی جو پہلے سے موجود تھی ان پر لعنت و پھٹکار کرے گی کہ ہم تو یہاں تھے تم یہاں کیوں آ گئے۔ ان کی آپس کی نا اتفاقی لعن، طعن اور پھٹکار بھی ان پر عذاب ہوگا۔ حتیٰ کہ یہ سب جب دوزخ میں اکھٹے ہوں گے تو پیچھے جانے والے اپنے سرداروں کے متعلق رب سے عرض کریں گے کہ جو ان سے پہلے وہاں پہنچے تھے کہ یا رب اگر ہم سب کافر ہیں مگر ہم صرف کافر ہیں اور یہ کافر بھی ہیں اور کافر گر بھی ہیں کہ اُنہوں نے دُنیا میں ہم کو بہکایا تھا اس لئے ان کافروں کو چند در چند عذاب دے۔

**سوال نمبر 93: شیطان کن کا دوست ہے؟**

**شیطان کے ساتھی:**

**جواب:** چند آدمیوں کا بڑا گہرا دوست ہے۔

کفار، ظالم حاکم، غنی متکبر، تاجر خائن، شرابی، فسادی، ریا کار، مالِ یتیم کھانے والا، سود خور، مانع زکوٰۃ، دُنیا میں بڑی لمبی اُمیدیں باندھنے والا۔

**سوال نمبر 94: اس مردود کو کن شخصوں سے ڈر لگتا ہے؟**

**جواب:** عادل حاکم، غنی تواضع و عجز والا سچا تاجر، خشوع و خضوع والا حاکم، خیر خواہ مومن، ہمیشہ توبہ کرنے والا، حرام سے بچنے والا، سخی مومن، اچھے اخلاق والا، لوگوں کو نفع پہنچانے والا، ہمیشہ پاک صاف رہنے والا، حامل قرآن، تہجد گزار۔

ہر کہ خواہد ہم نشینی با خدا　　　او نشند در حضورِ اولیاء

**سوال نمبر 95: کفار نیکی اختیار کرنے میں کون سا عقیدہ اختیار کرتے ہیں؟**

**جواب:** کفار عرب جو بدترین گناہوں کو بہترین عبادت سمجھتے تھے۔ فَعَلُوْ سے مُراد ہے اختیار کرنا۔ مطلب بحیرہ، سائبہ جانور مقرر کرنا یا غیر خدا کے نام پر جانور ذبح کرنا یا ایک دم ننگے طواف کرنا، عورتوں مردوں کا خلط ملط ہونا۔ بہتر یہ ہے کہ اس سے سارے گناہ مُراد ہوں۔ اعتقادی گناہ ہو یا عملی، ان کی عبادات ہوں، معاملات ہو عبادات۔

**سوال نمبر 96: سورۃ الاعراف کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟ (الاعراف۔۴۶)**

**الاعراف کا معنی و مفہوم:**

**جواب:** وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ اور مقام اعراف پر لوگ ہوں گے۔ اعراف جمع ہے عرف کی جس کا مطلب ہے اونچائی، بلندی۔ اعراف جنت و دوزخ کے درمیان حجاب کے اوپر بلندی کا نام ہے۔ اس مقام پر جو لوگ ہوں گے اس کے متعلق متعدد اقوال ہے۔ زیادہ قوی قول یہ ہے کہ جو لوگ جن کے نیک اور بداعمال برابر تھے۔ کوئی کمی وبیشی نہ تھی۔ قرآن کہتا ہے:

لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ O

کہ وہ لوگ جنت کے امیدوار ہوں گے مگر اب تک داخل نہ ہوئے ہوں گے۔ ان کا یہاں قیام عارضی ہوگا اور کچھ مدت کے بعد یہ سب جنت میں پہنچا دیئے جائیں گے۔

**سوال نمبر 97: حضرت نوحؑ نے منصبِ رسالت پر فائز ہو کر کیا تبلیغ کا اسلوب اپنایا؟ (الاعراف۔ ۶۲)**

**جواب:** اُبَلِّغُكُمْ رِسَالَاتِ رَبِّيْ میں تمہیں اپنے رب کی رسالتیں پہنچاتا ہوں۔ اُبلغ تبلیغ سے بنا ہے جس کا مطلب ہے ہمیشہ پہنچانا ہر طرح پہنچانا۔ آہستہ آہستہ پہنچاتے رہنا۔ رِسٰلٰت جمع ہے رسالۃ کی بمعنی پیغامات چونکہ انبیاء کرام صرف ایک قسم کا پیغام نہیں پہنچاتے بلکہ عقائد، عبادات، معاملات، گناہوں سے بچنے، کفر و شرک سے دُور رہنے کے بہت سے پیغامات پہنچاتے ہیں۔ پہلے اپنے اعمال وافعال سے تبلیغ کرتے ہیں، پھر اقوال سے۔ شریعت کے پیغامات کانوں تک پہنچاتے ہیں جب کہ طریقت کے پیغامات ذہنوں تک اور حقیقت کے رُوح تک پہنچاتے ہیں۔ پھر وہ فرماتے وَاَنْصَحُ لَكُمْ انہیں اس تبلیغ سے کوئی لالچ نہیں بلکہ ان کی صرف خیرخواہی مقصود ہے اور ان کی تمام تر تعلیمات من جانب اللہ ہیں۔

**سوال نمبر 98: قومِ عاد کون تھی؟ ان کے نبی کا شجرہ نسب کیا ہے؟ نیز ان کی کون سی صفات واضح طور پر ارشاد فرمائی گئی؟ (۶۵۔۶۹)**

**جواب:** قوم عاد مقام احقاف میں آباد تھی۔ یہ علاقہ یمن کا ایک حصہ تھا۔ وسیع وعریض تھا۔ عمان سے حضر موت تک پھیلا ہوا تھا۔ یہ لوگ بڑے شہ زور مال دار اور ظالم لوگ تھے۔ قوم نوحؑ کی ہلاکت میں اور اس قوم میں ایک سو سال کا فاصلہ تھا۔ اسی قوم سے ایک ذاتِ مقدسہ حضرت ہودؑ کو ان کی طرف نبی بنایا گیا۔ آپ کا نسب یہ ہے:

**ھود بن شالخ بن ارفخشند بن سام بن نوح علیہ السلام**

آپ نے اپنے قول، عمل اور احوال سے اس قوم کو تبلیغ فرمائی۔ ان کے عقائد، اعمال، قلب، صبر و شکر اور استقامت فی الدین سب کی ہی تبلیغ فرمائی۔ آپ کی دو صفات اور کرم نوازیاں خصوصیت سے بیان کی گئی:

وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ

میں تمہارا خیرخواہ بھی ہوں اور امانت دار بھی ہوں۔ مجھے تم سے کوئی غرض نہیں اور اپنے رب کے پیغامات بغیر کمی وبیشی کے پہنچاتا ہوں کیونکہ میں امین بھی ہوں۔ جب قوم نے آپ کی ہدایات پر عمل نہ کیا تو ان پر تیز آندھی کا عذاب سات راتیں اور آٹھ دن مسلط رہا جس میں نافرمان ہلاک ہو گئے اور مومنین بچ گئے جن کو بعد میں آپ مکہ معظّمہ لے آئے۔

**سوال نمبر 99: قوم ثمود کون تھی؟ ان کے نبی کا کیا نام، ان کا شجرہ نسب بتایئے؟ آپؑ کا خاص معجزہ کیا تھا؟ قوم پر کیا عذاب آیا؟**

(۷۳۔۷۹)

**جواب:** ثمود کا مطلب ہے تھوڑا پانی۔ یہ قوم مقام حجر یہ آباد تھی۔ وہاں پانی بہت کم تھا اس لئے اسے قوم ثمود کہتے ہیں یعنی تھوڑے پانی والی قوم۔ ان کا نسب نامہ ایسے تھا۔

ثمود بن عاد بن ارم بن سام بن نوحؑ کی اولاد میں سے تھے۔

حضرت صالحؑ کو ان کا نبی بنایا گیا جن کا نسب یہ ہے۔ صالح بن عبید بن آصف بن ماسع بن عبید بن حاذر بن ثمود بن عاد بن ارم بن سام بن نوحؑ

قوم نے پہاڑ کے اندر سے اونٹنی نکالنے کا مطالبہ کیا۔ پہاڑ سے اونٹنی نکل کر اس نے ایک بچہ جنا۔ بچہ اونٹنی کے ہی قد کے برابر تھا۔ ایک دن چھوڑ کر سارا کنواں پانی پیتی تھی اور اتنا دودھ دیتی تھی کہ ساری قوم پی لیتی تھے۔ یہ اونٹنی نشانیوں کا مجموعہ تھی۔ اس کی بے حُرمتی سے قوم کو سختی سے منع کیا گیا۔ اس قوم کے دو بد بخت آدمیوں نے جن کے نام مصدع اور قیدار تھا اونٹنی کو شہید کر دیا۔ اس کا بچہ چیخ مار کے پہاڑی میں چھپ گیا۔ حضرت صالحؑ نے ان کو تین دن کی مہلت بتائی۔ اس سے اگلے دن یعنی جمعرات کو ان کے چہرے پیلے پڑ گئے۔ جمعہ کو سُرخ اور ہفتے کو کالے چہرے ہو گئے۔

حضرت صالحؑ شام کوچ کر گئے مومنین کے ہمراہ۔ ایک کڑک کی آواز کے بعد عظیم زلزلہ آیا، ساری قوم ڈھیر ہو گئی۔

**سوال نمبر 100: حضرت لوطؑ کس قوم کے نبی تھے؟ ان کی قوم کیا برائیاں کرتی تھی اور ان پر کیا عذاب آیا؟**

**جواب:** حضرت لوطؑ، حضرت ابراہیمؑ کے بھتیجے تھے۔ آپ حضرت ہاران بن تارخ کے بیٹے تھے۔ آپ بابل میں جو عراق کی مشہور بستی تھی وہاں رہتے تھے۔ آپ وہاں کی بستیوں سدوم، امور، عامور، صبوپر اور برلین کے نبی تھے۔ ان کے نوجوانوں کی تعداد ایک لاکھ تھی۔ بوڑھے، بچے اور عورتیں ان کے علاوہ تھیں۔

**برائیاں:** ڈکیتی، راہزنی، غریبوں پر ظُلم و ستم، آپس کی مجلسوں میں بدتمیزیاں۔ اس کے ساتھ ایک حرکت نہایت نازیبا تھی یعنی لڑکوں سے شہوت رانی۔ ایسی بُری حرکت جسے عقلِ انسانی تو کیا طبیعت حیوانی بھی بُرا سمجھتی ہے۔ آپ نے اس قوم کو تیس ((30 سال تک تبلیغ کی۔ یہاں تک کہ اس قوم نے اپنی بیویوں سے قطع تعلقی کر لی۔ جب اس قوم کی سرکشی حد سے بڑھ گئی۔ اپنے نبی کی بات نہ مانی تو اللہ تعالیٰ نے ان پر پتھروں کی بے پناہ بارش کی جس سے وہ سارے فنا ہو گئے۔

اگر رحمتِ خداوندی دستگیری نہ کرے اور اعلیٰ سے اعلیٰ صحبت بھی فائدہ نہیں دیتی۔ واہلہ حضرت لوطؑ کی بیوی تھی۔ آپ کے وعظ سُنتی تھی مگر کچھ فائدہ نہ حاصل کر سکی۔

**حضرت لوط علیہ السلام کی قوم سے متعلق حدیث مبارکہ**

حضرت لوط علیہ السلام کے قوم نے تین گناہ کیے: زنا، خوراک و شراب میں اسراف، اور شراب کا استعمال۔

ابھی گھر بیٹھے ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی صاحب کی
تصانیف آرڈر کرنے کے لیے
+923125892959
یا ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں
drazeemfarooqi.com

(آسان فہم قرآن سلسلہ)

# نواں پارہ ایک نظر میں

پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی

مسرت عظمت فاروقی

**سوال نمبر 1: حضرت شعیبؑ کے حکیمانہ کلام کا جواب قوم نے کس بے ادبی سے دیا؟ (الاعراف:۸۸)**

**جواب: قوم شعیبؑ کی بے ادبی:**

(۱) قوم شعیبؑ نے آپ کو نام لے کر پکارا۔

لَنُخْرِجَنَّکَ یٰشُعَیْبُ

(ترجمہ) اے شعیب ہم یقیناً آپ کو یہاں سے نکال باہر کریں گے۔

(۲) اللہ تعالیٰ کے جلیل القدر نبیؑ کو اپنی بستی سے نکالنے کی دھمکی دی حالانکہ زمین کا مالک تو اللہ تعالیٰ ہے۔

(۳) اُنہوں نے شعیبؑ کی وجہ سے مسلمانوں کو بھی نکال دینے کی دھمکی دی۔

**سوال نمبر 2: قوم کے کفر و شرک اور ناپ تول میں کمی کو دیکھ کر شعیبؑ نے اپنے رب سے کیا دُعا مانگی؟ (الاعراف:۸۹)**

**جواب: حضرت شعیبؑ کی دُعا:**

رَبَّنَا افْتَحْ بَیْنَنَا وَ بَیْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَ اَنْتَ خَیْرُ الْفٰتِحِیْنَ O

(ترجمہ) اے ہمارے رب ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ فرما اور تیرا فیصلہ ہی بہترین ہے۔

**سوال نمبر 3: شعیبؑ نے اپنی قوم سے کیسا حکیمانہ کلام فرمادیا؟ (الاعراف:۹۰)**

**جواب: شعیبؑ کا کلامِ حکیمانہ:**

جب آپ کی قوم نے آپ کو گذشتہ دین میں لوٹ جانے کی دھمکی دی تو آپؑ نے انہیں جواب دیا کہ ہم تمہارے دین میں واپس کیسے آسکتے ہیں جب کہ ہم تمہارے دین سے نفرت کرتے ہیں کیونکہ ایسا کرنے سے ہم اللہ تعالیٰ پر صریح بہتان باندھنے والے ہوجائیں گے۔ جب اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس گمراہی سے بچالیا پھر ہم کیوں اس میں پھنسیں۔ ہم نے اپنے رب پر بھروسہ کیا ہے۔ تم لوگوں کے ڈرانے دھمکانے سے مرعوب نہیں ہوسکتے۔ کوئی ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

**سوال نمبر 4: حضرت شعیبؑ کی قوم کہاں آباد تھی؟ اس قوم پر کیا عذاب آیا تھا؟ (الاعراف:۹۱)**

**جواب: قوم شعیبؑ پر عذاب الٰہی:**

فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ O

(ترجمہ) پس پکڑا ان کو زلزلے نے پس ہو گئے اپنے گھروں میں زانو پر گرے ہوئے۔

اول قومِ شعیب کو چیخ سُنائی دی پھر اس تیز چیخ سے زمین میں زلزلہ آیا اور وہ سب ہلاک ہوگئے۔ حضرت شعیبؑ کی قوم مدین اور ایکہ میں آباد تھی ۔ مدین والوں پر چیخ کا عذاب آیا اور ایکہ والے زلزلے سے مرے۔

**سوال نمبر 5: مذکورہ آیہ میں قوم شعیبؑ کی کن سرکشیوں کا تذکرہ ہے؟**

**جواب: قوم شعیبؑ کی سرکشیاں:**

یہ کفار کہتے کہ اگر تم نے شعیبؑ کا دین قبول کیا تو دنیاوی اور اُخروی دونوں کے طرح کے نقصان میں رہو گے تم سے باپ دادا ناراض ہوجائیں گے۔

دوسرا یہ کہ آج تک تم تجارت میں کم تول کر کم ناپ کر اور خریداروں کو دھوکا دے کر جو دُگنا چوگنا نفع کماتے ہو اس سے یکدم محروم ہوجاؤ گے۔

تیسرا یہ کہ جب شعیبؑ نے عذاب کی دھمکی بھی سُنادی تو وہ پھر بھی اپنی حرکتوں پر قائم رہے۔

مندرجہ بالا تین قسم کی سرکشیوں کی وجہ سے ان پر عذاب نازل ہو گیا۔

**سوال نمبر 6: حضرت شعیبؑ نزولِ عذاب سے قبل مومنین کو کس جگہ منتقل فرمایا؟ (الاعراف: ۹۳)**

**جواب: حضرت شعیبؑ کی مکہ معظّمہ روانگی:**

فَتَوَلّٰى عَنۡهُمۡ.........

(ترجمہ) پس شعیبؑ نے ان سے مُنہ پھیرا اور کہا اے میری قوم مین نے تمہیں اپنا پیغام پہنچادیا اور تمہاری خیر خواہی کی تو کافروں کا غم کیونکر کھاؤں۔

یعنی عذاب آنے سے پہلے آپ اپنی قوم کو کسی محفوظ جگہ پر لے گئے۔ جب عذاب آچکا کافر ہلاک ہو گئے تو آپ مومنین کو مکہ معظّمہ لے کر چلے گئے۔ راستے میں عذاب شدہ کفار کو دیکھ کر فرمایا کہ میں نے اپنے رب کا پیغام تم تک پہنچادیا اور تمہاری خیر خواہی کرتا رہا لیکن تم نے میری ایک نہ مانی۔ اب تمہاری ہلاکت پر غم کیوں کھاؤں۔

**سوال نمبر 7: حضرت شعیبؑ کا مزار کہاں واقع ہے؟ (الاعراف: ۹۳)**

**جواب: مزارِ شعیبؑ:**

خانہ کعبہ کے حطیم میں مغربی جانب شعیبؑ کا مزار ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ حضرت شعیبؑ کا مزار حجر اسود کے مقابل ہے۔

**سوال نمبر 8: ہلاک شدہ قوموں کے بارے میں سُنتِ خداوندی کیا ہوا کرتی ہے؟ (الاعراف: ۹۴-۹۵)**

**جواب: قوم شعیبؑ کی ہٹ دھرمیاں:**

وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَا فِىۡ قَرۡيَةٍ.... بَغۡتَةً وَّهُمۡ لَا يَشۡعُرُوۡنَ O

(ترجمہ) اور نہیں بھیجا ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی مگر یہ کہ اس کے لوگوں کو سختی اور تکلیف میں پکڑا کہ وہ کس طرح عاجزی کریں۔ پھر ہم نے بُرائی کی جگہ بھلائی بدل دی۔ یہاں تک کے وہ بہت ہو گئے اور بولے بے شک ہمارے باپ دادا کو دُکھ سُکھ پہنچے تو ہم نے انہیں اچانک ان کی غفلت میں پکڑ لیا۔

حقیقت یہ ہے کہ دُنیا میں جتنے بھی نبی آئے اور ان قوموں نے انہیں جھٹلایا۔ ان کا انجام یہ ہوا کہ پہلے اللہ تعالیٰ نے ان کو جانی، مالی تکلیفیں دیں تا کہ وہ لوگ ڈر کر پیغمبر کی اطاعت کریں۔ مگر وہ لوگ اس سے باز نہیں آئے۔ تو ہم بجائے تکلیف کے انہیں آرام عطا فرمائے، بیماریاں، ناداریاں وغیرہ ختم کر کے انہیں صحت، ارزانی، دولت، وسعت عیش عطا فرمائے مگر ان لوگوں نے بجائے شکر کرنے کے اور زیادہ سرکشی کی۔ گویا اس آیت میں دو قسم کے عذابوں کا تذکرہ ہے۔ ایک ظاہری عذاب اور دوسرا باطنی عذاب۔

**سوال نمبر 9: کیا ایمان اور نیک اعمال اُخروی نعمتوں کے ساتھ ساتھ دُنیاوی نعمتوں کا ذریعہ ہیں؟ (الاعراف: ۹۶)**

**جواب: ایمان اور نیک اعمال کی برکات:**

وَلَوْ اَنَّ اَھْلَ الْقُرٰی۔۔۔۔بِمَا کَانُوْا یَکْسِبُوْنَ O

جی ہاں ایمان اور نیک اعمال اُخروی نعمتوں کے ساتھ ساتھ دُنیاوی نعمتوں کا بھی ذریعہ ہیں۔سارے لوگ ایمان و پرہیز گاری اختیار کریں تو اللہ رب العزت ان پر رحمتوں و برکتوں کے دروازے کھول دے مگر اُنہوں نے بجائے ایمان وفرمانبرداری کے اس کے رسولوں کو جھٹلایا۔عقیدہ بھی عملاً بھی اور مرتے دم تک برابر جھٹلاتے رہے۔اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کو سخت پکڑ میں لے لیا۔انہیں ہلاک کر دیا اور توبہ کی مہلت بھی نہ دی۔ (استغفر اللہ)

**سوال نمبر 10: کافر کی موت اور مومن کی موت میں کیا فرق ہے؟ قرآنی تعلیمات کیا ہیں؟(الاعراف:۹۶)**

**جواب: کافر اور مومن کی موت میں فرق:**

کافر کی موت کا نام (اَخذَ یا بَطْشَ) یعنی رب کی پکڑ ہے۔عام مومنین کی موت کا نام وفات ہے۔اللہ والوں کی موت کا نام رجوع الی اللہ یا وصال ہے۔

یٰٓاَیَّتُھَاالنَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّہُ O اِرْجِعِیْٓ اِلٰی رَبِّکَ رَاضِیَۃً مَرْضِیَہO

اس آیت میں کفار کی موت کا ذکر ہے اس لئے اَخذَ فرمایا گیا۔ (فَاَخَذْنٰھُمْ) پس پکڑ لیا ہم نے ان کو۔

**سوال نمبر 11: عذابِ خداوندی کی کیا کیا صورتیں ہوا کرتی ہیں؟**

**جواب: عذابِ خدوا ندی کی صورتیں:**

اَفَاَمِنَ اَھْلُ الْقُرٰی۔۔۔۔۔۔۔وَھُمْ یَلْعَبُوْنَ O

(ترجمہ) اے لوگو! مذکورہ قوموں کی ہلاکت کے واقعات سن چکے تو کیا عرب کی بستیوں والوں کو اللہ تعالیٰ سے امن ہے۔کیا وہ اس سے مطمئن ہیں کہ

(۱) رات کے وقت وہ سو رہے ہوں تب ان پر ہمارا عذاب اچانک آجائے۔

(۲) دوپہر کو اپنی دُنیاوی خرافات میں مشغول ہوں اور ان کو عذاب کا گمان بھی نہ ہو تب ان پر ہمارا عذاب آجائے۔کیا یہ لوگ ہماری تدبیروں سے امن میں ہیں۔وہ ہماری دی ہوئی نعمتوں سے دھوکا کھا رہے ہیں۔

**سوال نمبر 12: فوت شدہ لوگوں کی املاک ومکانات کے مشاہدے سے کیا سبق حاصل ہوتا ہے؟(الاعراف:۱۰۰)**

**جواب: حقیقی مشاہدہ:**

اَوَلَمْ یَھْدِ لِلَّذِیْنَ یَرِثُوْنَ۔۔۔۔فَھُمْ لَا یَسْمَعُوْنَ O

(ترجمہ) اور کیا وہ جو زمین کے وارثوں کے بعد اس کے وارث ہوئے انہیں اتنی ہدایت نہ ملی۔۔۔۔

متروکہ جائیدادوں، مکانات سے عبرت حاصل کرنا بہت ضروری ہے کہ ہم ان میں نصیحت کی بات تلاش کریں کہ جیسے یہ چیزیں ہمارے موروثوں کے پاس نہ رہیں ان کے بعد ہم مالک ہوگئے۔ایسے ہی یہ تمام چیزیں ہمارے پاس نہ رہیں گی۔ہمارے بعد کوئی اور مالک ہوگا تا کہ دل میں غرور وغفلت پیدا نہ ہو۔

**سوال نمبر 13: دل کی بیماریوں میں سب سے بُری بیماری کون سی ہے؟ وہ کیسے دُور ہوتی ہے؟(الاعراف:۱۰۲۔۱۰۳)**

**جواب: دل کی بیماریاں اور ان کا علاج:**

تِلْکَ الْقُرٰی نَقُصُّ۔۔۔۔اَکْثَرَھُمْ لَفٰسِقِیْنَ O

(ترجمہ) یہ بستیاں ہیں جن کے احوال ہم تمہیں سُناتے ہیں۔۔

---

دل کی مختلف بیماریوں میں ایک بیماری ہے دل کا میل یا زنگ، دوسری بیماری ہے دل کی نفرت، دل کا میل دور ہوسکتا ہے نفرت دُور نہیں ہوتی۔ میل کی وجہ غفلت ہوتی ہے۔ یہ غفلت کبھی مصیبت سے دُور ہوتی ہے، کبھی اللہ تعالیٰ کی نعمت سے، کبھی اچھوں کی صحبت، کبھی کسی بیدار کی نظرِ کرم سے۔ حضرت عباسؓ کی غفلت بدر میں قید ہوکر دور ہوئی۔ حضرت عمرو ابن العاصؓ کی غفلت شاہِ حبشہ نجاشی بادشاہ کے دربار میں پہنچ کر۔ حضرت ابوسفیان ابن حارثؓ کی غفلت فتح مکہ دیکھ کر ہوئی۔

**سوال نمبر 14: حضرت موسیٰؑ کا نام پاک کس نے رکھا اور کیوں؟ اور اس کا مطلب کیا ہے؟ (الاعراف:۱۰۳)**

**جواب: اسمِ موسیٰؑ:**

یہ لفظ بنا ہے مو اور سی سے۔ مو بمعنی پانی اور سی بمعنی سا گوان کی لکڑی کا صندوق۔ چونکہ آپ کو بی بی آسیہ زوجہ فرعون نے ایک بہتے ہوئے صندوق سے پایا تھا اس لئے اُنہوں نے آپ کا نام موسیٰؑ رکھا۔

**سوال نمبر 15: حضرت موسیٰؑ کے معجزات کون کون سے تھے؟ (الاعراف:۱۰۵)**

**جواب: حضرت موسیٰؑ کے معجزات/معجزاتِ موسیٰؑ:**

حضرت موسیٰؑ کو رب تعالیٰ نے نو معجزات عطا فرمائے۔

(۱) عصاء (۲) ید بیضا (۳) فرعونیوں پر قحط کے سال

(۴) ان کے پھلوں کی کمی (۵) طوفان (۶) ٹڈیاں

(۷) جوں (۸) مینڈک (۹) خون کا عذاب

**سوال نمبر 16: مصر کے بادشاہوں کے کیا القابات ہوا کرتے تھے؟ (الاعراف:۱۰۵)**

**جواب: بادشاہ مصر کے القابات:**

مصر کے بادشاہ کو پہلے عزیز کہا جاتا تھا۔ پھر اسے فرعون کہا جانے لگا جیسے فارس کے بادشاہ کو کسریٰ اور روم کے بادشاہ کو قیصر، چین کے بادشاہ کو خاقان، یمن کے بادشاہ کو تبع، عرب کے بادشاہ کو قیل اور حبشہ کے بادشاہ کو نجاشی۔

**سوال نمبر 17: موسیٰؑ کے دور میں فرعون کا کیا نام تھا؟**

**جواب: دورِ موسیٰؑ کا فرعون:**

موسیٰؑ کے دور میں فرعون کا نام ''ولید بن مصعب ابن ریان'' تھا۔ اس کی عمر 620 سال تھی۔ 400 سال سلطنت کی اور اس دوران کبھی بیمار نہ ہوا، کوئی تکلیف نہ دیکھی۔

**سوال نمبر 18: عہد یوسفیؑ کے فرعون کا کیا نام تھا؟ وہ کس قسم کا بادشاہ تھا؟ نیز حضرت موسیٰؑ کے زمانے کا فرعون بنی اسرائیلیوں پر کیوں ظلم کرتا تھا؟ (الاعراف:۱۰۵)**

**جواب: فرعونِ مصر کے اسم اور اعمال کی وجوہات:**

حضرت یعقوبؑ مع اپنی اولاد کے اپنے فرزند یوسفؑ کے پاس مصر میں آن بسے تھے۔ وہاں آپ کی اولاد بہت پھلی پھولی حتیٰ کہ لاکھوں ہوگئے۔ یوسفؑ کے زمانے میں فرعون یعنی بادشاہ مصر کا نام ریان تھا۔ اس کی موت کے بعد اس کا بیٹا مصعب ابن ریان بنی اسرائیل کا بڑا احترام کرتا تھا۔ اس کی موت کے بعد اس کا بیٹا ولید بن مصعب جب مصر کا بادشاہ بنا تب اس نے دعویٰ خدائی کر دیا۔ بنی اسرائیل نے یہ دعویٰ قبول نہیں کیا وہ بولا کہ تمہارے جدامجد یعنی یوسفؑ کو ہم نے مصریوں سے خریدا تھا اس

لئے تم لوگ ہمارے خریدے ہوئے کی اولاد ہو لہٰذا تم غلام زادے ہو اور اسی سبب سے انہیں غلام بنا کر نہایت دشوار اور ذلت کے کاموں پر لگا دیا اور موسیٰؑ نے انہیں اس ظلم سے نجات دلا کر آزاد کرانا چاہا۔

**سوال نمبر 19: حضرت موسیٰؑ کے دو عظیم معجزوں کا تذکرہ کریں؟**

**(الاعراف:۱۰۶۔۱۰۷)**

**جواب: حضرت موسیٰؑ کے عظیم معجزے:**

حضرت موسیٰؑ اپنی لاٹھی پھینکتے تو وہ ظاہر ظہور عظیم الشان اژدھا بن جاتا۔ صرف صورت میں اژدھا نہ تھا بلکہ حقیقت میں اسی ہاتھ لمبا سانپ بن جاتا تھا۔ اس کے فوراً بعد یا دوسری مجلس میں اپنا داہنا ہاتھ بغل میں ڈال کر نکالتے تو اس کی ہتھیلی جو دیکھنے والوں کی طرف تھی نہایت تیز چمکیلی ہو جاتی۔ جو اپنی چمک سے دھوپ کو مانند کر دیتی۔

**سوال نمبر 20: مصر کے جادوگر کون تھے؟ ان کے استاد کون تھے وضاحت کریں؟**

**جواب: مصر کے جادوگروں کو ماں کی نصیحت:**

مصر کے علاقے میں مدائین صعود میں بہت جادوگر تھے۔ ان کے استاد دو تھے جو آپس میں بھائی تھے۔ جب فرعونی پولیس ان کے پاس پہنچی اور انہیں موسیٰؑ سے مقابلے کی دعوت دی تو اُنہوں نے اس کے متعلق اپنی ماں سے مشورہ کیا اور اس سے عصا موسوی اور ید بیضا کا واقعہ بیان کیا۔ ماں نے کہا کہ تم مصر جاؤ لیکن تحقیق کر لینا کہ اگر موسیٰؑ کے سونے کی حالت میں بھی عصا کام کرتا ہے تو تم ان سے مقابلہ نہ کرنا کہ وہ جادو نہیں ہے بلکہ معجزہ ہے، جادو ہمیشہ جادوگر کی بیداری ہوشیاری میں کام کرتا ہے۔ معجزہ کا مقابلہ ساری دُنیا کے جادوگر مل کر نہیں کر سکتے۔ غرضیکہ یہ دونوں اپنی ماں کی تعلیم لے کر مصر آئے۔

**سوال نمبر 21: فرعون کا جادوگروں سے کس انعام کا وعدہ تھا؟**

**(الاعراف:۱۱۲۔۱۱۶)**

**جواب: فرعون کا جادگروں سے عہد:**

وَ جَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ۔۔۔۔وَ جَآءُ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ O

فرعون سے جادوگروں نے جب اپنی اجرت اور انعام واکرام کا ذکر کیا تو وہ بڑے جوش سے بولا تم کو بہت بھاری انعام بھی ملے گا۔ اس کے علاوہ تم کو درجے اور عزت بھی عطا ہوگی کہ تم سب میری بارگاہ میں مقرب ہو جاؤ گے۔ میری ارکان دولت، میری پارلیمنٹ کے خاص ممبر بن جاؤ گے۔

**سوال نمبر 22: حضرت موسیٰؑ کا عصا میدان میں پہنچا تو اس نے اور کیا کام کیا؟ نیز یہ واقع کہاں رونما ہوا اور جادوگروں پر اس معجزے کا کیا اثر ہوا؟ (الاعراف:۱۱۸۔۱۱۹)**

**جواب: جادوگروں کا قبول اسلام:**

وَ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَام۔۔۔۔وَ انْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ O

(ترجمہ) اور وحی کی ہم نے طرف موسیٰؑ کی۔۔۔۔

عصا سانپ بن کے ان کی ساری بناوٹی چیزوں کو ایک ایک کر کے جلد جلد بغیر چبائے نگلنے لگا۔ یہ مقابلہ اسکندریہ میں ہوا، آپ کے سانپ کی دم دریا میں تھی اور مُنہ اس میدان میں۔ منٹوں میں اس نے سارا میدان صاف کر دیا۔ پھر اسی ((80 ہاتھ اپنا منہ کھولا اور قوم فرعون کا رُخ کیا۔ ان میں بھگڈر مچ گئی حتیٰ کہ پچیس ہزار آدمی کچل کر مر گئے۔ موسیٰؑ نے اسے اُٹھایا تو پھر لاٹھی کی لاٹھی تھی۔ اس پر جادگروں نے سوچا اگر یہ بھی جادو ہے تو

ہمارے سینکڑوں من سانپ کہاں گئے اور اِن کے دل میں اللہ تعالیٰ کی ہیبت اور موسیٰؑ کی عظمت بن گئی اور وہ حضرات اس جگہ سے نہ بھاگے، نہ ذلیل ہوئے۔ آج انہیں یہاں ہی ایمان، صحابیت، صبر، شہادت جیسی نعمتیں ملیں۔

**سوال نمبر 23: اسلام میں سجدے کی کون کون سی اقسام ہیں؟ (الاعراف:۱۲۰)**

**جواب: سجدوں کی اقسام:**

ہمارے اسلام میں بھی سجدے بہت قسم کے ہیں، سجدہ نماز، سجدہ سہو، سجدہ تلاوت، سجدہ دُعا، سجدہ مصیبت، سجدۂ شکر۔

**سوال نمبر 24: جادوگر کن وجوہات کی بناء پر حضرت موسیٰؑ کو نبی مان گئے؟ (الاعراف:۱۲۱)**

**جواب: جادوگروں کا قبول اسلام:**

جادوگروں نے یہ سوچا کہ اگر عصائے موسیٰ بھی ہمارے سانپوں کی طرح ایک شعبدہ یا نظر بندی ہے تو ہمارے رسے، بانس، بلے جو سینکڑوں من تھے، کہاں گئے اور اس قدر وزنی چیزیں نگل جانے کے باوجود اس کا وزن بھی نہ بڑھا۔ یقیناً وہ معجزہ ہے اور موسیٰؑ سچے نبی ہیں۔

**سوال نمبر 25: فرعون نے جادوگروں پر کیا کیا الزامات لگائے؟**

**جواب: فرعون کا جادوگروں پر الزام:**

فرعون جب میدان سے بھاگا اور اسے سخت شکست کا سامنا کرنا۔ بدحواسی میں گھر پہنچ کر اسے پتہ لگا کہ جادوگر تو سجدے میں گر کر موسیٰؑ پر ایمان لے آئے ہیں تو اسے اپنی قوم کے سامنے سخت شرمندگی کا سامنا کرنا پڑا۔ تب اس نے اپنی شرمندگی مٹانے کے لئے جادوگروں کو پھر جمع کیا مگر اس دفعہ موسیٰؑ اس مجمع میں نہیں تھے۔ ان سے بولا کہ تم لوگ میری رعایا ہو۔ میری اجازت کے بغیر تم لوگ کوئی کام نہیں کر سکتے۔ تم لوگ میری اجازت کے بغیر ایمان لائے۔ تمہارا قصور تو یہ ہے۔ دوسرا قصور یہ ہے کہ موسیٰؑ کو فتح اور تمہاری شکست ہوئی اور تم سب نے اسکندریہ کے میدان میں مل کر ایک سازش کر لی ہے۔ موسیٰؑ تمہارے استاد ہیں۔

**سوال نمبر 26: فرعون نے جادوگروں کو کیا سزا دی؟**

**جواب: جادوگروں کو سزا:**

لَاُقَطِّعَنَّ اَیۡدِیَکُمۡ۔۔۔۔۔اَجۡمَعِیۡنَ O

(ترجمہ) البتہ کاٹوں گا تمہارے ہاتھوں اور تمہارے پاؤں کو۔۔

سیدنا عبداللہ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ فرعون نے پہلے تو ان کے ہاتھ پاؤں کٹوائے تو پھر انہیں دریائے نیل کے کنارے کھجوروں کے درختوں پر سولی دی۔

**سوال نمبر 27: جادوگروں نے موسیٰؑ سے مقابلے میں شکست پر اللہ تعالیٰ سے کیا دُعا مانگی؟**

**جواب: جادوگروں کی اللہ تعالیٰ سے دُعا:**

رَبَّنَاۤ اَفۡرِغۡ عَلَیۡنَا صَبۡرًا وَّتَوَفَّنَا مُسۡلِمِیۡنَ O

(ترجمہ) اے رب ہمارے ہم پر صبر ڈال اور ہمیں مسلمان ہی مارنا۔

مولیٰ! اب تو ہم پر صبر بہادے جس سے ہم نہا کر پاک وصاف ہو جائیں اور ہم کو ایمان، اپنی اطاعت پر موت نصیب فرما تا کہ ہم پاک وصاف ہو کر رب کی بارگاہ میں حاضر ہوں اور زندگی کا اصل مقد حاصل کر کے مریں۔

**سوال نمبر 28: جب جادوگروں نے اسلام قبول کیا تو کتنے تماشائیوں نے موسیٰؑ کا کلمہ پڑھا؟ (الاعراف:۱۲۷)**

**جواب: اسرائیلیوں کا موسیٰؑ پر ایمان:**

وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ۔۔۔۔۔۔۔قٰهِرُوْنَ O

(ترجمہ) اور کہا سرداروں نے قوم فرعون سے۔۔۔۔۔۔

ابن جریر نے حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت کی ہے جب جادوگروں نے سجدے میں گر کر اپنے ایمان کا اعلان فرمایا تو اس وقت چھ لاکھ تماشائی ایمان لائے۔ اس پر گھبرا کر فرعونیوں نے کہا کہ اے فرعون کیا تو موسیٰؑ اور اس کی قوم کو ایسے ہی دُنیا میں فساد برپا کرنے کے لئے چھوڑ دو گے۔ خیال رہے کہ موسیٰؑ عطا نبوت کے بعد مصر میں تشریف لا کر سیدھے فرعون کے دربار میں پہنچے۔ کسی اور کو پہلے تبلیغ نہ کی، نہ معجزات دکھائے۔ پھر آپ کا جادوگروں سے مقابلہ ہوا۔ پھر جادوگرں کے سجدے میں گرنے پر چھ لاکھ اسرائیلی ایمان لائے۔

**سوال نمبر 29: درباریوں نے کس بات پر تعجب کیا اور افسوس کا اظہار کیا؟**

**جواب: درباریوں کی فرعون کو نصیحت / درباریوں کا اظہارِ افسوس:**

درباریوں نے فرعون سے کہا کہ اے فرعون ہمیں اس بات پر تعجب اور افسوس کیا کہ تو نے جادوگروں کو تو سولی دی مگر جو اصل فسادی ہیں یعنی یعنی حضرت موسیٰؑ اور آپ کی قوم بنی اسرائیل سے کچھ نہیں کہا تو انہیں یوں ہی چھوڑ دے گا تا کہ ہمارے مُلک میں فساد پھیلاتے پھریں اور لوگوں کو بھی جادوگروں کی طرح مومن بنالیں۔ تجھے اور تیرے بنائے ہوئے معبودوں کی عبادت نہ کریں اور نہ کرنے دیں،

**سوال نمبر 30: نسل کشی پر فرعون نے کس بہانہ حکم کا فیصلہ دیا:**

**جواب: نسل کشی پر فرعون کا تصور:**

قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ۔۔۔۔۔۔۔قٰهِرُوْنَ O

(ترجمہ) کہا عنقریب ہم ان کے بیٹوں کو قتل کریں گے۔۔۔۔

فرعون نے کہا تم فکر نہ کرو جیسے موسیٰؑ کی پیدائش سے پہلے ہم اسرائیلی بچوں کو ذبح کر دیتے تھے اور بچیوں کو چھوڑ تے تھے تا کہ اسرائیلیوں کی نسل ختم ہو جائے اور اِن کی لڑکیاں جوان ہو کر ہماری خدمت کریں۔ یہی قتل ہم بھی شروع کریں گے۔ جس طرح ہم پہلے ان پر غالب تھے اب بھی ہر طرح سے ان پر غالب رہیں گے۔ ذبح کا کچھ عرصہ بند رہنا ایک عارضی چیز تھی۔ ہم اِن کی قوم کو بڑھنے ہی نہیں دیں گے تا کہ آئندہ یہ لوگ خود ہی فنا ہو کر رہ جائیں گے۔ ہم کو ان کی کچھ پرواہ نہیں۔

**سوال نمبر 31: صبر کی کون کون سی اقسام ہیں؟ (الاعراف:۱۲۸)**

**جواب: صبر کی اقسام:**

قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْ۔۔۔۔۔۔۔لِلْمُتَّقِيْنَ O

(ترجمہ) موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا کہ صبر کرو۔۔۔۔۔۔

صبر کی تین اقسام ہیں:

(۱) طاعات پر (۲) گناہوں سے صبر

(۳) آفات و بلاؤں میں صبر

یہاں تیسری قسم کا صبر مُراد ہے۔

پھر صبر کی تین قسمیں ہیں۔

(۱) مجبوری کا صبر (۲) اخلاق کا صبر

(۳) رحم و کرم کا صبر

جب ظالم سے بدلہ لینے کی طاقت نہ ہو اور صبر کرنا پڑ جائے تو یہ مجبوری کا صبر ہے۔ بدلہ لینے کی طاقت ہو مگر معافی دے دی جائے یہ ہے اخلاق کا صبر اور ظالم پر باوجود اس کے ظلم کرنے

کے رحم وکرم ہو۔ اسے نعمتیں دی جاویں یہ ہے رحم وکرم کا صبر۔ آخری قسم کا صبر رب کی صفت ہے کہ وہ کافروں، مشرکوں، اپنے دُشمنوں کو بھی روزی دیتا ہے۔ اِن کی جلد ہی پکڑ نہیں کرتا اسی لئے اس کا نام صبور ہے۔ دوسری قسم کا صبر خاص بندوں کے لئے ہے کہ قدرت کے باوجود مجرم کو جرموں کی سزا دینا۔ پہلی قسم کا صبر مجبور ومعذور لوگوں کا ہے یہی قسم یہاں مراد ہے یعنی فرعون کی سختی پر صبر کرو گھبرانہ جاؤ۔

**سوال نمبر 32: شدید مصائب میں حضرت موسیٰؑ نے اپنی قوم کو کون سی دو بشارتیں سُنائیں؟ (الاعراف:۱۲۹)**

**جواب: موسیٰؑ کی اپنی قوم کو بشارتیں:**

موسیٰؑ نے بنی اسرائیل کو دو بشارتیں سُنائیں چنانچہ ارشاد فرمایا (اَنَّ الْاَرْضَ لِلّٰہِ) ''بے شک زمین اللہ تعالیٰ کے لئے ہے''۔ یہ ان بشارتوں کی تمہید ہے اور فرعون کے قول کی تردید کی کہ وہ کہتا تھا کہ زمین مصر میری اپنی ہے۔ میں اس کا مالک ومختار ہوں۔ وہ صرف زمین کی ملکیت کا دعویٰ کرتا تھا۔ حضرت موسیٰؑ نے پہلا وعدہ بنی اسرائیل سے یہ کیا کہ زمین مصر عنقریب تمہاری ملکیت میں دی جائے گی اور دوسرا وعدہ فرمایا وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ O ''اور آخرت (انجام) ہے پرہیز گاروں کے لئے''۔ عاقبت سے مُراد عالم برزخ، قیامت وبعد قیامت ہے۔

**سوال نمبر 33: فرعون کے بنی اسرائیل پر کیا کیا ظلم ڈھائے؟ (الاعراف:۱۲۹)**

**جواب: فرعون کے بنی اسرائیل پر مظالم:**

قَالُوْٓا اُوْذِیْنَا مِنْ قَبْلِ۔۔۔۔۔۔۔۔مَا جِئْتَنَا O

(ترجمہ) بولے ہم آپ کے آنے سے پہلے بھی ستائے گئے اور بعد میں بھی ستائے گئے۔

(۱) بنی اسرائیل کو فرعون کا غلام رکھنا۔

(۲) ان سے طرح طرح کے ٹیکس وصول کرنا۔

(۳) ان کو نہایت دُشوار اور ذلیل کاموں پر لگانا۔

(۴) انہیں نظرِ حقارت سے دیکھنا۔

(۵) پھر ان کے اسی ہزار بچے ذبح کرانا۔

نجومیوں کی اس خبر سے کہ بنی اسرائیل میں ایک بچہ پیدا ہوگا جس سے تیرا مُلک برباد اور تو ہلاک ہوجائے گا۔

**سوال نمبر 34: دعا کرنے کے کون کون سے طریقے ہیں۔ نیز اسرائیل نے کس طریقہ سے دعا مانگی؟ (الاعراف:۱۲۹)**

**جواب: بنی اسرائیل کا طریقہ دُعا:**

دعا کرنے کے چند طریقے ہیں:

(۱) صراحتہً مانگنا (۲) اپنے دُکھ درد کہنا

(۳) داتا کی تعریف کرنا

(۴) داتا کے مال واولاد کو دُعائیں

(۵) داتا کے سامنے سائلانہ چہرہ لے کر خاموش کھڑا ہوجانا۔

(۶) داتا کی خوشی میں شریک ہوجانا

انہوں نے مانگنے کا دوسرا طریقہ اختیار کیا یعنی دُکھ درد کہنا۔

**سوال نمبر 35: حضرت موسیٰؑ نے بنی اسرائیلیوں کو کون سے دو حکم اور دو خوشخبریاں سُنائیں؟ (الاعراف:۱۲۰)**

**جواب: موسیٰ کی قوم کو خوشخبریاں اور احکامات:**

قَالَ عَسٰی رَبُّکُمْ۔۔۔۔

(ترجمہ) کہا قریب ہے کہ تمہارا رب دُشمن کو تباہ کردے۔۔۔۔

حضرت موسیٰؑ نے بنی اسرائیلیوں کو دو حکم تو دیئے کہ اللہ تعالیٰ سے

مدد مانگو۔ دوسرا حکم فرعونی مصیبتوں اور آفتوں پر صبر کرو۔ صبر سے ہر مشکل حل ہو جاتی ہے۔ خوش خبریاں یہ ہیں کہ زمین مصر فرعون کی ملک نہیں ہے یہ تو عارضہ بادشاہ ہے۔ زمین صرف اللہ تعالیٰ کی مِلک ہے۔ وہ فرعون کے بعد تم کو مالک بنائے گا۔ دوسری خوش خبری یہ ہے کہ عالم آخرت کی خوبیاں پرہیز گاروں، مومنوں اور متقیوں کے لئے ہیں۔

**سوال نمبر 36: قبطیوں (فرعونیوں) پر عذاب کس شکل میں آئے؟ (الاعراف:۱۳۰)**

**جواب: قومِ فرعون پر عذاب:**

وَلَقَدْ اَخَذْنَا اٰلَ فِرْعَوْنَ۔۔۔۔یَذَّکَّرُوْنَO

(ترجمہ) اور بے شک ہم نے آل فرعون کو قحط سالیوں سے پکڑ لیا۔

فرعون اور اس کی قوم کی ہلاکت اچانک نہیں ہوئی بلکہ ان پر ہلکے عذاب مختلف شکلوں میں بھیجے گئے۔ پھر بڑے عذاب، چھوٹے عذاب یہ تھے کہ ان پر کئی سال کی قحط سالی اور پھلوں کی کمی مسلط کی گئی کہ گاؤں میں دانے کم کر دیئے اور شہروں میں پھل، تا کہ اب بھی انہیں نصیحت ہو اور ایمان لے آئیں کیونکہ انسان مصیبتوں، آفتوں میں پھنس کر توبہ کر لیتا ہے مگر وہ لوگ ایسے سرکش تھے کہ ان سب سے ان کی آنکھیں نہ کھلیں بلکہ ان کفر و سرکشی اور بڑھ گئی۔

**سوال نمبر 37: حضرت موسیٰؑ نے فرعونیوں کے لئے عذاب کی دُعا کی؟ (الاعراف:۱۳۳)**

**جواب: موسیٰؑ کی فرعونیوں کے لئے عذاب کی دُعا:**

فَاَرْسَلْنَا عَلَیْھِمُ الطُّوْفَانَ۔۔۔۔۔وَ کَانُوْا قَوْمًا

مُجْرِمِیْنَO

(ترجمہ) یارب یہ فرعونی سخت سرکش اور بدعہد ہیں ان پر عذاب بھیج تو اللہ تعالیٰ نے۔۔۔۔

سب سے پہلے ان پر پانی کا عذاب آیا (طوفان) جو فرعونیوں کے گھروں میں تقریباً قد آدم بھر گیا۔ کھیتوں، باغوں میں کھڑا ہو گیا۔ شنبہ سے شنبہ تک رہا، ہر چھوٹے بڑے فرعونی کے گلے پہنچ گیا۔ کوئی فرعونی بیٹھ نہ سکے جو بیٹھا یا نیند میں جھونکا کھا کر گرا دوب گیا۔ مگر لطف یہ تھا کہ اسرائیلیوں کے گھر بالکل محفوظ تھے۔

**سوال نمبر 38: کن دو قوموں پر آئے ہوئے عذاب ٹلے تھے۔ وضاحت کریں؟ (الاعراف:۱۳۵)**

**جواب: عذاب کا ٹلنا:**

وَلَمَّا وَقَعَ عَلَیْھِمُ الرِّجْزَ۔۔۔۔۔۔

(ترجمہ) اور جب واقع ہوا ان پر عذاب۔

دو قوموں سے آئے ہوئے عذاب دفع ہوئے ہیں۔

(۱) قوم یونسؑ سے تو بالکل مٹ گیا اور قوم فرعون سے عارضی طور پر مٹ گیا اور قوم فرعون سے عارضی طور پر مٹ گیا، باقی کسی قوم سے آیا ہوا عذاب نہیں ٹلا کیونکہ یہ دونوں قومیں ان عذابوں کے موقع پر پیغمبر کی طرف بھاگیں۔ قوم یونسؑ تو مستقل بھاگی کہ ان پر ایمان لے آئی مگر قوم فرعون نے عارضی طور پر کلیم اللہؑ کی طرف پناہ لی کہ ایمان کا وعدہ کیا مگر پورا نہ کیا۔ جس طرح کی پناہ لی اسی طرح کی پناہ ملی مستقل اور عارضی۔

**سوال نمبر 39: قومِ موسیٰؑ کو فرعونیوں سے نجات کیسے ملی؟ (الاعراف:۱۴۲)**

**جواب: فرعون اور آلِ فرعون کی جرم کی سزا:**

قوم موسیٰؑ راتوں رات چھ لاکھ بنی اسرائیلی لوگوں کو لے کر مصر سے روانہ ہو گئے۔ جن میں مرد، عورتیں، بچے سب ہی تھے۔ سورج نکلنے تک فرعون کو ان کی روانگی کی خبر ہوئی۔ وہ مع بارہ لاکھ سورج نکلنے تک فرعون کو ان کی روانگی کی خبر ہوئی۔ وہ مع بارہ لاکھ قبطیوں کے بنی اسرائیلیوں کو پکڑنے نکلا۔ جب موسیٰؑ بحرِ قلزم کے کنارے پہنچ گئے تو پیچھے سے فرعون بھی پہنچ گیا۔ حکم الٰہی آیا کہ آپ سمندر میں لاٹھی ماریں۔ آپ نے لاٹھی ماری تو سمندر میں بارہ خشک راستے بن گئے۔ جن میں بے تکلف بنی اسرائیلی داخل ہو گئے۔ یہ تماشا فرعون بھی دکھ رہا تھا اور فرعونی سارے کے سارے دریا کے پیٹ میں داخل ہو گئے تب سمندر کے پانی کو حکم ہوا، مل جائے چنانچہ سارا پانی مل گیا اور سارے فرعونی ڈوب کر ہلاک ہو گئے اور بنی اسرائیلی بخریت پار کر گئے۔

**سوال نمبر 40: ملک شام کی سرزمین کے بارے میں ارشادات نبویؐ کیا ہے؟**

**جواب: مُلک شام کی سرزمین:**

مُلک شام کا دارالخلافہ دمشق ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ حضرت ابو ایوب انصاریؓ ابن ابی شبہ نے روایت کیا کہ تمام برکتیں شام کی طرف ہجرت کر جائیں گی۔ ابن عسا کر نے حمزہ ابن ربیعہ سے روایت کیا کہ سارے نبی یا شام میں رہے یا شام میں گئے یا شام کی انہیں سیر کرائی گئی۔ (معراج النبیؐ)

(۱) احمد نے عبداللہ سے روایت کی میں نے بارگاہِ رسالتؐ میں عرض کیا کہ حضورؐ میرے لئے کوئی شہر تجویز کریں جہاں میں رہوں۔ فرمایا تم شام میں رہنا وہ اللہ تعالیٰ کی بہترین زمین ہے جہاں آخر میں نیک بندے پہنچ جائیں گے۔

(۲) شام میں حضرت ابراہیمؑ کا دارالحجرت ہے۔ شام کو شام کہنے کی وجہ سے تو یہ ہے کہ اسے سام ابن نوحؑ نے بسایا یا وہ مکہ معظّمہ سے جانبِ شام یعنی بائیں طرف واقع ہے جیسے یمن جانب یمین داہنی طرف ہے۔

**سوال نمبر 41: بحرِ قلزم کہاں واقع ہے؟ نیز یہودی یوم عاشورہ کا روزہ کیوں رکھتے ہیں؟ (الاعراف:۱۳۸)**

**جواب: یہودیوں کا یوم عاشورہ کا روزہ:**

وَ جَاوَزْنَا بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ۔۔۔۔۔اِنَّکُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ O

(ترجمہ) اور گزار دیا ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر میں پس آئے وہ اوپر ایک قوم کے جو ٹھہرے ہوئے تھے اوپر اپنے بتوں کے۔ قلزم دریائے نیل ہے اور قلزم ایک بستی کا نام ہے جو مکہ معظّمہ اور مصر کے درمیان ہے۔ اس کے نام سے اس سمندر کا نام بحرِ قلزم ہوا۔ یہ واقعہ محرم کی دس تاریخ جمعہ کو ہوا۔ موسیٰؑ نے فرعون کی ہلاکت کی خوشی میں روزہ رکھا۔ اب تک یہود اسی عاشورہ کا روزہ رکھتے ہیں۔ یہی روزہ مسلمانوں کے لئے سُنت اور یہود کے لئے فرض ہے۔

**سوال نمبر 43: فرعون کی غرقابی کے بعد بنی اسرائیل کا کس بت پرست قوم کے پاس سے گزر ہوا؟ (الاعراف:۱۳۸)**

**جواب: بنی اسرائیل کی روگردانی:**

فَاَتَوْا عَلٰی قَوْمٍ۔۔۔۔۔اِنَّکُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ O

(ترجمہ) پس ایک قوم کے پاس سے گزرے۔۔۔۔۔

راستہ میں مقام دیف یا مقام رقہ میں پہنچے۔ وہاں قومِ عمالقہ سے گزر ہوا۔ یہ لوگ دوزانو بیٹھے۔ آلتی پالتی مارے دیکھا تو ان کے دل میں بت پرستی کا شوق پیدا ہوا۔ موسیٰؑ سے بولے کہ اے

موسیٰ ہم کو بھی اجازت دیں کہ ہم بھی بچھڑا پرستی کریں۔

**سوال نمبر 44: وحی کی کتنی قسمیں ہیں؟ (الاعراف: ۱۴۲)**

**جواب: اقسامِ وحی:**

وَ وٰعَدْنَا مُوْسٰی ثَلٰثِیْنَ۔۔۔۔۔۔سَبِیْلَ الْمُفْسِدِیْنَ O

(ترجمہ) اور وعدہ کیا ہم نے موسیٰ سے تیس راتوں کا۔۔۔۔

(مذکورہ آیت کے مطابق)

حضراتِ انبیاء کرام کو وحی تین طرح کی ہوتی ہے۔

(۱) وحی دوامی (۲) وحی منامی (۳) وحی مقامی

جو بذریعہ فرشتہ بیداری میں ہوتی رہتی ہے۔ وہ وحی دوامی ہوتی ہے۔ ان کی خوابیں وحی منامی اور جو کلام کسی جگہ پر بُلا کر کیا جائے۔ وہ وحی مقامی ہے جیسے حضرت موسیٰ کو طور پر بُلا کر خاص کلام فرمانا۔ حضور ﷺ کو معراج میں قاب قوسین او ادنیٰ میں بلا کر خاص کلام فرمانا۔ آپ ﷺ کو وحی دوامی عطا ہوئی اور حضرت موسیٰ سے یہ وعدہ دوامی سے ہوا۔

**سوال نمبر 45: حضرت موسیٰ کو تورات ملنے کا واقعہ کس طرح پیش آیا۔ وضاحت کریں؟**

**جواب: تورات ملنے کا واقعہ:**

حضرت موسیٰ کو پہلے تیس دن طور پر رہنے، وہاں روزے اور دیگر عبادات کرنے کا حکم دیا گیا۔ جب یہ مدت پوری ہوئی اور رب سے کلام کرنے اور اس سے کلام کرنے کا وقت آیا تو موسیٰ نے مسواک کر لی تا کہ منہ سے کسی طرح کی بُری مہک نہ آئے۔ فرشتوں نے یا خود رب تعالیٰ نے فرمایا کہ اے موسیٰ روزے دار کے مُنہ کی مہک مشک سے زیادہ پیاری ہوتی ہے۔ تم نے مسواک کیوں کر لی۔ اچھا اب دس مزید روزے رکھنے ہوں گے تا کہ پھر وہی خوشبو پیدا ہو تب آپ کو تورات عطا ہوئی۔

**سوال نمبر 46: فرعون کے ڈوبنے سے پہلے حضرت موسیٰ نے بنی اسرائیل سے کیا وعدہ کیا؟**

**جواب: موسیٰ کا بنی اسرائیل سے عہد:**

موسیٰ نے فرعون کے ڈوبنے سے پہلے بنی اسرائیل سے وعدہ فرمایا تھا کہ جب تمہارا دُشمن ہلاک ہو جائے گا تو تمہیں رب تعالیٰ اپنی کتاب عطا فرمائیں گے۔ جس میں اوامر و نواہی کے احکام تفصیل وار بیان ہوں گے۔

**سوال نمبر 47: حضرت موسیٰ اس دُنیا میں دیدارِ الٰہی کیوں نہ کر سکے؟ وجوہات بیان کریں۔ (الاعراف: ۱۴۳)**

**جواب: دیدار الٰہی نہ ہونے کی وجہ:**

وَ لَمَّا جَآءَ مُوْسٰی لِمِیْقَاتِنَا۔۔۔۔۔

(ترجمہ) اور جب آئے موسیٰ واسطے ملاقات ہماری کے۔۔۔

(۱) یہ اس لئے کہ اس زندگی میں خدا کا دیدار خلاف قانون ہے۔ قیامت اور بعد قیامت موسیٰ یا دوسرے انبیاء کرام تھے۔ غلام مومنین بھی رب کو دیکھیں گے۔

(۲) اس لئے بھی کہ بیداری میں ان ظاہری آنکھوں سے زمین پر رہ کر خدا کا دیدار خلافِ قانون ہے اس آنکھ میں تو سورج دیکھنے کی بھی تاب نہیں پھر خالق سورج کو کیسے دیکھ سکتی ہے۔

**سوال نمبر 48: حضرت موسیٰ کو رب تعالیٰ سے کلام کرنے کے بعد کیا شوق پیدا ہوا؟**

**جواب: موسیٰ کا شوقِ دیدار:**

رب تعالیٰ سے کلام کرنے کے بعد خیال فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ کے کلام میں یہ لطف اور لذت ہے تو اس کے دیدار میں کیسی

فرحت ولذت اور کیسا سُرور ہوگا۔ نہایت ہی شوق میں عرض کر بیٹھے کہ مولیٰ مجھے اپنا جمال اور اپنی ذات پاک کا دیدار دکھادے۔ اس طرح کہ دکھانے والا تو ہو اور ان آنکھوں سے نظارہ کرنے والا میں ہوں۔

**سوال نمبر 49: دیدارِ الٰہی کے ممکن ہونے کے متعلق کتنے اقوال ہیں؟**

**جواب: دیدار الٰہی کے متعلق اقوال:**

دیدار الٰہی کے متعلق تین قول ہیں۔

(۱) ایک یہ کہ دُنیا میں اِن آنکھوں سے بیداری کی حالت میں اللہ تعالیٰ کا دیدار ممکن بھی ہے اور واقع بھی۔ چنانچہ موسیٰؑ نے اس موقع پر رب کو دیکھا، دیکھنے کے بعد بے ہوش ہو گئے۔ یہ قول شیخ ابراہیم کوکورالی کا ہے۔

(۲) دوسرے یہ کہ رب تعالیٰ کا دیدار بالکل ناممکن ہے۔ اسے نہ تو کوئی اس دُنیا میں دیکھ سکے، نہ مرنے کے بعد، نہ قیامت میں، نہ جنت میں۔ (یہ قول معتزلہ کا ہے)

(۳) تیسرے یہ کہ دُنیا میں رب کا دیدار ممکن تو ہے مگر واقع نہیں۔ مرنے کے بعض مقبولین کو دیدار ہوتا ہے۔ قیامت میں مومنین کو یونہی جنت میں دیدار ہوگا۔ نیز حضورؐ نے معراج کی ذاتِ الٰہی کو اپنے سر کی آنکھوں سے دیکھا۔ یہ قول اہلسنت کا ہے اور یہی قوی ہے۔

**سوال نمبر 50: کیا اللہ تعالیٰ موت کے بعد اپنے بندوں کو اپنا دیدار عطا کرتا ہے؟**

**جواب: رب تعالیٰ کا دیدار:**

رب تعالیٰ بعد موت شہداء کو دیدار دیتا ہے اور اس نے خصوصیت سے حضرت جابرؓ کے والد عبداللہ کو دیدار عطا فرمایا۔ حدیث میں ہے کہ جنتی اپنے رب کو اس طرح دیکھیں گے جیسے چودھویں رات کا چاند دیکھا جاتا ہے۔ (بخاری و مُسلم)

**سوال نمبر 51: دیدارِ الٰہی کے بعد حضرت موسیٰؑ نے رب تعالیٰ سے کیا دُعا مانگی؟**

**جواب: دیدارِ الٰہی کے بعد موسیٰؑ کی رب سے دُعا:**

دیدار الٰہی کے بعد جب حضرت موسیٰؑ بیہوش ہو کر گرے تو ہوش میں آنے کے بعد زبان مبارک سے جو پہلا لفظ نکلا وہ یہ تھا کہ مولا تو دکھائی دینے سے پاک ہے بلکہ تو وہم فکر کے احاطہ سے وراء ہے۔

تو دل میں تو آتا ہے، سمجھ میں نہیں آتا
پہچان گیا میں تیری پہچان یہی ہے

ایسی دُعا اور ایسی التجا سے میری توبہ۔ میں کبھی یہ التجا نہ کروں گا۔ میں پہلا مومن ہوں جس نے یہ نظارہ دیکھ کر یقین کیا کہ تو کسی کے دکھائی دینے سے پاک ہے اوروں کو اس کا یقین ہونا چاہیے۔ مجھے اس کا عین الیقین بلکہ حق الیقین ہو گیا۔

**سوال نمبر 52: دیدارِ الٰہی کے بعد حضرت موسیٰؑ کی کیا کیفیات وحالات تھے؟**

**جواب: دیدارِ الٰہی کے بعد موسیٰؑ کی کیفیت:**

جب موسیٰؑ اس واقعہ کے بعد اپنی قوم میں واپس تشریف لائے تو جو بھی آپ کو دیکھتا بیہوش ہو جاتا تھا بلکہ رُوح المعانی نے یہاں فرمایا کہ چالیس دن تک موسیٰؑ کے رُخ پاک کی یہ حالت تھی کہ جو آپ کو دیکھتا وہ مرجاتا تھا اور آپ سات کوس سے چیونٹی دیکھ لیتے تھے۔ اندھیری رات میں رب تعالیٰ نے آپ سے بارہ سو کلمات

میں کلام فرمایا اور آپ نے ہمہ تن گوش ہو کر ہر رونگٹے سے یہ کلام سُنا۔

**سوال نمبر 53: حضرت موسیٰؑ کو کن درجات سے نوازا گیا؟**

**حضرت موسیٰؑ غشی سے ہوش میں آئے تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو کیا جواب دیا؟**

**جواب: درجاتِ موسیٰؑ**

قَالَ یٰمُوْسٰی اِنِّیْ اصْطَفَیْتُکَ۔۔۔۔۔۔۔

جب موسیٰؑ غشی سے ہوش میں آئے اور وہ کلمات توبہ عرض کیے تو رب تعالیٰ نے جواب میں نہایت کرم نوازی سے فرمایا کہ اے میرے موسیٰؑ اگرچہ ہم نے تم کو اپنا دیدار ہزار ہا حکمتوں کی بناء پر نہیں دیا۔ مگر تم کو اور بہت سی نعمتیں بخشیں۔

(۱) ان میں سے ایک یہ ہے کہ ہم نے تم کو تمام موجودہ انسانوں میں سے چُن لیا۔

(۲) تم کو آیاتِ تورات اور تختیاں عطا فرمائیں۔

(۳) تم سے بلاواسطہ کلام فرمایا۔ تم کو کلیم اللہ کا لقب عطا فرمایا کہ تم نے ہمارا کلام خود ہی ہم سے سُنا۔ تم ان نعمتوں کو ان درجات کو مضبوطی سے سنبھالے رکھو۔ تمہارے اعمال، احوال، افعال ایسے ہوں جو تمہاری شان کے لائق ہوں اور تم ہمیشہ جناتی، لسانی، ارکانی شکر ادا کرتے رہنا اور شکر کرنے والوں میں ہو۔

**سوال نمبر 54: حضرت موسیٰؑ پر جو تختیاں نازل ہوئیں وہ کس چیز کی تھیں؟ (الاعراف: ۱۴۵)**

**جواب: موسیٰؑ کی تختی کی نوعیت:**

وَ کَتَبْنَا لَهٗ فِی الْاَلْوَاحِ۔۔۔۔۔۔۔ دَارَ الْفٰسِقِیْنَ O

(ترجمہ) اور لکھا ہم نے اس کے لئے تختیوں میں۔۔۔۔

لوح کے معانی تختی کے ہیں۔ یہ تختیاں کس چیز کی تھیں اور کتنی بڑی تھیں۔ اس کے بارے میں علماء کرام کے بہت اقوال ہیں۔

(۱) حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ لکڑی کی تھیں۔

(۲) کلبیؒ فرماتے ہیں کہ بہترین زبرجد کی تھیں۔

(۳) سعید ابنِ جبیرؓ کہتے ہیں کہ سُرخ یاقوت کی تھیں۔

(۴) ابنِ جریحؓ کہتے ہیں کہ زمرد کی تھیں۔

(۵) بعض علماء فرماتے ہیں کہ سات تھیں۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ سات تھیں اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ بیری کی لکڑی کی تھیں۔

**سوال نمبر 55: تورات کی تختیوں میں کس چیز کی نصیحت کی گئی تھی: (الاعراف: ۱۴۵)**

**جواب: تورات کی تختیوں کی نصیحت:**

وَ کَتَبْنَا فِی الْاَلْوَاحِ۔۔۔۔۔۔

(۱) **موعظۃ:** تورات میں سارے شرعی احکام کی نصیحت بنی اسرائیل کی نصیحت کے لئے تھی۔

(۲) **تفصیلاً:** دوسرے ہر چیز کی تفصیل جن میں علام غیبیہ، اسرار الٰہیہ، رموز وارشادات وغیرہ یہ موسیٰؑ اور علماء بنی اسرائیل کے لئے تھی۔

ہم نے موسیٰؑ سے فرمایا کہ آپ تورات کو مضبوطی سے پکڑ لو کہ اس پر پوری طرح عمل کریں۔ اس کے علوم اپنے سینے میں جمع کریں اور اپنی قوم بنی اسرائیل کو حکم دیں کہ تورات میں تمام احکام اچھے ہیں مگر بعض احکام بہت ہی اچھے۔ ان بہت ہی اچھے احکام پر ضرور بالضرور عمل کریں کہ وہ واجبات وفرائض ہیں باقی اچھے احکام پر بھی عمل کریں تو بہت ہی اچھا ہے کہ وہ مستحبات ونوافل ہیں۔

**سوال نمبر 56: تورات کے مطابق اُمتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امتیازی حیثیت اور خصوصیات کیا ہیں؟**

**جواب: تورات میں اُمت محمدیہ کی عظمت:**

حضرت کعب احبارؓ فرماتے ہیں کہ موسیٰؑ جب تورات لائے اور اس کا مطالعہ کیا تو رب سے عرض کیا کہ مولا! میں نے تو تورات میں ایک اُمت کا ذکر پڑھا ہے کہ وہ خیرالامم ہوگی۔ اچھی باتوں کا حکم کرے گی اور بری باتوں سے منع۔ تمام کتب پر ایمان لائے گی، ہمیشہ جہاد کرے گی حتیٰ کہ دجال سے جہاد کرے گی۔ خُدایا وہ اُمت مجھے دے دے۔ رب تعالیٰ نے فرمایا کہ اے موسیٰؑ! وہ اُمتِ محمدیہؐ ہے۔ عرض کیا مولیٰ ایک ایسی اُمت کا ذکر پڑھا جو رب تعالیٰ کی بہت حمد وثناء کرے گی۔ سورج کی رفتار کی پیمائش کرے گی۔ ہر ارادے پر ان شاء اللہ کہے گی۔ عرض کیا مولیٰ! میں نے ایسی اُمت کا بھی ذکر پڑھا ہے جو اپنی قربانیاں کفارات وصدقات خود کھایا کرے گی۔ غیبی آگ نہیں جلائے گی۔ وہ اُمت مجھے دے۔ حق تعالیٰ پھر فرمائے گا وہ بھی اُمتِ محمدیہؐ ہے۔ عرض کیا مولیٰ! ایک اُمت کا ذکر میں نے پڑھا ہے جو رب کی مانے گی، رب ان کی مانے گا۔ وہ قیامت میں شفاعت کرے گی اور اس کی شفاعت بھی قبول ہوگی۔ مولیٰ! وہ اُمت مجھے دے، فرمایا وہ اُمتِ محمدیہؐ ہے۔ عرض کیا مولا میں نے ایسی اُمت کا بھی پڑھا ہے جو سفر میں بلندی پر چڑھتے وقت تکبیر کہے گی اور نشیب میں اُترتے وقت تیری حمد کہے گی۔ وہ اُمت مجھے دے دے۔ حق تعالیٰ نے فرمایا وہ اُمتِ محمدیہؐ ہے۔ عرض کیا مولیٰ! میں نے ایسی اُمت کا ذکر بھی پڑھا ہے کہ ساری زمین کو اس کی مسجد بنا دیا جائے گا۔ مٹی اس کی طاہرت کا ذریعہ۔ ان کے چہرے، ہاتھ، پاؤں، اعضاء وضو سے چمکیں گے۔ وہ اُمت مجھے دیدے۔ فرمایا وہ اُمتِ محمدیہؐ ہے۔ عرض کیا مولیٰ! میں نے ایسی اُمت کا ذکر پڑھا ہے کہ جن کی کتاب ان کے سینے میں ہوگی، ان کی نماز کی صفیں فرشتوں کی صفوں کی طرح ہوں گی۔ وہ مسجدوں میں ذکر الٰہی ایسے کریں گے جیسے شہد کی مکھیاں۔ تُو اُن کو پیارا وہ مجھے پیاری، وہ اُمت مجھے دیدے۔ آخر میں عرض کیا مولیٰ! پھر تُو مجھے ان کے اصحاب میں سے کردے۔ اس سوال پر رب تعالیٰ نے موسیٰؑ کو وہ بشارتیں دیں جو یہاں مذکور ہیں:

اِنِّیۡ اصۡطَفَیۡتُکَ عَلَی النَّاسِ سے دَارَ الۡفٰسِقِیۡنَ تک۔ اس پر حضرت موسیٰؑ بہت ہی خوش ہوئے۔

**سوال نمبر 57: کیا قرآن مجید تورات سے افضل ہے؟**

**جواب: قرآن کی فضیلت:**

جی ہاں! قرآن مجید تورات سے زیادہ افضل ہے۔ پانچ وجوہات کی بناء پر۔

(۱) تورات لکھی ہوئی ملی ہے قرآن مجید پڑھا ہوا نازل ہوا۔ لکھے ہوئے سے وہ فوائد حاصل نہیں ہوتے جو پڑھنے سے حاصل ہوتے ہیں۔

(۲) تورات ایک دم آئی۔ قرآن مجید آہستہ آہستہ تئیس سال میں۔

(۳) تورات کی آیات کا شان نزول کوئی نہ تھا۔ مگر قرآن مجید کی آیات کے مختلف شان نزول ہیں کہ بہت سے احکام کی آیات حضرات صحابہ کرام کے کسی واقعہ پر ہوئیں۔

(۴) تورات شریف صرف بنی اسرائیل کے لئے آئی۔ قرآن مجید ساری خدائی کے لئے۔

(۵) تورات کی ترتیب اس کا جمع فرمایا رب تعالیٰ کی طرف سے ہوا مگر قرآن مجید کی ترتیب حضور انورؐ نے خود دی تا کہ حضورؐ کے علم غیب کا پتہ لگے کہ مدینہ میں بیٹھ کر لوحِ محفوظ کو دیکھتے ہیں۔

**سوال نمبر 58: حضرت موسیٰؑ کی غیر موجودگی میں قوم نے کیا غضب کیا؟ (الاعراف:۱۴۸)**

**جواب: موسیٰؑ کی قوم کا غضب ناک عمل:**

وَ اتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَام مِنْ بَعْدِہٖ عَجَلاً۔۔۔۔۔وَ كَانُوْا ظَالِمِیْنَ O

(ترجمہ) اور پکڑا قوم موسیٰؑ نے آپؑ کے بعد ایک بچھڑا۔۔۔۔۔
موسیٰؑ تورات لینے طور پر گئے تو پیچھے ان کی قوم نے یہ غضب کیا کہ ان کی غیر موجودگی میں اپنے ان زیوروں سے بچھڑا بنالیا جو فرعونیوں سے حاصل کیا تھا۔ وہ صرف سونے کا مجسمہ نہ تھا بلکہ اس کا جسم گائے کا تھا، کھال، گوشت، پوست وغیرہ کا مجموعہ۔ پھر بے جان نہ تھا بلکہ جاندار تھا۔ چنانچہ وہ بچھڑے کی طرح آواز نکالتا تھا۔ یہ لوگ عجیب چیز دیکھ کر اس کی پرستش کرنے لگے۔ اُنہوں نے سوچا کہ وہ بچھڑا نہ تو ان سے گفتگو کرتا ہے، نہ کوئی سوال و جواب صرف بے معنی آواز نکال رہا ہے۔ اس کا طواف کرنے لگے۔ اس کے آگے ناچتے، گاتے بجاتے تھے۔ اُچھلتے کودتے تھے۔ وہ اپنی ان حرکتوں کی وجہ سے نرے ظالم، فاسق و کافر تھے۔

**سوال نمبر 59: بچھڑے کی پوجا کرنے والون میں سے جن لوگوں نے توبہ نہ کی ان کے لئے کتنے عذاب ہیں؟ (الاعراف:۱۵۲)**

**جواب: مرتدین الٰہی کا عذاب:**

اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ۔۔۔۔۔۔۔نَجْزِی الْمُفْتَرِیْنَ O

(ترجمہ) بے شک جن لوگوں نے بچھڑا معبود بنالیا۔۔۔۔۔۔
دُنیا میں ان پر دو عذاب نازل ہونگے۔

(۱) اللہ تعالیٰ کا سخت غضب کہ وہ عزت والے تھے، ذلیل ہوجائیں گے۔ ان کا جسم بیماری اور وباء بن جائے گا ان کا سردار سامری، لوگوں کے پاس نہ بیٹھ سکے گا۔ ان سے مل جُل نہ سکے گا۔ جو اسے چھو جائے گا تو وہ بخار میں ہوجائے گا۔

(۲) سخت ذلت و رسوائی کہ ان کا بچھڑا خود ان کے سامنے ذبح کر کے راکھ بنا کر دریا میں بہادیا جائے گا اور یہ دیکھتے رہیں گے اور کچھ کہہ نہ سکے گے۔

**سوال نمبر 60: حضرت موسیٰؑ کی قوم نے کوہ طور پر پہنچ کر کیا غضب کیا؟ آپؑ نے کیا دُعا فرمائی؟**

**جواب: کوہ طور پر قومِ موسیٰؑ پر عذاب:**

ان لوگوں نے غضب کیا کہ طور پر پہنچ کر رب تعالیٰ کے دیدار کی تمنا کی یا چونکہ ان لوگوں نے پجاریوں کو اس جرم سے روکنے میں سستی کی تھی۔ ان کے ساتھ رہنا سہنا نہ چھوڑا تھا۔ اس وجہ سے ان پر ایک چیخ آئی جس سے زلزلہ پیدا ہوا جس سے وہ ستر کے ستر ہلاک ہوگئے۔ موسیٰؑ نے جب یہ واقعہ دیکھا تو خیال کیا کہ اگر اب میں اکیلا اپنی قوم میں واپس گیا تو میری قوم تو پہلے ہی سے سرکش اور بدگمان ہے۔ وہ مجھ پر الزام لگائے گی کہ ان ستر کو میں ہلاک کر آیا ہوں۔ تب آپؑ نے بارگاہ الٰہی میں ہاتھ اُٹھائے اور نہایت عجز و انکساری سے عرض کیا مولا! تو قادرِ مطلق ہے اگر تو چاہتا تو ان لوگوں کو طور پر آنے سے پہلے ہی قوم کے سامنے ہلاک کر دیتا بلکہ اگر تو چاہتا تو مجھے بھی وفات دے دیتا۔ مولیٰ! بھلا یہ ہوسکتا ہے کہ بعض کے قصور کی وجہ سے ہم سب کو فنا

کردے۔ مجھے تیرے کرم سے اُمید ہے کہ تو ایسا نہیں کرے گا۔ ہم سب کو بخش دے کہ ہمارے قصوروں سے درگزر فرما اور ہم پر نظرِ کرم فرما۔

**سوال نمبر 61: حضرت موسیٰؑ کی دُعا کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے کیا کہا؟**

**جواب: دُعائے موسیٰؑ پر اللہ تعالیٰ کا جواب:**

اس دُعا کے جواب میں رب تعالیٰ نے فرمایا کہ اے موسیٰؑ! ہمارے پاس ایک تو عذاب ہے اور تین رحمتیں۔ ہمارے عذاب کا معاملہ یہ ہے کہ ہم کسی بے قصور کو عذاب نہیں دیتے۔ قصور والوں میں سے جس کو چاہتے ہیں عذاب دیتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں بخش دیتے ہیں اور رہی میری رحمتیں تو ہماری رحمت عامہ رزق، صحت، دُنیا کی دوسری نعمتیں۔ یہ تو ہر بندے کو گھیرے ہوئے ہیں کہ ہر کافر، مومن، مطیع، نافرمان کو پہنچ رہی ہیں۔

رہی دوسری رحمت خاصہ یعنی رحمت حاصہ عرفان اور اپنا قرب وغیرہ۔ یہ ہم ان کے مقدر میں کرتے ہیں جو پرہیزگار ہوں خصوصاً زکوٰۃ دیتے ہوں ساتھ ہی وہ ہماری ساری آیات پر ایمان رکھتے ہوں کہ نیکی بغیر ایمان قبول نہیں ہوتی۔ لہٰذا تمہاری یہ دُعا ان خاص لوگوں کے لئے قبول ہے کہ ہم متقیوں کو اس رحمت سے نوازیں گے۔ تمہاری دُعا ترمیم کے ساتھ قبول ہے۔

**سوال نمبر 62: آیت نمبر 156 میں کن دو دعاؤں کا ذکر ہے؟ (الاعراف:۱۵۶)**

**جواب: موسیٰؑ کی رب تعالیٰ سے دُعا:**

وَاکْتُبْ لَنَا ھٰذَا۔۔۔بِاٰیٰتِنَا یُؤْمِنُوْنَ O

یہاں دو دعاؤں کا ذکر ہے کہ:

(۱) آپ نے عرض کیا کہ خدایا ہماری ساری قوم یعنی بنی اسرائیل کے مقدر میں دُنیا کی خاص بھلائی بھی لکھ دے۔

(۲) آخرت کی بھلائی بھی عطا فرما۔ دُنیا میں ہم کو خیر کی توفیق اچھا ذکر تمام قوموں پر شرف عطا فرما۔ آخرت میں مغفرت، رحمت، دوسروں پر اظہار شرف عطا فرما کیونکہ ہم نے اے مولیٰ! تیری طرف رجوع کیا ہے کہ بچھڑا پرستوں نے اپنے اس جرم سے توبہ کرلی ہے۔ ان ستر آدمیوں نے جنہوں نے تیرے دیدار کا تقاضا کیا تھا اس سے رجوع کرلیا ہے حتیٰ کہ میں نے تیرے دیدار کا شوق کیا تھا اس سے توبہ کرلی۔ سُبْحٰنَکَ تُبْتُ اِلَیْکَ۔ مولیٰ! جب ہم سب تیری طرف رجوع کر چکے تو اپنے کرم سے توبہ قبول فرما۔

**سوال نمبر 63: آیت نمبر 157 میں حضورؐ کی کتنی صفتیں اور کتنے افعال بیان ہوئے ہیں؟ (الاعراف:۱۵۷)**

**جواب: حضورؐ کی صفات وافعال:**

اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ۔۔۔اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ O

اس آیت میں پاک میں حضورؐ کے نو اوصاف بیان ہوئے ہیں جن میں تین تو حضورؐ کی صفتیں ہیں۔ رسول، نبی، اُمی اور چھ حضورؐ کے افعال ہیں۔ صفات دائمی ہوتی ہیں۔ افعال وقتی۔ افعال پاک جو آیت میں مذکور ہیں۔ وہ یہ ہیں:

(۱) وہ اللہ تعالیٰ کے نبی اور رسول ہیں۔

(۲) ساری مخلوق کے نبی ہیں۔

(۳) اُم القریٰ یعنی مکہ معظّمہ کے رہنے والے ماں کے شکم سے عالم اور صاحب درجات ہیں۔

(۴) ان کے نام، ان کے اوصافِ حمیدہ حتیٰ کہ حُلیہ مبارک تورات میں بھی ہوگا، انجیل میں بھی۔ ان کے نام، احکام اور اوصاف بنی اسرائیل کو یاد ہونگے۔

(۵) وہ لوگوں کو اچھی باتوں کا حکم کریں گے، بُری باتوں سے روکیں گے۔

(۶) جو چیزیں ان کی سرکشی کی وجہ سے حرام کردی گئی ہیں جیسے اونٹ کا گوشت ان کو حلال کردیں گے۔

(۷) مال کی زکوٰۃ

(۸) نجس کپڑا اجلانا۔

(۱۰) نجس عضو کو کاٹنا۔

**سوال نمبر 64: حضورؐ کی تعظیم وتوقیر حضورؐ کا ادب کس طرح فرض ہے؟ (الاعراف:۱۵۷)**

**جواب: حضورؐ کی تعظیم وتوقیر کی انتہا:**

وَعَزَّرُوْہُ وَنَصَرُوْہُ۔۔۔۔۔مُفْلِحُوْنَO

آنحضورؐ تمام دُنیا کے لئے اللہ تعالیٰ کی خاص الخاص نعمت ورحمت ہیں جن کی خاطر دُنیا بنائی گئی اور جنت سجائی گئی۔ ان کا ادب، احترام، تعظیم جانِ ایمان ہے اور ہر وقت ہر طرح فرض ہے اس کے لئے کسی ثبوت یا نقل کی ضرورت نہیں جو تعظیم اسلام میں حرام نہ ہو وہ کرو۔ آداب رسالت مآبؐ قرآن مجید میں مسلمانوں کو سکھائے ہیں۔ رب تعالیٰ نے فرمایا میرے محبوبؐ کو راعنا نہ کہو بلکہ اُنظر کہو۔ آپؐ سے آگے نہ بڑھو۔ آپؐ سے ادب سے بات کرو۔ چلا کر نہ بولو۔ اگر وہ دعوت کریں تو کھانا تیار ہونے سے پہلے ان کے گھر نہ پہنچ جاؤ۔ اب بھی آنحضورؐ کے روضہ مبارکہ پر لکھا ہوا ہے۔

لَاتَرْفَعُوْا اَصْوَاتَکُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِO

(ترجمہ) اپنی آوازوں کو نبی معظمؐ کے قریب اونچا نہ کرو۔

**سوال نمبر 65: کیا عام مخلوقات پر حضورؐ کی اتباع اور احترام کیسے لازم ہے؟ وضاحت کریں۔**

**جواب: حضورؐ کی اتباع اور احترام:**

اگرچہ حضورؐ ساری مخلوقات کے نبی بھی ہیں، شفیع بھی مگر رسالت عامہ آپؐ کی خصوصی صفت ہے اور آپ کی اتباع کوئی بھی ہو سب پر لازم ہے۔ کوئی جن وانس کسی درجہ پر پہنچ جائے حضورؐ کی نبوت سے کسی حالت میں نکل نہیں سکتا۔ سارے اولیاء علماء حتیٰ کہ چار زندہ نبی حضرت عیسیٰؑ، ادریسؑ، الیاسؑ وخضرؑ اور اصحابِ کہف سب کے سب حضورؐ کے اُمتی ہیں اور حضورؐ ان سب کے رسولؐ اور آپؐ کی سلطنت نہ صرف تمام مخلوقات بلکہ ہوائیں، فضائیں، زمین، آسمان سب پر چھائی ہوئی ہے اور آپؐ کی مطیع اور تابع ہے۔

جس کے گھیرے میں ہیں انبیاء ورسل
اس کی قاہر ریاست پر لاکھوں سلام
مصطفیٰؐ جانِ رحمت پر لاکھوں سلام

**سوال نمبر 66: آیت نمبر 159 میں اُمۃ سے کیا مُراد ہے اور کون سی قوم کے بارے میں فرمایا گیا؟ (الاعراف:۱۵۹)**

**جواب: ارضِ چین کے افراد:**

وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَام اُمَّۃٌ یَّھْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِہٖ یَعْدِلُوْنَO

(ترجمہ) اور موسیٰؑ کی قوم سے ایک گروہ ہے جو حق کی راہ بتاتا ہے اور اس سے انصاف کرتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں اُنھوں نے ابن جریج سے روایت کیا کہ بنی اسرائیل تقریباً بارہ گروہ تھے جنہیں اسباط

کہا جاتا تھا۔ ان میں سے گیارہ تو بدترین حالت میں گرفتار ہوگئے۔ ایک گروہ جو حق پر قائم تھا۔ بارگاہِ الٰہی میں دُعا کی کہ مولیٰ! ہم ان لوگوں سے بیزار ہیں ہم کو اِن سے الگ کردے۔ حق تعالیٰ نے انہیں غیبی طریقہ سے چین کے آخری حصہ میں پہنچادیا اور فرمایا کہ تم یہاں الگ تھلگ آباد رہو۔ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ یہاں اُمۃ سے یہ ہی اُمت اور یہی زمین چین ہے اور وعدالاخرۃ سے مُراد قریب قیامت عیسیٰؑ کا نزول اور وہ لوگ اب بھی چین کے ایک حصہ میں آباد ہیں مگر مخلوق کی نگاہ سے پوشیدہ حضور انورؐ معراج کی رات وہاں تشریف لے گئے انہیں اپنا کلمہ پڑھایا اور مسلمان بنایا اور انہیں قرآنی تعلیمات سکھائیں اور اسلام کے احکامات سکھائے۔ یہاں اُمت سے یہی لوگ مُراد ہیں۔

**سوال نمبر 67: اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو کتنے قبیلوں میں بانٹ دیا اور ان پر کون کون سے انعامات کئے؟ (الاعراف: ۱۶۰)**

**جواب: بنی اسرائیل کے قبیلے اوران پر انعامات:**

وَ قَطَّعۡنٰهُمُ اثۡنَتَیۡ عَشۡرَةَ اَسۡبَاطًا اُمَمًا۔۔۔

(ترجمہ) اور ہم نے انہیں بانٹ دیا بارہ قبیلے گروہ گروہ۔۔۔

بنی اسرائیل حضرت یعقوبؑ کے بارہ بیٹوں کی اولاد ہیں اس لئے انہیں بارہ قبیلے کردیا گیا تھا۔ ہر بیٹے کی اولاد کا ایک قبیلہ ۔ یہ لوگ ایک سنگین جُرم کی بناء پر ایک لق دق جنگل تیہ میں چالیس سال قید کردیئے گئے۔ اس عرصہ میں بھی رب تعالیٰ نے انعامات سے نوازا کیونکہ ان کو موسیٰؑ کلیم اللہ کا ساتھ حاصل تھا۔ وہاں اِن کو کھانا پینا اور سایہ کی سخت ضرورت پیش آئی۔ اُنہوں نے ہر مشکل پیش آنے پر حضرت موسیٰؑ کی طرف رجوع کیا۔ حضرت موسیٰؑ نے اپنا عصا مبارک پتھر پر بحکمِ الٰہی مارا۔ پتھر سے فوراً بارہ چشمے پھوٹ پڑے۔ جہاں سے وہ اپنی ضروریات پوری کرتے۔ اس کے علاوہ ہم نے ان پر دن میں سایہ ہلکا سفید بادل مقرر فرمایا جو برستا نہ تھا مگر انہیں دھوپ سے محفوظ رکھتا تھا اور اِن کے کھانے کے لئے نہایت لذیذ میٹھا حلوہ مَن اور نمکین کباب سلویٰ عطا فرمایا۔ اسے بلا روک ٹوک کھاؤ۔ صرف کھانا کل کے لئے نہ بچانا کہ یہ توکل کے خلاف ہے مگر وہ وہاں بھی نافرمانی سے باز نہ آئے۔ چوری چوری بچا کر رکھنے لگے۔ اس حرکت سے اُنہوں نے ہمارا تو کچھ نہ بگاڑا۔ اپنا ہی نقصان کریں کہ اس نعمت سے ہمیشہ کے لئے محروم کردیئے گئے اور لعنت بھی ہمیشہ کے لئے پڑگئی۔

**سوال نمبر 68: مَن اور سلویٰ سے کیا مُراد ہے نیز ان نعمتوں کے کیا فائدے تھے؟**

**جواب: بنی اسرائیل پر نعمت من وسلویٰ:**

وَ ظَلَّلۡنَا عَلَیۡهِمُ الۡغَمَامَ وَ اَنۡزَلۡنَا عَلَیۡکُمُ الۡمَنَّ وَ السَّلۡوٰی۔۔۔

(ترجمہ) اور سایہ کیا ہم نے بادلوں کو اور اُتارا ہم نے من وسلوی۔۔۔

یہ اِن خصوصی نعمتوں میں سے تھا جو بنی اسرائیلیوں پر میدان تیہ میں عطا کی گئیں۔ اِن کی غذا کے لئے اللہ تعالیٰ نے من ایک لذیذ حلوہ تھا جو رات کو شبنم کی طرح برس جاتا تھا۔ صبح یہ سارے میدان میں اسے جما ہوا پاتے اور اسے کھرچ کر اُٹھاتے اور کھاتے تھے اور سلویٰ ایک خاص چڑیا تھی جسے سمانی کہا جاتا ہے جو عام چڑیوں سے بڑی اور کبوتری سے چھوٹی ہوتی ہے۔ اس کا

گوشت دوسرے پرندوں کے گوشت سے بہت ہی لذیذ ہوتا ہے۔اس سے کوئی بیماری پیدانہیں ہوتی تھی اور نہ ہی اس کے حاصل کرنے میں کوئی مشقت ہوتی تھی۔

**سوال نمبر 69: بنی اسرائیلیوں کے حِطَّۃٌ کی جگہ حِنْطَۃٌ کہنے کی کیا سزا ملی؟(الاعراف:۱۶۱)**

**جواب: بنی اسرائیل کی سزا:**

وَاِذَا قِیْلَ لَھُمُ اسْکُنُوْا۔۔۔۔۔سَنَزِیْدُ الْمُحْسِنِیْنَ O

(ترجمہ)اور جب کہا جاتا واسطے ان کے رہو۔۔۔۔

حضرت موسیٰؑ کی وفات کے بعد حضرت یوشعؑ کے زمانہ میں بنی اسرائیل کو بیت المقدس میں داخلہ کا حکم دیا گیا۔جب وہ میدان تیہ سے چالیس سال بعد رہا ہوئے اُنہوں نے وہ کہا جو ہمارے کہے ہوئے کے بالکل برعکس تھا کہ بجائے حِطَّۃٌ کی حِنطَۃٌ کہا یعنی بجائے معافی مانگنے کے گندم مانگنے لگے۔اِن ظالموں نے ہماری بتائی ہوئی بات کو غلط اور بے موقع سمجھا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان پر عذاب آسمانی بھیجا جس سے وہ ہزاروں کی تعداد میں بیک وقت ہلاک ہوگئے۔یہ ان کے گذشتہ اور موجودہ ظلموں کی سزا تھی۔

**سوال نمبر 70: بنی اسرائیلیوں کو کس بستی میں داخل ہونے کا حکم ملا؟واقعہ کی وضاحت کریں۔**

**جواب: بنی اسرائیل کا اریحاء کی بستی میں داخلہ:**

رب تعالیٰ نے اپنے نبی یوشعؑ کی معرفت ان سے فرمایا کہ تم اریحاء کی بستی میں رہو سہو اور وہاں کے پھل خرید کر کھاؤ۔اِن سے یہ بھی فرمایا کہ اس شہر کے دروازے پر پہنچو تو داخل ہوتے وقت اس کے احترام میں سجدہ کناں ہوجانا اور یہ کہنا کہ خُدایا معافی دے۔ہم تم سے وعدہ فرماتے ہیں کہ تمہارے سارے گناہ معاف فرمادیں گے اور بے گناہ لوگوں کے درجے بلند کریں گے۔اپنے فضل وکرم سے زیادہ رحمتیں دیں گے۔مگر اس چالیس سالہ قید وبند برداشت کر چکنے کے بعد اور باوجود ان کی سرکشی کا یہ حال تھا ان میں سے ظالموں نے ہماری بتائی ہوئی بات کو بالکل ہی بدل دیا۔

**سوال نمبر 71: کس بستی کے لوگوں پر ہفتے کے دن شکار کرنا حرام تھا؟(الاعراف ۱۶۳)**

**جواب: بنی اسرائیل کی آزمائش:**

حضرت داوٗدؑ کے زمانہ میں ایلہ کی بستی کنارہ سمندر پر آباد تھی اور یہ لوگ اسی بستی میں رہتے تھے جو مدین اور طور کے درمیان واقع تھی۔اس بستی والوں کا گزارہ عموماً مچھلیوں کے شکار پر ہوتا۔اللہ تعالیٰ نے ان کی آزمائش کی کہ ہفتے کے دن شکار کرنا حرام تھا تاکہ وہ ہفتہ کے دن اپنی عبادات کے لئے خاص کرلیں۔

**سوال نمبر 72: مقدس دن کے احترام کے متعلق دینِ موسویؑ اور دینِ محمدیؐ کے احکامات میں کتنا فرق ہے؟**

**جواب: احکامات میں فرق:**

(۱) یہود ہفتے کے سارے دن سارے دُنیاوی کاروبار، شکار وغیرہ حرام تھے مگر اسلام میں جمعہ کے دن صرف اذان جمعہ سے لیکر نماز جمعہ ختم ہونے تک کاروبار حرام ہیں۔دن کے باقی حصے میں جائز ہے۔

(۲) آذانِ جمعہ کے بعد بھی اگر کاروبار جمعہ کی تیاری میں منع نہ ہوتو جائز ہے جیسے کوئی شخص چاہے مسجد میں آتے ہوئے راستے میں چلتے چلتے سودا کرلے تو جائز ہے، بنی اسرائیل کے لئے یہ بھی حرام تھا۔

(۳) مسلمانوں میں جس پر نماز جمعہ فرض نہیں مثلاً عورتوں، بچوں، بیماروں، مسافروں پر نماز جمعہ فرض نہیں ان کے لئے کاروبار بھی حرام نہیں۔ بنی اسرائیلیوں میں یہ فرق تھا ان کے مرد وزن، بوڑھے، جوان، بچے دیہاتی، شہری، تندرست، بیمار پر سارا دن دُنیاوی کاروبار شکار وغیرہ حرام تھا۔

(۴) اسرائیلیوں نے جب ہفتے کا یہ احترام نہ کیا تو ان پر عذاب الٰہی آ گیا۔ مگر گنہگار مسلمان اگر جمعہ میں نہ پڑھیں اور اپنی بدبختی سے یہ فریضہ چھوڑ دیں تو ان پر عذاب نہیں آتا کیونکہ اب رحمۃ العالمین کا راج ہے۔ اب راج اور ہے اور قانون بھی اور ہے۔

**سوال نمبر 73: آیت 164 میں کن دو گروہوں کا ذکر ہے؟ (الاعراف:۱۶۴)**

**جواب: قرآن میں مبلغین کا ذکر:**

اس آیت میں ان آخری گروہوں کا ذکر ہے۔ چنانچہ خاموش رہنے والے، مبلغین سے بولے کہ تم لوگ ان عادی مجرموں کو کیوں سمجھاتے ہو۔ ان کی تبلیغ میں وقت کیوں ضائع کرتے ہو۔ یہ لوگ بدکاریوں سے باز آنے والے نہیں۔ اللہ تعالیٰ یا تو انہیں ہلاک کرے گا یا ان کو سخت مصیبتوں میں گرفتار کرے گا۔ تب مبلغین بولے کہ ہمارے رب تعالیٰ سے یہ کہہ سکیں کہ مولیٰ ہم نے اپنا فرض ادا کر دیا تھا یہ لوگ نہ مانے۔ دوسرے یہ کہ شاید یہ سب ہماری بات مان لیں اور مان کر توبہ کر لیں اور متقی بن جائیں۔

**سوال نمبر 74: اصحاب سبت پر عذاب کیسے آیا؟ وضاحت کریں۔ (الاعراف:۱۶۵۔۱۶۶)**

**جواب: بنی اسرائیل کی آزمائش:**

فَلَمَّا نَسُوْا مَاذُكِّرُوْا بِهٖ۔۔۔۔۔قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ O

(ترجمہ) پس جب بھول گئے جو نصیحت کئے گئے تھے۔۔۔۔۔ ہفتے کے روز سطح سمندر مچھلیوں کے منہ سے کالی ہو جاتی تھی۔ پھر جیسے ہی ہفتہ گزرتا مچھلیاں غائب ہو جاتیں۔ عرصہ تک تو یہ لوگ صبر کرتے رہے پھر اِن میں سے ایک آدمی نے ہفتہ کے دن ایک مچھلی پکڑ کر اس کے منہ کو مضبوط دھاگہ باندھ دیا اور اسے سمندر میں چھوڑ دیا مگر دھاگا کا دوسرا سرا کنارہ سمندر پر ایک کیل سے باندھ دیا جس سے وہ مچھلی بھاگ نہ سکی۔ پھر اس دھاگے کے ذریعے اتوار کے دن اسے پکڑ لیا اور غور کیا کہ ہمارے اس کام پر عذاب آتا ہے یا نہیں۔ عذاب کوئی نہ آیا تو اگلے ہفتہ دو مچھلیاں اسی طرح شکار کیں پھر بھی عذاب نہ آیا۔ جب ان سب کو عذاب نہ آنے کا یقین ہو گیا تو عام طور پر لوگ اسی طرح دھاگے کے ذریعے شکار کرنے لگے اور مچھلی کی تجارت خوب چمک گئی پھر اُنہوں نے خیال کیا کہ دھاگے سے شکار کرنے میں دُشواری ہوتی ہے تو سمندر کے قریب بڑے بڑے حوض کھودے اور اِن کے ذریعے شکار کرنے لگے جیسا کہ ابھی پچھلی آیت میں ذکر کیا گیا ہے۔ ان شکاریوں کی تعداد میں اختلاف ہے۔ قوی یہ ہے کہ ستر ہزار تھے۔ ایک دن الگ ہونے والے لوگوں نے دیکھا کہ دیوار کے پیچھے نہ چہل پہل ہے نہ کسی کی آواز۔ تب دونوں جماعتیں دیوار پر چڑھیں، دیکھا کہ اس طرف صرف بندر ہی بندر بھرے پڑے ہیں۔ اِن کو دیکھ کر ان کے پاس دُم ہلاتے، آنسو بہاتے آئے۔ ان لوگوں نے کہا ہم نے تم لوگوں کو منع نہیں کیا تھا۔ یہ بندر سمجھتے، جانتے، پہچانتے تھے مگر منہ سے کچھ بول نہیں سکتے تھے۔ آخر کار تین دن کے بعد ہلاک ہو گئے۔ یہ واقعہ حضرت داؤدؑ کے زمانہ میں ہوا۔

**سوال نمبر 75: مسخ شدہ قوموں کے اثرات کہاں کہاں ہوتے ہیں؟ (الاعراف:۱۶۵۔۱۶۶)**

**جواب: مسخ شدہ قوموں کے اثرات:**

مسخ شدہ قوموں کی نسل نہیں چلتی اور ان کا مکان، علاقے، تمام املاک اس جگہ کے اندر رہنے والی تمام چیزوں پر عذاب اثر کرتا ہے جیسا کہ حدیث مبارکہ میں ارشاد نبویؐ ہے کہ عذاب شدہ بسیوں کے اندر سے اگر گزرنا پڑ جائے تو استغفراللہ پڑھتے ہوئے جلدی سے اس علاقے سے نکل جاؤ کہ ان بستیوں پر قہرِ خداوندی ہو گزرا ہے اس لئے اللہ تعالیٰ کے قہر سے پناہ مانگتے ہوئے گزر جاؤ۔ مسخ شدہ لوگ سارے کے سارے ہلاک کر دیئے گئے اور ان کی کوئی نسل باقی نہ رہی۔

**سوال نمبر 76: آیت مذکورہ میں بنی اسرائیلیوں کے کون کون سے عیب بیان کئے گئے ہیں؟ (الاعراف:۱۶۹)**

**جواب: بنی اسرائیل کے عیب:**

فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ۔۔۔اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ O

((ترجمہ) پس پیچھے آئے ان کے پیچھے آنے والے۔۔۔۔۔

(۱) رشوت لے کر احکامِ تورات بدل کر تحریفیں کرنا۔

(۲) پھر ڈھٹائی سے کہتے پھرتے کہ ہمارا یہ گناہ معاف کر دیا جائے گا۔

(۳) اس جرم پر قائم رہنا کہ جب رشوت ملے لیکر اور حکم شرعی کو بدل دینا۔

(۴) یہ تمام جُرم بے خبری نادانی سے نہیں بلکہ دیدہ دانستہ کرتے رہنا۔ چنانچہ ارشاد ہوا کہ جن بنی اسرائیلیوں کا حال آیت میں پڑھا ہے وہ سارے کے سارے نالائق، ناخلف جانشیں ہوئے۔ (استغفراللہ من ذلک)

**سوال نمبر 77: آیت مذکورہ میں کن عہد و پیمان کا ذکر ہے؟ وضاحت کریں؟ (الاعراف:۱۷۴)**

**جواب: عہد و پیمان کا ذکر قرآن میں:**

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّکَ مِنْ بَنِیْٓ اٰدَمَ۔۔۔۔۔۔

اس آیت میں احادیث کے مطابق اس عہد و پیمان کا ذکر پاک ہے جب اللہ تعالیٰ نے عالم ارواح میں حضرت آدمؑ کی پشت مبارک پر اپنا دست اقدس پھیرا جس سے وہ رُوحیں چیونٹیوں کی شکل میں ایسے نکلیں جیسے پسینہ نکلتا ہے پھر آدمؑ کی اولاد سے ان کی اولاد، تمام ارواح سے رب تعالیٰ نے عہد و پیمان لئے۔ اپنی الوہیت کے اور ربوبیت کے اور آنحضورؐ کی نبوت کے یہ عہد اللہ پاک نے پہلے انبیاء سے لئے پھر صدیقین سے پھر شہداء اور پھر صالحین سے اس کے بعد تمام عام لوگوں کی ارواح سے۔ رب تعالیٰ نے پوچھا کہ بتاؤ کیا میں تمہارا رب ہوں! تمام ارواح نے جواب دیا کہ ''بلیٰ'' ہاں رب العالمین تو ہی ہمارا رب ہے۔ ہم اس عہد کی گواہی دیتے ہیں۔ مومنین کی ارواح نے خوشی خوشی بلیٰ کہا۔ مگر کفار کی ارواح نے زبردستی اور بے دلی سے کہا اس میں اسی عالم ارواح کے عہد کا ذکر ہے۔

**سوال نمبر 78: بلعم باعوارا کا واقعہ تفصیلاً بیان کریں؟**

**جواب: واقعہ بلعم باعورا:**

حضرت موسیٰؑ کے زمانہ پاک میں بنی اسرائیل کا ایک بڑا عالم، صوفی پیر تھا جس کا نام بلعم یا بلعام بن باعورا تھا۔ یہ تھا تو اسرائیلی مگر جبارین کی بستی میں رہتا تھا جو ملک شام میں واقع تھی۔ اس کی بیوی اسی قوم جبارین سے تھی۔ بلعم اس وقت کا بڑا ولی، عالم صوفی تھا۔ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم جانتا تھا، مقبول الدُعا تھا۔ اس

کے مکتب میں بارہ ہزار طلباء ہوتے تھے جو اس کا بتایا ہوا سبق لکھ لیتے تھے۔ اس کی ہر بات لکھی جاتی تھی۔ حضرت موسیٰؑ بنی اسرائیل کو ساتھ لیکر اس علاقے پر حملہ کرتے اسے فتح فرمانے کے لئے جب کنعانی علاقے میں داخل ہوئے جو شام کے علاقے میں تھا۔تو قوم جبارین جمع ہوکر اس کے پاس آئی اور کہا کہ موسیٰؑ تیز مزاج ہیں اور اِن کے ساتھ لشکر جرار ہے۔ اگر وہ ہمارے علاقے پر قابض ہو گئے تو ہماری خیر نہیں تو اِن کے لئے بددعا کی کہ وہ یہاں داخل نہ ہونے پائیں۔بلعم بولا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نبی ہیں ان پر کسی کی بددعا اثر نہ کرے گی بلکہ اگر میں ایسا کروں تو میری دُنیا اور دین برباد ہوجائیں گے۔ یہ لوگ بلعم کی بیوی کے پاس گئے۔اسے بہت تحفے، تحائف دیئے اور اس کے ذریعے بلعم کو تحفے پہنچائے، پھر بلعم کی بیوی نے اس پر زور دیا کہ تو یہ کام کر اس نے پہلے استخارہ کیا۔جس میں اسے اس حرکت سے روکا گیا۔لیکن پھر بیوی کے اصرار پر آخرکار بلعم ایک گدھی پر سوار ہوکر پہاڑی میں گیا قوم ساتھ تھی۔ موسیٰؑ اور بنی اسرائیل کے لئے بدُدعا اور اس قوم جبارین کے لئے دُعائیں کرنے لگا۔ مگر قدرت خداوندی سے ہوا کہ موسیٰؑ کی بجائے اس کے منہ سے اپنی قوم کا نام نکلتا تھا اور اپنی قوم کی بجائے موسیٰؑ اور بنی اسرائیل کا نام زبان پر آتا تھا۔قوم بولی تو یہ کیا کر رہاہَ؟ وہ بولا میں مجبور ہوں۔میری زبان قابو میں نہیں۔اس وقت اس کی زبان باہر نکل پڑی، سینہ پر لٹک کر آرہی اور وہ کتے کی طرح ہانپنے لگا پھر وہ لوگوں سے بولا کہ میری دنیا و دین دونوں تباہ ہوگئے۔بلعم کا یہ حال ہوا کہ اسے اسم اعظم شریف بھول گیا، معرفت و ایمان اس کے سینے سے نکل گیا۔

**سوال نمبر 79: اللہ پاک کے ناموں کے کیا احکامات ہیں؟ تفصیلا بیان کریں۔(الاعراف:۱۸۰۔۱۸۱)**

**جواب: کلام اللہ کے احکامات:**

وَلِلّٰہِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی۔۔۔۔كَانُوْا تَعْلَمُوْنَ O

(ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ کے لئے اچھے نام ہیں۔۔۔۔

اللہ تعالیٰ کے ناموں کے متعلق چند قوانین یاد رکھنا چاہئیں جو بہت مفید ہیں۔

(۱) اللہ تعالیٰ کا ایک نام ذاتی ہے یعنی (اللہ) باقی نام صفاتی ہیں۔اللہ تعالیٰ ہمیشہ موصوف ہوکر آتا ہے کسی اسم کی صفت ہوکر نہیں آتا۔ نیز یہ نام پاک کسی سے مشتق نہیں۔ دوسرے نام مشتق ہیں اس کی تحقیق میں عقل حیران ہے۔

(۲) اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام بہت ہیں جن کا شمار نہیں مگر وہ چند قسم کے ہیں، بعض وہ جو صفاتِ حقیقیہ پر دلالت کرتے ہیں جیسے موجود وغیرہ۔

(۳) اللہ تعالیٰ کے بعض نام مشترک ہیں جو بندوں کے نام ہیں اور رب کے بھی مگر مختلف معانی سے۔ جیسے علی، کبیر، سمیع، بصیر، کریم، رحیم وغیرہ۔

**سوال نمبر 80: قیامت میں کون کون سی نشانیاں ہیں؟ (الاعراف:۱۸۷)**

**جواب: علاماتِ قیامت:**

بلا شُبہ قرآن وسُنت کی روشنی میں قیامت کے واقع ہونے کا علم اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہے۔احادیث میں اس کی نشانیاں مذکور ہیں۔

(۱) میں اور قیامت ان دو ملی ہوئی انگلیوں کی طرح ہیں۔

(۲) حضور انورؐ نے علامات قیامت پوری تفصیل سے بیان فرمادیں۔آنحضورؐ نے گذشتہ اُمتوں کے مقابلہ میں میری اُمت کی موت اتنی ہے جیسے عصر کے وقت سے غروب آفتاب کی مدت۔

(۳) آنحضورؐ نے قیامت کا مہینہ بتادیا کہ محرم میں آوے گی۔ تاریخ بھی بتادی کہ دسویں تاریخ یعنی عاشورہ کے دن آوے گی۔ واللہ ورسولہ اعلم۔بقایا رہ جاتا ہے سال بتانا اس کے بھی اشارات موجود ہیں۔

(۴) ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کے مبسوطی عدد جناب مہدی کے ظہور کی تاریخ ہیں اور اظہار امام مہدی سے پانچ سو سال بعد قیامت آوے گی۔

(۵) حضرت محی الدین ابن عربیؒ وغیرہ اولیاء اللہ نے اشاراتِ خفیہ سے قیامت کے قیام کی تاریخ بتادی ہے مگر اس کے سمجھنے کے لئے عالم باطن درکار ہے۔ ہمارا عقیدہ اہلسنت والجماعت ہے۔حضور اکرمؐ کو اللہ تعالیٰ نے علم قیامت عطا فرمایا۔حضورؐ بہ اطلاع الٰہی جانتے ہیں۔

**سوال نمبر 81: آیت 188 میں لا املک لنفسی سے کیا مُراد ہے؟ (الاعراف:۱۸۸)**

**جواب: کفار کے مطالبے پر جواب:**

قُلْ لَآ اَمْلِکُ لِنَفْسِیْ۔۔۔۔یُؤْمِنُوْنَ O

(ترجمہ) کہہ دو میں اس جان کا مالک نہیں ہوں۔۔۔۔۔

نبی اکرمؐ سے کفار جو مطالبہ کررہے ہیں کہ انہیں آئندہ کے بھاؤ اور گرانی وارزانی کی جگہ کی اطلاع کردیں تا کہ ان خبروں سے فائدہ اُٹھا کر وہ مالدار ہوجائیں۔آپؐ ان سے فرمادیں کہ رب تعالیٰ کے ارادے کے مقابل تو میں خود ذات کے نفع ونقصان کا بھی مالک نہیں ہوں۔ رب تعالیٰ اگر مجھے نقصان دینا چاہے تو میں اس کے مقابل نفع حاصل کرلوں ایسا کبھی نہیں ہوسکتا۔ میں تو اسی قدر کا مالک ومختار ہوں جس قدر رب چاہے۔

**سوال نمبر 82: شریک اور حبیب میں کیا فرق ہے؟**

**جواب: شریک اور حبیب میں فرق:**

آنحضورؐ اللہ تعالیٰ کے شریک نہیں حبیبؐ ہیں۔ انہیں اللہ تعالیٰ کا شریک کہنے میں ہمارا نقصان ہے، حضورؐ کی توہین۔ شریک اور حبیب میں چند طرح کا فرق ہے۔

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب یعنی
محبوب ومحب میں نہیں تیرا میرا

(۱) شریک کبھی ساری چیز کا مالک نہیں ہوتا۔ ورنہ شریک نہیں۔ مگر حبیب اپنے محب کے سارے مال کا مالک ہوتا ہے۔

(۲) شریک شرکت کی چیز میں خود مختار نہیں ہوتا۔ بغیر ساتھی کے مشورہ کے کچھ نہیں کرتا۔ مگر حبیب اپنے محب کی چیز میں خود مختار ہوتا ہے۔حضورؐ باذن الٰہی عرش وفرش پر ماسوائے اللہ تعالیٰ کے ملاک ومختار ہیں۔حضورؐ نے چاند توڑا تو خدا نے یہ نہ فرمایا کہ ہم نے تم کو احکام کی تبلیغ کے لئے بھیجا ہے نہ کہ اس لئے کہ میری چیزیں توڑیں پھوڑیں۔ سورج واپس کیا تو یہ نہ فرمایا کہ تم کو اس لئے نہیں بھیجا کہ میرا نظام عالم بدل دو۔ رات کو رات اور دن کو دن بتاؤ۔ یہ ہے محبوبیت۔

کونین بنائے گئے سرکار کی خاطر
کونین کی خاطر تمہیں سرکار بنایا

**سوال نمبر 83: آداب تلاوت قرآن پاک کیا ہیں؟ (الاعراف: ۲۰۴)**

**جواب: تلاوتِ قرآن کے آداب:**

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا۔۔۔تُرْحَمُوْنَ O

(ترجمہ) اور جب پڑھا جائے قرآن تو چپکے رہو۔۔۔

کبھی قرآن مجید میں تلاوت کی جائے تو اسے کان لگا کر سُنو۔ اس وقت اپنا دھیان صرف قرآن مجید کی طرف کرلو اور کسی طرف توجہ نہ کرو اور بالکل خاموش ہو جاؤ۔ اس آیت میں یہ مسئلہ سمجھایا گیا ہے کہ مقتدی کو امام کے پیچھے تلاوت کرنا حرام ہے۔ فرمایا نبی رحمتؐ نے مقتدی جس کا کوئی امام ہو تو امام کی قرأت اس کی قرأت ہے۔

ایک دفعہ حضور انورؐ نے نماز پڑھائی تو بعض صحابہؓ نے حضورؐ کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھی۔ آپؐ نے سلام کے بعد فرمایا تم مجھ سے قرآن میں جھگڑتے کیوں ہو جو امام کی قرأت ہے وہی مقتدی کی قرأت ہے۔

**سوال نمبر 84: سورۃ الانفال کا شانِ نزول کیا ہے؟**

**جواب:** یہ پوری سورت غزوہ بدر کے موقع پر نازل ہوئی جب مالِ غنیمت کی تقسیم کا مسئلہ پیدا ہوا۔ غزوہ بدر کے موقع پر نبی کریمؐ نے جب مالِ غنیمت تقسیم کیا تو ایسے آٹھ حضرات کو بھی حصہ دیا جو غزوہ بدر میں شریک نہ تھے۔ حضور انورؐ کے حکم سے اور دوسری خدمات انجام دیتے رہتے تھے۔ جن میں تین مہاجر تھے اور پانچ انصاری۔ تین مہاجرین میں حضرت عثمان بن عفانؓ، حضرت طلحہؓ، حضرت سعید ابن زیدؓ۔ پانچ انصار میں سے ابولبابہ، مروان ابن عبدالمنذ، عاصم، حارث، ابن حاطب، حارث ابن مسمہ، حواث بن جیر۔ حضورؐ کے حکم سے مختلف ڈیوٹیاں سرانجام دیتے تھے۔ بعض حاضرین بدر نے سوچا کہ جب یہ حضرات جنگ میں شریک نہیں ہوئے تو انہیں مالِ غنیمت میں حصہ کیوں دیا گیا۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

**سوال نمبر 85: آیات نمبر ۲۔۴ میں مومنوں کی کون سی پانچ صفتیں بیان ہوئی ہیں؟**

**جواب: مومنین کی صفات:**

رب تعالیٰ نے کامیاب مومنین کی پانچ صفات بیان فرمائیں۔ تین روحانی اور جنانی اور دو جسمانی اور ان کے تین خصوصی انعامات بیان کئے۔ چنانچہ فرمایا گیا کہ پیارے قابلِ قدر مومن وہ ہیں۔

(۱) جن کا حال یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جائے خواہ کوئی دوسرا شخص انہیں ذکر سُنائے تو اس کے دل ہیبت الٰہیہ سے اور جلالِ کبریائی سے ڈر جائیں۔

(۲) اور جب ان کے سامنے قرآن مجید کی تلاوت کی جائے تو ان کی کیفیت ایمانی میں ترقی ہو جاتی ہے۔ وہ حضرات ہمیشہ صحیح طور پر دل لگا کر ہر وقت نماز ادا کرتے ہیں۔

(۳) ہماری دی ہوئی روزی سے ہماری راہ میں خرچ کرتے ہیں جو ان پانچ صفات سے موصوف ہو وہی درحقیقت:

(الف) سچے، مخلص مومن ہیں۔

(ب) انہیں رب کے ہاں درجات کی عطا ہے۔

(ج) اسے تمام گناہوں خطاؤں کی بخشش کا وعدہ ہے۔

**سوال نمبر 86: تین گروہوں سے کیا مُراد ہے؟ غزوہ بدر میں کیا حالات ہوئے؟ (الانفال:۶)**

**جواب: غزوہ بدر کے حالات:**

كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ۔۔۔۔هُمْ يَنْظُرُوْنَ O

(ترجمہ) جیسے نکالا آپؐ، آپ کے رب نے۔۔۔

اے محبوبؐ بدر کی غنیمت کی تقسیم پر غازیانِ بدر کی ہچکچاہٹ سے ملول نہ ہوں ان کی ادا ایسی ہے جیسے کہ آپؐ کو رب تعالیٰ نے مدینہ منورہ سے کفار قریش کے مقابلے کے لئے روانہ فرمایا اور پھر بجائے ابوسفیان کے قافلے کے ابوجہل کے لشکر سے مقابلہ کی نوبت آ گئی۔ جماعت صحابہ سے کچھ لوگ اس مقابلے سے ہچکچانے لگے۔ یہ لوگ اس برحق جنگ میں آپؐ سے جھگڑتے تھے حالانکہ ان لوگوں کو معلوم ہو چکا تھا کہ ان شاء اللہ فتح مسلمانوں کی ہو گی۔

**سوال نمبر 87: غزوہ بدر کے اہم واقعات کیا تھے؟ (الانفال: ۵۔۶)**

**جواب: غزوہ بدر کے اہم واقعات:**

قریش کا قافلہ ابوسفیان کی سرردگی میں ملک شام سے بہت زیادہ نفع کما کر مکہ واپس لوٹا۔ راستے میں چونکہ مدینہ منورہ تھا۔ نبی پاکؐ نے مسلمانوں میں سے پچاس لوگوں کو اس قافلے کے تعاقب میں بھیجا لیکن وہ غیر معروف راستوں کے ذریعے مکہ معظّمہ پہنچ گئے۔

اہل مکہ کو مسلمانوں کے اس تعاقب کی خبر ہو چکی تھی۔ ابوجہل ساڑھے نو سو جنگی بہادر سامانِ جنگ سے لیس کر چکا تھا۔ ان کو اپنی فتح کا اس قدر یقین تھا کہ وہ اپنے ہمراہ شراب، گھوڑے، ناچنے والی عورتیں بھی لے گئے تھے۔ ابوسفیان اس جنگ کے حق میں نہیں تھا کیونکہ قافلہ بخیر و عافیت واپس لوٹ آیا تھا لیکن اس قافلے سے چالیس لوگ ابوجہل کے لشکر میں شامل ہوئے تو وہ نو سو نوے بن گئے۔

**سوال نمبر 88: غزوہ بدر کے حوالے سے دو گروہوں کا تذکرہ ہے۔ وہ کون سے ہیں؟ (الانفال: ۷۔۸)**

**جواب: گروہوں کا تذکرہ / عیر اور نفیر کا تذکرہ:**

وَاِذْ یَعِدُکُمُ اللّٰہُ اِحْدَی الطَّآئِفَتَیْنِ۔۔۔

(ترجمہ) اور جب وعدہ فرماتا تھا تم سے اللہ تعالیٰ دو گروہوں میں سے ایک کا۔۔۔

ابوسفیان جس قافلے کے ساتھ شام تجارت کر کے آیا اس کو ''عیر'' کہا گیا جو کہ پچاس لوگوں پر مشتمل تھا جس سے لڑائی کی کچھ مسلمانوں سے خواہش کی تھی۔

جب کہ ابوجہل جس لشکر کے ساتھ حملہ آور ہونا چاہتا تھا اس کو ''نفیر'' کہا گیا جس کی تعداد نو سو چالیس تھی۔ حضور انورؐ نے فرمایا کہ عیر تو ہاتھ سے چلا گیا اب نفیر سے ہی دو دو ہاتھ ہونا پڑے گا۔

**سوال نمبر 89: غزوہ بدر میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی کس طرح مدد فرمائی؟ (الانفال: ۹۔۱۰)**

**جواب: غزوہ بدر میں مسلمانوں کی مدد:**

غزوہ بدر میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی بہت طریقوں سے مدد فرمائی۔

(۱) نبی پاک نے اپنے رب سے فتح کی دُعا مانگی۔

(۲) اے مولاً جو تو نے مجھ سے وعدہ کیا ہے وہ پورا فرما۔ اگر تو نے اس جماعت کی مدد نہ کی تو پھر دُنیا میں تیری عبادت کوئی نہ کرے گا کہ یہ اُمت آخری اُمت ہے۔

(۲) اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو نازل فرما دیا جس سے مسلمانوں کے دلوں کو سکون مل گیا۔

(۳)فرشتوں کے نزول سے مسلمانوں کی عزت افزائی ہوئی۔

(۴)فرشتوں کو نبی اکرمؐ کی قیادت میں لڑنے کا شرف حاصل ہوا۔

**سوال نمبر 90: مجاہدین بدر پر کون سی خصوصی سات عنایات ہوئیں؟**

**جواب: مجاہدین بدر پر عنایات:**

اِذْ یُغَشِّیْکُمُ النُّعَاسَ۔۔۔۔بِهِ الْاَقْدَامَ O

(ترجمہ) جب اس نے تمہیں اونگھ سے گھیر لیا تو وہ امن تھا۔۔۔

روز بدر اللہ تعالیٰ نے مجاہدین پر سات خصوصی عیاتیں کیں۔ایک غیبی باقی چھ ظاہر ظہور۔غیبی عنایت تو فرشتوں کا نزول اور ظاہری نعمت ان پر عین جہاد کے وقت

(۱)اونگھ طاری فرمانا (۲)بارش کا برسنا

(۳)انہیں طہارت و پاکیزگی عطا فرمانا

(۴)شیطانی وسوسے دُور کردینا (۵)ڈھارس بندھوادینا

(۶)ان کے قدم ثابت فرمادینا (۷)بارش کا برسنا

**سوال نمبر 91: یومِ بدر کو فرشتوں کی باذن الٰہی کیا کیا ڈیوٹیاں تھیں؟ (الانفال:۱۲۔۱۳)**

**جواب: یوم بدر فرشتوں کے لئے احکام الٰہی:**

اِذْ یُوْحِیْ رَبُّکَ اِلَی الْمَلٰٓئِکَتِهِ۔۔۔۔

(ترجمہ) جب تمہارا رب فرشتوں کو وحی بھیجتا تھا۔۔۔

اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے اس طرح خطاب فرمایا کہ اے فرشتو میدانِ بدر میں شمولیت کی وجہ سے تم ہمارے مقرب خاص ہوگئے ہو۔یہاں تمہاری مندرجہ ذیل فرائض ہیں۔

(۱)غازی مومنوں کی ہمت بڑھاؤ۔انہیں ثابت قدم رکھو۔

(۲)تم اِن کے دلوں میں ڈال دو کہ فتح تمہاری ہی ہے بلکہ شکل انسان میں ان کے سامنے جا کر فتح کی بشارت کا اعلان کردو اور تمہارے رب کی طرف سے کفار کے دلوں میں مسلمانوں کا رُعب ڈال دیا جائے۔

(۳)دورانِ جنگ مسلمانوں کے ساتھ مل کر کفار کے سروں پر ایسی چوٹ لگاؤ کہ وہ ہلاک ہوجائیں۔

(۴)ان کے جوڑ جوڑ پر مارو جس سے وہ اگرچہ ہلاک نہ ہوں مگر آئندہ جنگ کے قابل نہ رہیں۔ان کو یہ سزا اس لئے دو کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کے مخالف ہیں۔

**سوال نمبر 92: میدانِ جہاد سے پشت پھیرنے (بھاگنے) کی کون سی تین صورتیں ہیں؟ نیز ان میں کوس نے گناہ کبیرہ اور کون سی جائز؟**

**جواب: میدان جہاد سے پشت پھیرنا:**

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔۔۔۔وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ O

(ترجمہ) اے ایمان والو! جب کافروں سے تمہارا مقابلہ ہو تو انہیں پشت نہ دو۔۔۔

میدانِ جہاد سے ہٹنے وہاں سے پیٹھ پھیرنے کی تین صورتیں بیان فرمائی گئیں جن میں سے ایک کبیرہ ہے اور دو جائز۔

(۱)میدانِ جنگ سے بھاگنا گناہ کبیرہ ہے۔

(۲)غازی کا کسی جنگی چال کی بنا پر ہٹنا اس طرح کی غازی بھاگے اور کافر پیچھے بھاگیں جب وہ اپنی فوج سے کٹ جائیں تو اچانک پلٹ کر حملہ کیا جائے۔

(۳)ان کے سامنے بھاگے تاکہ پیچھے سے جا کر ان پر ٹوٹ پڑے۔

یہ دونوں صورتیں جائز ہیں۔

**سوال نمبر 93: نبی اکرمؐ نے مٹھی بھر خاک کہاں پھینکی؟ (الانفال:۱۷)**

**جواب: حضورؐ کی اللہ تعالیٰ سے التجا:**

**فَلَمۡ تَقۡتُلُوۡهُمۡ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمۡ وَ مَا رَمَيۡتَ اِذۡ رَمَيۡتَ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ**

رَمٰى۔۔۔

(ترجمہ) تو تم نے انہیں قتل نہیں کیا بلکہ انہیں اللہ تعالیٰ نے قتل کیا اور وہ خاک جو تم نے پھینکی تم نے نہیں پھینکی بلکہ اللہ تعالیٰ نے پھینکی۔۔۔

غزوہ بدر کے روز نبی پاکؐ نے صحابہ کرامؓ کو بشارت دی کہ مکہ نے اپنے جگر پارے نکال پھینکے ہیں۔ پھر عرض کیا اے میرے رب یہ قریش فخر و تکبر کرتے یہاں آئے ہیں اُنہوں نے تیرا اور تیرے نبی کا مقابلہ کیا ہے تو نے مجھ سے جس فتح کا وعدہ فرمایا ہے وہ پورا کر، پھر حضرت علیؓ سے فرمایا کہ مجھے مٹھی بھر خاک دو۔ اُنہوں نے پیش کی۔ حضور انورؐ نے شاھت الوجود کہہ کر وہ خاک کفار کی طرف پھینکی تو سارے کفار کی آنکھوں میں وہ دھول پڑی۔ چند گھنٹوں میں ستر کافر مارے گئے اور ستر گرفتار ہوئے۔

**سوال نمبر 94: مقام بدر کی برف روانہ ہوتے وقت ابو جہل نے کیا دُعا مانگی تھی؟ (الانفال:۱۹)**

**جواب: ابو جہل کی دُعا:**

اِنۡ تَسۡتَفۡتِحُوۡا۔۔۔۔۔مَعَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ O

(ترجمہ) اے کافرو اگر تم فیصلہ مانگتے ہو تو یہ فیصلہ تم پر آچکا ہے۔ ۔۔۔اور بے شک اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے ساتھ ہے۔

مقام بدر کی طرف روانہ ہوتے وقت ابو جہل نے کعبہ شریف کا غلاف پکڑ کر یہ دُعا مانگی تھی کہ:

اے اللہ! ہمارا دین پرانا ہے محمدؐ کا دین نیا۔ ان دونوں دینوں میں سے جو دین تجھے پیارا ہو اس کو فتح دے۔

اے میرے رب! ان دونوں جماعتوں میں جو ہدایت پر ہو اس کی مدد کر۔ اے اللہ! ہم میں اور محمدؐ میں جو تیرا مجرم ہو جو حقِ قرابت توڑنے والا ہو آج تو اسے ذلیل کر دے۔

اس مردود نے اپنے اوپر خود ہی دُعا کی تھی جو اللہ تعالیٰ نے قبول فرمالی اور یہ انتہائی ذلت میں غزوہ بدر میں مارا گیا۔

**سوال نمبر 95: اطاعت خدا اور اطاعتِ رسولؐ پر ایک قرآنی حوالہ دیں؟ (الانفال:۲۰)**

**جواب: اطاعت، خدا اور اطاعتِ رسولؐ:**

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوۡلَهٗ وَ لَا تَوَلَّوۡا عَنۡهُ وَ اَنۡتُمۡ تَسۡمَعُوۡنَ O

(ترجمہ) اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کا حکم مانو اور سُن سُنا کر اس سے نہ پھرو۔

**سوال نمبر 96: ازروئے قرآن بدترین کون لوگ ہیں؟ (الانفال:۲۲)**

**جواب: بدترین لوگوں کا تذکرہ قرآن میں:**

اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ۔۔۔لَا يَعۡقِلُوۡنَ O

(ترجمہ) بے شک سب جانوروں میں بدتر اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ ہیں جو بہرے، گونگے ہیں جن کو عقل نہیں۔

مذکورہ آیہ کریمہ میں تین عیوب بیان فرمائے گئے ہیں۔ بہرے، گونگے اور ناسمجھ۔ انسان کی جو طاقت وقوت اپنے مقصد میں استعمال نہ ہو وہ ایسے ہی ہے جیسے تھی ہی نہیں۔ جن لوگوں نے اپنی قوت گویائی، قوت سماع اور سمجھ بوجھ حق سُننے، بولنے اور حق سمجھنے میں صرف نہیں کیں وہ ایسے ہی ہیں جیسے جانور بلکہ ان سے بھی زیادہ بدتر اس لئے کہ جانوروں میں عقل نہ تھی، ان میں عقل تھی مگر اس سے کام نہ لیا۔ نیز جانور تو اپنے حواس کو مالک کی اطاعت میں استعمال کرتا ہے جب کہ یہ لوگ تو اپنے مالک اور آقا کو بھی بھولے بیٹھے ہیں اس لئے جانوروں سے بھی گئے گزرے ہیں۔

**سوال نمبر 97: آدابِ بارگاہ رسالت میں ؐآپ میں سے کون سا ادب آیت مذکورہ میں سکھایا گیا ہے؟ (الانفال: ۲۴)**

**جواب: (حاضری برایت رسولؐ)**

یَآ اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا یُحْیِیْكُمْ O

(ترجمہ) اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے بُلانے پر حاضر ہو جاؤ جب رسولؐ تمہیں اس چیز کے لئے بُلائیں جو تمہیں زندگی بخشے گی۔۔۔

ارشاد ہوتا ہے کہ آستانہ عالیہ محمد مصطفیٰؐ کا یہ ادب ہے کہ جب کبھی رسول پاکؐ تمہیں بُلائیں تم جس حال میں ہو فوراً حاضر ہو جاؤ خواہ نماز پڑھتے ہو کیونکہ یہ تو رسول کریمؐ کا تم پر یہ احسان ہے کہ وہ تم کو زندگی عطا کرتے ہیں۔ اِن کی بارگاہ عالیہ سے ایمان، تقویٰ گویا قلب وقالب کی ساری نعمتیں عطا ہوتی ہیں۔ ایسے محسن اعظم کی ایسی ہی فرمانبرداری چاہیے۔ حضرت ابی بن کعبؓ نماز پڑھ رہے تھے تو نبی پاکؐ نے آواز دی۔ اُنھوں نے جواب نہ دیا کچھ دیر بعد آئے تو آپؐ نے پوچھا کہ تمہیں یہاں آنے سے کس چیز نے روکا؟ اُنھوں نے فرمایا کہ میں نماز پڑھ رہا تھا تو آپؐ نے فرمایا کیا تم نے قرآن نہیں پڑھا اِسْتَجِیْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُم، عرض کیا اب آئندہ ایسا نہیں ہوگا؟

**سوال نمبر 98: آیت مذکورہ 27 میں اپنا ایمان بچانے کے لئے کن تین باتوں کی تنبیہہ کی گئی ہے؟ (الانفال: ۲۲)**

**جواب: ایمان کا بچاؤ:**

یَآ اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ O

(ترجمہ) اے ایمان والو اللہ تعالیٰ اور رسولؐ سے دغا (خیانت) نہ کرو اور نہ ہی اپنی امانتوں میں دانستہ خیانت کرو۔

مذکورہ آیت کریمہ میں ایمان بچانے کے لئے ہمیں تین کاموں سے بچنے کا حکم ہے۔

(۱) اللہ تعالیٰ کی امانتوں میں خیانت سے بچنا، اس کے دیئے ہوئے قرآن، ایمان، ظاہری باطنی اعضاء کی طاقتیں جو کہ اللہ تعالیٰ کی امانتیں ہیں۔اس میں خیانت نہ کرنا اور اِن نعمتوں کو اس کام میں خرچ کرنا جن کے لئے یہ دی گئی ہیں۔

(۲) اس کے رسولؐ سے خیانت سے بچنا۔آپؐ کی سُنتیں بجا لانا۔آپؐ سے کئے گئے وعدوں کی پاسداری کرنا۔

(۳) آپس میں ایک دوسرے کی امانتیں ادا کرتے رہنا ان میں خیانت سے بچنا۔دوسرے مسلمانوں کی جان مال،عزت آبرو ہمارے پاس امانت ہیں،ان کی پاسداری اور لحاظ رکھنا۔

**سوال نمبر 99: تقویٰ اپنانے سے کون سے تین انعامات خداوندی کی بشارت ہے؟(الانفال:۲۹)**

**جواب:تقویٰ کی اہمیت:**

یَآاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْ اِنْ تَتَّقُو اللّٰہَ۔۔۔

(ترجمہ) اے ایمان والو!اگر اللہ تعالیٰ سے ڈرو گے اور تمہیں وہ دے گا جس سے حق کو باطل سے جدا کرو اور تمہاری بُرائیاں مٹادے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے۔

مندرجہ بالا آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کو تین خصوصی انعامات کی بشارت دی گئی ہے۔

(۱) تمہارے دل میں نُور اور ہدایت پیدا ہوگی جس سے تم دُنیا میں اچھے بُرے کام یا شخص میں تمیز کرلو گے۔

(۲) اس تقویٰ کی برکت سے تمہارے سارے گناہ مٹادے گا۔ تم کو پاک وصاف فرمادے گا۔

(۳) تمہارے سارے عیب چھپالے گا۔تمہیں دونوں جہاں میں عزت وعظمت بخشے گا۔

**سوال نمبر 100: مومن کی فراست ودانائی (فُرقاناً) کے بارے میں ارشادِ نبویؐ کیا ہے؟(الانفال:۲۹)**

**جواب: مومن کی فراست ودانائی:**

ارشادِ رسولؐ ہے:

اِتَّقُوْ فِرَاسَۃَ الْمُؤْمِنَ فَاِنَّہٗ یَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰہِ

(ترجمہ) مومن کی فراست ودانائی سے ڈرو، وہ اللہ تعالیٰ کے نُور سے دیکھتا ہے۔

خلافتِ عثمانیہ میں ایک شخص امیرالمومنین حضرت عثمان غنی ؓ کے دربار میں حاضر ہوا راہ میں کسی اجنبی عورت پر نگاہ پڑگئی۔حضرت عثمان غنی ؓ نے اسے دیکھ کر فرمایا کہ بعض حضرات ہمارے پاس اس حالت میں آتے ہیں کہ ان کی آنکھ میں زنا کا اثر ہوتا ہے۔وہ شخص کہنے لگا کہ کیا ابھی وحی بند نہیں ہوئی۔فرمایا یہ وحی نہیں بلکہ مومن کی فراست ہے۔

(آسان فہم قرآن سلسلہ)

# دسواں پارہ ایک نظر میں

پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی
مسرت عظمت فاروقی

**سوال نمبر 1: مالِ غنیمت کسے کہتے ہیں؟ اسلام سے پہلے دوسرے ادیان میں مال غنیمت کے کیا احکام تھے؟(انفال:۴۱)**

(**جواب:** غنیمت ''غُنم'' سے بنا ہے جس کا معنی ہے نفع وکامیابی۔ اصطلاح شریعت میں غنیمت وہ منقولہ مال جو کفار سے مسلمان غلبہ سے حاصل کریں۔ حضرت آدمؑ تا حضرت عیسیٰؑ تک تمام ادیان میں مالِ غنیمت پہاڑ پر رکھ دیا جاتا۔ اگر اس میں خیانت نہ ہوتی تو سفید رنگ کی غیبی آگ آتی اور اسے جلا دیتی۔

**سوال نمبر 2: اسلام میں مالِ غنیمت کی تقسیم کے کیا احکامات ہیں؟ (انفال:۴۱)**

**جواب: وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّمَا غَنِمۡتُمۡ مِّنۡ شَیۡءٍ فَاَنَّ لِلّٰہِ خُمُسَہٗ۔۔۔۔**

(ترجمہ) اور جان لو کہ جو کچھ غنیمت لو تو اس کا پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ کے لئے اور رسولؐ کے لئے۔۔۔۔ جہاد میں بھی منقولی مال بطور غنیمت حاصل کیا جائے تو اس کے پانچ حصے کئے جائیں۔ ایک حصہ اللہ تعالیٰ کے نام کا اور باقی حصے غازیوں کی ملکیت ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے نام کے حصے میں پانچ حصے کئے جائیں گے جن میں:

(۱) ایک حصہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہے جسے وہ اپنی ذات اپنے گھر والوں پر صرف کریں۔

(۲) دوسرا حصہ نبی اکرمؐ کے ان رشتہ داروں کا ہے جو نسب اور نصرت میں ان کے قریب ہوں، امیر ہوں یا غریب۔

(۳) تیسرا حصہ عام یتیموں کا۔

(۴) چوتھا حصہ عام مسکینوں کا۔

(۵) پانچواں حصہ راہ گیر مسافروں کا۔

**سوال نمبر 3: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات شریف سے پہلے دو حصے ختم ہو گئے؟**

**جواب: آپؐ کے حصوں کی تقسیم:**

امام اعظم امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک حضور انورؐ کی وفات سے پہلے دونوں حصے یعنی آپؐ کا اور آپؐ کے قریبی رشتہ داروں ختم ہو گئے۔ پھر خمس کی تقسیم تین ہی حصوں میں ہوئی یعنی یتیموں، مسکینوں اور مسافروں پر۔ تمام حضرات خلفائے راشدین نے بھی اور آپ کی وفات کے خمس کو اسی طرح تقسیم کیا۔

**سوال نمبر 4: مسکین اور فقیر میں کیا فرق ہے؟(انفال:۴۱)**

**جواب: مسکین اور فقیر میں فرق:**

مسکین وہ جس کے پاس مال بالکل نہ ہو، فقیر وہ جس کے پاس مالی نصاب سے کم ہو (نعیمی۔ص:۱۴)

**سوال نمبر 5: غزوہ بدر کو قرآن مجید میں یوم الفرقان سے کیوں یاد کیا گیا؟(انفال:۴۱)**

**جواب: یوم الفرقان کی وضاحت:**

یوم الفرقان سے مُراد بدر کا دن ہے۔ چونکہ اس دن مومن اور کافر کی چھانٹ ہوگئی۔ اسلام کی حقانیت کا ظہور ہوا۔ اسی لئے اس دن کو یوم الفرقان کہا گیا یعنی چھاٹ اور فرق کا دن۔

**سوال نمبر 6: مقام بدر پر مسلمانوں کو کون سا کنارہ ملا اور کفار کو کون سا؟ (انفال: ۴۲)**

**جواب: اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى۔۔۔**

(ترجمہ) جب تم قریب کنارہ پہ تھے اور وہ دُور کے کنارہ پہ تھے۔۔۔

روز بدر مسلمان جس کنارہ پر اُترے وہ مدینہ منورہ کی طرف اس سے قریب تھا جہاں زمین ریتلی تھی جس میں چلنا پھرنا بھی مشکل تھا۔ اس میں پاؤں دھنستے جاتے تھے اور وہاں پانی بھی نہیں تھا جب کہ کفار نے بدر کے دوسرے کنارے پر پڑاؤ ڈالا جہاں کی زمین سخت اور ہموار تھی جس پر چلنا آسان۔ اس کے علاوہ وہاں پانی بکثرت موجود تھا۔ کفار کا قافلہ بھی ان سے بہت قریب تھا صرف تین میل پر کنارہ سمندر تھا جہاں سے فوری مدد بھی آسکتی تھی۔

**سوال نمبر 7: میدان بدر میں مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے سب سے پہلے کیا نعمت ملی تھی؟ (الانفال: ۴۲)**

**جواب: میدان بدر میں اللہ تعالیٰ کی مدد:**

اللہ تعالیٰ نے میدانِ بدر میں سب سے پہلے بارش نازل فرمائی جس کا پانی مسلمانوں نے حوضوں میں بھر لیا اور ریت جم کر بہترین زمین ہوگئی جس پ چلنا پھرنا نہایت آسان۔ اُدھر کفار کی طرف کی زمین پھسلن ہوگئی جس پر چلنا پھرنا مشکل ہوگیا۔

**سوال نمبر 8: غزوہ بدر کے موقع پر نبی اکرمؐ کے کون سے معجزات ظاہر ہوئے؟ (الانفال: ۴۳۔۴۴)**

**جواب: معجزاتِ رسولؐ:**

روز بدر حضور انورؐ کے تین معجزات ظاہر ہوئے۔ جن سے غازیانِ بدر کی ہمت افزائی ہوئی۔

(۱) نبی پاکؐ کے خواب میں کفارِ بدر کو بہت تھوڑی تعداد میں دکھایا۔

(۲) دورانِ جنگ بھی مسلمانوں کو کفار بہت کم محسوس ہوئے۔ حضرت ابن مسعودؓ نے اندازہ لگایا کہ وہ کُل ستر ہیں۔

(۳) کفار کو بھی مسلمانوں کی تعداد بہت کم محسوس ہوئی حتیٰ کہ ابوجہل بولا کہ اس مٹھی بھر لشکر سے لڑنا کیا۔ بہت تھوڑے ہیں۔

**سوال نمبر 9: رب تعالیٰ نے مسلمان مجاہدین کو کفار کے مقابلہ کے لئے کون سے پانچ روحانی ہتھیار عطا فرمائے؟ (الانفال: ۴۵۔۴۶)**

**جواب: مسلمانوں کے لئے رُوحانی ہتھیار:**

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً۔۔۔ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ O

(ترجمہ) اے مومنو! جب کسی فوج سے تمہارا مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ تعالیٰ کو بہت یاد کرو تا کہ تم کامیاب رہو۔ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسولؐ کا حکم مانو اور آپس میں جھگڑو نہیں ورنہ بزدل ہو جاؤ گے اور تمہاری بندھی ہوئی ہوا جاتی رہے گی اور صبر کرو کہ اللہ تعالیٰ صابرین کے ساتھ ہے۔

مندرجہ بالا آیاتِ کریمہ میں مومنین غازیوں کو پانچ رُوحانی ہتھیار مرحمت فرمائے جا رہے ہیں۔

(۱) ثابت قدمی

(۲)اللہ تعالیٰ کا ذکر

(۳)اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسولؐ کی اطاعت

(۴)اتحاد و تنظیم

(۵)صبر

**سوال نمبر 10: اتحاد و تنظیم پر ایک قرآن حوالہ دیں؟ (الانفال: ۴۶)**

**جواب: اتحاد و تنظیم بحوالہ قرآن:**

(۱) وَ لَاتَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِیْحُکُمْ۔۔۔۔

(ترجمہ) اور آپس میں جھگڑو نہیں ورنہ تمہاری بندھی ہوئی ہوا اکھڑ جائے گی۔

(۲) وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّ لَا تَفَرَّقُوْا (النساء)

(ترجمہ) اور تم اللہ تعالیٰ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقہ نہ کرو۔

**سوال نمبر 11: بدر کی جانب جاتے ہوئے سپہ سالار کفار مکہ ابوجہل کی ملاقات کن دو قاصدوں سے ہوئی؟ نیز اس نے ان سے کون سی فخریہ گفتگو کی؟**

**جواب: ابوجہل کی قاصدوں سے ملاقات:**

کفارِ مکہ کے سپہ سالار ابوجہل بدر کی طرف روانہ تھا مقام جحفہ پہنچا تو اس کو دو قاصد ملے ایک قاصد ابوسفیان کا تھا جس نے اسے اطلاع دی کی ابوسفیان مع قافلہ کے بخریت مکہ معظّمہ پہنچ گیا اور دوسرا قاصد اس کے دوست حساف کنانی کا تھا۔ اس نے پیغام بھیجا کہ اگر ہماری مدد کی ضرورت ہو تو ہم بہت بڑی فوجی امداد وغیرہ حاضر کریں۔ ابوجہل نے دوسرے قاصد کو جواب دیا کہ بہت لوگ ہیں ہم محمدؐ اور ان کے ساتھیوں سے بخوبی نپٹ لیں گے۔ بدر میں میلا لگا ہوا ہے۔ ہماری بہادری کی دھوم پڑے گی اور ابوسفیان کے قاصد کو بھی یہی جواب دیا کہ تم بھی آجاؤ تاکہ سب مل کر بدر میں دادِ عیش دیں۔

**سوال نمبر 12: یوم بدر کو شیطان نے کفار مکہ کے ساتھ مل کر کون سے دو کام کیئے؟ (الانفال: ۴۸)**

**جواب: یوم بدر میں کفار کے اعمال:**

وَاِذْ زَیَّنَ لَھُمُ الشَّیْطٰنُ اَعْمَالَھُمْ۔۔۔۔وَاللّٰہُ شَدِیْدُ الْعِقَابِ O

(ترجمہ) اور جب شیطان نے ان کی نگاہ میں ان کے سب کام آراستہ کر دیئے اور بولا کہ آج تم پر کوئی شخص غالب آنے والا نہیں اور تم میری پناہ میں ہو تو جب دونوں لشکر آمنے سامنے ہوئے الٹے پاؤں بھاگا اور بولا میں تم سے الگ ہوں۔۔۔۔

روز بدر شیطان نے بدر میں آنے والے کفار مکہ سے ملاقات کی اور ان کے ساتھ دو کام کیئے۔ ایک یہ کہ ان کی تمام بُرائیوں کی ان کے سامنے تعریف کی کہ تمہارے اعمال اور بدر کی جانب مہم بہت اعلیٰ ہے۔ دوسرے سراقہ بن مالک کی شکل بن کر ابوجہل وغیرہ کو یقین دلایا کہ وہ اپنے قبیلے کے ہمراہ بھرپور مدد کرے گا۔ ان باتوں سے کفار اور شیر ہو گئے لیکن اس نے فرشتوں کو اُترتے دیکھا تو میدان بدر سے یہ کہتا ہوا دوڑ پڑا کہ جو میں دیکھتا ہوں وہ تم نہیں دیکھ سکتے۔ میں تم سے بری ہوں۔ جنگ سے واپسی پر جب کفار مکہ نے سراقہ بن مالک سے کہا کہ اس نے بروقت ہمارا ساتھ چھوڑ کر مروا دیا تو اس نے قسم اُٹھا کر کہا کہ مجھے تو اب تم سے اس مہم کا پتا چلا ہے۔ پھر لوگوں کو پتا چلا کہ وہ تو شیطان تھا۔

**سوال نمبر 13: بوقتِ آزمائش منافقین اور ضعیف الاعتقاد لوگوں**

**کا کیا رویہ ہوا کرتا ہے؟ وضاحت کریں۔(الانفال:۴۹)**

**جواب: منافقین کے لئے آزمائش کا وقت:**

مدینہ منورہ سے ابوسفیان کا قافلہ روکنے کے لئے تین سو تیرہ غازی مومنین روانہ ہوئے جن میں کوئی منافق یا ضعیف الاعتقاد نہ تھا۔ مدینہ کے منافقین اس روانگی کے سخت خلاف تھے۔ دوسری طرف مکہ معظّمہ میں کچھ لوگ ایمان قبول کر چکے تھے مگر عزیزوا قارب کی محبت میں ہجرت نہ کی تھی۔ ان کو مجبوراً قریش کے اس لشکر کے ساتھ بدر میں آنا پڑا۔ جب یہ بدر میں پہنچے تو کفار کی بھرپور تیاری اور مسلمانوں کی بے سروسامانی دیکھ اسلام کے متعلق غلط باتیں کرنے لگ گئے۔ یہ سب اسی حالت میں یہاں بدر میں کفر پر ہی مارے گئے۔ اس آیت میں انہی دونوں قسموں کے لوگوں کا تذکرہ ہے۔

**سوال نمبر 14: ایک کافر اور منافق کی موت کی کیا کیفیت ہوتی ہے؟(الانفال:۵۰)**

**جواب: کافر اور منافق کی موت:**

وَلَوْتَرٰی اِذْیَتَوَفیَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْ۔۔۔عَذَابَ الْحَرِیْقِO

(ترجمہ) اور کبھی تو دیکھے جب فرشتے کافروں کی جان نکالتے میں مار رہے ہوتے ہیں ان کے منہ اور ان کی پشت پر اور کہتے ہیں کہ تم جلنے کا عذاب چکھو۔

جب ایک کافر یا منافق کے مرنے کا وقت قریب آتا ہے تو حضرت عزرائیلؑ (ملک الموت) اور ان کے خدام فرشتے ان کی جان نکالنے کے لئے ان کے پاس آتے ہیں۔ ان کے چہروں پر طمانچے، ان کی پشتوں پر گھونسے یا ہتھوڑے مارتے ہیں اور ساتھ ہی کہتے ہیں کہ تو نے دُنیا میں بڑی ڈھٹائی کی مہلت کا وقت ختم ہو گیا اب آگ کا عذاب چکھو کہ اب مرتے ہی تیری قبر (عالم برزخ) میں تجھے دوزخ کی آگ پہنچے گی۔

**سوال نمبر 15: اللہ تعالیٰ نے کفار مکہ کو کیا کیا نعمتیں عطا فرما رکھی تھی؟(الانفال:۵۲۔۵۳)**

**جواب: کفارِ مکہ کے لئے نعمتیں:**

کَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ۔۔۔اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌO

(ترجمہ) جیسے فرعون والوں اور ان سے اگلوں کا دستور وہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کے منکر ہوئے اللہ تعالیٰ نے انہیں ان کے گناہوں پر پکڑا بے شک اللہ تعالیٰ قوت والا سخت عذاب والا ہے۔ یہ اس وجہ سے ہے کہ تحقیق اللہ تعالیٰ کسی قوم سے جو نعمتا سے دی تھی، بدلتا نہیں جب تک وہ خود بدل نہ جائیں اور بے شک اللہ تعالیٰ سُنتا جانتا ہے۔

گذشتہ اقوام کی طرح اہل مکہ اپنے رب کی دی گئی نعمتوں پر اظہارِ تشکر کی بجائے کفرانِ نعمت کیا۔ اہل مکہ پر ان کے رب کی طرف سے جو انعامات ہوئے وہ کچھ یوں تھے۔

(۱) دُنیا بھر میں بدامنی مکہ میں امن

(۲) اہل حرم ہونے کے سبب معزز

(۳) قریشی خاندان کے افراد

(۴) نبی آخر الزماںﷺ کا انہی میں تشریف فرما ہونا

(۵) قرآن مجید انہی کی زبان میں اُتارا

(۶) حجاج کی خدمت کا اعزاز

(۷) بیت اللہ کی پاسبانی

(۸) زم زم کی سعادت

**سوال نمبر 16: اللہ تعالیٰ کے نزدیک بدترین جانور کون**

ہیں؟(الانفال:۵۵)

**جواب: بدترین جانور:**

اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِ۔۔۔لَا یُؤْمِنُوْنَ O

(ترجمہ) بے شک سب جانوروں میں بدتر اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور ایمان نہیں لائے۔

مندرجہ بالا آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے کفار کو باوجود انسان ہونے کے تمام جانوروں سے بدتر کہا کہ دنیا میں عذاب انہی پر آئے۔ جانوروں پر نہ آئے۔ بعد قیامت دوزخ میں جائیں گے، جانور نہیں جائیں گے کیونکہ انہوں نے ہی نبی کا مقابلہ کیا جانوروں نے نہ کیا۔

**سوال نمبر 17: قومی سطح پر عہد شکنی کی سزا کیا ہوتی ہے؟ (الانفال:۵۶)**

**جواب: عہد شکنی کی سزا:**

اَلَّذِیْنَ عٰھَدْتَّ مِنْھُمْ۔۔۔لَا یَتَّقُوْنَ O

(ترجمہ) وہ جن سے تم نے معاہدہ کیا پھر ہر بار اپنا عہد توڑ دیتے ہیں اور ڈرتے نہیں۔

مذکورہ آیت کریمہ میں دو قسم کے دشمنوں کا زور توڑنے کا حکم ہے۔

(۱) وہ جو معاہدے کر کے توڑ دیتے ہیں۔

(۲) وہ جن کے معاہدے توڑ دینے کا اندیشہ ہو۔

پہلی قسم کے عہد شکنوں کی سزا صرف یہ نہیں کہ ان کے زور کو توڑنے پر کفایت کی جائے بلکہ انہیں ایسی سزا دی جائے کہ وہ اپنے دوسرے دوستوں کے لئے باعثِ عبرت بن جائیں جو کفار ان کا ساتھ دینے کے لئے آئے تھے انہیں بھی معلوم ہو جائے کہ بدعہد ظالموں کی یہ سزا ہے۔

**مثال:** غزوہ خندق کے بعد بنی قریظہ کا محاصرہ کرنا ان کے باغوں اور کھیتوں کو آگ لگانا پھر ان کے مطالبے پر حضرت سعد بن معاذؓ سے فیصلہ کروانا۔ جس کے نتیجے میں بالغوں کو قتل کرنا برعکس اس کے آج کل کی حکومتیں ایسے غداروں پر بمباری کر کے حتی کہ بچوں، جانروں اور مکانات تک کو مسمار کیا جاتا ہے۔

دوسری قسم کے عہد شکنوں کی سزا جن کا ابھی اندیشہ ہے کہ وہ معاہدے سے پھر جائیں گے۔ ایسے دشمنوں کو خبر دار کیا جائے کہ فلاں تاریخ تک ان کو مہلت ہے۔ پہلے اطلاع دینا تا کہ عہد شکنی کا الزام نہ آئے۔

**مثال:** صلح حدیبیہ کے معاہدے میں ایک شق یہ تھی کہ مسلمانوں اور کفار کے حلیف قبائل اگر آپس میں جنگ کریں تو فریقین (مسلمان اور کفار) کسی کی مدد نہیں کریں گے۔ جب کہ کفار نے اپنے حلیف قبیلے بنو کنانہ کا بنو خزاعہ کے مقابلے میں بھرپور ساتھ دیا۔ تو نبی کریمؐ نے معاہدے کی تنسیخ کی دھمکی دی لیکن کفار نے مزید ڈھٹائی دکھائی تو نتیجتاً فتح مکہ 7 ھ میں رونما ہوا۔

**سوال نمبر 18: غزوہ بدر میں مسلمانوں کے مقابل آنے والے کفار کتنے گروہوں میں بٹ گئے؟ (الانفال:۵۹)**

**جواب: غزوہ بدر میں گروہ:**

وَلَا یَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ۔۔۔لَا یُعْجِزُوْنَ O

(ترجمہ) اور ہرگز کافر اس گھمنڈ میں نہ رہیں کہ وہ ہاتھ سے نکل گئے۔ بے شک وہ عاجز نہیں کریں گے۔

غزوہ بدر میں مسلمانوں کے مقابل آنے والے کفار تین ٹولوں

میں بٹ گئے۔

(۱) بعض وہ جو غازیوں کے ہاتھوں مارے گئے۔

(۲) بعض وہ جو مسلمانوں کے قیدی بن گئے۔

(۳) بعض وہ جو قتل ہوئے نہ قید بلکہ بھاگ جانے میں کامیاب ہوئے۔

مسلمانوں کو بہت دُکھ ہوا کہ بدترین دشمن بھاگ گئے ان کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ بچ جانا عارضی ہے عنقریب تمہارے قبضے میں ہی آئیں گے۔

**سوال نمبر 19: تیاری جہاد سے کیا مراد ہے؟ اس کی کیا فضیلت ہے؟**

**جواب: جہاد اور اس کی فضیلت:**

وَ اَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ۔۔۔۔ (الانفال: ۶۰)

(ترجمہ) اور ان کے لئے تیار رکھو جو قوت تمہیں بن پڑے اور جتنے گھوڑے باندھ سکو کہ ان سے ان کے دلوں میں دھاک بٹھاؤ جو اللہ تعالیٰ کے دشمن ہیں اور اپنے دشمنوں کو اور دوسروں کو جو ان کے سوا ہیں تم نہیں جانتے۔۔۔۔

اَعِدُّوْا کا ماخذ اَعْدَادُ ہے جس کے لغوی معنیٰ کوئی چیز ضرورت کے وقت کے لئے سنبھال رکھنا۔ (حازن)

اصطلاح میں تیاری کرنا۔ تیاری رکھنا۔

دشمنوں کے مقابلے میں جہاد کرنے کی بقدر طاقت تیاری رکھنے کا حکم تمام مسلمانوں کو ہے۔ یعنی حسبِ موقع ہتھیار جنگ کا جمع کرنا اور بنانا اور ان کے طریقہ استعمال سیکھنا۔ گویا کہ تا قیامت اسلحہ جنگ داخل ہے جیسے آج کل توپ، راکٹ، ٹینک، ایٹم بم وغیرہ بھی شامل ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی راہ میں کفار سے لڑنے کو جہاد کہتے ہیں اور جنگ کرنے والے کو غازی مجاہد اور جہاد کی تیاری کرنے والے کو رباط کہتے ہیں اور تیاری کرنے والے کو مرابط۔ اسلام کی سب سے بڑی عبادت جہاد ہے۔ اسی طرح تیاری جہاد بڑی اعلیٰ عبادت ہے اور مرابط اول درجے کا عابد ہے۔

مسلم شریف کی حدیث کہ حضرت علقمہ بن عامرؓ فرماتے ہیں کہ نبی پاکؐ نے فرمایا کہ عنقریب تم روم کو فتح کرلو گے مگر تیر اندازی سے غافل نہ ہو جانا۔

بخاری و مسلم شریف میں بروایت عروہ بن جعد بارقیؓ ہے کہ گھوڑے کی پیشانی کے بالوں سے روزِ قیامت خیر بندھی ہوئی ہے۔

**سوال نمبر 20: کیا کفار سے صلح کرنا جائز ہے؟ (الانفال: ۶۱)**

**جواب: وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ۔ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ O**

(ترجمہ) اور اگر وہ صلح کی طرف مائل ہوں تو تم بھی مائل ہو جاؤ اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھو۔ بے شک وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔

مسلمانوں کی جنگی تیاریوں سے مرعوب ہو کر اگر کفار صلح کرنا چاہیں تو مسلمانوں کو بھی اجازت ہے کہ ان سے صلح کر لیں۔ یہ نہ سوچیں کہ وہ فریب کے لئے صلح کر رہے ہیں اور آئندہ کسی وقت ان کو دھوکا نہ دیں۔ اللہ تعالیٰ پر وہ بھروسا کریں وہ ضرور انہیں ہر طرح کے شر سے بچالے گا۔

**سوال نمبر 21: عمر فاروقؓ کے قبول اسلام کے موقع پر کون سی آیہ قرآنی نازل ہوئی؟ (الانفال: ۶۴)**

**جواب:** يَآيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُکَ اللّٰہُ وَمَنِ اتَّبَعَکَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَO

(ترجمہ) اے نبیؐ کافی ہے آپ کو اللہ تعالیٰ اور وہ جس نے پیروی کی آپ کی مومنوں میں سے۔

توکل علی اللہ کے بعد عمرؓ کا کافی راضی ہونا۔

**سوال نمبر22: حضرت عمر فاروقؓ کے ایمان لانے کا واقعہ مختصراً تحریر کریں؟**

**جواب:** نبوت کے چھٹے سال مسلمانوں کی تعداد جب انتالیس تھی جن میں تینتیس مرد اور چھ خواتین تھیں۔ کفار کے ظلم وتشدد حد سے بڑھ چکے تھے۔ نبی پاکؐ نے اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگی کہ الٰہی اسلام کو عمر بن ہشام یا عمر بن خطاب کے ذریعے تقویت عطا فرما۔ اگلے ہی دن حضرت عمر فاروقؓ اسلام لے آئے۔ ان کی اس وقت عمر چھبیس سال تھی۔ آپؓ کے بہنوئی سعید بن زید اور بہن فاطمہ بنت خطاب ایمان لا چکے تھے۔

واقعہ یوں ہوا کہ ابوجہل نے مکہ میں اعلان کیا جو محمدؐ کو قتل کردے وہ اسے سو اونٹ انعام دے گا اور ساتھ ایک ہزار اوقیہ چاندی بھی دے گا۔ عمرؓ اس مشن پر اُٹھ کھڑے ہوئے۔ راستے میں ایک صاحب ملے اُنہوں نے بتایا کہ تمہاری بہن اور بہنوئی دونوں مسلمان ہو چکے ہیں۔ یہ سُن کر پہلے اپنی بہن کے گھر ہی چلے گئے۔ وہ دونوں سورۃ طٰہٰ کی تلاوت کررہے تھے۔ اندر داخل ہوتے ہی ان کو مارنا شروع کردیا۔ مار مار کر تھک گئے لیکن بہن نے کہا کہ بھائی! تم ہمیں چاہے قتل بھی کردو ہم یہ دین نہیں چھوڑیں گے۔ بہن کی یہ بات سُن کر غصہ ٹھنڈا ہوگیا اور اس تلاوت کی درخواست کی۔ بہن کے کہا بھائی یہ کلام پاک ہے اور تم شرک کی نجاست میں آلودہ ہو اس کو چھونے کے قابل نہیں۔ تب حضرت عمرؓ نے غسل کیا اور سورۃ طٰہٰ ۔۔۔ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی O تک پڑھا۔ اس تلاوت میں اتنا اثر تھا کہ عمرؓ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے اور اپنی بہن اور بہنوئی کے ساتھ جا کر دارِارقم میں نبی پاکؐ کی بارگاہ میں پہنچ گئے۔ آپؐ نے عمرؓ کے دونوں بازو پکڑ کر ہلائے پوچھا عمرؓ! کیا ارادہ ہے؟ عرض کی اسلام لانے کا۔ حضور انورؐ نے کلمہ پڑھایا۔ مسلمانوں نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا۔ جبریل امین یہ آیت کریمہ لے کر حاضرِ خدمت ہوئے۔

(ترجمہ) اے نبیؐ تجھے اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہ جس نے ایمان والوں میں سے تیری پیروی کی''۔ (الانفال: ٦٤)

**سوال نمبر23: حضرت عمر فاروقؓ کے فضائل مختصراً تحریر کریں۔ (الانفال: ٦٤)**

**جواب:** سیدنا عمر فاروقؓ کے فضائل بے شمار ہیں۔ چند تحریر کئے جاتے ہیں۔

(١) تمام مسلمان اسلام کے طالب ہیں جب کہ عمر فاروقؓ اسلام بلکہ بانی اسلام کے مطلوب ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو بخشا جن کے ایمان لانے پر فرشتوں نے بھی خوشیاں منائیں۔

(٢) نبی اکرمؐ نے فرمایا کہ گذشتہ امتوں میں محدثوں یعنی الہام والے اولیاء اللہ ہوئے ہیں میری اُمت میں محدث عمرؓ ہیں۔

(٣) اسلام کے بہت سے احکام حضرت عمر کی رائے کے موافق آئیں جیسے پردہ کی آیت، شراب کی حُرمت کی آیت، مقام ابراہیمؑ کو مصلیٰ بنانے کی آیت وغیرہ۔

(٤) نبی اکرمؐ نے فرمایا:

لَوْ کَانَ بَعْدِیْ نَبِیٌّ لَکَانَهٗ عُمَرَ ابْنِ الْخِطَابِ

اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو وہ عمرؓ بن خطاب ہوتے۔

(۵) فرمایا آپؐ نے کہ اللہ تعالیٰ نے چار وزیروں سے میری مدد کی۔ دو زمین میں اور آسمان میں۔ زمین میں وزیر ابوبکر صدیقؓ وعمر فاروقؓ اور آسمان میں جبریل ومیکائیلؑ۔

**سوال نمبر 24: مسلمانوں کی جنگ اور کافروں کی جنگ میں کیا فرق ہے؟ (الانفال:۶۵۔۶۶)**

**جواب:** مسلمان بھی میدان میں جاتا ہے اور کافر بھی لیکن فرق یہ ہے کہ مسلمان کی جنگ جہاد ہے اور کافر کی جنگ فساد۔ مومن فقط اللہ تعالیٰ، اپنے رسولؐ، دین اور قرآن پاک کے لئے لڑتے ہیں جب کہ کفار وطن، قوم، مال یا ناموری کے لئے لڑتے ہیں۔

**سوال نمبر 25: مسلمانوں کے لئے کفار سے مقابلہ کہاں تک لازمی ہے؟ (الانفال:۶۵۔۶۶)**

**جواب:** مسلمانوں کے لئے اپنے سے دوگنے کفار سے مقابلہ کرنا لازمی اور فرض ہے۔ اگر اپنے سے صدہا گنا کفار کے مقابلے میں ڈٹ جائیں صبر سے کام لیں تو ثواب پائیں گے۔

**سوال نمبر 26: جنگ موتہ میں مسلمانوں اور کفار کی کیا تعداد تھی؟ شہید ہونے والے سپہ سالاروں کے کیا نام ہیں؟ نیز کس سپہ سالار کی قیادت میں فتح ہوئی؟**

**جواب:** جنگ موتہ میں مسلمانوں کی تعداد تین ہزار اور کفار دولوکھ۔ اسی غزوہ میں حضرت جعفر بن ابی طالبؓ، زید بن حارثہؓ، عبداللہ بن رواحہؓ باری باری سے امر اور شہید ہوئے۔ ان کی شہادت کے بعد حضرت خالد بن ولیدؓ امیر بنے اور فتح حاصل ہوئی۔

**سوال نمبر 27: میدانِ جنگ میں دوکون سے ایسے ہتھیار ہیں جو صرف مسلمانوں کے پاس ہیں کفار کے پاس نہیں؟**

**جواب:** وہ دو ہتھیار جو صرف مسلمانوں کے پاس ہیں وہ ہیں:

(۱) اللہ تعالیٰ پر بھروسہ

(۲) اللہ تعالیٰ کا ذکر کثیر

اِذَا لَقِیْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا (الانفال:۴۵)

(ترجمہ) جب تم کسی جماعت کے مقابل آؤ تو ثابت قدم رہو اور اللہ تعالیٰ کو کثرت سے یاد کرو۔

**سوال نمبر 28: غزوہ بدر کے کفار قیدیوں کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟ اور کس کے مشورے سے ہوا؟ (الانفال:۶۷)**

**جواب:** غزوہ بدر میں ستر کافر مارے گئے اور ستر قید ہوئے۔ ان قیدیوں کے متعلق رسول پاکؐ نے مشورہ کیا تو حضرت ابوبکر صدیقؓ نے عرض کی ان سے خرید لے کر ان کو چھوڑ دیا جائے تاکہ یہ فدیہ کی رقم آئندہ جہادوں کی تیاری میں کام آئے۔ حضرت عمرؓ اور حضرت عبداللہ بن رواحہؓ نے سخت قسم کے مشورے دیئے اور نبی اکرمؐ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی رائے کو ترجیح دی۔

**سوال نمبر 29: کسی بھی نبی کی شان کے کیا منافی ہے؟ (الانفال: ۶۷)**

**جواب:** مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ اَسْرٰى۔۔۔۔

(ترجمہ) کسی نبی کی شان کے لائق نہیں کہ کافروں کو زندہ قید کرلے۔ انبیاء کرام کی شان کے یہ بات منافی ہے کہ وہ بغیر جنگ کے کچھ کفار کو قید کرنے اور ان کا مالِ غنیمت بنائے کیونکہ اس میں شانِ پیغمبری ظاہر نہیں ہوتی بلکہ ان کی شان یہ ہے کہ خوب جنگ کریں اور کفار کو اچھی طرح قتل کریں پھر بعد میں

انہیں قید کرلے تا کہ ان کی دھاک، اسلام کا رعب کفار پر بیٹھ جائے۔

**سوال نمبر 30: غزوہ بدر کے قیدیوں سے کتنا کتنا فدیہ وصول کیا گیا؟(الانفال:۷۰)**

**جواب:** غزوہ بدر کے کفار قیدیوں سے فی کس بیس اوقیہ چاندی یعنی چالیس درہم فدیہ مقرر ہوا۔

**سوال نمبر 31: مذکورہ آیت میں کفار قیدیوں کے لئے کیا پیغام تھا؟**

**جواب:** یٰاَیُّھَا النَّبِیُّ قُلْ لِّمَنْ فِیْٓ اَیْدِیْکُمْ مِّنَ الْاَسْرٰی

(ترجمہ) اے نبی کہہ دوان کو جوتمہارے ہاتھوں میں قیدی ہیں۔

جن کفار سے فدیہ وصول کیا گیا اگر تو یہ اپنے وعدے پر قائم رہے اور آپؐ کے مقابل کفار کی مدد نہ کی تو اللہ تعالیٰ ان سے دو انعام کا وعدہ فرماتا ہے۔ ایک دنیاوی، دوسرا اُخروی۔ پہلا یہ کہ جتنا ان سے فدیہ لیا گیا ہے اس کو کئی گنا بڑھا کر دُنیا میں مال ودولت عطا فرمائے گا۔ اُخروی یہ کہ ان کے سارے کے سارے پچھلے گناہ معاف فرمادے گا۔

**سوال نمبر 32: عقد مواخات کیا تھا؟ یہ کب تک جاری رہا؟ (الانفال:۷۲)**

**جواب:** اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَھَاجَرُوْا

(ترجمہ) بے شک جولوگ ایمان لائے اور ہجرت کی۔

جب نبی اکرمؐ نے مکہ معظّمہ سے مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت فرمائی تو آپ کے ساتھ اور بعد میں بہت سے مسلمان مدینہ آ گئے۔ انصارِ مدینہ کی شاندار مہمان داری ہوئی حضور اکرمؐ نے ان مہاجرین اور انصارِ مدینہ کے مابین ایک عقد فرمادیا جس کو عقد مواخات کہتے ہیں کہ ایک ایک مہاجر کو انصاری کا بھائی بنادیا۔ جنہوں نے اپنے گھر بار اور کاروبار تک میں اپنے مہاجر بھائیوں کو شامل کرلیا حتیٰ کہ مہاجر اور انصار دونوں ایک دوسرے کی میراث میں بھی حصے دار تھے۔ یہ حکم فتح مکہ تک جاری رہا۔ فتح مکہ پر ہجرت ہی بند ہوگئی اور یہ حکم بھی منسوخ ہوگیا۔

**سوال نمبر 33: فتح مکہ سے قبل مومنوں کی کتنی قسمیں؟ اور کون کون سی؟ مختصراً تحریر کریں؟(الانفال:۷۴)**

**جواب:** فتح مکہ سے قبل مومنین کی تین اقسام بن گئیں۔

(۱)مہاجرین (۲)انصار (۳)غیر مہاجرین مومنین

(۱) مہاجرین جو ایمان لاکر مدینہ کی طرف ہجرت کر گئے اپنے مالوں، جانوں سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کیا۔

(۲) جنہوں نے ان مہاجرین کو اپنے گھروں میں جگہ دی انہیں دائمی مہمان بنایا یعنی اللہ تعالیٰ اور رسولؐ اور مہاجرین کی مدد گار یہ دونوں جماعتیں ایک دوسرے کی وارث ہیں۔

(۳) تیسرے وہ لوگ جو مکہ میں ایمان لائے مگر عذر سے یا بے عذر مدینہ ہجرت نہ کی انہیں اپنے رشتے دار و مہاجرین کی میراث سے حصہ نہیں ملے گا۔ ان کے ساتھ ایمان کا تعلق ضرور ہے اور اگر وہ کسی کافر قوم سے لڑیں تو پہلی دونوں قسموں کے مومنین پر ان کی مدد کرنا لازم ہے۔

**سوال نمبر 34: مہاجرین صحابہ کرامؓ کے کون کون سے طبقات تھے؟(الانفال:۷۵)**

**جواب:** (۱) اولین مہاجرین صحابہ: سب سے پہلے ہجرت کرنے والے۔

(۲) ثانوی مہاجرین صحابہ: صلح حدیبیہ کے بعد ہجرت کرنے والے۔

(۳) صاحب ہجرتین صحابہ: حبشہ اور مدینہ منورہ دونوں کی طرف ہجرت کرنے والے۔

**سوال نمبر 35: سورۃ التوبہ کا مختصر تعارف اور فضائل تحریر کریں؟ چند نام بتایئے۔**

**جواب:** سورت توبہ مدنی ہے۔ اس میں سولہ کوع ایک سو انتیس آیات اور چار ہزار اٹھتر کلمات۔ دس ہزار چار سو اٹھائیس حروف ہے۔ بعض مفسرین نے فرمایا کہ اس سورت کی آخری آیات مکی ہیں یعنی لَقَدْ جَاۗءَ کُمْ رَسُوْلٌ ۔ ۔ ۔ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِO (حازن)

اس سورت کے ویسے دس نام ہیں لیکن مشہور یہ ہیں۔

تَوْبَۃٌ، بَرَآءَۃٌ، مُقَشْقَشَہ، فَاضِحَہ، عَذَابٌ، مُبَشَّرَۃٌ

جن کے معنی کچھ اس طرح ہیں۔

**تَوْبَۃ:** چونکہ اس میں حضرت کعب بن مالکؓ اور ان کے ساتھیوں کی توبہ کا تذکرہ ہے۔

**بَرَآءَۃ:** چونکہ اس میں مشرکین سے بیزاری اور معاہدات سے علیحدگی کا بیان ہے۔

**مُقَشْقَشَہ:** نیز یہ سورت نفاق سے بیزاری کا اعلان کرتی ہے۔

**فَاضِحَہ:** اس سورت نے منافقین کو رسوا کیا اسی لئے فاضحہ ہے۔

**عَذَابٌ:** اس سورت میں منافقین اور مشرکین کے عذاب کی خبر ہے۔

**مُبَشَّرَۃ:** اس میں منافقین کے پردے چاک کر دیئے گئے۔

**سوال نمبر 36: سورۃ توبہ کے شروع میں بسم اللہ نہ لکھنے کی کیا وجوہات ہیں؟**

**جواب:** (۱) کسی نے جامع القرآن حضرت عثمان غنیؓ سے اس کی وجہ پوچھی تو آپؓ نے فرمایا کہ سورۃ انفال ہجرت کے ابتدائی زمانہ میں نازل ہوئی اور سورۃ توبہ آخری دور میں۔ حضور انورؐ نے اس کے اول بسم اللہ لکھنے کا حکم نہ دیا۔

(۲) محمد بن حنفیہؒ نے اپنے والد حضرت علیؓ سے پوچھا کہ اس کے اول میں بسم اللہ کیوں نہ لکھی فرمایا سورۃ توبہ تلوار کے ذریعے کفار سے امان اُٹھانے کے لئے اُتری اور بسم اللہ امان کے لئے ہوتی ہے لہذا نہ لکھی گئی۔

**سوال نمبر 37: سورۃ التوبہ کا شانِ نزول کیا ہے؟**

**جواب:** صلح حدیبیہ میں یہ معاہدہ ہو چکا تھا کہ مدینہ کے آس پاس کے تمام کفار نہ تو مسلمانوں سے لڑیں گے اور نہ مسلمان ان سے لڑیں گے۔ نہ ہی ایک دوسرے کو نقصان پہنچائیں گے۔ نہ کسی جنگ میں ایک دوسرے کے خلاف دشمن کی مدد دیں گے لیکن غزوہ تبوک کے موقع پر مدینہ کے منافقین اور ارد گرد کے کفار نے سازش کر کے مسلمان بچوں اور خواتین کو ستانے کی کوشش کی۔ غازیان بدر کے متعلق پریشان کن خبریں اُڑائیں۔ تب یہ آیات نازل ہوئیں کہ اُنہوں نے عہد توڑا آپ بھی عہد توڑ دیں مگر چار ماہ کی مہلت دے دیں۔ دوسرے نمبر پر سوائے قبیلہ بنو ضمرہ اور بنو کنانہ کے باقی سارے کفار و مشرکین نے معاہدے توڑ دیئے۔ تب یہ آیات کریمہ نازل ہوئیں جس میں عہد توڑنے والوں کے عہد توڑنے کا حکم دیا گیا۔

**سوال نمبر 38: کفار و مشرکین کی عہد شکنی کے نتیجے میں انہیں کیا دھمکی دی گئی؟ (سورۃ توبہ: ۱۔۲)**

**جواب:** بَرَآءَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ۔۔۔۔

(ترجمہ) بے زاری ہے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کی طرف سے۔۔۔۔

وہ کفار و مشرکین جنہوں نے مسلمانوں کے ساتھ کئے گئے عہد و پیمان توڑ دیئے۔ان سے بیزاری کا اعلان کیا گیا۔

9 ہجری دس ذوالحج کو منیٰ میں حضرت علیؓ نے یہ تمام آیات حجاج کو اعلانیہ سنا دیں۔

(۱) اگلے سال کوئی مشرک حج کرنے نہیں آئے گا۔

(۲) کسی کو برہنہ طواف کی اجازت نہیں ہوگی۔

(۳) جنت میں سوائے مومن کے کوئی نہیں جائے گا۔

(۴) چار ماہ کے بعد کفار و مشرکین سے کوئی معاہدہ نہیں رہے گا۔

**کفار کا جواب:**

ہماری طرف سے اپنے بھائی (محمدؐ) کو خبر دو کہ ہم میں اور ان میں کوئی معاہدہ نہیں رہا۔اب نیزے ہی ہمارا ان کا فیصلہ کریں گے۔

**سوال نمبر 39: یوم حج اکبر سے کیا مراد ہے؟ (التوبہ:۳)**

**جواب: وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ۔۔۔**

(ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کی طرف لوگوں کو اعلان عام ہے بڑے حج کے دن۔۔۔

حج اکبر کے متعلق چھ اقوال ہیں۔

(۱) ہر حج حج اکبر ہے اور عمرہ حج اصغر۔

(۲) اکیلا حج ہو تو حج اصغر اور حج قران یعنی حج و عمرہ اکٹھا احرام باندھنا حج اکبر۔

(۳) ذی الحجہ کی 9 تاریخ یعنی عرفہ کا دن حج اکبر ہے۔

(۴) بقر عید کا دن یعنی دسویں ذوالحج کیونکہ اس میں کثرتِ مناسک ہے۔

(۵) جو حج جمعہ ہو وہ حج اکبر ہے کیونکہ اس کا ثواب ستر حج کا ہے۔

(۶) جس سال حضور انورؐ نے حج کیا وہ حج اکبر تھا کیونکہ اس سال اس دن عیسائیوں، یہودیوں، مجوسیوں سب کی عیدیں تھیں۔اتنی عیدوں کا اجتماع کبھی نہیں ہوا۔

یہاں آخری دو سے مراد نہیں لئے جا سکتے کیونکہ یہ اعلان نو ہجری میں ہوا۔اس سال نہ تو نبی کریمؐ نے حج کیا اور نہ وہ جمعہ کا دن تھا بلکہ دس ذی قعدہ کو ہوا جسے کفارِ عرب نے دس ذی الحجہ بنایا تھا۔ ان کے لحاظ سے اسے حج اکبر فرمایا گیا۔

**سوال نمبر 40: وہ کون تھے جنہوں نے حالتِ کفر میں بھی مسلمانوں کے ساتھ کئے گئے معاہدے کی پاسداری کی؟ نیز ان کے لئے کیا حکم تھا؟**

**جواب: بنوضمرہ اور بنوکنانہ**

ان لوگوں نے اپنا معاہدہ ہر طرح سے پورا کیا۔جب سورۃ توبہ کی ابتدائی آیات کا نزول ہوا اس وقت ان کے معاہدے کے نو مہینے باقی تھے اس لئے انہیں یہ نو ماہ کی مدت پوری کرنے کا کہا گیا کیونکہ وعدہ وفائی مومن کی علامت ہے۔

**سوال نمبر 41: ذمی اور مستامن کافر میں کیا فرق ہے؟ (التوبہ:۶)**

**جواب:** ذمی کافر اس کو کہتے ہیں جو ہمیشہ کے لئے کسی مسلمان ریاست کا شہری بن جائے اور اس کی شہریت کے بدلے میں جزیہ بھی ادا کرے جب کہ مستامن کافر وہ ہے جس کو کچھ عرصہ کے لئے دارالسلام میں امان دی جائے جس میں وہ دین اسلام کا بغور مطالعہ کرنا چاہتا ہو۔اس کا بھی جان و مال محفوظ ہے لیکن اس کی امان عارضی ہے جب کہ ذمی کی دائمی۔مستامن کے امان کی مدت بھی مقرر نہیں جب تک حاکم وقت چاہے اسے اختیار ہے۔

**سوال نمبر 42: کفار و مشرکین کی کون سی خصلت مشترک ہے؟**

**(التوبہ:۷۔۸)**

**جواب: لَا یَرْقُبُوْا فِیْکُمْ اِلًّا وَّ لَا ذِمَّۃً**

(ترجمہ) نہ قرابت کا لحاظ کریں اور نہ وعدوں کا۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ کفار و مشرکین ایسے بے وفا ہوتے ہیں کہ اگر یہ مسلمانوں پر قابو پالیں تو نہ کسی قرابت داری کی پاسداری کرتے ہیں اور اپنے عہد و پیمان پر قائم رہتے ہیں۔ مسلمانوں کے قبضے میں ہوں تو نرم گرم گفتگو سے سادہ لوح مسلمانوں کو خوش کر دیتے ہیں مگر قابو پانے کی صورت میں معاملہ بالکل اس کے اُلٹ ہو جاتا ہے۔

**سوال نمبر 43: کیا مسلمان بننے کے لئے صرف کلمہ پڑھ لینا ہی کافی ہے؟ (التوبہ:۱۱)**

**جواب:** ہرگز نہیں۔ اسلام صرف عقائد کا نام ہی نہیں بلکہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ مسلمان بننے کے لئے صرف کلمہ پڑھ لینا ہی کافی نہیں بلکہ کفریہ عقائد سے توبہ کے ساتھ ساتھ تمام ارکان اسلام پر عمل پیرا ہونا اور دوسرے معاشرتی، معاشی اور اخلاقی خصائل اپنانا بھی لازمی ہے۔

**یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ کَآفَّۃً (البقرۃ)**

(ترجمہ) اے ایمان والو! اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ۔

بقول علامہ محمد اقبالؒ:

زباں سے کہہ بھی دیا لا الٰہ تو کیا حاصل
دل و نگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں

**سوال نمبر 44: کفار و مشرکین سے جہاد کا حکم کن وجوہ پر دیا جا رہا ہے؟ (التوبہ:۱۳)**

**جواب: وَاِنْ نَّکَثُوْٓا اَیْمَانَھُمْ۔۔۔۔**

(ترجمہ) اور اگر وہ توڑ دیں اپنی قسمیں۔

اسلام کا لفظی معنی سلامتی کے ہیں۔ دین اسلام نے ہمیشہ دنیا والوں کو امن وسلامتی کا پیغام دیا ہے لیکن اگر کوئی اس امن اور سکون کو پائمال کرنے پر تُل جائے تو ایسے لوگوں کے خلاف اُٹھ کھڑے ہونے کو جہاد وقتال کہتے ہیں۔

(۱) جب کفار و مشرکین مسلمانوں سے کئے گئے وعدوں توڑ دیں۔

(۲) کفار و مشرکین نے اللہ تعالیٰ کے نبیؐ کو اپنے شہر سے نکالنے کی کوشش کی۔ موجودہ دور میں اگر کوئی رسول پاکؐ کی شان میں گستاخی کرے۔

(۳) جب جنگ کی پہل ان کی طرف سے ہو جائے تو جواب دینا لازمی ہے۔

(۴) لوگوں کو ایمان سے روکنا۔

حکم خداوندی ہے کہ پھر ان سے نہ ڈرو بلکہ صرف اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔

سروری زیبا فقط اس ذاتِ بے ہمتا کو ہے
حکمراں ہے اک وہی باقی بتانِ آزاری

**سوال نمبر 45: جہاد وقتال کے کیا کیا فوائد و نتائج ہیں؟ (التوبہ:۱۴۔۱۵)**

**جواب: قَاتِلُوْھُمْ یُعَذِّبْھُمُ اللّٰہُ۔۔۔۔**

(ترجمہ) تو ان سے لڑو اللہ تعالیٰ انہیں عذاب دے گا۔

حکم خداوندی ہے کہ اے صحابہ کرام! اے تمام مسلمانو! تم ان سے قتال کرو جس کے پانچ بڑے بڑے فوائد حاصل ہوں گے۔

(۱) **یُعَذِّبْھُمُ اللّٰہُ:** کفار کو مسلمانوں کے ہاتھوں عذاب دینا۔

(۲) **وَیُخْزِھِمْ:** انہیں رسوا کرنا۔

(۳)وَيَنۡصُرۡكُمۡ: مسلمانوں کا کامیاب ہونا۔

(۴)وَيَشۡفِ صُدُوۡرَ: مومنوں کے سینے ٹھنڈے ہونا۔

(۵)وَيُذۡهِبۡ غَيۡظَ قُلُوۡبِهِمۡ: مسلمانوں کے دل کی گھٹن دور ہونا۔

**سوال نمبر 46: ایک مخلص مسلمان اور ایک منافق کی پہچان کا طریقہ اللہ رب العزت کی بارگاہ میں کیا ہے؟ (التوبہ:۱۶)**

**جواب: اَمۡ حَسِبۡتُمۡ اَنۡ تُتۡرَكُوۡا۔۔۔**

(ترجمہ) کیا سمجھ لیا تم نے کہ یونہی چھوڑ دیئے جاؤ گے۔۔۔۔

ارشاد نبویؐ ہے اَلدُّنۡيَا مَزۡرَعَةُ الۡاٰخِرَةِO ''دُنیا آخرت کی کھیتی ہے''۔ یہ دارالعمل ہے اور آخرت دارالجزاء ہے۔ اس دُنیا میں اعمال سے بھاگنا محرومی کی نشانی ہے۔ آرام طلبی کرنا جزا ڈھونڈنا ہے جو یہاں نہیں آخرت میں ہے۔ مشکل اور دشوار اعمال سے ہی ایک مخلص مسلمان اور منافق میں فرق پڑتا ہے۔ اسی طرح آخرت کی سزا اور جزا ہمارے دُنیا میں اعمال خیر وشر کی بناء پر ہے۔

**سوال نمبر 47: اللہ تعالیٰ کی مساجد کو صحیح طور پر آباد کرنے والے کون لوگ ہیں؟ (التوبہ:۱۸)**

**جواب: اِنَّمَا يَعۡمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنۡ اٰمَنَ بِاللّٰهِ۔۔۔۔**

(ترجمہ) بلاشبہ اللہ تعالیٰ کی مساجد کو وہی لوگ آباد کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ پر صحیح طرح ایمان لائے۔

مذکورہ آیت کریمہ کے مطابق مساجد کی آبادی کا حق انہیں لوگوں کو جن میں چار صفات ہوں۔(۱) وہ اللہ تعالیٰ کو اس مع ذات وصفات کے مانیں۔

(۲) روز آخرت کو اپنے نبیؐ کے ارشادات کے مطابق مانیں۔

(۳) نماز وزکوٰۃ کے باقاعدگی سے پابند ہوں۔

(۴) دین میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے نہ ڈریں۔

**سوال نمبر 48: مساجد کی آبادی کون کون سی صورتیں ہوسکتی ہیں؟ (التوبہ:۱۷)**

**جواب:** (۱) مسجد کی تعمیر اور اس میں اضافہ کرنا۔

(۲) اس کے فرش اور چٹائیوں کا بچھانا۔

(۳) روشنی اور زیبائش کا انتظام۔

(۴) نماز اور تلاوتِ قرآن کا اہتمام۔

(۵) اذان اور تکبیر کہنا۔

(۶) امامت کرنا۔

(۷) دینی مدرسہ کا قیام۔

(۸) مساجد کی رونق میں اضافہ کرنا وغیرہ۔

(۹) اس کی صفائی کا اہتمام کرنا۔

حضرت تمیم داری کسی دوسرے ملک سے قندیلیں مع اعلیٰ تیل لائے اور مسجد نبوی کے ستون میں آویزاں کیں تو حضورؐ نے فرمایا اے تمیم داری! تم نے ہماری مسجد روشن کی اللہ تعالیٰ تمہاری قبر روشن کرے۔ (روح البیان) حضرت ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ تم جسے مسجد میں حاضری کا عادی دیکھو اس کے ایمان کی گواہی دو اور یہ ہی آیت تلاوت فرمائی۔ (ترمذی) فرمایا نبی اکرمؐ نے جو شخص مسجد میں روشنی کرے صبح وشام مسجد میں نماز کے لئے آنے کا عادی ہو۔ رب تعالیٰ جنت میں اس کی مہمانی تیار فرمائے گا۔ (مُسلم۔ بخاری)

**سوال نمبر 49: مسجد الحرام کو آباد کرنا، زم زم کنوئیں سے نکالنا اور حجاج کو پانی پلانا کس وقت نیکیاں بنتی ہیں؟ (التوبہ:۱۹)**

**جواب: اَجَعَلۡتُمۡ سِقَایَۃَ الۡحَآجِّ۔۔۔۔**

(ترجمہ) تو کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانا اور مسجدِ حرام کی خدمت اس کے برابر ٹھہرا لیا جو اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان لایا اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کیا۔ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک برابر نہیں۔

اسلام لانے سے پہلے طلحہ بن شیبہ نے کہا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے عزت دی ہے کہ میں کعبہ کا کلید بردار ہوں کسی کو یہ شرف حاصل نہیں ۔حضرت عباس بھی ایمان لانے سے پہلے مسجد حرام کی آبادی حجاج کو پانی پلانا اور زم زم کنوئیں سے نکالنے کو ہی بہتر سمجھتے تھے لیکن اللہ تعالیٰ نے فرمایا ان تمام کاموں سے بہتر اللہ تعالیٰ، اس کے رسول اور آخرت پر ایمان لانا اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنا ہے۔ مومن صحابی مجاہدین دوسروں سے کہیں افضل ہیں۔ گویا جس بات پر یہاں زور دیا گیا ہے وہ ایمان ہے اور اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کو بذریعہ نبی ماننا ایمان ہے پھر جہاد کا خصوصیت سے تذکرہ ہے۔جس میں خاص طور پر حضرت علیؓ کی تعریف وستائش کی گئی کیونکہ انہوں نے اپنے چچا حضرت عباسؓ سے جہاد کا ہی ذکر فرمایا تھا۔

معلوم ہوا کہ ایمان کے بغیر کوئی نیکی، کہیں رہنا، کہیں رہ کر عبادت کرنا قبول نہیں۔ سب کی قبولیت کے لئے ایمان ایسا ضروری ہے جیسے نماز کے لئے وضو۔

**سوال نمبر 50: صحابہ کرامؓ کی کون سی خصوصیات کا تذکرہ ملتا ہے۔ نیز ان کے لئے کن عطاؤں کا بیان ہے؟(التوبہ:۲۰۔۲۲)**

**جواب: اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَهَاجَرُوۡا وَجَاهَدُوۡا فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ۔۔**

(ترجمہ) وہ جو ایمان لائے اور اُنہوں نے ہجرت کی اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کیا۔

صحابہ کرام وہ پاک ہستیاں ہیں جنہوں نے رسول پاکؐ کی ذات وصفات معجزات اور کمالات آنکھوں سے دیکھ کر ایمان لائے۔ ان کا ایمان شعوری تھا۔ ان کی تین خاص باتیں جن کا تذکرہ ہوا وہ یہ تھیں۔

(۱) ایمان (۲) ہجرت (۳) مالی وجانی جہاد

پھر اللہ تعالیٰ کی تین عطاؤں اور نعمتوں کا بیان ہے۔

(۱) رحمت (۲) رضوان (رضامندی) (۳) جنت

ایمان چونکہ تمام اعمال میں مقدم ہے اس کا تذکرہ پہلے ہوا پھر ہجرت جو کہ جہاد کا پیش خیمہ ہے پھر جہاد میں مالی جہاد کیونکہ اولاً مال ہی خرچ ہوتا ہے پھر جانی جہاد کا تذکرہ ہے۔ انعامات میں رحمت خداوندی ہی مقدم ہے پھر اس کی رضا حاصل ہوتی ہے جس کے نتیجے میں بہترین گھر یعنی جنت ملتی ہے۔

**سوال نمبر 51: جہاد کے راستے میں عام طور پر کون کون سے دنیاوی رشتے اور چاہتیں رکاوٹ بنتی ہیں؟ وضاحت کریں۔(التوبہ:۲۴)**

**جواب: قُلۡ اِنۡ كَانَ اٰبَآؤُكُمۡ۔۔۔۔**

(ترجمہ) کہہ دو اگر ہیں تمہارے باپ، بیٹے، تمہارے بھائی، بیویاں۔۔۔۔

یہاں آٹھ چیزوں کا تذکرہ ہوا۔ پانچ قرابتدار اور تین قسم کے مال۔

(۱) باپ دادا (۲) بیٹے پوتے
(۳) بھائی بھتیجے (۴) بیویاں

(۵) بلکہ سارے سسرالی نہیں رشتے دار کہنے والے

(۶) کمایا ہوا مال (۷) تجارتی مال (۸) مکانات کوٹھیاں، بلڈنگز وغیرہ۔ تمام دنیاوی رشتوں کی ترتیب بھی فطری ہے۔ سب سے باپ داداؤں کا ذکر ہے کیونکہ انہی رشتوں سے پیدائشی تعلق ہے اولاد شادی کے بعد ملتی ہے۔ اس کے بعد بھائیوں کا ذکر ہے کہ والدین اور اولاد کا مقابلہ میں محبت ان سے کم ہوتی ہے پھر بیویوں کا ذکر پھر سارے رہنے والے اور سسرالی دونوں مراد ہیں۔ کمائی کا نام پہلے لیا گیا اس بعد تجارتی مال جس کے مندا ہونے کی فکر ہوتی ہے اور آخر میں مکانات کوٹھیاں جو شوق سے بنائی جاتیں ہیں۔ ان سب کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسولؐ کی محبت بتائی گئی کہ یہاں تمہارے ایمان کا امتحان ہیکہ کہیں ان کی محبتوں میں اُلجھ کر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کی محبت تو نہیں ترک کر دیتے۔ ایسا کیا تو اپنے لئے دنیا اور آخرت کے عذاب پاؤ گے۔

**سوال نمبر 52: غزوہ حنین کب رونما ہوئی؟ اس میں مسلمانوں اور کفار کی کتنی تعداد تھی؟ نیز کیا اس میں فرشتوں کا نزول ہوا؟**

**جواب: لَقَدْ نَصَرَ كُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ**

(ترجمہ) بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہاری بہت جگہ مدد کی۔

مکہ معظّمہ سے تین دن کی مسافت پر مقام حنین ہے وہاں کے دو سرکش قبیلے ہوازن اور ثقیف نے مل کر مسلمانوں پر حملے کیتیاری کی۔ نبی پاکؐ نے بارہ ہزار غازیوں کے ساتھ شوال آٹھ ہجری کو مکہ سے حنین کی طرف روانہ ہوئے۔ کافروں کی تعداد چار ہزار تھی۔ بعض مسلمانوں نے کہا کہ آج ہم کفار سے تین گناہ ہیں ہرگز مغلوب نہیں ہوں گے۔ نبی پاکؐ کو یہ بات ناگوار گزری وہ تیر اندازی میں ماہر تھے۔ ان کے تیروں کی بارش سے مسلمانوں کے قدم اُکھڑ گئے لیکن نبی پاکؐ کے دس صحابہ کرامؓ آپؐ کی حفاظت میں رہے۔ اس کے علاوہ ایک سو صحابہ بھی جمے رہے لیکن اپنے مرکزوں میں تھے جب نبی پاکؐ ڈٹ گئے تو آہستہ آہستہ مسلمان آپؐ کے ساتھ ملتے گئے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوبؐ کے صدقے مسلمانوں کو شاندار فتح عطا فرمائی۔ اس غزوہ کے آخر میں چھ ہزار قیدی جن میں عورتیں اور بچے بھی تھے۔ چوبیس ہزار اونٹ، بکریوں کا شمار نہیں تھا۔ ان قیدیوں کو تو حضورؐ نے اپنی رضائی بہن شیما بنت حلیمہ سعدیہؓ کی سفارش سے بہت سامان دے کر آزاد فرما دیا۔

اسی غزوہ میں فرشتوں کا نزول ہوا لیکن اُنہوں نے جنگ میں حصہ نہیں لیا۔ اللہ تعالیٰ کا خصوصی کرم ہوا اور مسلمانوں پر تسکین کا نزول ہوا۔

**سوال نمبر 53: مشرکین نجس ہیں اس کا کیا مطلب ہے؟ (التوبہ: ۲۸)**

**جواب: اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ۔۔۔۔**

(ترجمہ) بلاشبہ مشرک ناپاک اور نجس ہیں۔

مشرک چاہے یہودی ہوں یا عیسائی یا ہندو جو بھی اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں کسی اور کو شریک کرتے ہیں اور ان کو پوجتے ہیں وہ ناپاک ہیں۔ عقائد اور اعمال کے لحاظ سے نجاست حکمی وحقیقی دونوں کے ہی مرتکب ہوتے ہیں۔ اسی لئے حکم ہو گیا آئندہ سال سے یہ مسجد حرام کے قریب بھی نہ پھٹکیں، نہ حج کریں، نہ عمرہ، نہ زیارات۔ اللہ تعالیٰ تم سب کو اپنی جناب سے غنی و بے نیاز کر دے گا۔

امام اعظم ابوحنیفہؒ کا قول ہے کہ آدمی مطلقاً پاک ہے خواہ مومن ہو یا مشرک وکافر۔ وہ ہر مسجد اور مسجد الحرام میں مسلمانوں کی اجازت لے کر داخل ہوسکتے ہیں۔اپنی عبادت کسی مسجد میں نہیں کر سکتے۔

**سوال نمبر 54: اسلام نے کن لوگوں سے جہاد وقتال کا حکم دیا ہے؟(التوبہ:۲۹)**

**جواب: قَاتِلُوا الَّذِیْنَ لَایُؤمِنُوْنَ بِاللہِ وَ لَابِالْیَوْمِ الْاٰخِرِ۔۔۔**

(ترجمہ) لڑائی کرو ان سے جو ایمان نہیں لاتے اللہ تعالیٰ پر اور نہ روزِ آخرت پر۔۔۔

مذکورہ آیت کریمہ میں کفار ومشرکین کے پانچ عیوب گنوائے گئے ہیں۔مسلمانوں کو ہر قسم کے جہاد کی اجزت ہے۔ وہ لوگ چاہے مشرکین وکفار ہوں یا یہود ونصاریٰ ہوں۔ اگرچہ یہ قومیں اللہ تعالیٰ پر ایمان کے دعویدار ہیں لیکن دونوں قومیں اللہ تعالیٰ کے لئے بیٹا مانتی ہیں۔ یوں ہی یہودی جنت میں کھانے پینے کی نعمتوں کے منکر ہیں۔عیسائی جنت میں صرف روحانی داخلہ مانتے ہیں۔ دونوں قومیں اپنے آپ کو جنتی خیال کرتی ہیں۔بغیر اعمال صالحہ کے۔تیسرے نمبر پر اللہ تعالیٰ کے حرام کو حرام نہیں سمجھتے۔ جیسے خنزیر، مردار، شراب، سود اور جوا وغیرہ۔ چوتھے نمبر پر رسول پاکؐ کے حرام کو حرام خیال نہیں کرتے جیسے ریچھ، بھیڑیا، شیر اور گدھا وغیرہ اس کے علاوہ موسیٰؑ اور عیسیٰؑ نے تورات وانجیل میں جو جو حرام قرار دیا اُنہوں نے وہ بھی حرام نہ سمجھا۔ پانچواں عیب ان لوگوں کا یہ ہے کہ دین حق یعنی اسلام کو اختیار ہی نہیں کرتے جب کہ حکم آچکا ہے۔

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَاللہِ الْاِسْلَامُ (آل عمران:۱۹)

(ترجمہ) بے شک دین اللہ تعالیٰ کے نزدیک اسلام ہے۔

**سوال نمبر 55: جزیہ کیا ہے؟ یہ کس سے لیا جات ہے؟ اس کی مقدار کیا ہے اور یہ کب لیا جاتا ہے؟**

**جواب:۔۔حَتّٰی یُعْطُو الْجِزْیَۃَ عَنْ یَدٍوَّ ھُمْ صٰغِرُوْنَ O**

(ترجمہ) یہاں تک کہ دیں جزیہ ہاتھ سے حالانکہ وہ ذلیل ہوں۔

ذمیوں سے شہری حقوق کے بدلے میں جو روپیہ وصول کیا جائے جزیہ کہلاتا ہے۔

عجمی اہل کتاب یعنی یہودی اور عیسائی۔

عجمی مشرکین ان دونوں قسم کے کفار سے بالاتفاق جزیہ لیا جائے گا۔ جزیہ کی مقدار مقرر نہیں۔ سلطانِ اسلام اور کفار کی رضامندی سے طے ہوگا۔ خلفائے راشدین کے دور میں تندرست ذمی سے ایک درہم ماہوار وصول ہوتا تھا۔ جزیہ کے وصول کا وقت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک پیشگی جب کہ امام شافعیؒ کے نزدیک مہینہ گزرنے پر جو کافر آدھا سال بیمار رہے اس سے جزیہ معاف ہے۔

**سوال نمبر 56: عیسائی قوم حضرت عیسیٰؑ کو اللہ تعالیٰ کا بیٹا ماننے کے علاوہ دوسرا کون سا شرک کرتے ہیں؟(التوبہ:۳۱)**

**جواب: اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَھُمْ وَرُھْبَانَھُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللہِ۔۔**

(ترجمہ) انہوں نے اپنے پادریوں اور جوگیوں کو اللہ تعالیٰ کے سوا خدا بنالیا اور مسیح بن مریمؑ کو۔۔۔

عیسائی پادریوں اور راہبوں کو اللہ تعالیٰ کے سوا اپنا رب بنایا ہوا

تھا۔ ان کے حرام کردہ چیزوں کو حرام کہتے اور انہی کے حلال کردہ اشیاء کو حلال کہتے۔ انہیں سجدے کرتے، ان سے اپنے گناہ معاف کراتے۔ غرضیکہ یہ لوگ عملاً اعتقاداً مشرک ہیں۔ حالانکہ تمام آسمانی کتب میں صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کا حکم ہے۔

**سوال نمبر 57: نوراللہ سے کیا مراد ہے؟ نیز اس کو بجھانا کیا ہے؟ (التوبہ:۳۲۔۳۳)**

**جواب: یُرِیۡدُوۡنَ اَنۡ یُّطۡفِـُٔوۡا نُوۡرَ اللّٰہِ۔۔۔**

(ترجمہ) ان کفار کی دائمی کوشش ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نُور کو بجھا دیں۔

نور اللہ سے مراد قرآن، اسلام حضور انورؐ کے معجزات، اسلام کی حقانیت کے دلائل یا خود حضور انورؐ ہیں۔

ساری دُنیا کے کفار دل سے یہی چاہتے ہیں کہ زبان، قلم، دولت، زر اور زور کے بل بوتے پر اللہ تعالیٰ کے نور حضورؐ کی ذات وصفات کو اپنی پھونکوں سے بجھا دیں کہ آپؐ کو شہید کر دیں۔ یا آپؐ کا ذکر بند کر دیں یا ان کا قرآن اور اسلام ختم کر دیں۔ مگر تمام کفار کی کوششوں سے ان کا چرچا کم نہیں ہوگا اور اللہ تعالیٰ تمام آسمانی ونفسانی سینوں پر ان کو ہمیشہ غالب رکھے گا۔ چاہے سب اس کو دبانے کی کوشش میں ہوں۔

مٹ گئے مٹتے ہیں مٹ جائیں گے اعدا تیرے
نہ مٹا ہے، نہ مٹے گا کبھی چرچا تیرا
چمن یونہی رہے گا اور ہزروں جانور
اپنی اپنی بولیاں سب بول کر اُڑ جائیں گے

**سوال نمبر 58: غزوہ تبوک کے کیا اسباب تھے؟ (۳۹۔۳۸)**

**جواب:** فتح مکہ کے تھوڑے عرصہ بعد جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو خبر ملی کہ رومی لوگ شام کے شہر تبوک کے مسلمانوں پر حملہ کرنے کے لئے جمع ہوئے ہیں۔ نبی پاکؐ نے جہاد کی تیاری کا مسلمانوں کو حکم کر دیا۔ مدینہ سے تبوک تقریباً پانچ سو میل کے فاصلے پر تھا۔ موسم سخت گرم تھا۔ کھجوریں تیار تھیں۔ یہ جہاد منافقین پر اور چند مسلمانوں پر بھاری معلوم ہوا جن کو اُن آیات میں جھنجھوڑا جا رہا ہے۔

**سوال نمبر 59: غزہ تبوک میں صحابہ کرامؓ نے کیا کیا خرچ کیا؟ (۳۹۔۳۸)**

**جواب:** 9 ہجری میں نبی کریمؐ تیس ہزار کا لشکر جرار لے کر تبوک کی طرف روانہ ہوئے جس میں دس ہزار گھوڑے تھے۔ حضرت عثمان غنیؓ نے دس ہزار مجاہدین کو سامانِ جنگ دیا۔ دس ہزار اشرفیاں، نوسو اونٹ اور سو گھوڑے مع سامان دیئے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنا سارا مال واسباب چندے میں پیش کر دیا۔ اس کی مالیت چار ہزار درہم تھی۔ حضرت عمر فاروقؓ نے آدھا سامان ومال۔ حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ نے سو اوقیہ اور عورتوں کے اپنا زیور اُتار دیئے۔ اس غزوہ کو غزوہ عسرت اور غزوہ فافحہ بھی کہتے ہیں۔

**سوال نمبر 60: نبی اکرمؐ کی ہجرتِ مدینہ کا سب سے بڑا سبب کیا تھا؟ (۴۰)**

**جواب:** جب کفارِ مکہ کے مظالم مسلمانوں پر حد سے بڑھ گئے اور مسلمانوں کا مدینے میں رہنا از حد مشکل ہو گیا تو نبی پاکؐ نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے مسلمانوں کو ہجرت کا حکم دیا۔ اس حکم سے مسلمان مختلف مقامات پر ہجرت کر کے چلے گئے۔ مکہ میں صرف

حضور انورؐ، حضرت علیؓ، حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت صہیبؓ رہ گئے۔ یا عورتیں، بچے۔ بوڑھے اور ضعیف مسلمان جو ہجرت نہ کر سکے تھے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ بھی حبشہ کی طرف ہجرت کے لئے چل پڑے لیکن نبی پاکؐ نے انہیں راستے سے بلوا لیا کہ مجھے بھی ہجرت کا حکم ملنے والا ہے۔ وہ خوش ہو گئے۔

**سوال نمبر 61: ہجرت کے لئے سواری کا انتظام کیا گیا؟ اور کس نے کیا؟ (۴۰)**

**جواب:** ہجرت کے لئے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے آٹھ سو درہم کی دو اونٹنیاں خرید کر ان کی پرورش کی۔ ایک کا نام قصویٰ تھا جس پر حضور اکرمؐ نے سواری کی جب کہ دوسری کا نام عضبا تھا۔ قصویٰ خلافتِ صدیقیؓ میں فوت ہوئی جب کہ عضبا خلافتِ فاروقی میں فوت ہوئی۔

**سوال نمبر 62: کفارِ مکہ نے نبی اکرمؐ کے خلاف کیا سازش سوچی؟ اور اللہ تعالیٰ نے اس کو کیسے ناکام فرمایا؟ (۴۰)**

**جواب:** کفارِ مکہ قصی بن کلاب کے گھر میں اکٹھے ہوئے لوگوں نے مختلف رائے دیں مگر ابوجہل بولا کہ میری رائے یہ ہے کہ مکہ کے مختلف قبیلوں میں دو، دو آدمی ہتھیار بند ہو کر ان کے گھر کو گھیر لو۔ جب وہ اُٹھیں تو سب یکبارگی حملہ کر کے شہید کر دو۔ بنی ہاشم سب سے لڑ نہیں سکیں گے۔ سب نے پسند کیا۔ نبی پاکؐ کو رب تعالیٰ نے ساری سازش سے آگاہ فرما دیا۔ حضورؐ نے حضرت علیؓ کو اپنے بستر پر لٹا دیا۔ محاصرہ کرنے والے ایک سو آدمی تھے۔ آپؐ نے ایک مٹھی مٹی لی اور سورۃ یٰسین کی تلاوت کرتے ہوئے گزر گئے۔ خاک ان کی طرف پھینکی اور وہ سب حضورؐ سے اندھے ہو گئے۔ وہاں سے نکل کر حضرت ابوبکر صدیقؓ کو ساتھ لیا اور ثور پہاڑ کی طرف روانہ ہو گئے۔ جس غار میں آپؐ نے تین دن اور تین راتیں بسر کیں وہاں بھی مکڑی نے جالا بُن دیا اور اس پر کبوتری نے انڈے دے دیئے۔ اسی کو محاصرہ کرنے والے کافر دیکھ کر واپس چلے گئے۔ حالانکہ وہ اگر اپنے پیروں کی طرف بھی دیکھتے تو آپؐ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ انہیں نظر آ جاتے۔

گویا ایسا اللہ تعالیٰ کی طرف سے انتظام ہوا۔

**سوال نمبر 63: حضرت ابوبکر صدیقؓ کی ہجرت میں نبی پاکؐ کی رفاقت کے بارے میں حضرت عمر فاروقؓ کا کیا رشک تھا؟ (۴۰)**

**جواب:** حضرت عمر فاروقؓ فرمایا کرتے تھے کہ کاش میری ساری عمر کی نیکیاں حضرت ابوبکر صدیقؓ کی رات اور ایک دن کی نیکیوں کی طرف ہو جائیں۔ رات تو غارِ ثور کی رات اور دن حضورؐ کی وفات کا دن جب اُنہوں نے اسلام کی ڈوبتی کشتی کو بچا لیا۔

اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِہٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا۔ (۴۰)

''جب آپؐ فرماتے تھے اپنے ساتھی کو غم نہ کھا بے شک اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے''۔

**سوال نمبر 64: فضائلِ ابوبکر صدیقؓ تحریر کریں؟**

**جواب:** تمام اُمتِ رسولؐ کا اس پر اجماع ہے کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ بعد از انبیاء ساری خلقت سے افضل ہیں۔

آپؓ کی افضل الخلق ہونے پر بہت سی آیات ہیں۔

(۱) وَلَا یَاْتَلِ اُوْلُوا الْفَضْلِ مِنْکُمْ وَالسَّعَۃِ۔ (النور: ۲۲)

''اور بزرگی والا اور کشائش والا (صدقہ) نہ روکیں''۔

(۲) وَسَیُجَنَّبُہَا الْاَتْقٰی (اللیل: ۱۷)

''اور (دوزخ سے) جلد دُور کر دیا جائے گا وہ جو اتقیٰ ہے۔ (سب سے بڑا پرہیزگار)''۔

(۳)سَتُدۡعَوۡنَ اِلٰی قَوۡمٍ اُولِیۡ بَاۡسٍ شَدِیۡدٍ۔ (الفتح: ۱۴)

''جلد ہم ایک سخت لڑائی والی قوم کی طرف بلائے جاؤ گے (یمامہ)''۔

(۴)ثَانِیَ اثۡنَیۡنِ اِذۡ هُمَا فِی الۡغَارِ (توبہ:۴۰)

''دوسرا دو میں سے جب وہ دونوں غار میں تھے''۔

احادیث:(۱)نبی پاکؐ نے مرض وفات شریف میں آپ کو مصلیٰ عطا فرمایا۔

(۲) آپؓ ہی چار پشتوں کے صحابی ہیں جیسے حضرت یوسفؑ چار پشتوں کے نبی تھے۔

(۳)مسجد نبوی کی جگہ خرید کر وقف کی۔

(۴) آپؓ نے اپنا سارا مال حضورؐ اور اسلام پر خرچ کیا۔

**سوال نمبر 65: غزوہ تبوک کے موقع پر منافقین کا کیا ردعمل تھا؟ (۴۳۔۴۴)**

**جواب:** غزوہ تبوک کو غزوہ فافحہ بھی کہتے ہیں کیونکہ اس غزوہ میں منافقین چھٹ کر آشکار ہو گئے۔ کچھ نے بیماری کا بہانہ بنایا۔ کچھ نے اپنے گھر والوں کی بیماری کا بہانہ بنایا جب کہ مخلصین مومنین نے جہاد سے اجازت نہ مانگی۔

**سوال نمبر 66: ذمی اور مستامن کافر میں کیا فرق ہے؟(توبہ:٦)**

**جواب:** وَاِنۡ اَحَدٌ مِّنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ اسۡتَجَارَكَ فَاَجِرۡهُ۔

''اور (اے میرے نبیؐ) اگر کوئی مشرک تم سے پناہ مانگے تو اسے پناہ دو''۔

ذمی کافر وہ ہیں جو اسلامی ریاست کا شہری بن کر رہے۔ اس کی جان و مال کی حفاظت ریاست کی ذمہ داری ہے جس کے بدلے وہ جزیہ ادا کرتا ہے۔ کسی بھی اسلامی مُلک میں ذمی کو امان ہے سوائے عرب کے کہ وہاں یا تو اسلام ہے یا قتل۔ مستامن کافر وہ ہے جو سلطان اسلام سے امان لے اور سلطان کے پاس رہے۔ اس کے ماتحت رہے۔ اس کے انتظام میں قرآن اور احکام اسلام سُنے پھر اس کو کچھ عرصے بعد مُلک سے باہر کسی محفوظ جگہ پر پہنچا دیا جائے۔ وہ ذمی کی طرح دائمی شہری نہیں بلکہ عارضی شہری ہے۔

**سوال نمبر 67: عموماً کفار و مشرکین میں کیا کیا عیب پائے جاتے ہیں؟(۸۔۱۱)**

**جواب: کفار کے عیوب:**

كَيۡفَ وَاِنۡ يَّظۡهَرُوۡا۔۔۔۔۔لِقَوۡمٍ يَّعۡلَمُوۡنَ O

اللہ تعالیٰ ان آیات میں مسلمانوں کو تنبیہہ فرما رہا ہے کہ تم ان جو عہد اور بے وفا کفار کی جنگ و جدال اور قتل و غارت سے کیسے بچ سکتے ہو۔ عموماً ان میں جو عیب موجود ہیں وہ کچھ یوں ہیں۔

(۱) تھوڑے پیسوں اور دُنیاوی لالچ سے دین میں تبدیلی کر دینا۔

(۲) عہد توڑنا۔

(۳) لوگوں کو اچھے راستہ سے روکنا۔

(۴) مومنوں کی قرابت داریوں کا لحاظ نہ کرنا۔

(۵) ان سے کئے ہوئے عہد و پیمان کا لحاظ نہ کرنا۔

(٦) انہیں ستانا۔

**سوال نمبر 58: کفار و مشرکین مکہ کے تین بڑے بڑے جرائم کیا تھے جس کی وجہ سے ان کے ساتھ جہاد و قتال کا حکم صادر ہوا؟ (۱۳)**

**جواب: کفارِ مکہ کے جرائم:**

اَلَا تُقَاتِلُوۡنَ قَوۡمًا نَّكَثُوۡا۔۔۔۔۔۔مُّؤۡمِنِيۡنَ O

مذکورہ آیت مقدسہ میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ترغیب دی کہ کفار و مشرکین سے تمہارا جہاد و قتال ان کی تین زیادتیوں کی بناء پر ہے۔

(۱) تم سے کیئے ہوئے وعدے اور قسمیں توڑنا۔

(۲) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مدینہ منورہ سے بھی نکالنے کی کوشش کرنا۔

(۳) بدر اور احزاب میں جنگ میں پہل کرنا۔

**سوال نمبر 69: کفار و مشرکین سے جہاد و قتال کے پانچ بڑے بڑے کون سے فوائد ہیں؟ (۱۴۔۱۵)**

**جواب: فوائد قتال و جہاد**

**قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ O**

اسباب قتال و جہاد کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس کے بڑے بڑے پانچ فائدے ارشاد فرمائے ہیں۔

(۱) **يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ** اللہ تعالیٰ ان کو تمہارے ہاتھوں سے عذاب دے۔ یعنی ان کی موت کفر و شرک پر ہو اور عذاب نار میں مبتلا ہوں۔

(۲) **وَيُخْزِهِمْ** اور انہیں رسوا کرے۔ ان کی دُنیاوی عزت خاک میں ملا دے اور یہ قیدی ہو کر تمہارے سامنے پیش ہوں۔

(۳) **وَيَنْصُرْكُمْ** اور تمہاری (ان پر) مدد کرے۔ اور غیبی امداد کے ذریعے تمہیں فتح دے۔

(۴) **وَيَشْفِ صُدُوْرَ** اور (ایمان والو کے) سینے کھول دے۔ ان کی مصیبتوں پر مظلوم مسلمانوں کے سینے ٹھنڈے ہو جائیں۔

(۵) **وَيُذْهِبْ غَيْظَ** اور لے جائے (اِن کے دلوں کی) گھٹن۔ بے بس مسلمانوں کے دلوں کی گھٹن دُور ہو۔

گویا سارے فوائد مسلمانوں کے جہاد و قتال کرنے پر ہی مرتب ہوں گے۔

شہادت ہے مطلوب و مقصود مومن نہ مالِ غنیمت، نہ کشور کشائی

**سوال نمبر 70: غزوہ تبوک کے موقع پر سردارانِ منافقین نے مدینہ میں کیا کیا افواہیں پھیلائیں؟ (۵۰۔۵۱)**

**جواب:** غزوہ تبوک کے موقع پر منافقین مدینہ بہانے بنا کر جنگ سے رہ گئے اور مدینہ میں یہ خبریں پھیلا دین کہ نبی اکرمؐ اور مومنین سفر کی شدت اور گرمی کی زیادتی کی وجہ سے راستہ میں ہی شہید ہو گئے جس پر دوسرے منافقوں نے خوب خوشی منائیں مگر بعد میں پتہ چلا کہ تمام افواہیں تھیں اور آنحضرتؐ مع اپنے صحابہ بخریت ہیں جس پر ان منافقین کو سخت صدمہ پہنچا۔ مدینہ میں ان منافقین کی شدید بدنامی ہوئی۔

**سوال نمبر 71: دوران جہاد مومنین کی کون سی کیفیات بیان فرمائی جاتی ہیں؟ نیز ان سے ان کو کیا فائدے ملتے ہیں؟ (۵۲۔۵۳)**

**جواب:** کہہ دو تم نہیں انتظار کرتے ہمارے لئے مگر ایک کا ان دو خوبیوں میں سے۔۔۔۔

دورانِ جہاد مومنین یا تو فتح سے ہمکنار ہوتے یا شہادت پاتے ہیں۔ مجاہد ہر دو صورت میں کامیاب و کامران ہے۔ اگر فاتح لوٹے تو دنیا میں جائز اور حلال مالِ غنیمت پانے کے ساتھ ساتھ کفار کے دلوں میں ان کی ہیبت بیٹھ جاتی ہے اور اگر شہید ہو جائے تو دُنیا میں بھی نیک نامی اور آخرت میں قُربِ الٰہی کے مستحق ٹھہرے۔

نبی پاکؐ کا ارشاد ہے:

''اللہ تعالیٰ مومن غازی کے دو چیزوں کا ضامن ہے یا شہادت

کے بعد فوراً جنت کا داخلہ یا ثواب وغنیمت کے ساتھ گھر لوٹے گا''۔ (کبیر۔خازن،معانی وغیرہ)

**سوال نمبر 72: منافقین کی نماز اور صدقات کی ادائیگی کس انداز سے بیان فرمائی گئی ہے؟ یا منافقت کی نماز اور صدقہ کی کیا علامات ہوتی ہیں؟ (۵۴)**

**جواب: وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ۔۔۔۔۔۔۔**

ترجمہ: اور وہ جو خرچ کرتے ہیں ان کا قبول ہونا بند نہ ہوا مگر اس لئے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے منکر ہوئے اور نماز کو نہیں آتے مگر سُستی سے اور نہیں خرچ کرتے مگر نا گواری سے۔

''ہر درخت کی مضبوطی جڑ سے قائم ہے جب کسی کی جڑ ہی کمزور اور خراب ہو تو شاخوں میں سبزہ نہیں آئے گا اور پھل کیسے لگیں گے۔

منافقین میں چونکہ اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسولؐ پر ایمان ہی مفقود ہے تو ان کی نمازیں بھی محض دکھاوا ہیں۔ لوگوں کو دکھانے کے لئے مسجدوں میں آجاتے ہیں۔ نماز کو بوجھ خیال کرتے ہیں۔ وضو کیا نہ کیا، ننگے سر، گریبان کھلے، آستین چڑھائے نماز پڑھنے لگتے ہیں۔

صدقات وخیرات صرف لوگوں کو دکھانے کے لئے اسے بوجھ سمجھ کر ٹیکس جانتے ہیں۔ نمازیں بھی ذوق وشوق سے عاری ہیں۔

**سوال نمبر 73: منافقین مدینہ نبی اکرمؐ کی شانِ اقدس میں بوقت تقسیم صدقات ومالِ غنیمت کیا الزامات لگایا کرتے تھے؟ (استغفراللہ) (۵۸۔۵۹)**

**جواب: وَمِنْهُمْ مَنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقَاتِ** ''اور ان میں سے کوئی وہ ہے کہ صدقہ باٹنے میں تم پر طعن کرتا ہے''۔۔۔۔۔

فتح حنین کے بعد ہوازن سے حاصل کیا ہوا مالِ غنیمت تقسیم فرمایا جارہا تھا اور آپؐ فتح مکہ میں ایمان لانے والوں پر بڑی کرم نوازی فرما رہے تھے جس پر قبیلہ بنو تمیم کے ایک شخص حرقوص یا مقداد تھا کہنے لگا آپ تقسیم میں انصاف کریں۔ آپؐ نے فرمایا کہ اگر میں بھی انصاف نہ کروں تو کون کرے گا۔ حضرت عمر فاروقؓ نے اس منافق کے قتل کی اجازت چاہی لیکن آپ نے منع فرمایا۔

اس موقع پر یہ آیات نازل ہوئیں۔ (مُسلم۔ بخاری) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ایسے لوگوں کو تو اپنی مرضی کے مطابق نہ دیا جائے تو وہ بہت ناراض ہوجاتے ہی۔ اگر ایسے موقعوں پر یہ کہتے ہیں کہ ہمیں اللہ تعالیٰ اور اس کا فضل ہی کافی ہے تو یہ ان کے حق میں بہت بہتر ہوتا۔

**سوال نمبر 74: مصارف زکوٰۃ کون کون سے ہیں؟ (۶۰)**

**جواب: اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ۔۔۔۔۔۔**

(ترجمہ) بلاشبہ زکوٰۃ تو فقراء کے لئے ہے، مساکین کے لئے ہر قسم کی زکوٰۃ خواہ روپے پیسے کی ہو یا جانوروں کی یا پیداوار کی یا زیور وغیرہ کی زکوٰۃ ہو یا کفارہ یا فطرانہ یا منت وغیرہ کی رقم ہو، سب کے لئے مصارف مندرجہ ذیل ہیں۔

**(۱) فقراء**

فقراء ان کو کہتے ہیں جن کے پاس نصاب سے کم مال ہو۔

**(۲) مساکین:**

مسکین جن کے پاس کچھ بھی نہ ہو۔ آج کا کھانا ہے تو کل کی خبر نہیں۔

**(۳) عاملین زکوٰۃ:**

وہ لوگ جو زکوٰۃ وصول کر کے حاکم اسلام کے پاس لائیں وہ تنخواہ لیں گے۔

**(۴) تالیف قلب:**

لوگوں کو اسلام کی طرف مائل کرنے کے لئے اور ان کے دلوں میں اسلام کی اُلفت پیدا کرنے کے لئے دی جائے۔

**(۵) مکاتبِ:**

غلاموں کی آزادی کے لئے بھی زکوٰۃ صرف ہوسکتی ہے۔

**(۶) مقروض:**

جو شخص جائز طور پر مقروض ہوجائے۔ اس کا قرضہ اُتارنے کے لئے زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔

**(۷) راہِ خُدا:**

غازی، حاجی یا دینی طالب علم جو درماندہ ہو اور ضرورت مند ہو۔

**(۸) مسافر:**

مسافر جو گھر میں مالدار ہو مگر دورانِ سفر حاجت مند ہو جائے اسے بقدر ضرورت دیا جاسکتا ہے۔

**سوال نمبر 75: زکوٰۃ کی کیا کیا حکمتیں ہیں؟ مختصراً تحریر کریں؟ (۶۰)**

**جواب**(۱) دلوں سے مال کی محبت کم ہونے سے قربِ الٰہی نصیب ہوتا ہے۔

(۲) مالی عبادات بدنی عبادات سے زیادہ بھاری ہیں اس لئے حکم خدواندی ہے۔

(۳) امراء اور غُرباء کے مابین محبت واُلفت پیدا ہوگی۔

(۴) مال ودولت گھومنے والی چیز ہے جس کو ایک جگہ روکے رکھا تو بگاڑ پیدا ہوگا۔

(۵) مال خرچ کرنا سُنت خدا ہے۔ یہ طریقہ انبیاء کرام خصوصاً نبی اکرمؐ کا مبارک راستہ ہے۔

المختصر! انسان پر ہر نعمت کا شکر لازم ہے۔ شکر کی حقیقت یہ ہے کہ اس نعمت رضائے الٰہی میں صرف کیا جائے۔ مال بھی ایک نعمت ہے اس کا شکر یہ زکوٰۃ اور صدقات وخیرات ہیں۔

**سوال نمبر 76: ارشادِ خداوندی کے مطابق منافقین نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کس طرح ایذائیں دیتے تھے؟ (۶۱)**

**جواب:** وَ مِنۡهُمُ الَّذِيۡنَ يُؤۡذُوۡنَ النَّبِىَّ وَيَقُوۡلُوۡنَ هُوَ اُذُنٌ ‌O

(ترجمہ) اور اُن میں سے کوئی وہ ہیں کہ نبیؐ کو ستاتے ہیں اور کہتے ہی کہ وہ تو کان (کچے کانوں والے) ہیں''۔

مدینہ میں منافقین کی ایک کثیر تعداد تھی جو اسلام اور بانی اسلام کے خلاف سازشیں کرتے رہتے اور ساتھ ہی آپس میں ایک دوسرے کو مطمئن کرتے رہتے کہ وہ تو بلاتحقیق ہر ایک کی بات مان لیتے ہیں یعنی کچے کانوں والے ہیں، جو سُنا مان لیا۔ ان کی اس گستاخانہ گفتگو کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میرا نبیؐ شانوں والا نبی ہے جو عرش سے اوپر کی خبریں رکھتا ہے۔ وہ تو تمہیں جانتے بوجھتے ہوئے بھی نظر انداز کرتا ہے۔ چونکہ منافقین نے آپؐ کے لئے ''کان'' کا لفظ گستاخی اور عیب جوئی کے لئے استعمال کیا اس لئے بدنصیب ٹھہرے۔ اگر پردہ پوشی اور ستارِ عیوب کے لئے کہتے تو ایمان نصیب ہوجاتا۔

بقول ایک شاعر کے جو یہی بات لہجہ محبت وعشق میں کہتا ہے۔

؎ آج جو عیب کسی پر نہیں کُھلنے دیتے
کب وہ چاہیں گے کہ میری حشر میں رسوائی ہو

**سوال نمبر 77: حضرت عامر بن قیسؓ کون تھے؟ ان کی صداقت**

**کی گواہی اللہ تعالیٰ نے کب دی؟ (۶۲۔۶۳)**

**جواب: یَحْلِفُوْنَ بِاللّٰہِ لَکُمْ لِیُرْضُوْکُمْ O**

''تمہارے سامنے اللہ تعالیٰ کی قسم کھاتے ہیں کہ تمہیں راضی کرلیں۔اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کا حق تھا کہ اسے راضی کرتے''۔

منافقین کی ایک جماعت جن میں جلاس بن سوید اور ودیعہ بن ثابت بھی تھا۔ نبی اکرمؐ کی شان میں بکواس کی حتیٰ کہ ان میں ایک بولا کہ اگر محمدؐ سچے ہیں تو ہم گدھے سے بدتر ہیں۔حضرت عامر بن قیسؓ جو ایک انصاری بچے تھے۔ وہ فرمانے لگے کہ خدا کی قسم محمد مصطفیٰؐ سچے ہیں اور تم واقعی گدھے سے بدتر ہو۔ پھر اس بچے نے جا کر نبی پاکؐ کی بارگاہ میں سارا ماجرا عرض کر دیا۔ جب آپؐ نے ان کو بُلا کر دریافت کیا وہ سب قسم کھا گئے کہ عامر بن قیس جھوٹے ہیں۔حضرت عامرؓ نے دُعا مانگی کہ مولیٰ سچے کو سچا اور جھوٹے کو جھوٹا کر دے۔تب یہ آیات کریمہ نازل ہوئیں اور حضرت عامرؓ کی تصدیق کی گئی اور ان سب کو جھٹلایا گیا۔

**سوال نمبر 78: منافقین مدینہ کو اپنی تمام تر سازشوں کے باوجود کس بات کا ہمیشہ سے دھڑکا لگا رہتا تھا؟ (۶۴۔۶۶)**

**جواب: یَحْذَرُ الْمُنَافِقُوْنَ۔۔۔**

(ترجمہ) خوف کرتے ہیں منافق لوگ یہ کہ اُتاری جائے اوپر ان کے کوئی سورت جو خبر دے ان کو اس کی جو دلوں میں ہے ان کے''۔

منافقین کے لئے دُنیاوی عذاب یہی ہے کہ انہیں کسی گھڑی بھی چین نہیں ہوتا۔ انہیں کھٹکا لگا رہتا ہے کہ مومنوں پر کوئی ایسی سورت یا آیت مبارکہ نہ نازل ہوجائے جس سے ان کی خفیہ سازشیں آشکار ہو جائیں۔

ایک دفعہ بارہ منافقین نے اپنا خفیہ اجلاس کیا جس کی خبر جبرائیل علیہ السلام نے حضور اکرمؐ کو دے دی۔ آپؐ نے ایک مجمع میں اعلان فرمایا کہ کچھ لوگوں نے یہ سازش کی ہے وہ اپنے آپ کو ظاہر فرمادیں میں ان کو معاف کر دونگا لیکن کسی نے بھی اپنے آپ کو ظاہر نہ کیا۔ بالآخر حضور اکرمؐ نے نام بنام پکارا اور بارہ آدمیوں کو اُٹھا کر لوگوں کے سامنے آشکار فرمادیا کہ یہ وہ منافقین ہیں تب یہ لوگ بولے کہ ہم نے واقعی یہ غلطی کی تھی، ہمیں معاف کر دیں۔ آپؐ نے فرمایا کہ رب کی رحمت نے تمہاری بخشش کے لئے بہت انتظار کیا مگر اب وقت نکل گیا۔تم اس مجلس سے نکل جاؤ۔ چنانچہ وہ نکال دیئے گئے۔اس موقع پر یہ آیات نازل ہوئیں۔

**سوال نمبر 79: منافق مردوں اور عورتوں کی بڑی بڑی کون سی نشانیاں ہیں؟ نیز ان کے لئے کیا عذاب ہے؟**

**جواب: اَلْمُنَافِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ O**

(ترجمہ) نفاق والے مرد اور نفاق والی عورتیں ان کے بعض، بعض سے ہیں۔(۶۷۔۶۸)

ہر شخص اپنے ہم عقیدہ کا ہم جنس ہوتا ہے۔مومن، مومن کا۔کافر، کافر کا اور منافق، منافق کا ہم جنس ہے کیونکہ منافقین کسی بھی ملت کے ہوں ان سب میں ایک جیسی ہی بُرائیاں ہوتی ہیں۔

(۱) لوگوں کو ہمیشہ برے عقائد، بُرے اعمال۔ اسلام سے روکنا۔اسلام سے پھیرنا اور بُری حرکتیں کرنا ہیں۔

(۲) بُری حرکتوں اور کاموں کا لوگوں کو حکم دیتے ہیں۔

(۳) ہر قسم کی بھلائی اور نیک اعمال سے لوگوں کو منع کرتے ہیں۔

(۴) کبھی اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے۔

(۵) اللہ تعالیٰ کو مکمل طور پر بھلا چکے ہیں۔

گویا یہ لوگ فاسق اور بدکار ہیں۔

عذاب: اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے عذابِ نار کا وعدہ فرمایا ہے۔ ان پر دُنیا اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔ ان کا عذاب بدترین اور دائمی ہے۔ بقول علامہ اقبالؒ منافق کون ہوتا ہے۔

جعفر از بنگال، صداق از دکن

ننگ آدم۔ ننگ دیں۔ ننگ وطن

گویا یہ لوگ آدمیت، دین اور وطنیت سے عاری لوگ ہیں۔

**سوال نمبر 80: منافقین مدینہ اور گذشتہ منافقین کون کون سی قدریں مشترک تھیں اور کون کون سی مختلف؟ (۶۹)**

**جواب: كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْا اَشَدَّ مِنْكُمْ۔۔۔۔۔**

(ترجمہ) ان لوگوں کی طرح جو تھے تم سے پہلے وہ زیادہ سخت تھے تم سے طاقت میں اور زیادہ مال میں اور اولاد میں۔۔۔۔۔

عقائد۔ اعمال۔ دھوکا بازیوں، نبیؐ کو پریشان کرنے، مسلمانوں کو ستانے اور دوطرفہ مسلمانوں اور کافروں کو راضی رکھنے میں ایک جیسے تھے۔

لیکن گذشتہ منافقین ان منافقوں سے زیادہ طاقتور تھے۔ ان سے زیادہ مالدار اور اولاد والے تھے۔ اُنہوں نے ان نعمتوں سے صرف دُنیاوی منافع کمائے اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں ان کو صرف کیا۔ منافقین مدینہ بھی اگر انہی کی طرح کفر وگناہ اور مخالفتِ نبیؐ اور ایذا مسلمین میں مشغول رہے تو ان کے نتائج بھی گذشتہ لوگوں جیسے ہوں گے۔ گویا ان منافقین کے لئے اب بھی وقت ہے توبہ کر لیں اور اعمال سالحہ بجالائیں، بچ جائیں گے۔

**سوال نمبر 81: حجاز مقدس میں کون کون سی چھ قوموں کے عذاب کے قصے عام مشہور تھے؟ (۷۰)**

**جواب: اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ۔۔۔۔**

(ترجمہ) کیا نہ آئی ان کے پاس خبر ان لوگوں کی جو پہلے ہوئے ان سے قوم نوح، عاد، ثمود، قوم ابراہیم، اصحاب مدین اور اُلٹائی ہوئی بستیوں والے۔۔۔

کفار و منافقین کو مزید جھنجھوڑنے کے لئے ان چھ کافر قوموں کی ہلاکت کی خبر سُنائی جارہی ہیں۔

(۱) قوم نوحؑ: جن کا جائے قیام عراق تھا۔ کوفہ میں وہ تنور آج بھی موجود ہے جہاں سے پانی اُبلا تھا۔ یہ قوم پانی کے طوفان سے غرق کی گئی۔ نوحؑ نے ساڑھے نو سو سال تبلیغ فرمائی۔

(۲) قوم عاد: حضرت ہودؑ اس قوم کے نبی تھے جو یمن کے علاقہ احقاف میں آباد تھی۔ سخت آندھی سے ہلاک کی گئی۔

(۳) قوم ثمود: حضرت صالحؑ اس قوم کے نبی تھے جو یمن کے علاوہ مقام حجر میں آباد تھی۔ یہ قوم اولاً چیخ پھر زلزلے سے ہلاک ہوئی۔

(۴) قوم ابراہیمؑ: اس سے مُراد نمرود اور اس کے پیروکار ہیں جو بغداد اور کوفہ کے درمیان شہر بابل میں رہتے تھے۔ نمرود وہ کافر بادشاہ ہے جو ساری دُنیا کا بادشاہ ہوا اسی نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا۔ مچھروں سے وہ اور اُس کی قوم تباہ ہوئی۔

(۵) اصحابِ مدین: حضرت شعیبؑ کی قوم تھی جو مدین کے علاقہ میں رہتی تھی۔ اس قوم کا نام بھی مدین تھا کیونکہ یہ مدین بن ابراہیم کی اولاد تھی۔ انہی کے نام سے یہ علاقہ کہلاتا تھا۔ یہ قوم غیبی آگ سے ہلاک ہوگئی۔

(۶) اُلٹائی گئی بستیاں: اس سے مراد وہ چار یا پانچ بستیاں ہیں

جن میں حضرت لوط علیہ السلام نبی بنا کر بھیجے گئے۔

سدوم، امور، عامور، صبویر، برین

ان بستیوں کا اوپر نیچے اور نیچے کو اوپر کر دیا گیا۔ انہی پر پتھر برسائے گئے تھے۔

مندرجہ بالا چھ کے چھ انبیاء کرام کو ''رُسل'' ارشاد فرمایا گیا۔

**سوال نمبر 82: مومن مردوں اور عورتوں کی کون کون سی نشانیاں ارشاد فرمائی گئیں ہیں۔ نیز ان سے کیسے اجر کا وعدہ ہے؟ (۷۱)**

**جواب: وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ۔۔۔۔۔۔**

(ترجمہ) اور ایمان والے اور ایمان والیاں بعض ان کے مددگار ہیں بعض کے۔۔۔۔

مومنین و مومنات کی جو خصوصیات کثرت سے ان کے کردار میں پائی جاتی ہیں وہ کچھ یوں ہیں۔

ا۔ مومنین و مومنات تا قیامت بعض بعض کے دوست اور مددگار ہیں اور وہ اپنی شان کے لائق دوسروں کی مدد کرتے ہیں۔

۲۔ ہمیشہ ایک دوسرے کو اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں۔

۳۔ لوگوں کو بُری باتوں سے منع کرتے ہیں۔

۴۔ نماز کو صرف پڑھتے نہیں بلکہ اسے قائم کرتے ہیں۔

۵۔ زکوٰۃ کی ادائیگی پوری ذمہ داری سے کرتے ہیں۔

۶۔ ہمیشہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔

انعاماتِ خداوندی: اللہ تعالیٰ ان پر ہر قسم کی رحمتیں نازل فرمائے گا۔ دُنیا میں بھی، مرتے وقت، قبر میں، حشر میں، پُل صراط پر اور جنت میں رحمتوں کا نزول ہوگا۔

اس کے علاوہ ان مومنین سے تین مزید وعدے فرمائے ہیں۔

ا۔ سیر و تفریح کے باغوں کا وعدہ۔

۲۔ رہنے سہنے کے مکانات کا وعدہ ہے۔

۳۔ رضائے الٰہی کا وعدہ

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ جنت میں ایک محل ایک موتی کا ہوگا جس میں ستر گھر سُرخ یاقوت کے ہوں گے جس میں ستر کمرے سبز زمرد کے، ہر کمرہ میں ستر تخت پر ستر بستر۔ ہر بستر پر ایک حور عین اور ہر کمرہ میں دسترخواں۔ ہر دسترخوان پر ستر قسم کے کھانے ہوں گے۔ (تفسیر خازن)

**سوال نمبر 83: اللہ تعالیٰ نے کفار و منافقین سے جہاد کا حکم دیا ہے؟ ان سے جہاد میں کیا فرق ہے؟ (۷۳)**

**جواب: يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَ الْمُنٰفِقِيْنَ۔۔۔**

(ترجمہ): اے پیارے نبیؐ! سختی کرو کھلے کافروں اور منافقوں پر اور ان پر سختی کرو۔

اصطلاح میں تبلیغ دین کی کوشش کو جہاد کہا جاتا ہے۔ یہ بھی تلوار سے ہوتی ہے، کبھی زبان، کبھی قلم سے۔ یہاں عام معنی میں ہے جس کا ظہور کھلے کافروں کے لئے بذریعہ تلوار ہوگا اور منافقین کے لئے زبان وغیرہ استعمال ہوگی اور ان پر سختی کرنا یہ ہے کہ کفار کے ساتھ میدانِ جنگ میں سختی کا برتاؤ ہوگا جب کہ منافقین پر دلائل اسلام پیش کئے جائیں۔ ان کے تمام شبہات کا قلع قمع کرنا اور آئندہ کے متعلق ڈرانا دھمکانا اور کسی قسم کا نرم برتاؤ ان سے نہ کرنا۔

**سوال نمبر 84: مدینہ منورہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کتنی اقوامِ غیر سے سامنا تھا؟**

جواب: ہمارے پیارے نبی پاکؐ جب مکہ معظّمہ میں تھے تو آپؐ کا مقابلہ صرف مشرکینِ مکہ سے تھا۔لیکن مدینہ پہنچتے ہی دُشمن چارفریقوں میں بٹ گیا۔

۱۔ یہودِ مدینہ ۲۔ نجران کے عیسائی

۳۔ مشرکین ۴۔ منافقین

قرآن مجید میں مختلف آیات میں ان تمام اقوام سے مخاصمہ کیا گیا ہے جس کا اظہار حضرت شاہ ولی اللہ نے ''الفوز الکبیر'' میں کیا ہے۔

**سوال نمبر 85: رئیس المنافقین کون تھا؟ (۷۴)**

**جواب: عبداللہ بن ابی:**

نبی اکرمؐ کی مدینہ آمد سے پہلے اوس اور خرج کے جھگڑے نمٹانے کے لئے عبداللہ بن ابی کے سر پر سرداری کی دستار باندھنے کی تیاری ہورہی تھی لیکن آپؐ کی تشریف آوری پہ دونوں قبائل آپس میں شیروشکر ہوگئے۔اس شخص نے صرف مصلحتاً کلمہ پڑھا تھا ویسے کافر ہی تھا۔جس نے مسجد قبا کے مدمقابل مسجد ضرار بنائی تھی جس کو نبی پاکؐ نے حضرت علیؓ کو بھیج کر مسمار کروادیا تھا۔

**سوال نمبر 86: منافقوں کو اللہ تعالیٰ اور اُس کے پیارے رسولؐ نے کس طرح غنی کیا؟ (۷۴)**

**جواب: وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ O**

(ترجمہ) اورنہیں ناراض ہوئے مگراس سے کہ غنی کردیا ان کو اللہ تعالیٰ اوراس کے رسولؐ نے اس کے فضل سے۔

اس جز کا مطلب یہ ہے کہ منافقین ان مسلمانوں سے اورکسی وجہ سے تو ناراض ہونہیں سکتے صرف اس لئے ناراض ہوئے ہوں گے کہ انہیں اللہ تعالیٰ اور رسولؐ نے اپنے فضل وکرم سے مالدار کردیا کہ یہ لوگ مدینہ میں حضورؐ کی تشریف آوری سے پہلے انتہائی غریبی میں تھے۔

حضورانورؐ نے تشریف لاکرانہیں غنی کردیا۔منافق جلاس کا غلام کسی کے ہاتھوں مارا گیا۔حضورانورؐ نے اسے قاتل سے بارہ ہزار درہم خون بہادلوایا۔ اسی طرح کا واقعہ عبداللہ بن ابی کا ہوا کہ اس کا غلام مارا گیا تو حضورانورؐ نے اسے بھی اتنی ہی رقم دلوائی تھی جس سے وہ بھی امیر کبیر بن گیا یعنی اس کرم نوازی پر انہیں شکرگزار ہونا چاہیے تھا مگر وہ اورزیادہ دُشمن ہوگیا۔

**سوال نمبر 87: ثعلبہ بن حاطب کون تھا؟ اس کے متعلق کون سی آیات نازل ہوئیں۔نیز اس کا انجام کیا ہوا؟ (۷۵۔۷۶)**

**جواب: وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰنَا.......**

(ترجمہ) اوران میں وہ ہیں جنھوں نے عہد کیا اللہ تعالیٰ سے البتہ اگردے گا وہ ہمیں تو ہم ضرورصدقہ کریں گے اورضرورنیکوں سے ہوجائیں گے پس جب دیا ان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے تو کنجوسی کی اورمنہ پھیر کر پلٹ گئے۔

ثعلبہ ایک انصاری شخص تھا۔بے حدنمازی جس کا نام پڑا ہوا تھا۔ حمامتہ المسجد (مسجد کا کبوتر) کچھ عرصے بعد اس سے نماز پڑھتے ہی مسجد سے نکل جانا۔نبی پاکؐ نے وجہ پوچھی تو اس نے بتایا کہ ان دونوں میاں بیوی کے پاس نماز پڑھنے کے لئے ایک ہی لباس ہے۔وہ گھر جاتا ہے اُسی لباس کو پہن کر اس کی بیوی نماز پڑھتی ہے۔کہنے لگا حضورؐ دُعا فرمائیں کہ وہ امیر ہوجائے لیکن آپؐ نے اسے باربارصبروشکر کی تلقین فرمائی۔اس نے کہا کہ اگر آپؐ کی دُعا سے اسے مالِ کثیر مل گیا تو وہ ہر حق دار کا حق

ادا کرے گا۔ حضور اکرمؐ نے دُعا فرمادی۔ الٰہی! ثعلبہ کو مال عطافرما۔ چنانچہ اس کو کہیں سے ایک بکری مل گئی اس کے اتنے بچے ہوئے مدینہ کی گلیاں ان کے لئے تنگ ہوگئیں۔ اب وہ صرف ظہر وعصر کی جماعت میں حاضر ہوتا۔ پھر وہ بکریاں لیکر دور جنگل میں چلا گیا۔ اب صرف جمعہ کی حاضری رہ گئی۔ سال کے اختتام پر نبی اکرمؐ نے جانوروں کی زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے دوشخص روانہ کئے لیکن بار بار فرماتے ثعلبہ پر افسوس۔ جب یہ لوگ اس کے پاس پہنچے تو اس نے آپؐ کا فرمان نامہ پڑھ کر کہا یہ تو جزیہ ہے جاؤ واپسی پر آنا لیکن واپسی پر بھی اس نے زکوٰۃ ادا نہیں کی۔ ان اصحاب نے واپس آکر نبی اکرمؐ کو ساری بات بتائی۔ تب یہ آیات نازل ہوئیں۔ وہ بدنامی سے بچنے کے لئے زکوٰۃ لیکر آپؐ کی بارگاہ میں آیا لیکن آپؐ نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کی زکوٰۃ قبول نہ فرمائی۔ پھر وہ دورِ صدیقیؓ اور دورِ فاروقیؓ میں بھی زکوٰۃ لے کر آتا رہا لیکن اُنہوں نے نبی اکرمؐ کے اُسوۂ حسنہ پر عمل کرتے ہوئے رد کردی۔ ایسے ہی دورِ عثمانیؓ میں بھی قبول نہ کی گئی۔ بالآخر وہ خلافتِ عثمانیہ میں کافر ہوکر مرا۔ (روح البیان۔ معانی۔ کبیر۔ بیضاوی وغیرہ)

**سوال نمبر 88: ثعلبہ کی منافقت کا سب سے بڑا سبب کیا تھا؟ (۷۷۔۷۸)**

**جواب: فَاَعۡقَبَهُمۡ نِفَاقًا فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ۔۔۔۔۔**

پس سزا دی اللہ تعالیٰ نے ان کو منافقت کے سبب دلوں میں اس دن تک جب کہ ملیں گے وہ اس سے اس وجہ سے کہ خلاف کیا اُنہوں نے اللہ تعالیٰ سے وہ وعدہ جو کیا تھا اُنہوں نے۔۔۔

ثعلبہ نے بارگاہ نبوت میں اللہ تعالیٰ سے کئے گئے وعدے کو توڑا یعنی مال ملنے پر صدقہ وخیرات نہ کی اور اللہ تعالیٰ سے جھوٹ بولتا رہا کہ نیک اور صالح بن جائیں گے مگر بدکار بنے رہے اور اللہ تعالیٰ تو ان کے دلوں کے چھپی منافقت کو جان لیا اور اپنے نبی کو اس کی زکوٰۃ لینے سے منع کردیا۔ ورنہ اللہ تعالیٰ کے نبی تو بدتر سے بدتر کافر کی بھی توبہ قبول فرمالیتے تھے۔

بندہ مٹ جائے نہ آقا پہ وہ بندہ کیا ہے؟
بے خبر ہو جو غلاموں سے وہ آقا کیا ہے؟

**سوال نمبر 89: غزوہ تبوک کے موقع پر سب سے تھوڑا مال کس صحابی نے پیش کیا؟ نیز ان کے خلوص ومحبت کا تذکرہ قرآن مجید میں کیسے کیا گیا؟**

**جواب: اَلَّذِيۡنَ يَلۡمِزُوۡنَ الۡمُطَّوِّعِيۡنَ مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ O**

(ترجمہ) وہ لوگ جو طعنہ دیتے ہیں رغبت کرنے والوں کو مسلمانوں میں سے صدقات میں اور ان کو جو نہیں پاتے مگر مشقت اپنی پس مذاق کرتے ہیں ان سے بدلہ لے گا اللہ تعالیٰ ان سے ہنسی کا اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

غزوہ تبوک کے موقع پر نبی پاکؐ کے حکم کے مطابق تمام صحابہ کرامؓ نے دل کھول کر مال خرچ کیا۔ سب سے اول حضرت ابوبکر صدیقؓ جو کہ گھر کی ہر چیز ہی آپؐ کے پاس لے آئے۔ حضرت عمر فاروقؓ نے گھر کا آدھا سامان لے آئے۔ حضرت عثمان غنیؓ نے دس ہزار مجاہدین کو سامانِ جہاد دیا۔ اس کے علاوہ ایک ہزار دینار۔ تین سو اونٹ مع سامان اور پچاس گھوڑے پیش کئے۔ حضرت ابوعقیل انصاریؓ جن کا نام سہل بن رافع تھا وہ ایک صاع کھجوریں لائے جو ان کی رات بھر کی کمائی کا نصف تھا۔ حضورؐ نے اس معمولی صدقے کی ایسی قدر فرمائی کہ فرمایا ان

کھجوروں کو سارے جمع شدہ مال پر چھڑک دو کہ سب میں شامل ہوجائیں۔ ان چندہ دینے والوں پر اس وقت منافقین آوازیں کس رہے تھے۔ کہہ رہے تھے ابوعقیل کے اس معمولی صدقہ کی اللہ تعالیٰ کے رسولؐ کو ضرورت نہیں۔ اس موقع پر منافقین کی تردید میں یہ آیات نازل ہوئیں۔

**سوال نمبر 90: اللہ تعالیٰ نے رئیس المنافقین اور اس کے دیگر ساتھیوں کے متعلق نبی کریمؐ سے کیا ارشاد فرمایا؟ ان کے ساتھ کسی حد تک احسان کرنے کا حکم ہے؟ (۸۰)**

**جواب: اِسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ اَوۡ لَا تَسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ۔۔۔۔لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الۡفٰسِقِيۡنَ O**

(ترجمہ) بخشش مانگیں آپ کے واسطے ان کے یا نہ بخشش مانگیں آپ واسطے ان کے اگر بخشش مانگیں آپ واسطے ان کے ستر دفعہ پس ہرگز نہیں بخشے گا اللہ تعالیٰ انہیں۔ یہ اس وجہ سے ہے کہ کفر کیا اُنہوں نے اللہ تعالیٰ کا اور اس کے رسول کا اور اللہ تعالیٰ نہیں ہدایت دیتا قوم بدکار کو۔

عبداللہ بن ابی منافقوں کا سردار ساری عمر آپؐ کی مدینہ منورہ تشریف آوری کے بعد سے سازشیں کرتا رہا۔ بظاہر مسلمان تھا جب اس کی موت کا وقت قریب آیا اس نے اپنے بیٹے عبداللہ جو کہ ایک مخلص مسلمان تھے۔ ان کو نبی اکرمؐ کے پاس بھیجا کہ اس کے لئے اپنا کرتہ مبارک عنایت فرمائیں اور دُعا فرمائیں۔ نبی پاکؐ نے اپنا اوپر والا کرتہ مبارک عطا فرما دیا لیکن اس نے دوبارہ پیغام بھیجا کہ آپؐ نے اپنا نیچے والا کرتہ جو کہ آپؐ کے جسم پاک کے ساتھ مس کر رہا ہے وہ عطا فرمائیں تا کہ برکتیں حاصل ہوں۔ آپؐ نے وہ بھی عطا فرما دیا۔ پھر اس نے پیغام بھیجا کہ میرا جنازہ بھی آپؐ ہی پڑھائیں اور دُعا فرمائیں۔ نبی پاکؐ نے ارادہ فرما لیا تھا کہ وحی آ گئی کہ آپؐ کے لئے اختیار ہے چاہے اس کی مغفرت کے لئے دُعا فرمائیں یا نہ فرمائیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ یہ آپؐ اور مسلمانوں کا دُشمن تھا اس لئے آپؐ ستر بار بھی بخشش کی دعا فرمائیں گے پھر میں قبول نہیں کروں گا۔ اس کے بعد نبی کریمؐ نے اس کی نماز جنازہ بھی نہیں پڑھایا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس سے بھی منع کر دیا۔

**سوال نمبر 91: غزوہ تبوک کے موقع پر منافقین کے کیا کیا عذر تھے؟ (۸۱۔۸۲)**

**جواب: فَرِحَ الۡمُخَلَّفُوۡنَ بِمَقۡعَدِهِمۡ خِلٰفَ۔۔۔۔**

(ترجمہ) خوش ہو گئے پیچھے رکھے ہوئے بوجھ بیٹھ رہنے ان کے پیچھے رسول اللہ کے اور ناپسند کیا اُنہوں نے یہ کہ جہاد کریں مالوں اپنے سے اور جانوں اپنی سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں اور کہا اُنہوں نے نہ نکلو گرمی میں۔۔۔۔۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ حضورؐ جب غزوہ تبوک کے لئے روانہ ہونے لگے تو سب لوگوں کو جہاد میں جانے کا حکم دیا۔ گرمی کا موسم تھا اور درختوں پر کھجوریں پکی ہوئی تھیں۔ منافقین کے بہانے تھے کہ سخت گرمی ہے۔ سفر دور دراز کا ہے اور ہمارے پاس سامانِ حرب بھی نہیں ہے اس لئے ہمارے لئے نکلنا ناممکن ہے بلکہ اُنہوں نے مومنین کو باز رکھنے کی کوشش کی۔

**سوال نمبر 92: ابوخیثمہ کون تھے؟ غزوہ تبوک کے موقع پر یہ کیسے روانہ ہوئے تھے؟ (۸۱۔۸۲)**

**جواب:** ایک صحابی رسول حضرت خیثمہ تھے غزوہ تبوک میں یہ نبی اکرمؐ کے ساتھ جہاد میں شریک نہ ہو سکے۔ ایک دو پہر کو اپنے

باغ میں گئے جہاں ان کے دو مکان تھے۔ گرمی تیز تھی، گھر میں چھڑکاؤ کیا ہوا تھا۔ ٹھنڈے پانی کے مٹکے بھرنے موجود تھے۔ کھانا پک رہا تھا۔ ان کی دو بیویاں تھیں اپنا سامانِ عیش دیکھ کر رو پڑے کہ اللہ تعالیٰ کے رسولؐ تو تپتی ریت میں ہوں اور میں درختوں کے گھنے سائے میں ٹھنڈے پانی میں ہوں۔ یہ کہہ کر تبوک کی طرف چل پڑے اور حضور انورؐ سے جا ملے۔ (رُوح البیان)

**سوال نمبر 93: مذکورہ آیات کریمہ میں منافقین کے کون کون سے جرائم گنوائے گئے؟**

**جواب:** (۱) حضورؐ کے حکم کے خلاف تبوک نہ جانا۔

(۲) اس جرم پر دل سے خوش ہونا انہی چالا کی پر ناز کرنا۔

(۳) مالی اور جانی جہاد کو دل سے ناپسند کرنا۔

(۴) لوگوں کو جہاد سے ڈرانا۔

(۵) لوگوں کو رہ جانے کے بہانے سکھانا۔

سوال نمبر 94: خوف خدا سے رونا اس عبادت کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: رونے کی مختلف صورتیں ہیں۔

(۱) خوشی کا رونا (۲) غم کا رونا (۳) رحمت کا رونا

(۴) خوف کا رونا (۵) خوشی کا رونا

(۶) موافقت کا رونا کہ کسی کو روتے دیکھ کر رونا

(۷) محبت کا رونا (۸) گھبراہٹ کا رونا

(۹) ظلم وستم سے رونا (۱۰) شوق کا رونا

(۱۱) منافقت کا رونا

حضرت حضرؑ نے حضرت موسیٰؑ کو چند نصیحتیں کر کے وداع کیا۔

(۱) مخلوق کے سامنے لجاجت نہ کرو۔

(۲) بلاضرورت کہیں نہ جاؤ۔

(۳) زیادہ نہ ہنسو کہ اس سے دل مرجاتا ہے۔

(۴) اپنی خطا پر رووَ کہ آنسوؤں سے دوزخ کی آگ بجھتی ہے۔

(۵) خوف خدا کا ایک آنسو ہزار دینار خیرات کرنے سے افضل ہے۔

**سوال نمبر 95: غزہ تبوک کے موقع پر نبی اکرمؐ کو کون سی دو غیبی خبریں دی گئی؟ (۸۳)**

**جواب: فَاِنْ رَّجَعَکَ اللّٰہُ اِلٰی طَآئِفَۃٍ مِّنْھُمْ فَاسْتَاْذَنُوْکَ لِلْخُرُوْجِ۔۔۔**

(ترجمہ) پس اگر لوٹائے آپ کو اللہ تعالیٰ کی طرف ایک جماعت کے ان میں سے پس وہ اجازت مانگیں آپ سے واسطے نکلنے کے۔

نبی پاکؐ کو غزوہ تبوک کے موقع پر دو غیبی خبریں دی گئیں۔

(۱) آپؐ اس مشکل سفر سے بخریت مدینہ منورہ واپس آجائیں گے۔

(۲) آپؐ کی واپسی پر منافقین جھوٹی خوشامد کریں گے اور اپنی منافقت چھپانے کے لئے آئندہ کے جہادوں میں جانے کی اجازتیں مانگیں گے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے نبی پاکؐ سے فرمادیا کہ آئندہ کے لئے تم غازیوں کی فہرست سے نکل چکے ہو۔ اب تم فسادیوں کے ساتھ پیچھے رہو۔

**سوال نمبر 96: غزوہ تبوک کب رونما ہوا؟ کیا اس کے بعد کوئی غزوہ ہوا؟**

جواب: غزوہ تبوک 9 ہجری میں ہوا۔ اس کے بعد حضور انور کسی

جہاد میں تشریف نہ لے گئے۔ 10 ہجری میں حضرت خالد بن ولید ؓ کو بنی حارثہ کے مقابلے میں روانہ فرمایا۔

11 ہجری میں وفات شریف واقع ہوئی۔

**سوال نمبر 97: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام ؓ (اصحابِ رسول ؐ) کی کس خصوصی صفت کا تذکرہ کیا جارہا ہے؟ نیز ان صحابہ کرام ؓ کے لئے کس اجر کا وعدہ ہے؟ (۸۸۔۸۹)**

**جواب:** غزوہ تبوک کے موقع پر خصوصاً منافقین چھٹ کر سامنے آ گئے لیکن ان مردودوں کے دور رہنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ خود رسول اللہ ؐ اور آپ ؐ کے ساتھی مومنین اپنی جان و مال سے ایسے جہاد کئے کہ ان کے لئے دین و دُنیا کی بھلائیاں ہیں کہ انہیں دنیا میں فتوحات، غنیمتیں، عزت، حکومت اور مرتے وقت آئندہ کی بشارت، قبر میں حساب سے رہائی اور روزِ قیامت اللہ تعالیٰ کی رضا انہیں کے لئے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے ایسی جنتیں لکھ دیں جن کے مکانات درختوں کے نیچے بہت سی نہریں رواں ہیں۔ یہ وہاں ہمیشہ رہیں گے نہ انہیں موت نہ باغوں کو فنا۔ بڑی کامیابی یہ ہے کہ فانی جان و مال خرچ کر کے باقی نعمتیں حاصل کر لی جائیں۔

**سوال نمبر 98: اعرابی کس کو کہتے ہیں؟ نیز منافقین اعرابیوں نے نبی پاک ؐ سے کیا جھوٹ بولا؟ (۹۰)**

**جواب: وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِیُؤْذَنَ لَهُمْ**

(ترجمہ) اور بہانہ بنانے والے دیہاتی لوگ آئے کہ انہیں رخصت دی جائے۔۔۔

جب غزوہ تبوک کا اعلان ہوا تو مدینہ کے اطراف سے عامر بن طفیل اپنے قبیلے کے ساتھیوں کے ساتھ آیا اور کہا کہ اگر ہم آپ ؐ کے ساتھ تبوک جائیں تو ہمارے پیچھے قبیلہ بنی طے ہمیں اور ہمارے بچوں کو ہلاک کردیں گے اس لئے ہم حاضری سے معذور ہیں۔

حضور پاک ؐ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے تم سے بے نیاز کردے گا اور اس نے مجھے تمہارے متعلق خبر دے دی ہے کیونکہ اصل میں یہ معذور نہیں تھے بلکہ جھوٹ بولتے تھے۔

**سوال نمبر 99: جہاد کے متعلق اللہ تعالیٰ نے کن لوگوں کے عذر قبول کرنے کی اجازت دی؟ نیز ان مخلص غریب مجاہدین کا بھی تذکرہ کریں جو روتے ہوئے واپس گھر گئے؟ (۹۱۔۹۲)**

**جواب: لَیْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى۔۔۔**

(ترجمہ) نہیں ہے کمزروں پر اور نہ بیماروں پر اور نہ ان لوگوں پر جو نہیں پاتے وہ خرچ کریں کوئی حرج۔۔۔

نبی پاک ؐ نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے تین قسم کے لوگوں کو غزوات میں شرکت نہ کرنے کی اجازت دی گئی۔

(۱) ضعیف

(۲) مریض

(۳) غریب

**ضعیف:** وہ لوگ ہیں جو کسی بیماری سے نہیں بلکہ پیدائشی طور پر کمزور ہوں اور جہاد نہ کرسکیں جیسے عورتیں، کمزور بچے، ضعیف بوڑھے یا پیدائیشی ناقص الخلقت، لنگڑے وغیرہ۔

**مریض:** وہ لوگ جو کسی بیماری کی وجہ سے سفر یا جہاد کے قابل نہ ہوں خواہ وہ مرض قابلِ علاج جیسے بخار یا کوئی دائمی بیماریاں وغیرہ۔

**غریب لوگ:** وہ لوگ جو تندرست تو ہوں مگر ان کے پاس سفر جہاد کے لئے سواری اور سامانِ سفر نہ ہو۔

ان سب پر جہاد میں شرکت نہ کرنے اور مدینہ میں رہ جانے پر کوئی گناہ نہیں۔ مدینہ میں تین بھائی تھے جن کے نام معقل، سوید اور نعمان تھے جو مقرن کے بیٹے تھے۔

غزوہ تبوک کے موقع پر اُنہوں نے آپؐ سے جہاد میں جانے کی اجازت مانگی جب کہ ان کے پاس نہ کوئی سواری تھی، نہ سامانِ حرب۔ اُنہوں نے پُرانے جوتے اور موزے مانگے کہ ان کے ساتھ پیدل سفر کرلیں گے لیکن وہ بھی نہ مل سکے تو وہ روتے ہوئے گھر واپس گئے۔

**سوال نمبر 100: جو لوگ جہاد میں نہ جا سکیں وی اپنے وطن میں رہ کر کس قسم کا جہاد کر سکتے ہیں؟ (۹۱)**

**جواب:**۔۔۔اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰہِ وَرَسُوْلِہٖO

(ترجمہ) جب خیر خواہی کریں اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسولؐ کی جو لوگ جہاد میں نہ جا سکیں وہ بھی اپنے وطن میں کئی طرح سے ملک وقوم کی خیر خواہی کر سکتے ہیں مثلاً

(۱) مجاہدین کے بچوں کی خدمت۔

(۲) ان تک مجاہدین کے متعلق اچھی خبریں پہنچانا۔

(۳) اگر کوئی تشویش ناک خبر ہو تو اسے شائع نہ ہونے دینا وغیرہ

## حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

- اللہ تمہیں وہی تقدیر دے گا جو تم اس کے بارے میں سوچتے ہو" - سنن الترمذی، کتاب 48، حدیث 2140
- اللہ تمہارے لئے اس وقت تک مدد نہیں کرے گا جب تک تم اپنی طرف سے کوئی مدد نہیں کرتے" - صحیح مسلم، کتاب 45، حدیث 207
- سچائی اور احسان کی عادت ڈال لو، کیونکہ یہ دونوں خدا کے قریب لے جاتی ہیں" - صحیح البخاری، کتاب 76، حدیث 469

ابھی گھر بیٹھے ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی صاحب کی تصانیف آرڈر کرنے کے لیے کال کریں

+923125892959

یا ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں

drazeemfarooqi.com

(صُبحِ عظیم)

# اُخوت

محررہ: بختاور حیات فاروقی (ایم فل)

اینکر: محمد عمران خان فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی اسکالر)

مہمان: پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی فکرِ اسلامی، تاریخ وثقافت)

**اینکر:** اخوت کے لغوی اور اصطلاحی معنی کیا ہیں؟

**مہمان:** اخوت کا مادہ ہے أَخٌ جو عربی زبان کا لفظ ہے جیسا کہ قرآن پاک میں ہے:

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ (الحجرات: ۱۰)

''تمام مسلمان باہم بھائی بھائی ہیں''۔

اور جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بھی حدیث مبارکہ ہے:

لاَ یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتَّی یُحِبُّ لِاَ خِیْہِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِہٖ (صحیح البخاری، کتاب الایمان، حدیث: ۱۰)

''تم میں سے کوئی شخص اُس وقت تک حقیقی مؤمن نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنے مؤمن بھائی کے لئے بھی وہی کچھ پسند نہ کرے جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے''۔

أَخٌ کہتے ہیں ''بھائی کو'' اخوت اسی سے نکلا ہے، بھائی چارہ، بھائی بھائی ہونا، بھائی بندی۔

شریعت کی رو سے دو طرح کے بھائی چارے کی تعلیم دی گئی ہے۔

☆ ایک وہ اخوت ہے جو خونی رشتے سے قائم ہوتی ہے۔ ماں اور باپ کی وجہ سے جس کو خاندانی نسبت کہتے ہیں۔ اس میں کچھ خونی حقوق بھی ہوتے ہیں اس میں کچھ اخلاقی تقاضے بھی ہوتے ہیں اور ضروریات بھی شامل ہوتی ہیں۔

☆ دوسرا رشتہ اخوقت جو وسیع پیمانے پر ہے۔ وہ ایک اسلامی اخوت ہے اسلامی نسبت سے فرمایا گیا کہ:

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ O (الحجرات: ۱۰)

''تمام اہل ایمان آپس میں بھائی بھائی ہیں''۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام مسلمانوں کے لئے یہ لفظ استعمال کیا اور اپنے عمل و کردار کے ساتھ اس کو ثابت اور مستحکم کیا۔

مواخاتِ مدینہ قائم کر کے خود اس کی بنیاد رکھی جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ سے ہجرت کی اور مدینہ تشریف لائے تو انصار و مہاجرین کو رشتہ اخوت میں باندھا اور اس کی بنیاد مذہب اور دین پر رکھی، رشتہ اسلامی کی بنیاد نہ علاقے پر ہے، نہ زبان پر ہے، نہ رنگ پر ہے، نہ نسل پر ہے اور نہ فرقے پر ہے۔

اسی پر علامہ محمد اقبالؒ نے بھی کہا تھا:

؎ اپنی مِلّت کو قیاس اقوامِ مغرب سے نہ کر
خاص ہے ترکیب میں قومِ رُسول ہاشمی
بازو ترا توحید کی قوت سے قوی ہے
اسلام ترا دیس ہے تُو مصطفویؐ ہے

تو اس اسلامی اخوت کی نسبت کے اپنے تقاضے اور ضروریات ہیں۔

اسلامی اخوت اور دینی اخوت اور جو خاندانی میں فرق یہ ہے کہ وہاں محرم کے لئے الگ ہدایات ہیں جب کہ اسلامی اخوت میں محرم والی کیفیت نہیں آتی بعض اوقات لوگ اسلامی اخوت کی بنیاد پر کہتے ہیں یہ میری بہن بن گئی ہے، میں اس کا بھائی ہوں، یہ میری بیٹی ہے، میں اس کا باپ ہوں، کوئی آنٹی بن جاتی ہے، کوئی انکل بن جاتا ہے، پھر وہ تقاضے جو شریعت نے محرم اور غیر محرم کے قائم کئے ہوئے ہیں وہ بالائے طاق رکھ دیتے ہیں تو اسفرق کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے ورنہ بہت سی قباحتیں پیدا ہوجائیں گی۔

**اینکر:** حالاتِ حاضرہ میں اخوت اور بھائی چارے کی کیوں کر ضرورت ہے اور ہم قومی اور بین الاقوامی سطح پر اسلامی اخوت کو عملی طور پر کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟

**مہمان:** اسلام دینِ فطرت ہے:

**فِطْرَةَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا لاَ تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ O (الروم:۳۰)**

اسلام کی جتنی تعلیمات ہیں وہ بھی فطری ہیں، ہر انسان ایک سماجی حیوان ہے اور مدنی الطبع ہے۔ جیسا کہ یونانی حکیم ارسطو نے بھی کہا تھا:

"Man is a social animal" (Aristotle)

اور علامہ ابنِ خلدوم نے کہا کہ انسان مدنی الطبع ہے۔ اس کی ضروریات اور خواہشات اتنی زیادہ ہیں کہ کوئی بھی انسان انہیں تن تنہا حاصل نہیں کر سکتا۔

انسان اپنی خود مُکتفی (Self Sufficient) نہیں ہے اور فطرت کے اعتبار سے ہو بھی نہیں سکتا تو جب انسان مل جل کر رہیں گے جب اجتماعیت ہماری فطرت میں شامل ہے تو لامحالہ یہ بھی حقیقت ہے کہ انسان بعض اوقات خودغرض اور لالچی ہو جاتا ہے، اپنے مفادات کے حصول کے لئے دوسروں کے مفادات اور خواہشات نظر انداز کر دیتا ہے جس سے ایک انتشار (Clash) کی صورت پیدا ہوتی ہے، معاشرتی اعتبار سے ملک کی قومی حالت میں بگاڑ پیدا ہوتا ہے تو ان مسائل کو پیش نظر رکھتے ہوئے اللہ رب العالمین بندوں پر بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے اس نے ایک تصور دیا ہے رشتہ اخوت کا جس کی علامہ محمد اقبالؒ نے بہترین عکاسی یوں کی ہے:

؎ منفعت ایک ہے اس قوم کی، نقصان بھی ایک<br>
ایک ہی سب کا نبی، دین بھی، ایمان بھی ایک<br>
حرم پاک بھی، اللہ بھی، قُرآن بھی ایک

پھر تھوڑا اگلہ بھی کیا:

؎ کچھ بڑی بات تھی ہوتے جو مسلمان بھی ایک<br>
فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں<br>
کیا زمانے میں پَنپنے کی یہی باتیں ہیں

پھر کیونکہ اس کے (Anti) (مَدِّ مقابل) بھی تحریکیں چلتی رہتی ہیں کوئی لسانی گروہ بندی میں بٹنا چاہتا ہے، کوئی سوبائی گروہ بندی میں بٹنا چاہتا ہے، کوئی برادری کے نام پر، کوئی اپنے مخصوص مفادات کے نام پر، اسلام نے پیغام دیا:

یہ سب چیزیں ثانوی ہیں اصل جو ہے وہ رشتہ اخوت ہے جو تمہیں عطا کیا ہے اور یہ بات کہی گئی:

؎یوں تو سید بھی ہو، مرزا بھی ہو، افغان بھی ہو
تم سبھی کچھ ہو بتاؤ تو مسلمان بھی ہو!

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

**مَثَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَوَادِّهِمْ وَتَرَاحِمِهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ مَثَلُ الْجَسَدِ اِذَااشْتَكَى مِنْهُ عُضْوٌ تَدَاعَى لَهُ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمَّى (صحیح مُسلم، حدیث نمبر ۲۵۸۶)**

''تمام اہلِ ایمان آپس میں لطف وعنایت کرنے میں ایک جسم کی طرح ہیں کہ اگر جسم کے کسی حصے میں کوئی تکلیف ہوتو سارا جسم اُس تکلیف اور بیماری سے متاثر ہوتا ہے''۔

''ہم نے تمہیں اے انسان! ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہارے قبیلے اور گروہ بنائے ہیں ''لِتَعَارَفُوْا'' واقفیت کے لئے۔

باقی رہی بات اعلیٰ اور افضل کون ہے؟

یہ اللہ تعالیٰ کے اوپر چھوڑ دیں، اللہ تعالیٰ نے برتری کا جو معیار بنایا ہے وہ تقویٰ ہے جو سب سے زیادہ نیک ہے، صالح ہے، متقی ہے۔

اسلامی اخوت پیدا کرنے کے لئے باجماعت نماز کا تصور دیا، روزہ اگر فرض ہے تو امیر، غریب، چھوٹے، بڑے سب کے لئے ہے، حج ہے وہاں دیکھیں کہ احرام باندھ کر سارے ہی ایک جیسا لباس ملبوس کرتے ہیں کہ کوئی تخصیص نہیں رہتی:

؎ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا نہ کوئی بندہ نواز
بندہ وصاحب ومحتاج وغنی ایک ہوئے
تیری سرکار میں پہنچے تو سبھی ایک ہوئے (علامہ محمد اقبال)

حج کو دیکھ لیں اسلام اجتماعیت کا دین ہے، علامہ محمد اقبالؒ سے کسی نے پوچھا کہ بتائیں آپ توحید کو کس مفہوم (Sense) میں لیتے ہیں؟

فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

**اَلْخَلْقُ كُلُّهُمْ عِيَالُ اللّٰهِ (بخاری شریف، حدیث نمبر ۹۴۹_۹۵۰)**

''ساری مخلوق اللہ تعالیٰ کے عیال کی طرح ہے''۔

؎یہ پہلا سبق تھا کتابِ ہدیٰ کا
کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا (مسدس حالی)

سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب اعلانِ نبوت کیا تو کیسے ناگفتہ بہ حالات تھے:

؎کبھی پانی پینے پلانے پہ جھگڑا
کبھی گھوڑا آگے دوڑانے پہ جھگڑا
یونہی ہوتی رہتی تھی تکرار اُن میں
یونہی چلتی رہتی تھی تلوار اُن میں
(مولانا الطاف حُسین حالی)

؎وہ بجلی کا کڑکا تھا صوتِ ہادی
عرب کی زمین جس نے ساری ہلا دی

جہاں صرف قبائلی نظام نہیں تھا بلکہ تعصب اس حد تک تھا کہ قبیلوں کے نام پر وہ سارا سارا خندان لوٹا دیتے تھے، قبائلی نظام کو کس طرح آپؐ نے شیروشکر کیا۔ صُہیب رومیؓ کو لیا، سلمان فارسیؓ کو لیا کہ میرے اہل بیت سے ہیں۔ بلال حبشیؓ کو لے لیا تو آپ نے رنگ وخون کی برتری کے جعلی تصورات جو غیر حقیقی اور غیر فطری تھے، ختم کر دیئے۔

؎ بتانِ رنگ وخوں کوتوڑ کرملت میں گم ہوجا
نہ تورانی رہے باقی نہ ایرانی نہ افغانی

تو علامہ محمد اقبالؒ نے فرمایا توحید یہ ہے کہ ساری مخلوق اللہ تعالیٰ کے عیال کی طرح ہے سب کو اکٹھا کرلیا جائے یہ جوگلوبل ویلیج (Global Village) کا تصورتو اسلام نے دیا ہے کہ ایک انسان کا قتل گویا ساری انسانیت کا قتل ہے اور جس نے ایک انسان کی جان کو بچایا تو گویا اُس نے ساری مخلوق کو بچالیا۔

وَمَنْ اَحۡیَاھَا فَکَاَنَّمَآ اَحۡیَا النَّاسَ جَمِیۡعًاO (المائدہ: ۳۲)

''جس نے ایک انسان کی جان بچائی اس نے ساری انسانیت کوزندگی دی''۔

اَلْمُسْلِمُ أَخُوا الْمُسْلِمِ (صحیح مُسلم، حدیث نمبر ۶۵۷۸)

''مسلمان مسلمان کا بھائی ہے''۔

یہ بھی فرمایا:

کُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَی الْمُسْلِمِ حِرَامُ دَمُهٗ وَمَالُهٗ وَعِرْضُهٗ
(صحیح مُسلم۔ حدیث: ۶۵۴۱)

''ہر مسلمان کا خون، مال اور عزت دوسرے مسلمان پرحرام ہے''۔

**اینکر:** تصوف کی رُوح سے جذبہ اخوت کا حصول کیسے ممکن ہے؟

**مہمان:** تصوف کی رُوح سے جذبہ اخوت کا حصول کیسے ممکن ہے؟

مہمان: تصوف وطریقت ومعرفت۔ یہ جتنی بھی اصطلاحات ہیں ان کا بنیادی نقطہ نظر یہ ہے کہ انسان اپنے قلب کو ہر قسم کی رُوحانی، جسمانی بیماری سے پاک اور صاف کرے۔ شرک سے پاک ہو، کفر سے پاک ہو، منافقت سے پاک ہو، حسد سے، کینے سے پاک ہو، لالچ سے پاک ہو، تکبر سے پاک ہو، گندی خواہشات سے پاک ہو اور دوسروں کے لئے تحقیر کے جذبوں سے پاک ہوتو اس کا اوڑھنا بچھونا ہی مخلوقِ خدا کی خدمت ہے۔

؎ طریقت بجز خدمت خلق نیست
بہ تسبیح وسجادہ ودلق نیست (شیخ سعدیؒ)

؎ دردِل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں (علامہ محمد اقبالؒ)

تو تصوف کی دُنیا میں بہت زیادہ اس کی تاکید کی جاتی ہے۔ صرف مسلمان نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق کی خدمت، خیر خواہی اور بھلائی حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کے پیدا کئے ہوئے جانور ہوں، پر بندے ہوں، درندے ہوں، نباتات ہوں، جمادات ہوں حتیٰ کہ زمین بھی شامل ہے۔

قرآن میں فرمان ہے:

وَلَا تَمْشِ فِی الۡاَرۡضِ مَرَحًا اِنَّکَ لَنۡ تَخۡرِقَ الۡاَرۡضَ وَلَنۡ تَبۡلُغَ الۡجِبَالَ طُوۡلًاO (الاسراء: ۳۷)

''زمین پر اکڑ اکڑ کے نہ چلوتم اس کو پھاڑ نہیں دوگے پہاڑ سے اونچے نہیں ہوجاؤ گے''۔

اونچی آواز میں کلام نہ کروں سب سے بلند آواز گدھے کی ہے۔ تم اتنی آواز سے نہیں بول سکتے۔ یہ تو تہذیب اخلاق کا نام ہے اس اعتبار سے تصوف کی دُنیا میں استاد بھائی، شیخ بھائی، پیر بھائی کا تصور ہے، شیخ کے حقوق ہوتے ہیں۔ تصوف کا مطمع نظر یہ ہے کہ جو اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں

تعلیمات اوراحکامات دیئے ہیں اورحضوراکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جواسلامی معاشرہ قائم کیا ہے اس کی صرف وعظ اورتبلیغ نہ کریں بلکہ ایک زندہ تصویر بن جائیں۔

حدیث قدسی ہے:

''اے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! اپنے اس اُمتی کو جا کر میرا سلام پیش کرو جو مُنہ سے وعظ اور تبلیغ تو نہیں کررہا لیکن اس کا کردار اتنا پاکیزہ ہے اس کا اخلاق اتنا دل نشین ہے کہ اس کو دیکھ کر ہر ایک کا دل چاہتا ہو کہ ہم بھی ایسے ہو جائیں''۔

**''تصوف وطریقت تو کردار کا نام ہے''۔**

یہ کوئی جُبّے اور قُبّے کا نام نہیں، کوئی خاص ظاہری وضع قطع کا نام نہیں۔

''اصحاب صفہ'' جن کو اسلامی تصوف کی حقیقی بنیاد سمجھا جاتا ہے۔ ان کی سیرت کیسی تھی، وہ ہر وقت دین سیکھتے، وہ ہر وقت اللہ تعالیٰ کی محبت میں سرشار رہتے۔ حضوراکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کے لئے ہمہ تن گوش رہتے جہاں دین کی تبلیغ کی ضرورت ہوتی، جہاد کی ضرورت ہوتی، اظہارِ وفا کی ضرورت ہوتی ہے تو اُنہوں نے اپنا تن من دھن سب کچھ دینِ اسلام کے لئے، مخلوق کی خدمت کے لئے، ہدایت کے لئے، تبلیغ دین کے لئے، نشرواشاعت کے لئے اُنہوں نے وقف کردیا تھا۔ صوفی بھی انہی اصحاب صُفہ کے طریقے کو اپناتے ہیں اور چلنے کی کوشش کرتے ہیں۔

اس ضمن میں ہمیں کیا کرنا ہے؟

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے حضوراکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشادفرمایا:

**لِلْمُؤْمِنِ عَلَی اَلْمُؤْمِنِ سِتُ خِصَالٍ (مشکوۃ شریف، جلد چھارم، حدیث: ۵٦۴)**

''ایک مومن کے دوسرے مومن پر چھ حقوق ہوتے ہیں''۔

۱۔ اگرکوئی اس کوسلام کرتا ہے تو وہ اس کا جواب دے اور یہی تاکید کی کہ:

**اَفْشُوْاالسَّلَامَ بَیْنَکُمْ (صحیح مسلم، حدیث: ۱۹۴)**

''آپس میں سلام کرو اس سے محبتیں بڑھتی ہیں، نفرتیں کم ہوتی ہیں۔ یہ حق مسلمان کا ہے''۔

۱۔ اگرکسی کو چھینک آئی ہے۔ اس نے ''اَلْحَمْدُللہ'' کہا ہے تم ''یَرْحَمُکَ اللہ'' کہہ کر جواب دو۔

۳۔ اگرکوئی تمہیں دعوت دے مسلمان بھائی تو اس کا حق یہ ہے کہ اس کی دعوت قبول کرو اور اگر کوئی مجبوری ہے تو معذرت کرلو۔

۴۔ اگرکوئی بیمار ہو گیا تو اس کی تیمارداری کرو۔

۵۔ اگرفوت ہوگیا ہے تو اس کے جنازے میں جاؤ۔

٦۔ اوراس کی خیرخواہی کے درپے رہو چاہے وہ موجود ہے یا غیرموجود ہو۔

**طریقت کی روایت کے اندرایک واقعہ:**

☆ اللہ تعالیٰ کا کوئی درویش کسی علاقے میں تشریف لائے وہاں پہلے سے بھی درویش موجود تھا، ایک ولی کامل تھا۔ اُنہوں نے محبت سے پیار سے ان کی طرف دودھ سے بھرا ہوا ایک گلاس بھیجا۔ وہ ان سے رہنمائی لینا چاہتے تھے، اشارہ کیا ان بزرگوں نے دیکھ لیا وہ سمجھ گئے، یہ کہا جارہا ہے کہ یہاں پہلے سے ہی میری رُوحانی ڈیوٹی لگی

ہوئی ہے۔ اُنہوں نے گلاب کا پھول اوپر رکھ کر واپس بھیج دیا کہ بہتری کی ہر وقت گنجائش موجود ہوتی ہے۔

☆ تو اس میں ایثار ہوتا ہے، وفاداری ہوتی ہے، برداشت ہوتی ہے۔

☆ جب کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ نشاندہی کردی کہ مختلف رُوحانی بیماریاں متفرق گروہوں کو لاحق ہوتی ہیں۔

☆ عورتوں کے بارے میں بعض اوقات وہ غیبت کی وجہ سے زیادہ گرفت میں آجائیں گی۔

☆ علماء کے اندر حسد کی بیماری کا ذکر کیا۔

☆ فقراء کے اندر تکبر کا ذکر کیا۔

☆ جو دیہاتی ٹائپ لوگ ہوتے ہیں ان کی جہالت کا ذکر کیا۔

☆ اس طرح جو رُوحانی امراض ہوتے ہیں ان کو جڑ سے اکھاڑنا اپنے وجود سے اور معاشرے کے اندر سے دُور کرنے کا چارا کرنا ان کا طُرہ امتیاز ہے، فقراء کا، صوفیہ کا، اس میں بھائی بندی، بھائی چارہ اور اسلامی اخوت کے رشتوں کو مستحکم کرنا ہے۔ اگر کہیں اختلاف رائے ہے تو اصلاح کرو۔

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ O (الحجرات: ١٠)

''تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں، سو اپنے بھائیوں میں صلح کرادو''۔

تو سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اَفْشُوْا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ (صحیح مُسلم: حدیث: ١٩٤)

''آپس میں کثرت سے سلام کو عام کرو''۔

اس پر عمل کرنا یہ ان کا بنیادی وظیفہ ہے۔

## علم سے متعلق حدیث

صَفْوَان بن يَلْدَا رضِيَ اللهُ عَنْهُ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُولُ: "مَنْ يُرِدِ اللهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ، وَإِنَّمَا الْعِلْمُ بِالتَّعَلُّمِ، وَإِنَّمَا الْهُدَىٰ بِالتَّهْذِيبِ، وَإِنَّمَا الصَّبْرُ بِالتَّصْبِرِ، وَإِنَّمَا الْعَمَلُ بِالإِخْلَاصِ، وَإِنَّمَا الإِخْلَاصُ بِنِيَّةِ الْخَالِقِ" (صحیح مسلم)

ترجمہ: صفوان بن یلدا رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ وہ فرماتے ہیں: ''جس کو خدا نے بہتری دینی چاہیے وہ دین کی سمجھ کو عطا کرتا ہے، اور علم صرف سیکھ کر حاصل ہوتا ہے، اور ہدایت تربیت سے ملتی ہے، اور صبر صبر کر کے حاصل ہوتا ہے، اور عمل صرف اخلاص سے قبول ہوتا ہے، اور اخلاص صرف خالق کی نیت سے ہوتا ہے۔'' (صحیح مسلم)

## حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

❁ صبر ایک نور ہے جو اللہ اپنے بندوں کو عطا کرتا ہے''- صحیح مسلم، کتاب 32، حدیث 6219

❁ آدمی کو وہی ملتی ہے جس کے لئے وہ محنت کرتا ہے''- سنن ابن ماجہ، کتاب 22، حدیث 2626

❁ حسد نہ کرو، کیونکہ حسد آگ کی طرح ہوتا ہے اور اس کی جوش بڑھتی ہے''- صحیح البخاری، کتاب 73، حدیث

(صُبحِ عظیم)

# عفو و درگزر

محررہ: بختاور حیات فاروقی (ایم فل)

اینکر: محمد عمران خان فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی اسکالر)

مہمان: پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی فکرِ اسلامی، تاریخ و ثقافت)

**اینکر:** ڈاکٹر صاحب آپ سے ہماری درخواست ہے آپ ہمیں عفوو درگزر کے مفہوم سے آگاہ کیجئے؟

**مہمان:** عفو درگزر ایک وصف ہے جو بنیادی طور پر اللہ کریم کا ہے اور اُس نے یہ وصف، یہ خوبی اور کمال اپنے انبیاء کو، اہل ایمان کو دیا اور انسانوں میں بھی تقسیم کیا ہے تو لفظی معانی عفو درگزر کا ہے۔

''معاف کر دینا اور تصفیہ کر لینا''۔

یعنی درگزر کا مطلب یہ ہے کہ پہلے تو کسی نے غلطی، خطا اور زیادتی کی جس سے ہمیں جانی طور پر، مالی طور پر یا ہماری عزت کے اعتبار سے ہمیں تکلیف پہنچائی یا نقصان پہنچایا لیکن ہم نے انتقام کی طاقت ہونے کے باوجود اُس سے درگزر کیا اور اس سے انتقام نہیں لیا اور اُس کو کوئی سزا نہیں دی اور کوئی سرزش نہیں کی۔

درگزر کے لئے قرآن کے الفاظ یہ ہیں۔

وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا O (النور: ۲۲)

''تم معاف کرو اور درگزر کرو''۔

مطلب یہ نہیں کہ وقتی طور پر معاف کر دے لیکن دل کے اندر رنجش رہے اور دل میں یہ احساس رہے کہ اِس نے میرے ساتھ زیادتی کی اور مجھے جب کبھی موقع ملا ایسا میں کچھ نہ کچھ ضرور کروں گا۔

" I must pay of the scores"

تو یہ دونوں چیزیں ہیں درگزر کے بعد دل صاف کر لینا۔

جس طرح حضرت سیدنا صدیق اکبرؓ نے کیا جب اُم المومنین سیدہ عائشہ صدیقہؓ آپ کی صاحبزادی لختِ جگر جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زوجہ محترمہ اور رفیق حیات ہیں اُن پر جب تہمت لگائی گئی اور واقعہ افک پیش آیا تو اُس پر پھر سیدنا صدیق اکبرؓ نے افواہیں پھیلانے والوں کی پہلے سے مالی مدد بھی کرتے تھے تو آپ نے چاہا کہ میں ان کی مدد اب بند کر دوں اور سرزش بھی کروں لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا قرآن میں بھی آپ کو تعلیم ملی ہے کہ:

''تم جس طرغ اُن پر پہلے مالی مدد کرتے تھے یا اُن کے رشتہ داروں کے حقوق نبھاتے تھے وہ جاری رکھیں اور انہیں آپ معاف بھی کریں اور اپنے تعاون کا سلسلہ بھی جاری رکھیں''۔

عفو اور درگزر آپس میں مترادف بھی سمجھے جاتے ہیں کہ جب معاف کر دیا تو پھر باقی معاشرتی حقوق ہیں۔ تعلقات ہیں ایک صلہ رحمی کا رشتہ ہے تو وہ بھی قائم و دائم رہنا چاہئے۔

تو عفو و بخش اللہ کریم کی ایک خاص صفت ہے کہ اللہ کریم معاف کرنے والا ہے۔

حضورا کرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جب پوچھا گیا کہ آپؐ ارشاد فرمائیں:

اُم المومنین سیدہ عائشہ صدیقہؓ سے یہ حدیث روایت ہے کہ: ''حضورؐ اگر مجھے لیلتہ القدر ملے جو ماہ رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں ملتی ہے تو میں دُعا کروں''؟

آپؐ نے فرمایا کہ تم دُعا کرو۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفُوَ فَاعْفُ عَنِّیْ (ترمذی:۳۵۱۳)

''اے اللہ تو معاف کرنے والا اور بعض میں الفاظ ہیں ''کریمٌ'' کرم کرنے والا ہے تو فَاعْفُ عَنِّی بس مجھے معاف فرماؤ مجھ سے درگزر کرو''۔

تو اس اعتبار سے یہ صفت صرف اللہ رب العالمین کی ہے بلکہ سارے انبیاء کرام کی بھی ہے۔حضورا کرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تو خاص طور پر اللہ کریم نے یہ وصف دیا۔

وَمَاۤ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ O (الانبیاء:۱۰۷)

''اور ہم نے آپؐ کو تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے''۔

اور اہل ایمان سے بھی یہ تقاضا کیا گیا۔

ارشاد ہوا:

وَالْکٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ O (آل عمران:۱۳۴)

''وہ غصہ پی جانے والے اور لوگوں سے درگزر کرنے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے''۔

جب کسی ناپسندیدہ عمل جس سے انسان کی جان، مال اور عزت مجروح ہو رہی ہے ایسی کیفیت میں سخت غصہ آجائے۔ وہ اپنے غصے کو پی جاتے ہیں۔ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ اور لوگوں سے درگزر کرتے ہیں، معافی کا راستہ اختیار کرتے ہیں۔ وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ تو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے احسان کرنے والوں کو یعنی یہ سارا کچھ ہونے کے باوجود وہ اپنا دامنِ محبت اور دامنِ کرم پھیلا کر رکھتے ہیں، اُس کو بند نہیں کردیتے تو اِس اعتبار سے قرآن پاک کی تعلیمات اس سے بھری پڑی ہیں کہ حضورا کرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

مَنْ لَا یَرْحَمُ لَا یُرْحَمُ (صحیح مُسلم: حدیث ۶۰۳۰)

''جو دوسروں پر رحم نہیں کرتا اللہ تعالیٰ بھی اُس پر رحم نہیں کرے گا''۔

تو اس اعتبار سے صحابہ کرامؓ کی سیرت کا مطالعہ کریں۔ اہلِ بیت کی سیرت کا مطالعہ کریں۔ اولیاء اکرام کی سیرت کا مطالعہ کریں۔ بزرگانِ دین کی سیرت کا مطالعہ کریں تو یہ ہر اہلِ ایمان کی یہ صفت ہے۔

یہ حکم بھی ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کی صفات اپناؤ اور حضورا کرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت تمہارے لئے اُسوۂ حسنہ ہے۔ جب آپؐ کی سیرت میں یہ وصف بہ درجہ اولیٰ پایا جاتا ہے تو ہمیں یہ اپنانا چاہیے۔

آپؐ نے فرمایا کہ:

''کسی انسان کے اعلیٰ ظرف اور بلند اخلاق ہونے کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اُس کے کردار میں معاف کردینا اور درگزر کرنے کی صفت پائی جاتی ہے''۔

**اینکر:** عفو درگزر کے معاشرے پر کیا مثبت اثرات مرتب ہوسکتے ہیں؟

مہمان: دیکھیں انسان انگریزی کا ایک محاورہ بھی ہے:

"To err is human, to forgive divine".

عربی میں ہے:

اَلْاِنْسَانُ مَرَکَّبٌ مِنَ الْخَطَاَوَ النِّسْیَانِ (البقرۃ: ۲۸۶)

انسان بھول چوک سے مرکب ہے۔

پرفیکٹ (Perfect) صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے یا وہ انبیاء اور مُرسلین کو ہر غلطی اور خطا سے پاک رکھتے ہیں۔ باقی جو عام انسان ہیں ہم ہر قدم پر سولغزشیں اور کوتاہیاں کر جاتے ہیں۔ بعض اوقات انسان مختلف جذبات کے زیر اثر آ کر حسد میں آ جاتا ہے۔ رکاوٹ آ جاتی ہے۔ بعض اوقات طمع اور لالچ کی وجہ سے، بعض اوقات تکبر اور غصے کی وجہ سے، بعض اوقات ہماری طبیعت اور مزاج کے خلاف کوئی عمل ہو جاتا ہے تو یقیناً انسان کے اندر غیض وغضب کے جذبے پیدا ہوتے ہیں اور انتقام لینا، سرزش کرنا اور مار پیٹ تک نوبت آ جاتی ہے۔ بعض اوقات گالی گلوچ شروع ہو جاتی ہے جس سے سارا ماحول پراگندہ ہو جاتا ہے۔ اس ضمن میں بھی سورۃ الفرقان میں اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص بندوں کا وصف یہ بیان فرماتا ہے:

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ یَمْشُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ ھَوْنًا وَاِذَ خَاطَبَھُمُ الْجَاھِلُوْنَ قَالُوْا سَلاَمًا O (سورۃ الفرقان: ۶۳)

۱۔ رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر باوقار طریقے سے چلتے ہیں فروتنی کے ساتھ یعنی نہ اس میں تکبر ہوتا ہے نہ لالچ ہوتا ہے، نہ تکبر اور نہ احمقانہ انداز ہوتا ہے، یہ ان کا جو طرزِ زندگی ہے وہ باوقار ہوتا ہے۔

۲۔ اُن کا وصف یہ ہے جب جاہل، بدتمیز اور بدلحاظ لوگ اُن سے بدکلامی یا بدتمیزی کرتے ہیں یا بدتہذیبی کا مظاہرہ کرتے ہیں تو وہ اُن سے انتقام نہیں لیتے وہ بھی اُسی طرح آگے ان سے رویہ اختیار نہیں کرتے کہ اُس نے ایک گالی دی ہے تو میں دو گالیاں دوں گا، اُس نے اتنی بدتمیزی کی ہے میں اُس کو تیر کی طرح سیدھا کروں گا "نہیں" وہ کہتے ہیں قَالُوْا سَلاَمًا تو وہ سلامتی کی بات کہتے ہیں، خیر کی بات کہتے ہیں۔

دیکھو اللہ پاک قرآن پاک میں فرماتے ہیں:

"اے انسانوں! اگر میں تمہاری غلطیوں پر گرفت کرنا شروع کر دوں تو ایک لمحے میں سارے انسانوں کو معدوم کر دوں۔ تم اِس قدر خطائیں کرتے ہو کہ میرا ظرف ہے، میرا حوصلہ ہے، میری رحمت ہے کہ میں تمہیں برداشت کرتا ہوں، ایک وقت مقرر تک انتظار کرتا ہوں"۔

اِسی طرح ہم اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت طیبہ کو دیکھتے ہیں تو آپؐ کی بھی ساری زندگی جو آپؐ صادق بھی ہیں، امین بھی ہیں، خیر خواہ بھی ہیں، رحمت اللعالمین بھی ہیں، اللہ تعالیٰ کے محبوب بھی ہیں لیکن جس طریقے سے اُن کو ستایا گیا، جس طریقے سے ایزا دی گئی۔ "اللہ اکبر"۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ:

"کسی نبی کو اتنا ٹارچر (Torture) نہیں کیا گیا، اتنی ایذا نہیں دی گئی جتنی مجھ اکیلے کو دی گئی ہے لیکن کسی موقع پر آپؐ نے اپنی زات کے لئے انتقام نہیں لیا تو:

عرفی تو می اندیش زغوغائے رفیباں
آوازِ سگاں کم نہ کند رزقِ گدارا (عرفی شیرازی)

عرفی اگر کچھ لوگ غلط کلامی کرتے ہیں یا تیری دل آزاری کرتے ہیں

اور وہ تیری عزت کو مجروح کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو اُن کے رولے، شور اور ایسے انداز سے اپنے دل کو رنجیدہ خاطر نہ کر۔ کیونکہ کُتوں کے بھونکنے سے فقیروں کے رزق میں کوئی کمی نہیں آتی۔

تو معاشرے کے اندر اگر ہم عفوودرگزر کا وصف پیدا کریں تو سارا نظام چلے گا کیونکہ:

تواضع سے چلتا ہے ہر اِک کام
جُھکتی ہے مینا تو بھرا ہے جام
کمزور کے آگے جسے جُھکنا نہیں آتا
وہ مجرمِ اخلاق ہے خوددار نہیں ہے (شاعر)

تو اگر ماں باپ بچوں کی چھوٹی چھوٹی غلطیوں پر اُن کو مار پیٹ شروع کردیں اور مُرغا بنانے لگ جائیں تو پھر ماں باپ نے ہمیشہ طاقت ور نہیں رہنا بچے بھی بڑے ہوں گے اور وہ بھی بااقتدار ہوں گے تو ہم کیا کرسکیں گے۔ (اللہ اکبر)

اُس میں بھی سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَكْرِمُوْا اَوْلَادَكُمْ اَصْلِحُوْا آدَابَهُمْ وَرِحَالَهُمْ (ابن ماجه: ۳۶۷۱)

سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اِنَّمَا بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ مَكَارِمَ الْاَخْلَاقِ (سلسله احاديث صحيح: ۲۳۹۹)

''اللہ تعالیٰ نے مجھے اچھا اخلاق سکھانے کے لئے بھیجا ہے''۔

تو اولاد کے لئے حکم ہے بعض اوقات ماں باپ بچوں کی سرزش کرتے ہیں کسی غلطی پر ٹوکتے ہیں۔ تو بچوں کو صبر کرنا چاہیے۔ خاص طور پر جب Teenage میں بچے جاتے ہیں ان کی حالت ایک بھپرے ہوئے شیر کی طرح کی کیفیت ہوجاتی ہے۔ چھوٹی چھوٹی بات پر وہ جو ہیں Hyper ہوجاتے ہیں۔

بڑے جو ہیں وہ بڑے پن کا مظاہرہ کریں اور چھوٹے جو ہیں وہ بڑوں کا احترام کریں''۔

تو نظامِ زندگی چلتا رہے گا۔

فرمایا:

لَيْسَ مِنْ اُمَّتِيْ مَنْ لَمْ يُوَقِّرْ كَبِيْرَنَا وَلَمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا فَلَيْسَ مِنَّا (صحيح مسند الامام احمد: ۳۲۳/۵)

''جو ہمارے بڑوں کی عزت نہ کرے اور جو ہمارے چھوٹوں پر شفقت نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں''۔

اِسی طرح میاں کے معاملات ہیں، وہاں پر بھی سو کمی بیشی ہوجاتی ہے، کبھی کوئی سالن پھیکا رہ جاتا ہے۔ کبھی روٹی کچی رہ جاتی ہے۔ کبھی بندے کی یا شوہر کی خواہش کے مطابق جو ہے وہ نہیں ہو پاتا خواتیں پورا Display نہیں کر پاتی وہاں پر بھی حکم دیا۔

فرمایا:

''بھئی اگر تمہاری طبیعت پر بوجھ پڑا ہے تو صلح کرلینا، معاف کردینا، درگزر کردینا ہی بہتر ہے۔ (والصلح خیر)

یہی ایک بڑا اپن ہے تو بیوی سے کمی بیشی ہوجائے تو شوہر معاف کردے۔ اگر شوہر سے ہوجائے تو بیوی معاف کردے۔ یہ شادی ایک کمپرومائز (Compromise) ہے اگر انتقام لینے کے چکر میں پڑ جائیں تو پھر ایک دن بھی نبھا کرنا مشکل ہوجاتا ہے۔ پھر ہم تعلیمی اداروں میں جاتے ہیں وہاں پر بھی اساتذہ اور شاگرد جو ہیں۔ بڑا مشکل ہے تربیت کرنا پھر اگر ہم معاشرتی نظام میں چلے جائیں۔ بازار میں جاتے ہیں وہاں پر بھی کمی بیشی ہوجاتی ہے۔ انگریزی کی کہاوت ہے:

"Costomer and shoperkeepers are always at cross purposes".

وہ دونوں جو ہیں وہ کچھ اور چاہتا ہے، وہ کچھ اور چاہتا ہے (Give & Take) لواور دو سے ہی نظام چلے گا۔

حتیٰ کہ آپ دیکھیں حج کے موقع پر، عمرہ کے موقع پر، اللہ معاف فرمائے خانہ کعبہ شریف میں بندہ حج کے لئے آتا ہے تو لمبا سفر کیا ہوتا ہے تھکاوٹ بھی ہوتی ہے، طبیعت بھی بوجھل ہوتی ہے، احرام بھی بڑی دیر سے پہنا ہوتا ہے تو صبر وتحمل کے بغیر چارہ نہیں ہوتا۔

جب بندہ پہلی بار حج کرنے گیا افسوس ناک واقعہ دیکھنے کو آیا۔ طواف کے دوران ایک نوجوان کے احرام پر کسی کا پاؤں آ گیا اُس پر اُس کو جھٹکا لگا، بندہ ہائپر ہوگیا، اللہ تعالیٰ معاف فرمائے خانہ کعبہ شریف میں اُس نے مار پیٹ شروع کردی بلکہ بڑی موٹی موٹی گالیاں بھی دینے لگ گیا تو یہ نازیبا حرکتیں اور برداشت نہ کرنے کا رویہ ہے، حالانکہ قرآن کا واضح حکم ہے:

اَلْحَجُّ أَشْهُرٌ مَّعْلُوْمَاتٌ فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّO

(البقرۃ:۱۹۷)

''حج کے مہینے سب کے علم میں ہیں پس جو ان میں حج کا ارادہ کرے اور کوئی گناہ نہ ہو، کوئی زیادتی نہ ہو، کوئی لڑائی جھگڑا نہیں ہونا چاہیے۔ تو وہاں بھی جو معاف کرے گا، برداشت کرے گا، درگزر کرے گا، وہ بامُراد ہوگا''۔

سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لَا يَرْحَمُهُ اللّٰهُ مَنْ لَا يَرْحَمُ النَّاسَ (بخاری و مسلم: حدیث ۱۹۲۲)

''اللہ تعالیٰ اُس پر بالکل رحم نہیں کرے گا جو اُس کی مخلوق پر رحم نہیں کرتا''۔

سارا معاشرتی نظام اِسی پر قائم ہے، پھر ہم اگر سوشل میڈیا پر دیکھتے ہیں جنگ وجدل کا دور ہے، لوگ کس طرح عیب ڈھونڈتے ہیں۔ پگڑیاں اُچھالتے ہیں، طعنے اور معنے مارے جاتے ہیں۔ حالانکہ سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

حکم خدواندی ہے:

''لوگوں کے عیب نہ ڈھونڈو لوگوں کی غیبت نہ کرو، تجسس نہ کرو، بُرے نام نہ رکھو، گالی گلوچ نہ کرو''۔

منافق کی آقاؐ نے چار (Catogories) بتائی ہیں۔ اُن میں ایک گالی گلوچ کرنا بھی ہے تو اِس اعتبار سے جب معاشرے میں عفوودرگزر ہوگا تو گھریلو زندگی پُرامن ہوگی۔ ماں باپ اور اولاد میں امن رہے گا، میاں بیوی میں امن رہے گا، عفوودرگزر ہوگا تو کلاس روم کا نظام رہے گا، بازاروں کا نظام رہے گا، مارکیٹوں کا نظام رہے گا۔

اوپر لیول (Level) پر چلے جائیں۔ ہمارے لیڈر صاحبان ہیں وہ بھی اِسی طرح برداشت کا مظاہرہ کریں ایک دوسرے کے لئے صبر اور رواداری کا مظاہرہ ہونا چاہیے، پھر بعض اوقات میت کا موقع آجاتا ہے۔ بعض لوگ اُس وقت بھی معاف کرنے کو تیار نہیں ہوتے۔

قُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِO (سورۃ آل عمران:۱۸۵)

''ہر انسان نے موت کا ذائقہ لینا ہے''۔

حالانکہ یہ ایک اٹل حقیقت ہے کہ:

ہم نے بھی اپنے وعدے کے مطابق اُس میت اور چارپائی پر آنا ہے تو اللہ کریم یہ چاہتا ہے کہ تم زیادہ سے زیادہ معاف کرنے کی خصلت پیدا کرو تاکہ تم پر بھی رحم ہو۔

ہاں جو قومی جرائم ہیں، عوامی نوعیت کے جو معاملات ہیں اُس کو تم سپرد کرو قانون کے۔ جو عدالتی نظام ہے عدل وانصاف کا تقاضا ہے پورا ہونا چاہیے لیکن جو ذاتی روزمرہ کی زندگی میں ہے وہاں پر عفوودرگزر کے ساتھ ہی انسان امن وسلامتی میں رہ سکتا ہے۔

؎ کرو مہربانی تم اہلِ زمیں پر خُدا مہرباں ہوگا عرشِ بریں پر

(حالی)

**اینکر:** تصوف میں عفوودرگزر کے حوالے سے کونسی ترجیحات پائی جاتی ہیں؟

**مہمان:** تصوف علمِ احسان کا دوسرا نام یہ تہذیبِ اخلاق ہے۔ تزکیہ نفس ہے۔ یہ تصفیہ باطن ہے اور اپنی نیتیوں میں اخلاص پیدا کرنا ہے۔ اپنی نماز میں، اپنے روزے میں، حج میں، زکوٰۃ میں، جہاد میں، عبادات میں تو اس کا مین ٹارگٹ (Target) یہ ہے کہ اپنے قلب کو ہر آلودگی شرک، کفر، منافقت، منافقانہ پن، حسد، کینہ، لالچ، تکبر اور گندی خواہشات سے پاک کرنا ہے۔ طاہر کو شریعت کے ظاہر کے سانچے میں ڈھال لینا اور باطن کو شریعت کے باطن کے سانچے میں ڈھال لینا ہے۔ امانت، دیانت، صداقت، شرافت، صبر، شکر، توکل، عفوودرگزر، شرم وحیاء، عفتِ قلب ونظر اور تقویٰ جیسے پاکیزہ اوصاف پیدا کرنا ہے۔

قرآن پاک میں بھی اللہ کریم نے فرمایا ہے کہ:

فَاسۡتَبِقُوۡا الۡخَيۡرَاتِ (المائدة: ۴۸)

''تم نیکیوں میں سبقت لے جانے کی کوشش کرو، تم نیکیوں میں آگے بڑھنے کی کوشش کرو''۔

حدیث قدسی ہے:

تَخَلَّقُوۡا بِاَخۡلاَقِ اللّٰہِ O

''کہ تم اللہ تعالیٰ کا اخلاق اپناؤ۔ اللہ تعالیٰ کی صفتیں اپنے کردار میں پیدا کرنے کی کوشش کرو''۔

اللہ تعالیٰ کی 360 عادات مبارکہ ہیں اگر کسی خوش نصیب میں ایک بھی وصف پائی جاتی ہو تو وہ صاحبِ ایمان ہے، خوش نصیب ہے۔ سیدنا صدیق اکبرؓ جو اِس اُمت کے پہلے صوفی ہیں جو حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ نے کشف المحجوب شریف میں لکھا ہے ''عرض کی حضور، کیا مجھ عاجز میں بھی کوئی ایک صفت پائی جاتی ہے؟ جو تَخَلَّقُوۡا بِاَخۡلاَقِ اللّٰہِ کا فرمایا گیا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''مجھے قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضے میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جان ہے، تیرے وجود میں اللہ تعالیٰ کی وہ تَخَلَّقُوۡا بِاَخۡلاَقِ اللّٰہِ والی پوری 360 صفتیں پائی جاتی ہیں۔

أَرۡحَمُ أُمَّتِي بِأُمَّتِي أَبُوۡ بَكۡرٍ (سُنن ترمذی: ۳۷۹۱)

''سب سے زیادہ رحم کرنے والا میری اُمت کے حق میں ابوبکر صدیقؓ ہے''۔

تو اِس اعتبار سے تصوف وطریقت نام ہی تزکیہ، تصفیہ، باطن اور خدمت خلق کا ہے۔

؎ سو ہزار چلّے کٹے ظالم نفس نئیں مردا
بھا جھ فقیراں کسے نہیں ماریا ایک کافر چور اندردا

؎ طریقت بجز خدمت خلق نیست
بہ تسبیح وسجادہ ودلق نیست (شیخ سعدیؒ)

لہذا اِس میں سارا اوڑھنا بچھونا مخلوق خدا کی خدمت کرنا۔ اُن کے راستوں سے رکاوٹیں دُور کرنا اور جن مصیبتوں میں وہ بچارے پھنسے ہوئے ہیں۔ کوئی ضسد کا شکار ہے، کوئی تکبر میں

پھنسا ہوا ہے، کوئی غصے میں پھنسا ہوا ہے، کسی کو منافقت کی بیماری ہے، کسی کو حرام خوری کی بیماری ہے۔ کسی کو شرکِ خفی یا شرکِ جلی کی ہے تو وہ ذکر کے ذریعے، وہ مراقبات کے ذریعے، وہ عبادات کے ذریعے، نیک مجلس اور صحبت کے ذریعے دُور کرنا ہے کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کے جو مقاصد تھے ان میں سے ایک یہ بھی تھا کہ "وَيُزَكِّيهِمْ" حضورؐ تزکیہ فرماتے ہیں:

قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى O وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى O (سورۃ الاعلیٰ: ۱۵۔۱۴)

''کامیاب ہو گیا جس نے اپنے باطن کو پاک کر لیا اور اسم الٰہی کا ورد کیا پھر نماز پڑھی''۔

تو اس اعتبار سے طریقت میں عفو و درگزر پہلی سیڑھی بھی ہے اور آخری سیڑھی بھی۔

انسان سے خود بھی زندگی کے ہر قدم پر سو لغزشیں ہو جاتی ہیں۔ یہ ممکن ہے اور مخلوق کے ساتھ بھی اونچ نیچ ہو جاتی ہے کیونکہ ان کا کردار ڈاکٹر کا کردار ہے، ایک سرجن کا کردار ہے۔ یقینا جس وقت سرجن یا ڈاکٹر مریض کا آپریشن کرتا ہے تو بڑا رسکی (Risky) کام ہوتا ہے۔ ڈاکٹر کو مریض کے جراثیم اُس کی بیماری کے اثرات بد متاثر کر سکتے ہیں جیسا کہ یہ کرونا کی وباء جب پھیلی تو زیادہ جو لوگ متاثر ہوئے وہ ڈاکٹر لوگ تھے تو وہ اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر اُن مریضوں کو بچاتے تھے۔ اِس طرح جب گندے اخلاق و کردار والے کو شیخ اور معلم دھونے کے لئے لگ جاتا ہے تو چھینٹے اپنے اوپر بھی پڑ جاتے ہیں۔

☆ دیکھیں جس طرح حضرت جنید بغدادیؒ حکم ہوا کہ جاؤ تم نصرانیوں کے اجتماع میں زُنار پہن کر جاؤ اب وہاں جانے کا حکم تھا لہذا تعلیم اور تربیت جس انداز سے اللہ تعالیٰ نے انہیں دی تھی پھر پتہ چلا جو سب سے بڑا اُن کا راہب تھا، اُنہوں نے کہا یہاں کوئی محمدی ہے تو آپ نے اپنے آپ کو ظاہر (Show) کیا۔ اُنہوں نے کئی سوالات کئے آپ نے سب جوابات دیئے تو سارا ماحول کلمہ طیبہ سے جاگ اُٹھا۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

☆ بزرگوں میں سے ایک اللہ والے کا واقعہ ہے کہ کسی علاقے میں ایک فاحشہ خاتون ایسی آئی جس کا دھندہ ٹھیک نہیں تھا۔ نوجوانوں کے اور مخلوق کے کردار متاثر ہونے لگے تو اُنہوں نے بجائے گالی گلوچ کرنے یا اُس کو وہاں سے بھگا دینے کے ایک صوفیانہ رنگ اختیار کیا اور وقت لیکر وہاں پہنچ گئے اور کہا کہ میں تمہاری ساری ضروریات پوری کی ہیں۔ میں نے تمہیں پورا معاوضہ دیا ہے۔ آج رات تم نے میرے حکم کے ساتھ چلنا ہے۔ اُس کو غسل کروایا اُس کو صاف ستھرے کپڑے پہنائے، اُس کو وضو صحیح طرح کروا کر مصلیٰ ساتھ لے گئے تھے، مصلے پر کہا کہ کھڑی ہو جاؤ جو میں کہتا ہوں نیت کرو اور نوافل توبہ کی نیت کروا کر شروع کروائے۔ اُس نے اللہ اکبر جب کہا اور نماز شروع کی وہ وہ اللہ کا ولی بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سُنت کے مطابق دوسرا مصلی بچھا کر سجدے میں گر گیا اور عرض کیا مولا! میرا اتنا کام تھا کہ میں تیرے در پر لے آیا ہوں۔

ے سر تیرے حضور خاک پے ہے
اب مقلب القلوب تیری ذات ہے

تو پھیر دے تو تیری بارگاہ میں کسی شے کی کمی نہیں ہے۔ وہ خاتون جب سجدے میں گئی تو اللہ تعالیٰ نے قسمت پھیر دی اور سچی توبہ کی توفیق مل گئی۔ حضرت فضیل بن عیاضؒ ڈاکو تھے، چور تھے وہ بھی ایک فقیر کی نگاہ سے تائب ہوئے حضور غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے ذریعے ڈاکوؤں کا پورا گروہ تائب ہوگیا۔

☆ایک بار سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ایک نوجوان آیا وہاں صحابہ کرامؓ بھی بیٹھے ہوئے تھے تو اُس نے غلط ڈیمانڈ کی کہ اسلام میں رہتے ہوئے اُسے غلط کام کی اجازت دے دیں۔ سرکار نے اُس کو مارا پیٹا نہیں، بدزبانی نہیں کی، فرمایا: اے نوجوان بیٹھو، ''ابھی کرتے ہیں بات'' اُس کو پانی پلایا اور کوئی ضرورت کی چیز تھی اُس کو دی تھوڑا سا نارمل ہوا فرمایا: ہاں بیٹا آپ کیا مطالبہ کر رہے تھے تو اُس نے پھر وہی بات دُہرائی کہ اسلام میں رہتے ہوئے مجھے اجازت ہونی چاہیے بدکاری کی بھی۔ تو آپؐ نے ارشاد فرمایا:

''میرا بیٹا! کیا تم پسند کرتے ہو کہ تمہاری والدہ کے ساتھ کوئی ایسی زیادتی کرے، ''یہ کیسے ہوسکتا ہے میں برداشت نہیں کروں گا''۔ ''اچھا تمہاری بہن کے ساتھ، تمہاری بیٹی کے ساتھ، تمہاری چچی کے ساتھ، تمہاری خالہ کے ساتھ جتنے محرمات کے رشتے ہیں حضورؐ نے ایک ایک کر کے گنوائے وہ نہیں نہیں کرتا رہا کہ میں برداشت نہیں کروں گا''۔

سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''جس سے بھی تم یہ حرکت کرنا چاہتے ہو، ہوسکتا ہے کسی کی ماں ہو، کسی کی بیٹی بھی ہوگی، ہوسکتا ہے کسی کی بہن ہو، خالہ ہو تو وہ کافی حد تک نارمل ہوگیا۔ اُس نے کہا'' حضورؐ مجھے معاف کر دیں اصل میں، میں نے غلط مطالبہ کیا، میں وعدہ کرتا ہوں کبھی ایسی بُرائی نہیں کروں گا''۔

☆ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کی خدمت میں ایک شخص آیا کہا ''جناب میں توبہ تو کرنا چاہتا ہوں لیکن مجھے نماز کا آپ نے نہیں کہنا میں نماز نہیں پڑھ سکتا۔ اب حکم خداوندی ہے کہ:

اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ وَجَادِلْھُمْ بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ O(النحل: ۱۲۵)

آپ نے بدزبانی نہیں کی بلکہ حکمت کے ساتھ فرمایا کہ ٹھیک ہے۔

☆ جس طرح سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس شخص آیا اُس نے کہا کہ میرے اندر بہت سارے عیب ہیں ایک چھوڑ سکتا ہوں، آپؐ نے جھوٹ چھوڑوایا باقی بھی چھوٹ گئے۔ تو آپ نے فوری طور پر فرمایا تم میری خاطر نماز کے وقت وضو تو کر سکتے ہو' اُس نے کہا ہاں حضور میں وضو کرلوں گا''۔ وضو کا وعدہ کیا سچی توبہ کرلی تو جب فجر کا وقت ہوا وعدہ کیا تھا کہ میں نے وضو کرنا ہے، وضو کے لئے اُٹھا بستر نرم گرم چھوڑ کر وضو کیا پھر سونے لگا خیال آیا دو، چار تو رکعتیں ہیں فٹافٹ پڑھ لوں، پھر ظہر، پھر عصر، پھر مغرب، پیچھے دُعا بھی شامل تھی اور پکا نمازی بن گیا۔

☆ طریقت وتصوف جو ہے اگر عفو و درگزر ایک شیخ طریقت اور مرشد میں نہ ہو یا جو مبلغ ہے، تبلیغ کرنے والا ہے۔ اگر وہ اِس صفت سے عاری ہو تو وہ تو بیچارہ ایک قدم نہیں چل سکتا، ہر قدم پر کھڑا ہوجائے گا اس لئے اِن کی ڈیوٹی جو ہے وہ برداشت کرنا ہے۔

(صُبحِ عظیم)

# معاشرتی فلاح و بہبود

محررہ: بختاور حیات فاروقی (ایم فل)

اینکر: محمد عمران خان فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی اسکالر)

مہمان: پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی فکرِ اسلامی، تاریخ و ثقافت)

**اینکر**

**معاشرتی فلاح وبہبود سے کیا مراد ہے؟**

**مہمان**

معاشرتی فلاح و بہبود یہ ایک کلمہ ہے جملہ ہے **معاشرہ، فلاح ، بہبود**۔ معاشرے کے حوالے سے تو ارسطو کی وہ Statement بیان کی جاتی ہے۔

**(Aristotle)**

**"Man is a Social Animal"**

انسان معاشرتی حیوان ہے اُس کی ضروریات اور خواہشات اتنی زیادہ ہیں کہ وہ انہیں تن تنہا پورا نہیں کر سکتا۔

علامہ ابنِ خلدوم کا مؤقف یہ ہے کہ انسان مدنی الطبع ہے کہ انسان کی فطرت اسے مِل جُل کر رہنے کیلئے مجبور کرتی ہے۔

**قرآن پاک میں بھی اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:**

يَآاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنَا كُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّ اُنْثٰى وَ جَعَلْنَا كُمْ شُعُوْ بًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَ فُوْ اِنَّ اَكْرَ مَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقَا كُمْ

(الحجرات:13)

''اے انسانوں ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا پھر تمہارے قبیلے اور گروہ بنائی لِتَعَارَفُوْ تا کہ تم ایک دوسرے کا تعارف حاصل کر سکو واقفیت حاصل کر سکو۔''

اِنَّ اَكْرَ مَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقَا كُمْ

**باقی رہی بات اللہ کی نظر میں کون زیادہ معتبر ہے؟**

''اللہ کی نظر میں وہ زیادہ معتبر ہے جو اللہ سے زیادہ ڈرنے والا ہے تقویٰ اختیار کرنے والا ہے۔''

تو اِس سے ہمیں معاشرتی کانسیپٹ (Concept) ملتا ہے سورۃ النساء کی شروع والی آیت میں بھی ہے۔

يَآاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْ رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ

وَّ احِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْهَا زَوْ جَهَا وَ بَثَّ مِنْهُمَا

رِ جَالًا كَثِيْرً اوَّ نِسَآءً وَّ تَقُوا

اللّٰہَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِہٖ وَ الْاَرْحَامَ طاِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْباًO (النساء:1)

اس سے اُس تصور کی نفی ہوئی کہ شائد( نعوذ باللہ) انسان پہلے جانور تھا حیوان تھا یا بندر تھا پھر وہ Process طے کرتا ہوا تو انسان کو اللہ نے انسان ہی پیدا کیا اور حیوانوں کو جانوروں کو جانور ہی پیدا کیا۔

**معاشرہ انسانوں کے مِل جُل کر رہنے کا نام ہے۔**

**آگے ہے فلاح کا لفظ معاشرتی فلاح و بہبود تو یہ عربی کا لفظ ہے۔**

**قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔**

وَ اذْکُرُ اللّٰہَ کَثِیْرً الَّعَلَّکُمْ تُفلِحُونَ (الانفال:45)

**''اور تم اللہ کا کثرت سے ذکر کرو تاکہ تم فلاح پا جاوٴ۔''**

سورۃ البقرہ کے ابتدائی رکوع میں بھی یہی بات کی:

اُولٰٓئِکَ عَلٰی ھُدًی مِّنْ رَّبِّھِمْ وَ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَO (البقرہ:5)

فلاح عربی زبان میں بہت ہی جامع مفہوم رکھتا ہے جس کے اندر ہر قسم کی کامیابی، ہر قسم کی کامرانی، ہر قسم کی آسودگی، جسم کی بھی، قلب کی بھی، روح کی بھی، معاشی بھی معاشرتی بھی، سیاسی بھی، روحانی بھی، اخلاقی بھی، علمی بھی، فکری بھی جب کسی انسان کو اللہ تعالی نے جو کچھ نعمتیں

فَبِاَیِّ آلَاءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَان (الرحمٰن:7)

**تم اللہ کی کون کونسی نعمتوں کو جھٹلاوٴ گے۔**

جب اللہ تعالی اس کو ایمان کی دولت بھی دے دیں ہدایت کی دولت بھی دے دیں تقویٰ کی دولت بھی دے دیں جب اس کو اخلاقِ حسنہ بھی عطا کر دے حقوق اللہ حقوق العباد کی توفیق بھی عطا کر دیں اپنے کرم کے خزانوں سے اُس کی جھولی بھر دیں تو کہتے ہیں فلاح بندے کو فلاح مل گئی ہے تو وہاں بھی یہی کہا گیا ہے۔

**تم اللہ کا کثرت سے ذکر کرو تاکہ تم فلاح پا جاوٴ۔**

ہاں ذکر سے مرُاد ہے جسمانی ذکر بھی ہو، عمل کے اعتبار سے للسانی ذکر بھی ہو، قلبی ذکر بھی ہو، یعنی تمہارا ظاہر اور باطن اللہ کے احکامات کے سانچے میں ڈھل جائے۔

بہبود یہ ایک عام اصطلاح اردو میں بھی استعمال ہوتی ہے یہ ایک قسم کے مترادف ہیں فلاح وبہبود یعنی کامیابی، کامرانی اور آسودگی جو بنیادی ضروریاتِ زندگی ہیں۔

**جس طرح حضور ﷺ کی حدیث ہے حضور ﷺ نے فرمایا جس کو چار چیزیں ملی اُس کو سمجھیں اللہ نے دنیا کی نعمتیں دے دی۔**

**ا۔نیک شریکِ حیات مل گیا۔**

**۲۔اچھا ہمسایہ مل گیا۔**

**۳۔اچھی سواری مل گئی۔**

**۴۔کشادہ مکان مل گیا۔**

**جس کو ہم روٹی کپڑا مکان عام بولتے ہیں**

**یہاں جب ہم کہتے ہیں معاشرتی فلاح و بہبود سے کیا مراد ہے؟**

جب انسان ایک معاشرے میں رہتا ہے مِل جُل کر رہتا ہے اُس کی جان کا تحفظ بھی ہے۔اُس کی عزت کا تحفظ بھی ہے۔اُس کے مال کا تحفظ بھی ہے۔اُس کے نسب کا تحفظ بھی ہے۔اُس کے عقیدے کا تحفظ بھی ہے۔اُس کو یہ تحفظات حاصل ہیں کسی معاشرے میں، کسی انسانی اجتماع، کسی انسانی ریاست میں رہتے ہوئے اور اِس کیساتھ ساتھ جو ہے وہاں عدل و انصاب بھی ہے وہاں جو ہے چادر چار دیواری کا تحفظ بھی ہے۔وہاں انسان کو بنیادی ضروریاتِ زندگی بھی میسر ہیں۔تعلیم کی بھی اُس کی ضرورت پوری ہو رہی ہے۔اُس کو طبی سہولتیں بھی میسر ہیں اور اُس کو ایسا خوبصورت جس کے لیے جامع لفظ بولا جاتا ہے ثقافت (culture) یعنی اس کو ایسا تہذیبِ تمدن ملا ہے۔ایک ایسا پاکیزہ ماحول ملا ہے۔جس میں رہ کر وہ نہ صرف اپنی جسمانی ضروریات کو اچھے سے پورا کر رہا ہے بلکہ اُس کی ذہنی جو علم سے تعلق وہ بھی پوری ہو رہی ہے بلکہ قلبی جو اُس کا روح اور قلب جو ہے وہ بھی اُس سے آسودہ خاطر ہو رہا ہے اچھے اخلاقیات بھی ہیں اچھے علوم بھی ہیں اور ایک اچھی پاکیزہ زندگی ہے رہنے سہنے کا ماحول بھی ہے۔اُس کو ساری آسائشیں بھی میسر ہیں۔

**سماجی خیرات کے لیے چند اقدامات**

سماجی خیرات کا ادارہ ایک اہم ادارہ ہے جو لوگوں کے فائدے کے لئے کام کرتا ہے۔اس کے ذریعے، ہم ان لوگوں کی مدد کر سکتے ہیں جو کمزور ہیں، غریب ہیں یا محتاج ہیں۔

1.سماجی خیرات کے اداروں کو دعوت دیں کہ وہ غریبوں کے لئے خوراک، لباس، صحت، پیشہ وری اور معاشی خدمات فراہم کریں۔

2.سماجی خیرات کے اداروں کی مدد کریں جو لوگوں کو تعلیمی فرصتوں سے لطف اندوز ہونے کے لئے ہدایات فراہم کرتے ہیں۔

3.سماجی خیرات کے ادارے میں خیراتی فنڈ کی منتظمیت کے لئے دعوت دیں۔ اس سے زیادہ تعداد میں غریب افراد کی مدد کی جا سکتی ہے۔

4.سماجی خیرات کے اداروں کی مدد کریں جو افراد کی خدمت میں مصروف ہوتے ہیں۔ان کے ساتھ کام کرنے سے آپ ان کے لئے مثبت تاثر ڈال سکتے ہیں

drazeemfarooqi.com

(صُبحِ عظیم)

# ریاستِ مدینہ

محررہ: بختاور حیات فاروقی (ایم فل)

اینکر: محمد عمران خان فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی اسکالر)

مہمان: پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی فکرِ اسلامی، تاریخ وثقافت)

**ینکر:** ریاستِ مدینہ کو پہلی فلاحی ریاست کیوں سمجھا جاتا ہے؟

**مہمان:** یہ بڑی جامع ترین اصطلاح ہے ''فلاحی ریاست'' (Welfare State) ریاست مدینہ یہ ویسے بھی اصطلاح بہت زیادہ زبان زدِ عام ہے۔ ہمیں یہ سمجھنا یقیناً بہت مفید ہے کہ حقیقت میں ریاستِ مدینہ ہے کیا؟ اور اُس کو پہلی فلاحی ریاست کیوں کہا جاتا ہے؟

کیونکہ ریاست کا تصور تو بہت قدیم ہے۔ بقراط نے بھی (Pulato) جسے کہتے ہیں (An Ideal Republic) اُس نے ایک تصور دیا تھا ''مثالی جمہوریہ'' اُس نے اس میں بہت کچھ لکھا لیکن وہ لکھا ہی رہ گیا عملی طور پر ایسی کوئی بھی ریاست دُنیا میں قائم نہ ہوسکی تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مکہ سے ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف لائے۔ اپنی تیرہ سالہ زندگی کے بعد دس سال پھر آپؐ کی مدنی زندگی ہے تو آپؐ وہاں تشریف لائے تو آپؐ نے دُنیا میں کہا جاتا ہے کہ پہلا تاریخی دستور جو ہے وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میثاقِ مدینہ کی صورت میں عطا کیا۔ ایک ریاست کے اندر صرف مسلمانوں کے حقوق نہیں تھے، صرف مہاجرین کے حقوق اور تحفظ نہیں تھا، صرف انصار کے حقوق وتحفظ نہیں تھا بلکہ جو دیگر مذاہب کے لوگ تھے جن میں یہودی بھی تھے، جن میں مشرکین بھی تھے، جن میں کچھ نصرانی بھی تھے، اُن کے علاوہ بھی دیگر جو اقوام کے لوگ تھے تو آپؐ نے تحریری طور پر جو ہے ایک ایسا ضابطہ بنایا جس میں معاشرتی تحفظ بھی تھا، جس کے اندر مذہب کا تحفظ بھی تھا، معیشت کا تحفظ بھی تھا، جان ومال عزت وآبرو کا تحفظ بھی تھا اور سب سے بڑی بات مساوات کا پروگرام تھا۔ اس کے اندر کوئی ظلم نہیں تھا، کسی کے ساتھ (Partialism) نہیں تھی، سب کو عدل اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق جو ہے وہ ذمہ داریاں تقسیم کی گئی، سارے کے سارے اس معاشرے کو (Dealism) پُرامن معاشرہ بنائیں۔

اُس کی وجہ یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ سے جب مدینہ ہجرت کر کے تشریف لائے تو مکے کے اندر جو مومنوں نے زندگی گزاری تھی اور جو اُن کے ساتھ ظلم اور بربریت کا سلوک کیا گیا تھا بلکہ پورا عرب معاشرہ (Overall) پوری دُنیا اُس پر اگر ایک نظر ڈالے تو عدل وانصاف حقیقی رُوح کے ساتھ کہیں بھی نہیں تھا۔ مساوات کی تعلیم کتابوں میں تھی، کاغذوں میں تو تھی لیکن عملی طور پر کہیں بھی نہیں تھی۔

بنی اسرائیل والے سمجھتے تھے کہ ہم بہت زیادہ توراتِ مقدس کے ساتھ چلنے والے ہیں تو اُن میں بھی، اللہ کریم نے فرمایا کہ:

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ط اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ O (البقرۃ: ۴۴)

کیا تم لوگ باتیں تو کرتے ہو لیکن تمہارے کردار میں ایسی کوئی بات نہیں۔ سُپر نیشن سمجھتے باقی سب کہتے یہ ویسے ہی مخلوق ہے اور یہ بھی اُن کا دعویٰ تھا کہ:

نَحنُ أَبْنَاءُ اللهِ وَ أَحِبَّآؤُهٗ (المائدہ:۱۸)

ہم تو اللہ تعالیٰ کے پُتر ہیں، ہم تو اللہ تعالیٰ کے بیٹے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے لاڈلے اور چاہتے ہیں، باقی ساری مخلوق ہماری جگہ کیسے لے سکتی ہے۔ عربوں میں بھی یہ بیماری تھی وہ اپنے آپ عربی اور دوسروں کو عجمی سمجھتے تھے۔ ایسی طرح نصاریٰ جو ہیں وہ بھی حقیقی رُوح سے مختلف تھے تو مکے کے اندر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو ظُلم سہا تھا۔ آپؐ کے صحابہ کرامؓ کے ساتھ جو بَربریت تھی، قبائلی تعصب تھا، عورتوں کو مس گائیڈ کیا جاتا تھا، غلاموں کے ساتھ لونڈیوں کے ساتھ جانوروں جیسا سلوک کیا جاتا تھا اور کچھ بڑے قبیلے بنے ہوئے تھے۔ کچھ چھوٹے قبیلے بنے ہوئے تھے۔ بڑی مچھلی جس طرح چھوٹی مچھلی کو کھا جاتی ہے اُسی طرح یہ تعصّبات جو تھے لسانی اور علاقائی قبائلی اور خاندانی یہ اپنے عروج پر تھے، ہر کوئی مرکزی نظام حکومت نہیں تھا، کوئی نہیں۔

جس کی لاٹھی اُس کی بھینس والا حساب تھا۔

جہالت تھی، کُفر تھا، شرک تھا، تباہی تھی، ذلالت تھی۔

؎ کبھی پانی پینے پلانے پر جھگڑا
کبھی گھوڑا آگے دوڑانے پر جھگڑا
یونہی ہوتی رہتی تھی تکرار اُن میں
یونہی چلتی رہتی تھی تلوار اُن میں

؎ وہ بجلی کا کڑکا تھا یا صوتِ ہادی
عرب کی زمین جس نے ساری ہلا دی

تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے تو آپؐ نے ایک حقیقی معاشرے کا معاشرہ نہیں بلکہ فلاحی معاشرہ جس میں ہر انسان محفوظ ہے اس پر بڑی تفصیلی (Political Thinkers) نے بات (Discussion) کی ہے کہ اگر وہ 54 کے قریب سیکشن ہیں میثاقِ مدینہ کے۔ اگر اُن کے سامنے رکھیں تو ایک ایک سے پتہ چلتا ہے کہ کس قدر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب کے حقوق اور مفادات کو تحفظ دیا۔ اُس کی وجہ یہ ہے کہ یہ الہامی تھا اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ تعلیم تھی یہ Man Made نہیں تھی۔ یہ God Made تھی، یہ God Gifted تھی، یہ Revealed تھی۔ اللہ تعالیٰ تو اپنی ساری مخلوق سے پیار کرتا ہے تو لہذا اس کا جو قانون ہے وہ سب کے لئے یکساں ہے انسانوں کے بانئے ہوئے قوانین پر جُھول ہوتا ہے۔ علامہ اقبالؒ کا شعر ہے:

؎ وہ قوم کے فیضانِ سماوی سے ہے محروم

اُس میں تھوڑی تنقید بھی کی:

یورپ میں بہت روشنیِ علم و ہنر ہے
حق یہ ہے کہ بے چشمہ حیواں ہے یہ ظلمات
یہ علم، یہ حکمت، یہ تدبر، یہ حکومت
پیتے ہیں لہو، دیتے ہیں تعلیم مساوات
بے کاری و عُریانی و مے خواری و افلاس
کیا کم فرنگی مدنیت کے فتوحات
وہ قوم کے فیضانِ سماوی سے ہے محروم
حد اس کے مالات کی ہے برق و بخارات
ڈھونڈنے والا ستاروں کی گزرگاہوں کا
اپنے افکار کی دُنیا میں سفر کر نہ سکا
جس نے سورج کی شعاعوں کو گرفتار کیا
زندگی کی شبِ تاریک سحر کر نہ سکا

(صُبحِ عظیم)

# تعلیم اور معاشرتی اخلاق

محررہ: بختاور حیات فاروقی (ایم فل)

اینکر: محمد عمران خان فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی اسکالر)

مہمان: پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی فکرِ اسلامی، تاریخ وثقافت)

**اینکر**

ڈاکٹر صاحب کیا صرف تعلیم ہی ایک ایسا فیکٹر ہے جو ہمارے نوجوانوں کے فائل رکن بنا سکتا ہے معاشرے میں یا اخلاق بھی اِس میں کوئی رول پلائے کرتا ہے؟

**مہمان**

دیکھیں علامہ اقبالؒ ان کو شاعر انقلاب بھی کہتے ہیں قومی شاعر بھی ہیں خاکِ تخلیق نظریہ پاکستان بھی ہیں انہوں نے اس حوالے سے فرمایا کہ

؎ یقین محکم عمل پیہم محبت فاتح عالم

جہاد زندگانی میں ہیں یہ مردوں کی شمشیریں (علامہ اقبالؒ)

پھر کہا کہ

؎ سبق پھر پڑھ صداقت کا، عدالت کا، شرافت کا، شجاعت کا

لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

اِن چاروں خلفاء راشدین کی خوبیاں ترتیب سے بیان کر دی انہوں نے اِس شعر کے اندر تو نوجوانوں کو نظر انداز کر کے ہم معاشرے میں کوئی مثبت تبدیلی نہیں لا سکتے اِس کیلئے ہمیں نوجوانوں کو فوکس کرنا پڑے گا معاشرتی فلاح و بہبود کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتی جب تک ہمارا نوجوان طبقہ میدانِ عمل میں نا آئے جس کو علامہ اقبالؒ نے بھی کہا کہ

؎ ترے دریا میں طوفاں کیوں نہیں ہے

خودی تیری مسلماں کیوں نہیں ہے

عبث ہے شکوۂ تقدیرِ یزداں

تو خود تقدیرِ یزداں کیوں نہیں ہے؟ (علامہ اقبالؒ)

اِس کے لیے میں سمجھتا ہوں ہمارے بزرگوں کی بنیادی ذمے داری ہے مجھے یاد آ رہا ہے میرے شیخ مکرم تھے کہتے تھے۔

ACTION SPEAKS LOUDER THAN WORDS.

ہم صرف باتیں کرتے ہیں

؎ گفتار کا غازی بن تو جا

کردار کا غازی بن نہ سکا۔ (علامہ اقبالؒ)

ہم بعض اوقات اعتکاف بیٹھے سوئے ہوتے تھے ہم اٹھ کر پنا چہرہ چھوپا کر واش روم صاف کر رہے ہوتے تھے کہ پتہ نا چلے جتنے ہمارے نوجوان ساتھی اعتکاف بیٹھے ہوتے تھے اُن کے جوتے سیدھے کر رہے ہوتے تھے اُن کے جسم پر کپڑا دے رہے ہوتے تھے اب جس جس نے دیکھا جس جس کو نظر آیا جس جس نے نوٹس کیا اِس پر کوئی تعلیم دینے کی ضرورت نہیں ہے وہ بڑے

سمجھدار ہیں نوجوان کا قلب جو ہے
بہت حد تک جذبوں سے بھرا ہوتا ہے وہ کچھ کرنا چاہتا ہے آپ کو پھر دیکھ کر ہم نے پہلے یہ کیا کہ ہم گلیوں میں جو ہے چھوٹے چھوٹے ڈبے لگانے شروع کیے مقدس خیرات اِس میں ڈالیں پھر ہم نے یہ طے کیا گلی میں جو صفائی ستھرائی کیلئے جو درندے ہیں اُن کیساتھ کو پریشن کریں تا کہ گلی محلے میں صفائی اچھی ہو اپنے گھروں میں بزرگ کوئی بیمار ہیں اُن کی تیمارداری کرنا پھر باقاعدہ فلاح و بہبود کا کام۔

**سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا**

**"تم میں سب سے بہتر وہ ہے جس کا اخلاق سب سے بہتر ہے۔"**

اُس کیلئے آپ نے ترتیب یہ بتائی کہ بیماروں کی تیمارداری کرو، کوئی فوت ہو جائے جنازے میں جاؤ، کوئی دعوت دے تو قبول کرو، کوئی سلام کرے اُس کا جواب دو، اگر کسی کو چھینک اے وہ الحمداللہ کہے دوسرا جواب میں یرحمک اللہ کہے اور دوسروں کی خیر خواہی کے در پر رہو کسی غم زدہ کی تکلیف پر اگر کوئی چل کر جاتا ہے تو اُس کو کہی زیادہ ثواب ملتا ہے اُس بندے سے جو دو مہینے میرے ساتھ کعبہ میں اعتکاف بیٹھا ہے۔ تو اگر ہم اپنے نبی کی سیرت کا مطالعہ کریں صحابہ اکرام اہل بیت اولیاء اکرام یقیناً ہمیں بہت ساری تعلیم ملے گی خود بھی عمل کریں والدین علماء ہمارے مشائخ اور حکمران وہ اپنے کردار سے یہ بات ثابت کریں کہ وہ سارے کے سارے دیکھو جس وقت حاکمِ وقت۔

مجھے یاد ہے کہ چین کے اندر بادشاہ جو تھا اُس نے سڑکوں پر جھاڑو پھیرنا شروع کیا تو سارے نوجوان نکل آئے انہوں نے ایک دن میں ایسی صفائی کر دی کہ گندگی کا نام ہی کوئی نا رہا جب ہمارے بڑے جو ہیں وہ محفوظ بینکروں میں بیٹھ کر اور دنیا کی جتنی سہولیات ہیں اُس سے بہرایات ہوتے ہیں تو نوجوان جب دیکھتا ہے تو اُس کے تصورات ڈگمگا جاتے ہیں۔

اِس لیے ضرورت ہے ہم بڑی سنجیدگی سے اِس بات کو لیں کہ

**الناس علی دین ملوکھم (حدیث: 1167)**

جو بزرگ ہوتے ہیں لوگ ہوتے ہیں لوگ اُن کو فالو کرتے ہیں اُن کے نقشِ قدم پر چلتے ہیں۔

ایک شاعر تھا اُس کا کوئی ایکسیڈنٹ ہوا اُس کی ٹانگ تھوڑی زخمی ہوئی اُس نے لنگڑا کر چلنا شروع کر دیا تو oxford یونیورسٹی کے جتنے نوجوان تھے انہوں نے بھی وہاں پٹیاں باندھ کر لنگڑا کر چلنا شروع کر دیا کہ ہمیں اِس سے محبت ہے پیار ہے ہماری نمائندگی کرتا اچھا شاعر ہے تو اِس طرح ہم اچھی مثالیں Appearance استاتذہ بالخصوص ہمارا حکمران طبقہ

**علامہ اقبالؒ نے کہا تھا نا**

ہمیں ضرورت ہے اپنے کردار اور پریکٹیکل طریقے سے اپنے نوجوانوں کی آبیاری کریں رہنمائی کریں۔ **(ان شاءاللہ)** فلاح و بہبود کا کام یہ بڑے اچھے طریقے سے کر لیں گے۔

ابھی گھر بیٹھے ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی صاحب کی تصانیف
آرڈر کرنے کے لیے کال کریں
**+923125892959**
یا ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں
**drazeemfarooqi.com**

(صُبحِ عظیم)

# ایفائے عہد

محررہ: بختاور حیات فاروقی (ایم فل)

اینکر: محمد عمران خان فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی اسکالر)

مہمان: پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی فکرِ اسلامی، تاریخ وثقافت)

**اینکر**

ڈاکٹر صاحب ایفائے عہد کا مطلب صرف وعدہ پورا کرنا ہے یا لغت میں اِس کے معنی کچھ اور ہیں؟

**مہمان**

ایفائے عہد یعنی'' وعدہ پورا کرنا'' ایفا کے معنی یعنی'' پورا کرنا'' عہد معنی وعدہ، بندھن Commitment, Promise تو اسلامی تعلیمات میں ایفائے عہد کو ایک بنیادی حیثیت حاصل ہے یہ محض کاروباری لین دین میں وعدہ اِس کے اندر محدود نہیں ہے بلکہ اِس میں قبول اِسلام سے لے کر بیاہ، شادی، نکاح سے اخذ زندگی کے ہر شعبے میں جہاں جہاں بھی انسان اپنی ذمے داری ادا کر رہا ہے وہ چاہے سرکاری ملازمت میں ہے تو وہ بھی ایک عہد کر کے اُس میں آتا ہے جج کی سیٹ سنبھلتا ہے تو وہ بھی پہلے ایک حلف لیتا ہے کسی بھی ذمے دار عہدے کیلئے باقاعدہ Commitment ہوتی ہے کچھ laibilities وہ اکسیپٹ کرتا ہے، قبول کرتا ہے۔ اس کے against اُس کو موازہ بھی دیا جاتا ہے۔ اُس کو پروٹوکول بھی دیا جاتا ہے اُس کو مراعات بھی دی جاتی ہیں۔ اِس کا مفہوم بہت وسیع ہے حتیٰ کہ

ڈاکٹر اقبال صاحب بھی فرماتے ہیں کہ:

چو می گویم مسلمانم بلرزم
کہ دانم مشکلاتِ ''لا الہٰ'' را (علامہ اقبال لاھوری)

میں جب کہتا ہوں میں مسلمان ہوں تو کانپ اٹھتا ہوں کہ میں لا الہ الا اللہ کی مشکلات کو جانتا ہوں۔ جب میں یہ کہتا ہوں کہ میں مسلمان ہوں تو میرا سارا وجود لرز جاتا ہے اِس تصور سے کہ میں سمجھتا ہوں لا الہٰ اللہ کہنا یہ محض ایک کلمہ نہیں ہے بلکہ یہ ایک عہد ہے اللہ رب العالمین کیساتھ یہ ایک عہد ہے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیساتھ

یہ شہادت گاہ ہے الفت میں قدم رکھنا ہے
لوگ آسان سمجھتے ہیں مسلماں ہونا (علامہ اقبالؒ)

تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ عہد نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیساتھ عہد پھر جو ہے اپنے اساتذہ کیساتھ عہد اپنے والدین کیساتھ، اپنی آل اولاد کیساتھ تو ہماری جتنی laibilities ہیں ہمارے جتنے فرائض ہیں جو ہمیں شریعت نے دیئے ہیں یا ملکی قانون نے دیئے ہیں یا کسی خاص محکمے نے دیئے ہیں وہ سارے ہمارے عہد ہیں اُن سب کو پورا کرنا ضروری ہے۔

**اینکر**

**ایفائے عہد طریقت کی منازل کو طے کرنے میں کس حد تک اہم ہے؟**

**مہمان**

**؎ طریقت بجز خدمتِ خلق نیست**

**بہ تسبیح وسجادہ ودلق نیست (سعدی شیرازی)**

طریقت جو ہے یہ شریعت کا حصہ ہے حدیث جبرائیل حضور ﷺ کی خدمت میں جبرائیل آمین انسانی شکل میں تشریف لائے انہوں نے آپ سے تین بنیادی سوالات کیے۔

**۱) ایمان کیا ہے؟ ۲) اسلام کیا ہے؟**

**۳) احسان کیا ہے؟**

**حضور ﷺ نے فرمایا کہ احسان یہ ہے**

اَنْ تَعْبُدَ اللّٰہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ فَاِنْ لَّمْ تَکُنْ تَرَاہُ فَاِنَّہٗ یَرَاکَ

(صیحح بخاری: حدیث ۴۸)

**''کہ تو اِس طرح عبادت کر کہ تو گویا کہ تو اللہ کو دیکھ رہا ہے اگر تو اُس کو نہیں دیکھ رہا تو گویا وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔''**

یا نہیں تو دیکھ سکتا تو یہ قلب کی تطہیر کا نام باطن کی بیماریوں سے قلب وروح کو پاک کرنے کا نام ،تذکیہ نفس وتصفیہ باطن اِس کو طریقت کہتے ہیں نماز ظاہری اعضا سے ادا ہوتی ہے۔

الصلوۃ معراج المؤمن

**''نماز مومن کی معراج ہے''**

قلب باری تعالی کی لذتیں حاصل کرتا ہے، روزہ جو ہے کھانے پینے سے روک جانا روک لینا ،دیگر خواہشات سے روک لینا ،لیکن تقویٰ کا جو فیض ہے جو قلب میں آتا ہے وہ طریقت کی صورت بن جاتی ہے۔

**سرکار ﷺ نے فرمایا کہ**

**''اگر کسی نے روزہ رکھا لیکن اُس کے تقاضے پورے نہ کیے گناہ سے بھی نہ بچا، جھوٹ سے بھی نا بچا، اپنی نظر کو اپنے قلب کو بھی محفوظ نہ رکھا تو وہ بھوک اور پیاس کے سوا کچھ نہیں ہے۔''**

اِسی طرح حج ہے وہ سیر وسیا سے زیادہ کچھ نہیں۔ اِسی طرح زکوۃ ہے۔تو یہ شریعت کا ہی ایک باطنی برتاؤ ہے۔

**علامہ اقبال نے بھی اِسی طرح ذکر کیا**

**؎ شوق اگر ترا نہ ہو میری نماز کا امام**

**میرا قیام بھی حجاب میرا سجود بھی حجاب**

**لوح بھی تُو، قلم بھی تو، تیرا وجود الکتاب**

تو یہ طریقت کی منازل کیلئے اس کا جو پہلا سٹیپ ہوتا ہے وہ کسی باشرع اور جس کا ایک باطنی رشتہ جو ہے تعلق جو ہے حضور ﷺ کیساتھ قائم ودائم ہو اور ظاہری طور پر بھی اُس نے کسی سلسلہ طریقت پر باقاعدہ شامل ہو اور شیخِ کامل اور مرشد برحق کی تربیت اور رہنمائی میں شریعت پر بھی عمل کرے اور طریقت کیلئے بھی جو ضروری اسباق ہیں وہ اُن کو بھی پورا کرے جس طرح صحابہ اکرامؓ نے حضور ﷺ سے باقاعدہ بیعت کی جس کا قرآن میں ذکر ہے۔

یہ جو لوگ آپ سے بیعت کر رہے ہیں۔ یہ صرف آپ سے نہیں بیعت کر رہے یہ تو اللہ سے بیعت کر رہے ہیں اور آپ نے ان کے ہاتھوں میں جو اپنا ہاتھ رکھا ہوا ہے یہ آپ کا ہاتھ نہیں بلکہ یہ تو ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے۔

**؎ ہاتھ ہے اللہ کا بندہ مومن کا ہاتھ**

**غالب وکار آفریں، کارکشا، کارساز (علامہ اقبال)**

تو اُس میں جو مرید صادق ہوتا ہے سالک ہوتا ہے وہ اللہ کی رضا پر چلنے کا جو عہد لے کر آتا ہے جو بیعت کرتا ہے وہ کس چیز کی بیعت ہوتی ہے وہ کلمات کیا ہوتے ہیں۔ وہ یہ کہتا ہے:

اے اللہ میں اِس کو گواہ بنا کے اِس نیک بندے کو اِس بزرگ کو اِس شیخ کامل کو جو ایک احتصال نبی ﷺ کیساتھ جسمانی بھی رکھتا ہے، روحانی بھی رکھتا ہے، یہ عہد کرتا ہوں میں پانچ وقت نماز پڑھوں گا، میں رمضان کے روزے رکھوں گا، میں بیت اللہ کا حج کروں گا، میں زکوۃ ادا کروں گا اور میں دیگر جو حقوق اللہ حقوق العباد جو شریعت نے میرے ذمے لگائے ہیں میں اُس کی تابعداری کروں گا۔ اُس کے مطابق چلوں گا اور اِس کے ساتھ میں گناہِ کبیرہ سے بھی بچوں گا، گناہِ صیغرہ سے بھی بچنے کوشش کروں گا اور میں اللہ کی رضا کیلئے اپنے آپ کو بھرپور اُس میں مصروف کروں گا۔

اب یہ جتنے عہد و پیماں ہیں یہ کیا ہیں۔ یہ ایک وعدہ ہے کہ میں نے اپنے مرشد سے بعض صحابہ آپ کی خدمت میں آ گئے جہاد پر بیعت کرتے تھے کہ آئندہ ہم آپ کیساتھ ہر غزوے پر موقعے پر شامل ہوں گے خواتین بھی حضور ﷺ سے آ کر بیعت کرتی تھی ہم شرک نہیں کریں گی، ہم کفر نہیں کریں گی، ہم جھوٹ نہیں بولیں گی، ہم چوری نہیں کریں گی، ہم بدکاری نہیں کریں گی اور ہم اللہ اور رسول کی مکمل اطاعت اور مکمل فرمابرداری کریں گی۔

**سورۃ الحجرات میں بھی اِس کا تفصیل سے ذکر ہے:**

جو حضور ﷺ کے جو گھر والے ہیں اور گھر والیاں نبی انہیں بھی کہوا پنے گھر والوں اور تمام عورتوں سے بھی کہو تقویٰ اختیار کریں نماز پڑھیں، زکوۃ ادا کریں، اور وہ تمام امورِ خیر کریں اور اللہ اور رسول ﷺ کی مکمل اطاعت کریں۔ان کے ہر حکم کو دل و جان سے تسلیم کریں۔

**لہذا یہ ابتداء اِسی سے شروع ہوئی**

**صدقِ خلیل بھی ہے عشق صبرِ حسینؓ بھی ہے عشق**
**عشق معرکہ وجود میں بدر و حُنَین بھی ہے عشق (علامہ اقبال)**

یہ ایک شہادت گاہ ہے الفت میں قدم رکھنا۔ جو اِس راہ میں چلتا ہے وہ ایک عشق کی منزل میں قدم رکھتا ہے وہاں وہ اپنے شیخ کی مجلس اور صحبت میں رہ کر جو اُس نے اُن سے commitment کی ہے میں ذکر بھی کروں گا، میں درود شریف بھی پڑھوں گا، میں استغفار بھی کروں گا اور میں گناہِ کبیرہ سے بھی بچ جاؤں گا میں گناہ صیغرہ سے بھی بچوں گا اور جو آپ مجھے اللہ اور رسول کے بتائے ہوئے راستے کے مطابق رہنمائی کریں گے۔ میں اُس پر بھی عمل کی کوشش کروں گا۔

**☆حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام کا واقعہ**

جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام آپ خاص باطنی علم سیکھنے کیلئے حضرت خضر علیہ السلام کے پاس گئے انہوں نے کہا بات یہ ہے کہ میں تمہیں علم تو سیکھاؤں گا لیکن اِس کے کچھ آداب ہیں وہ تمہیں پورے کرنے پڑھیں گے جو میں کہوں چھپ کر کے کرتے جانا ہے۔ مجھ پر شک نہیں کرنا اعتراض نہیں کرنا میں تمہیں بعد میں ساری حکمتیں سمجھا دوں گا تو پھر موسیٰ کلیم اللہ آپ کے ساتھ گئے پہلے کشتی کا تختہ اکھاڑ دیا پھر ایک ٹوٹی ہوئی دیوار کو بنایا پھر ایک بچے کی جان لے لی تو حضرت موسیٰ کلیم اللہ نے ہر قدم پر اعتراض کیا تو انہوں نے کہا کہ تو میرے ساتھ نہیں چل سکتا جو تو نے commitment میرے ساتھ کی تھی میں

اعتراض نہیں کروں گا۔آپ کے حکم کیساتھ چلوں گا پھر ارض کی گئی مجھے اُن کی حکمتیں سمجھائی جائیں تو پھر حضرت خضر علیہ السلام نے اُس کی حکمتیں بیان کی اِسی طرح یہ طریقہ کار ہے۔

**صوفی حضرت داتا صاحب گنج بخش ہجویریؒ** انہوں نے کشف المحجوب میں تفصیل سے ذکر کیا اور حضرت شیخ اکبر انہوں نے بھی ذکر کیا جتنے بڑے بزرگ ہیں فرماتے ہیں کہ جو طریقت کے راستے پر چلتا ہے اُس کے کردار کے اندر اُس کو چاہیئے اللہ کریم کی ذاتِ برکات سے حلیم اور بردباری کو اپنے دامن کے اندر پیدا کرے اور سطر پوشی حضور ﷺ سے محبت شفقت اور مخلوق کی خدمت، صدیق اکبرؓ سے سچائی

**ارحم بامتی من امتی ابو بکر ؓ** تصدق، خدمت کرنا، دین کے لیے سارا کچھ:

**؎ پروانے کو چراغ بُلبل کو پھول بس**
**صدیقؓ کیلئے خدا کا رسول بس (علامہ اقبال)**

**حضرت عمرؓ (فاروق اعظمؓ)** نیکی کو پھیلانا اور برائیوں سے روکنا، **حضرت عثمان غنیؓ** سے شرم وحیا اور تسلیم و رضا اور **حضرت علی المرتضیٰ شیر خداؓ** سے فقر، درویشی اور توکل اور شجاعت و بہادری تو گویا کہ یہ جتنے باطنی اوصاف ہیں یہ سارے کے سارے صوفی کے کردار میں تب پیدا ہوں گے جب اپنے شیخ سے کیا ہوا وہ عہد جو ہے اُس کو پورا کرے گا وہ دیکھو اُس سے وعدہ کیا ہوا بھی پورا نہ کرے۔ وہ نیک مجلس بھی اختیار نہ کرے۔ اُس کی مجلس اور صحبت میں بھی نا آئے۔ جو اُس نے Commitment کی نماز دیگر احکامات کی اُس کو بھی پورا نہ کرے گا تو اُس کے کردار میں اخلاقِ جلیلہ اوصافِ حمیدہ کیسے پیدا ہوں گے کیونکہ قلب کے اندر روح کے اندر جتنی بیماریاں ہیں حسد ہے، کینہ ہے، لالچ ہے، تکبر ہے، شہوت ہے، منافقت ہے، کفر ہے، شرک ہے، وہ تو ساری اندر بیٹھی ہوتی ہیں۔

**ہَوس چھپ چھپ کر سینے میں بنالیتی ہیں تصویریں (علامہ اقبال)**

اللہ فرماتا ہیں اے محبوب آپ نے اُس کو نہیں دیکھا انہوں نے اپنی خواہشات کو اپنا الٰہ بنایا ہوا ہے وہ خواہشات کا بچاری ہے۔ اب یہ ساری غلاظت تو تب دور ہوں گی جب طریقت کا جو پہلا سبق ہے۔ اپنے شیخ سے وفاداری اپنے مرشد اور رہنما جو ہیں۔ اُس کے ساتھ جو وعدہ جو commitment کی ہے۔ ہاں اگر وہ کوئی شریعت کے خلاف بات کہتا ہے اُس پر روک جاؤ اس سے پوچھوں اُس پر وضاحت طلب کر سکتے ہو جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام کی بات انہیں جب شک پیدا ہوا انہوں نے فوراً پوچھ لیا تو جو صحیح وعدے چل رہے ہیں۔ اُس پر جب چلیں گے تو سارا سفر جو ہے طریقت کا پہلے سٹیپ سے لے کر جو امام ربانی حضرت **مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں:**

**جو حضور کی اتباع کے سات درجے** بیان فرمائے ہیں یہ سات درجے تب طے ہوں گئے جب آپ وہ پہلی commitment جو ہے اُس وعدے کو پورا کریں گے جو اپنے شیخ کی وساطت سے سرکار دو جہاں ﷺ سے کیا جو شیخ کے وسیلے سے اصل میں اللہ سبحان تعالیٰ کیساتھ کیا ہے پھر ان شاء اللہ ساری منزلیں آسان ہو جائیں گی۔

drazeemfarooqi.com

(صُبحِ عظیم)

# ایمانداری

محررہ: بختاور حیات فاروقی (ایم فل)

اینکر: محمد عمران خان فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی اسکالر)

مہمان: پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی فکرِ اسلامی، تاریخ وثقافت)

**مہمان**

ایک انسان کے اعلیٰ کردار اور باوصف ہونے کی بہت بڑی خوبی ہے دلیل ہے جب ہم اسلامی تعلیمات کا ذکر کرتے ہیں یا معاشرتی روایات کا ذکر کرتے ہیں انگلش میں محاورہ ہے:

**Honesty is the Best Policy**

''ایمانداری بہترین حکمتِ عملی ہے۔''

اور سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

**وَلاَ دِیْنَ لِمَنْ لاَ عَھْدَ لَهُ ( مشکوۃ المصابیح : حدیث:35)**

جو اپنے وعدے کو ایفا نہیں کرتا پورا نہیں کیا اُس کا کوئی دین نہیں ہے۔

تو ہم جب اخلاقیاتِ حسنہ جس کی اسلام کے اندر بہت زیادہ اہمیت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ساری سیرت ہمیں اخلاق حسنہ کی تعلیم دیتی ہے۔ صحیح یا بُرے کردار سے ہمیں بچنے کی تلقین دیتی ہے۔ اُس میں امانت بھی ہے، دیانت بھی ہے، صداقت بھی ہے، شرافت بھی ہے، صبر بھی ہے شکر بھی ہے، توکل بھی ہے، شرم و حیا بھی ہے، عفّتِ قلب ونظر بھی ہے، تقویٰ بھی ہے اور اُس کے اندر قانون کا احترام بھی ہے، وعدہ پورا کرنا بھی ہے، بڑوں کی عزت کرنا، چھوٹوں پر شفقت کرنا، کمزوروں کا خیال رکھنا بیماروں کی تیمارداری کرنا مسلمان کے حقوق ادا کرنا، جنازے میں شریک ہونا، ہر ایک کو السلام وعلیکم کہنا تو جتنے اخلاق حسنہ ہے اُس میں ایک اہم حصہ ایفائے عہد کا ہے کیونکہ اِس سے انسان کی عظمت وکردار کا پیدا چلتا ہے۔

حضرت علیؓ کا فرمان ہے کہ:

**انسان اپنی عبادات سے نہیں اپنے معاملات سے پہچانا جاتا ہے۔**

تو ہم انفرادی طور پر بھی دیکھو ایک انسان نے بیٹا ہونے کی حیثیت سے بھی اپنے ماں باپ سے کئی عہد و پیمان کیے ہوتے ہیں۔ جس ادارے میں تعلیم حاصل کر رہا ہے اُدھر کیے ہوتے ہیں اپنے استاتذہ سے کیے ہوتے ہیں۔ دوست احباب سے بھی ہم روز کیونکہ یہ ایفائے عہد صرف تجارت تک محدود نہیں ہے۔ گو وہ بھی ایک بنیادی وصف ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب اعلانِ نبوت فرمایا آپ نے تب اِسی چیز کا ذکر کیا۔

فرمایا میں چالیس سال تمہارے ساتھ رہا ہوں۔ مجھے بتاؤ میں نے کسی کے ساتھ کوئی بدعہدی کی ہو، کوئی ظلم کیا ہو یا کوئی جھوٹ بولا ہو تو اُن سب نے کہا ہم نے آپ کو ہمیشہ صادق وامین پایا ہے تو یہ آپ کا جو وصف ہے صادق وامین ہونے کا تجارت کے حوالے سے ارشاد فرمایا ہے۔

من النبین و الصدیقین و الشھداء و الصّٰلحین

جو امانت اور دیانت کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے تجارت کرتا ہے یہ نہ سمجھو وہ معمولی وہ کیلئے بھیج رہا ہے یا وہ کوئی اجناس بھیج رہا ہے یا کوئی تجارت کا کام کر رہا ہے اُس کا رتبہ و مقام اللہ کی نظر میں یہ ہے کہ وہ قیامت کے دن نبیوں صدیقوں اور نبیوں کیساتھ ہوگا تو یقینا اُس کی اپنی جگہ اہمیت ہے تو وہ انفرادی طور پر چوبیس گھنٹے جو ہیں وہ عہد و پیمان میں لگے باندھے ہیں اکثر یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ فلاں نے میرا حق ادا نہیں کیا فلاں نے میرا حق ادا نہیں کیا حکومت نے میرا حق ادا نہیں کیا بڑوں نے میرا حق ادا نہیں کیا چھوٹوں نے میرا حق ادا نہیں کیا۔قرآن وحدیث کے اندر حقوق کا بھی ذکر ہے لیکن پہلے فرائض کا ذکر ہے۔

وَأَوْفُوا بِالْعَهْدِ (سورۃ آسرا:34)

**تم پہلے اپنے عہدوں کو پورا کرو۔**

توقرآن میں بھی اللہ نے یہ بات ارشاد فرمائی یہودیوں کا جہاں پر ذکر ہوا کہ اللہ نے کہا کہ تم نے میرے ساتھ کمٹمنٹ کی تھی اے اللہ جب تیرا آخری نبی آئے گا اور رشد و ہدایت کی جب کتاب آئے گی تو ہم دل و جان سے تسلیم کریں گے اور انہوں نے اِس بات کو پہچان لیا۔

یعرفونہ کما یعرفون أبنائھم (البقرۃ:146)

**اللہ نے فرمایا کہ**

جب تم اُس نبی کا کلمہ پڑھنا دل سے،اُس کتاب کو دل و جان سے تسلیم کرنا، رشد و ہدایت کی راہ پر چل پڑھنا اور اُس کے دست بازو بننا لیکن انہوں نے اپنے وعدے کو بولا دیا بدعہدی کی اللہ تعالیٰ نے سخت ان سے ناپسندگی کا اظہار کیا وعید کا اظہار کیا یہاں تک کہ فرمایا

وضربت علیھم الذلۃ والمسکنۃ وباءُ وا بغضب (البقرۃ:71)

اللہ نے ان پر مسکانت اور ذلت مسلط کی اور غضب ان کو بھیجا اب یہ جو عہد ہے شائد یہ یہودیوں کیلئے حکم تھا ہم تو سُپر نیشن ہیں مسلمان ہیں نہیں یہ احکامات ہر مسلمان کے لیے بھی ہیں اگر کوئی دوسرے مذہب والا جس سے اللہ نے کمٹمنٹ کی تھی تو انہوں نے اُس وعدے کی خلاف ورزی کی ان پر ذلت مسکانت اور اللہ کا غذب نازل ہوا اگر ہم کلمہ پڑھ کر اللہ کے وعدوں کو پورا نہیں کرتے اور اپنے نبی ﷺ کے ساتھ کیے ہوئے وعدوں کو پورا نہیں کرتے تو یہ حکم اللہ تعالیٰ کا سب کیلئے ہے اللہ کا حکم سب کیلئے یکساں ہے۔

**☆مثال**

ہم نے وطن بنایا ہم نے اللہ سے وعدہ کیا اے اللہ ہمیں خطہِ زمین دے وہاں ہم تیرے اور تیرے نبی کے قانون کو نافذ عمل کریں گے۔وہاں پر قرآن کی حکمرانی ہوگی وہاں پر عدل و انصاف ہوگا ۔وہاں شوشل جسٹس ہوگا وہاں بنیادی حقوق دیئے جائیں گے۔ بہت ساری کمٹمنٹ کی اللہ نے کرم کیا وطن مل گیا۔کیا ہم نے ان وعدوں کو پورا کیا یہ بھی ایک عہد تھا جو ہم نے اللہ سے کیا تھا اولاد ماں باپ سے عہد کرتی ہے انتظامیہ ملازمین سے عہد کرتی ہے ہمارے لیڈر صاحبان وہ بھی بڑے بڑے وعدے اور عہد کرتے ہیں۔اس کے against وہ ووٹ بھی مانگتے ہیں وہ بھی اسی ذمن میں آئیں گے کہ انہوں نے کمٹمنٹ کی ہوگی تو اُس کمٹمنٹ کو اونر کرنا اِس کیساتھ ہی معاشرے کا سارا امن اور سلامتی وابستہ ہے۔

☆اگر ماں باپ وعدہ پورا نہیں کرتے تو بچوں کی تربیت کا کیا حال ہو گا۔ جب استاتذہ پورا نہیں کرتے جب علماء مشائخ کی ذمے داری ہے وہ اُس میں کمی بیشی کرتے ہیں جب ہمارے رہنما یا لیڈر صاحبان ہیں تو وہ اُس کے پھر انتہائی بُرے اثرات پھر عوام پر پڑتے ہیں۔ جب عوام یا فرد اپنی جگہ پر ( کیونکہ ہر ایک کی اہمیت ہے )

**افراد کے ہاتھوں میں ہے عوام کی تقدیر**

**ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارا**

**فرد ہے ملت سے قائم تنہا کچھ نہیں**

**موج ہے دریا میں بیرون دریا کچھ نہیں (علامہ اقبالؒ)**

معاشرہ جو ہے وہ ایک عقائد سے شروع ہوتا ہے میاں بیوی اور آل اولاد سے یہ پہلے تعلیم وتربیت کا ہوا یفائے عہد کرنا پھر تعلیمی ادارے میں انسان جاتا ہے پھر وہ آپکو لے کر جاتا ہے اِس اعتبار سے اِس کے ذاتی فائدے کہ اللہ اُس سے خوش ہوتا ہے۔ وعدہ پورا کرنا یہ ایماندار ہونے کی نشانی ہے یہ اللہ تعالی کا منظورِ نظر ہونے کی علامت ہے۔

**حضور ﷺ نے فرمایا**

**یہ ایک ایسا منظورِ نظر ہونے کی علامت ہے جو ایسی سچائی کی راہ پر چلتا ہے اللہ اُس کے سینے کو نور سے بھر دیتا ہے اور جو ایمانداری سے یہ کام کرتا ہے۔**

**الکاسب حبیب اللہ**

اپنی باتوں کو اونر کر رہا ہے جو تجارت کے اصول ہیں وہ عام آدمی نہیں وہ اللہ تعالی کا دوست ہے تو اِسی طرح فرمایا

اگر جج جو ہے وہ ایمانداری سے فیصلہ کرتا ہے تو اُس کا کوئی معمولی درجہ نہیں۔

**وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ (الرحمٰن:46)**

**جس نے ایمانداری کیساتھ صحیح فیصلہ کیا جج کی سیٹ پر بیٹھ کر باقیوں کیلئے اگر ایک جنت ہے تو اُس کیلئے دو جنتیں ہیں۔**

اگر ہم ہر سطح پر اپنی کمٹمنٹ کو نبھائیں اگر ہم وعدوں کو پورا کریں تو پورا معاشرہ پورا ملک جنت کا نمونہ بن جائے ہر جگہ جو ہے سلامتی ہو ایک آئیڈیل معاشرہ تشکیل پائے ہماری بہت ساری بے برکتیاں۔

**سرکار ﷺ فرماتے ہیں**

**بد عہدی کرنے سے جھوٹ بولنے سے تمہارا سودا تو بِک جائے گا پیسہ تو آ جائے گا لیکن اُس میں سے برکت نکل جائے گی۔**

انتشار پیدا ہو گا ۔تم نے جھوٹ بول کر، تم نے رشوت کے ذریعے، تم نے سود کے ذریعے، تم نے اپنی کی ہوئی کمٹمنٹ کو اگنور کر کے جو مال حاصل کیا ہے اُس کے اندر سسکیاں ہیں۔ اُس کے اندر بہت ساری بد دعائیں ہیں۔ اُس کے اندر بہت ساری آفتیں ہیں۔ اُس کے اندر کئی بلائیں ہیں وہ بھی تو اپنے ساتھ جیب میں لے کر گھر جا رہا ہے۔

لہٰذا اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہمارا معاشرہ پاکیزگی کا ایک رول ماڈل بن جائے لوگ دوڑ دوڑ کر یورپ جاتے ہیں۔ دیگر ممالک میں اُس میں ایک یہ بھی پہلو ہے کہ سب سے زیادہ ذمہ داری ہم مسلمانوں کی تھی اہل ایمان کی تھی لیکن آج ہمیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے بہت بڑا مسلمان کے کردار کا اعلی ترین وصف تھا۔ ہم اُس کی اہمیت کو کم کر چکے ہیں اور ہمارے کردار میں کمی آ گئی ہے جس وجہ سے ہماری انفرادی اور اجتماعی زندگی زبوں حالی کا شکار ہے۔

(صُبحِ عظیم)

# تقویٰ و پرہیزگاری

محررہ: بختاور حیات فاروقی (ایم فل)

اینکر: محمد عمران خان فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی اسکالر)

مہمان: پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی فکرِ اسلامی، تاریخ و ثقافت)

**اینکر**

**تقویٰ اور پرہیزگاری کے لغوی اور اصطلاحی معنی کیا ہیں؟ اور اسکا دائرہ کار کا تعین بھی کریں؟**

**مہمان**

تقویٰ بنیادی طور پر عربی زبان کا لفظ ہے اور قرآن و حدیث میں کثرت سے استعمال ہوا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

یٰٓا یُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُو اتَّقُوا اللّٰہَ وَ کُوْ نُوْ مَعَ الصّٰدِقِیْنَ (التوبہ:119)

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو یعنی تقویٰ اختیار کرو اور سچے لوگوں کیساتھ رہو۔

یٰٓا یُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُو اتَّقُوا اللّٰہَ حَقَّ تُقٰتِہٖ وَ لَا تَموتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ (آل عمران:102)

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو جیسا اَلتقَوٰی ھٰھُنَا (الحدیث)

تقوی یہاں ہے۔

کہ ڈرنے کا حق ہے۔

**حضور ﷺ کی بہت ساری احادیث بھی ہیں یہ بھی آپ نے فرمایا**

تقویٰ عربی زبان کا لفظ ہے اور یہ وقی یہ وَقیٰ'' سے نکلا ہے لفظی معنی ہیں ''ڈرنا، بچنا، پرہیز کرنا، دور رہنا''

**جیسا کہ آپ نے بتایا**

اپنے ظاہر و باطن کو ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھنا لیکن شریعت کی اصطلاح میں تقویٰ ایک جذبہ ہے یہ ایک ایسا احساس ہے ایسی کیفیت ہے جو انسان کے قلب میں ایک نور بن کر، ایک قوت بن کر موجود ہوتی ہے اور کھرے کھوٹے میں فرق ظاہر کرتی ہے۔

**جس طرح اللہ کریم قرآن پاک میں فرماتے ہیں:**

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ فَھُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّہٖ ط (الزمر:22)

کیا ہم جس کے سینے اسلام کیلئے کو کھول دیتے ہیں تو اُس کے قلب میں ایسا نور ڈال دیتے ہیں۔

**حدیث میں بھی ہے حضور ﷺ نے فرمایا:**

اِتَّقُوْ افِرَ اسَۃَ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّہٗ یَنظُرُ بِنُوْرِ اللّٰہِ

**(معجم الاوسط، باب الباء، من اسم بکر، ۲/۲۱۷ الحدیث: ۳۲۵۴)**

مومن کی فراست قلبی سے ڈرو کہ وہ اللہ کے دیئے ہوئے نور کی روشنی میں دیکھتا ہے۔

**اور یہ بھی قرآن پاک میں ہے:**

لَنْ یَّنَالَ اللّٰہَ لُحُوْ مُھَا وَ لَا دِمَآؤُھَا وَ لٰکِنْ یَّنَالُہُ التَّقْوٰی مِنکُمْ

(الحج:37)

اللہ کی بارگاہ میں تمہاری قربانی کے جانوروں کا گوشت اور خون نہیں پہنچتا مگر جو تقویٰ تمہارے دلوں میں ہے وہ پہنچتا ہے۔

**یہ وہ کیفیت ہے ایک جذبہ ہے جو انسان کو اللہ کی معصیت اور نافرمانی سے روکتا ہے اور اُس کو نیکی اور خیر کے اوپر اُبھارتا ہے اُس کی رہنمائی کرتا ہے۔ اِس کے بھی تین درجے ہیں۔**

☆ اگر کوئی انسان گناہِ صغیرہ سے بھی رُکتا ہے گناہِ کبیرہ سے بھی رُکتا ہے نیز اللہ تعالیٰ کے فرائض، واجبات، سُنتیں اور نوافل ادا کرتا اور اُن کا اہتمام کرتا ہے تو یہ کامل درجہ ہے۔

☆ اگر وہ صرف کبیرہ گناہوں سے رُکتا ہے فرائض اور واجبات کا اہتمام کرتا ہے لیکن سنتوں اور نوافل کے درجے تک نہیں پہنچتا تو ایک متوسط درجہ ہے۔

☆ جو سب سے کم تر درجہ ہے کہ انسان گناہِ کبیرہ سے بھی پرہیز نہ کرے اِس میں بھی مبتلا ہو جائے گناہِ صغیرہ میں بھی مبتلا ہو جائے اور وہ فرائض اور واجبات میں بھی غفلت کرے تو یہ ادنیٰ ترین درجہ ہے۔

☆ اللہ کو یہ مقصود ہے کہ ایسا بندہ ہو جس کے قلب میں ایمان کی قدر، قوت اور حلاوت ہو اور ہر گناہ سے پرہیز کرے۔

**سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا**

**''حقیقت میں کامل مومن اور متقی وہ ہے جس کیلئے اللہ کی نافرمانی کرنا، گناہ کرنا، آگ میں جل جانے سے زیادہ مشکل ہو جائے۔''**

**حضرت عمرؓ اور حضرت ابی بن کعبؓ کی گفتگو بھی تقویٰ کے مفہوم کو واضح کرتی ہے فرمایا کہ جب کوئی جنگل سے گزرے جس** میں خاردار جھاڑیاں ہوں تو اے عمرؓ آپ کیسے گزرتے ہیں فرمایا کہ

**''کپڑے لپیٹ کر دامن سمیٹ کر''**

تا کہ کوئی جھاڑی اور کوئی کانٹا کپڑوں کو اُلجھ کر تار تار نہ کرے تو فرمایا بس یہی تقویٰ ہے۔

یہ دنیا ایک خاردار جنگل کی طرح ہے جہاں گناہ اور معصیت اور انسان کے دیگر مفادات اس کے کردار کو اُلجھانے کے درپے ہوتے ہیں۔ جو اپنا دامن بچا کر اپنے ایمان کی اِس پونجی کو لئے بحفاظت صراطِ مستقیم پر چلتا رہتا ہے تو وہ متقی ہے۔

**اینکر**

**فرد اور معاشرہ کس طرح تقویٰ کی برکات سے بہریاب ہوتا ہے؟**

**مہمان**

اسلامی تعلیمات میں تقویٰ جس کے دامن میں ہے اس کو متقی کہتے ہیں اور متقین اس کی جمع ہے متقی کے بارے میں دوٹوک الفاظ ہیں۔

اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاکُمْ (الحجرات:13)

تم میں سب سے زیادہ اللہ کی بارگاہ میں عزت کے قابل وہ ہے تکریم کے لائق وہ ہے جو تم میں سب سے زیادہ متقی ہے۔ یعنی اَتْقٰی ہے۔

اور قرآن کریم میں یہ لقب حضرت سیدنا صدیق اکبرؓ کیلئے بھی استعمال ہوا۔

وَسَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَی الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَهٗ یَتَزَکّٰی (اللیل:17)

اللہ اسکو ہر آگ کے عذاب سے محفوظ رکھے گا جس نے تقویٰ

کے اعلیٰ درجے پر فائز ہو کر اپنے مال کو اللہ کی رضا کیلئے خرچ کیا
۔پیش کیا۔

سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھی فرمان ہے:

**رَأْسُ الحِکْمتہِ مَخافَۃُ اللّٰہِ (حدیث)**

سب سے بڑا دانش ور وہ ہے جو سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہے۔جس کے سینے میں سب سے زیادہ خوف خدا ہے

اور آپ ایک دعا بھی کیا کرتے تھے۔

ارشاد نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَعُوْ ذُ بِکَ مِنَ الْأَرْبَعِ مِنْ عِلْمٍ لَا یَنْفَعُ مِنْ قَلْبٍ لَا یَخْشَع وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ دُعَاءٍ لَا یَسْمَع (حدیث سنن نسائی:5539)**

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَعُوْ ذُ بِکَ مِنَ الْأَرْبَعِ** اے اللہ میں چار چیزوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

**مِنْ عِلْمٍ لَا یَنْفَعُ** ایسے علم سے جو نفع نہ دے۔

**مِنْ قَلْبٍ لَا یَخْشَعُ** ایسا قلب جس میں خوفِ خدا نہ ہو۔خشیت نہ ہو۔

**وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ** اور ایسا نفس جو مطمئن نہ ہو۔(لالچ ہو،طمع ہو)

**وَمِنْ دُعَاءٍ لَا یَسْمَعُ** ایسی دعا سے جو قبول نہ ہو۔

**تو اِس اعتبار سے جس کے پاس تقویٰ کی دولت ہے وہ بڑا خوش نصیب ہے سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا**

**خبردار! انسان کے جسم میں ایک گوشت کا لوتھڑا ہے وہ ٹھیک ہو تو سارا جسم ٹھیک ہے وہ خراب ہو جائے تو سارا جسم خراب ہو جاتا ہے وہ دل قلب ہے۔**

قلب کی تطہیر کے ضمن میں سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب شخص کوئی گناہ کرتا ہے تو ایک نقطہ اُس کے دل پر لگتا ہے جب وہ کرتا چلا جاتا ہے تو وہ نقطہ بڑھ جاتا ہے حتیٰ کہ مستقل گناہ میں مصروف ہو جاتا ہے تو سارا دل کالا سیاہ ہو جاتا ہے۔اب اُس پر نہ کوئی وعظ ونصیحت اثر کرتی ہے،اور نہ کوئی خوفِ خدا اُس کے دل میں رہتا ہے اور یہ بھی فرمایا

**اِذَالَمْ تَسْتَحِی فَاصْنَعْ ماَ شِئْتَ (سنن ابن ماجہ ، حدیث: 4183)**

جب تو حیا نہ کرے،نہ اللہ کی حیا، نہ اللہ کے نبی کی حیا، نہ بڑوں کی حیا،تو پھر تو جو مرضی کر۔

**؎ فرد قائم ربطِ ملت سے ہے**
**موج ہے دریا میں بیرون دریا کچھ نہیں (علامہ اقبالؒ)**

جب ایک فرد کا قلب پاک ہوتا ہے تو گھر کا ماحول پاک ہوتا ہے پھر ایک پورا معاشرہ پاک ہوتا ہے تو جس معاشرے میں تقویٰ کے وصف کو پیدا کرنے کی دوڑ لگ جائے۔وہ امن وسلامتی کا گہوارہ بن جاتا ہے۔

**فَاسْتَبِقُوْا الْخَیْرٰتِ (البقرہ:148)**

نیکیوں میں آگے بڑھو۔

تو نتیجہ یہ نکلتا ہے جب انسان کے اندر خوفِ خدا آجاتا ہے تو وہ گناہوں سے بھی بچتا ہے وہ ظلم سے بھی بچتا ہے وہ معصیت سے بھی بچتا ہے اور وہ ہر امر خیر کرنے کی کوشش کرتا ہے جس سے اُس کا خالق و مالک خوش ہوتا ہے جس سے انفرادی اور اجتماعی فلاح کے دروازے کُھل جاتے ہیں۔

**اینکر**

**صوفیانہ روایات میں تقویٰ کا وصف پیدا کرنے کیلئے کونسے طریقے اختیار کیے جاتے ہیں؟**

**مہمان**

قرآن مقدس میں اللہ تعالیٰ نے جن لوگوں کا اپنی دوستی کی خوشخبری سنائی۔اُن کے حق میں فرمایا:

اَلَآ اِنَّ اَوْ لِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَاهُمْ يَحْزَنُوْنَ (یونس:62)

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْ وَ كَانُوْ ايَتَّقُوْنَ (یونس:63)

اللہ فرماتا ہے خبردار! بے شک جو ایمان لائے اور تقوی کے پیکر ہے۔ جو میرے دوست ہیں ان کو نہ کوئی خوف ہے نہ کوئی غم ہے۔

اور اُن کے دامن میں کیا ہے؟

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْ وَ كَانُوْ ايَتَّقُوْنَ (یونس:63)

اُن کے پاس ایمان کی دولت ہے، اُن کے پاس تقویٰ کی دولت ہے، تو جس کو تقویٰ کی دولت ملی ہے گویا کہ وہ اللہ تعالی کے دوستوں کی فہرست میں شامل ہے جیسے ارشاد ہوا۔

اللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ (الجاتیہ:19)

اللہ متقین کا دوست ہے۔

طریقت اور تصوف ہے ہی باطن کی تطہیر کا نام کو یہ صرف ظاہر کو نہیں دیکھتے بلکہ اس کے ساتھ اصلاحِ نیت کو مرکز بناتے ہیں۔ نماز پڑھتے ہیں لیکن نماز میں خشیت ہے، روزہ رکھتے ہیں لیکن روزہ رکھنے کیساتھ دیگر آداب اور شرائط جو ہیں وہ اُن کو بھی فالو (follow) کرتے ہیں۔ وہ جھوٹ سے بھی بچتے ہیں وہ دھوکہ دہی سے بھی بچتے ہیں، حرام خوری سے بھی بچتے ہیں، وہ زکوۃ دیتے ہیں لیکن اخلاص کے جذبے سے ریاکاری نہیں، دل آزاری نہیں۔ وہ حج تو کرتے ہیں لیکن رضائے الٰہی کیلئے نہ کہ اپنا (status) بڑھانے کیلئے:

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلاً (آل عمران:97)

وہ مناسکِ حج میں تقویٰ اور لوگوں کیلئے لازمی ہے کہ اللہ کی رضا کیلئے بیت اللہ کا حج کریں جو راستہ کا سفر خرچ برداشت کر سکتے ہیں۔

خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى (البقرہ:197)

سب سے بہترین زادِ راہ تقویٰ ہے۔

اِس اعتبار سے علامہ اقبال کا شعر ہے

**ہر لحظہ مومن کی نئی آن نئی شان**
**گفتار میں کردار میں اللہ کی بُرہان!**
**یہ راز کسی کو معلوم نہیں لیکن مومن**
**قاری نظر آتا ہے حقیقت میں ہے قرآن!**
**قہاری وغفاری وقدوسی وجبروت**
**یہ چار عناصر ہوں تو بنتا ہے مسلمان (اقبالؒ)**

میں نے اپنے حضرت سے پوچھا کہ یہ طریقت اور تصوف جو آپ تعلیم دیتے ہیں ذکر کریں، مراقبہ کریں، تہجد یں پڑھیں، ماں باپ کی بھی خدمت کریں، مخلوق سے بھی پیار کریں، اخلاق حسنہ بھی اپنائیں، اخلاق صغیرہ سے بھی بچیں تو اس سے حاصل کیا ہوگا؟

آپ فرماتے ہیں کہ اِس سے نیت میں اخلاص پیدا ہوگا۔ اِس سے قلب پاک ہوگا۔

**اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (الرعد:28)**

خبردار! اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان ملتا ہے۔

**یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰہَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ (الشعراء:26)**

اللہ فرماتا ہے۔

قیامت کے دن تمہارے مال اور تمہارے بیٹے تمہیں نفع نہیں دیں گے۔مگر قلبِ سلیم تو اِس کیلئے صوفیا کے اندر حضور ﷺ کی اُس حدیث کو بہت فوکس (focus) کیا جاتا ہے۔

**تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ (الحدیث)**

تم اللہ کا اخلاق اپناؤ۔

**دوسرا سرکار ﷺ نے فرمایا**

قلب کو اگر تقویٰ سے بھرنا چاہتے ہو تو چھ کام کرو۔

پہلے نمبر پر فرمایا کم کھانا، دوسرا کم بولنا، کم سونا، چوتھے نمبر پر فرمایا تنہائی میں بیٹھ کر اپنے گناہوں پر رونا۔

تشریح بڑی ہوسکتی ہے چار لوگوں میں رونا اور کیفیت ہے اور تنہائی میں بیٹھ کر رونا یہ ذرہ مشکل کام ہے۔

**حضرت علیؓ کا قول ہے:**

**اللہ کا ولی وہ نہیں جس کی جلوت بڑی خوبصورت ہے اللہ کا ولی وہ ہے جس کی خلوت بہت خوبصورت ہے۔**

جو اللہ کا دوست ہے وہ اعمال سے نہیں پہنچانا جاتا وہ معاملات سے پہنچانا جاتا ہے۔

**رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰہِ (النور:37)**

اللہ کے بندے وہ ہیں جو تجارت، کاروبار دنیا کرتے ہوئے اللہ کے ذکر سے غافل نہیں یعنی وہاں ناپ تول کی کمی نہیں کرتے۔ وہاں جھوٹ کی امیزش نہیں وہاں ملاوٹ نہیں، وہاں میٹھے آلو پھکے بیچنے کی روایت نہیں، وہاں دائیاں دکھا کر بائیاں مارنے کی عادت نہیں، تنہائی میں

اپنے گناہوں پر رونا، قرآن مقدس کو سمجھ کر پڑھنا، کیونکہ جب اِس کو پڑھیں گے سمجھیں گے۔

**اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰی قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا (محمد:24)**

تم قرآن پر کیوں غور نہیں کرتے کیا تمہارے دلوں پر تالے چڑھے ہوئے ہیں۔

چھٹے نمبر پر فرمایا: اگر تقویٰ چاہتے ہو تو متقین کی سنگت اور صحبت اختیار کرو۔

**فَاسْأَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (النحل:43)**

جو سچوں کے ساتھ رہے گا وہ سچائی میں۔پس اہلِ ذکر سے راہنمائی حاصل کرو۔

**A man is known by the company he keeps (Aesop).**

بُرے لوکاں دی صحبت یارو جیویں دوکان لوہاراں
کپڑے پانویں گُج گُج رکھیئے چنگاں آن ہزاراں
نیک لوکاں دی صحبت یارو جیویں دُکان عطاراں
سودا پانویں مول نہ لیئے حُلّے آن ہزاراں **(میاں محمد بخشؒ)**

**اینکر**

**نوجوانوں میں تقوی کا وصف کیسے پیدا کیا جاسکتا ہے؟**

مہمان

نوجوان یہ کسی بھی معاشرے کا بہترین طبقہ ہے قیمتی طبقہ ہے۔

جوانوں کو پیروں کا استاد کردے

نگاہِ مسلماں کو تلوار کردے (علامہ اقبالؒ)

علامہ تو ہیں ہی نوجوانوں کے شاعر

کبھی اے نوجواں مسلم! تدبّر بھی کیا تُو نے

وہ کیا گردُوں تھا جس کا تو ہے اک ٹُوٹا ہوا تارا

تجھے پالا ہے اُس قوم نے آغوشِ محبت میں

کُچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں تاجِ سرِ دارا

تجھے آبا سے اپنے کوئی نسبت ہو نہیں سکتی

کہ تُو گُفتار وہ کردار، تُو ثابت وہ سیّارا

گنوا دی ہم نے جو اسلاف سے میراث پائی تھی

ثُریّا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا

مگر وہ علم کے موتی، کتابیں اپنے آبا کی

جو دیکھیں ان کو یورپ میں تو دل ہوتا ہے سیپارا (علامہ اقبالؒ)

تو نوجوانوں میں تقویٰ کا وصف پیدا کرنا اپنی آنے والی نسل کو محفوظ کرنا ہے۔عموماً تقویٰ سے زیادہ تر وہ ''خوف وہراس'' پیدا کیا جاتا ہے کہ اللہ کریم بہت سخت گرفت کرنے والا ہے اور بہت زیادہ وہ عاقب ہے، جبار ہے، قہار ہے۔بھئی وہ صفتیں ہیں لیکن وہ غفور بھی ہے، رحیم بھی ہے وہ تو سراپا رحمت اور کرم ہے۔

وَعِبَادُ الرَّحْمَنِ الَّذِيْنَ يَمْشُونَ عَلَى الْأَ رْضِ هَوْنًا (الفرقان:63)

ترجمہ: رحمان کے بندے زمین پر باوقار چال چلتے ہیں۔

تو اللہ تعالیٰ کی ان صفتوں کو بھی پیشِ نظر رکھا جائے اللہ تعالیٰ اپنے بندے سے ستر ماؤں سے بڑھ کر پیار کرنے والا ہے۔ایک ماں کی محبت کا ہم اندازہ نہیں کر سکتے کہ وہ اپنے بچے کیلئے اپنی جان کو بھی قربان کر دیتی ہے۔اللہ رب العالمین جو ہے وہ سراپا رحمت ہے۔

جب شیطان نے کہا تھا اے اللہ میں تیرے بندوں کو ورغلاؤں گا اور ان کو جہنم کا ایندھن بناؤں گا۔میں اِن سے ایسی ایسی حرکتیں کراؤں گا کہ پھر پتہ چلے گا آدم کی وجہ سے میں جنت سے نکلا میں نے کیسا انتقام لیا تو اللہ کریم نے فرمایا

اے لعین جاتے ہوئے میری بھی ایک بات سن لے نوٹ کر لے، پلے باندھ لے، تو میرے بندے سے ساری زندگی بھی گناہ اور معصیت کروائے گا لیکن مرنے سے پہلے بھی اگر میری بارگاہ میں آ کر وہ دو آنسو بہا کر سر سجدے میں رکھ دے گا تو میں بخش دوں گا جب وہ رو کر کہے گا۔

کہ مولا نفس اور شیطان نے مار ڈالا مجھے بچا لے تو میں اُس کے سارے زندگی کے گناہ معاف کر کے وہ ساری زمین سے زیادہ ہوں

زروں سے زیادہ ہوں، آسمان کے ستاروں سے زیادہ ہوں، ساری زمین بھی اُس کے گناہوں سے بھر چکی ہو، میں سارے گناہ معاف کر کے اُس کو جنت میں لے جاؤں گا۔

اِسی لیے حضور ﷺ نے فرمایا:

يَسِّرُوا وَلَا تُعَسِّرُوا بئی سہولیتیں، آسانیاں پیدا کیا کرو مشکلیں پیدا نہ کیا کرو وَبَشِّرُوا خوشخبری سنایا کرو اللہ کی یہ رحمت بھی ہے، حضور کی یہ رحمت بھی ہے، اللہ نے بہت کچھ ہمارے لیے رکھا ہوا ہے وَلَا تُنَفِّرُوا نفرتیں پیدا نہ کر۔(صحیح بخاری حدیث:69)

وَ کُونُوْا عِبَادَ اللہِ اِخوانًا اے اللہ کے بندوں بھائی بھائی بن کے رہو۔ (صحیح مسلم حدیث:6541)

اَلْخَلْقُ عِیَالُ اللہِ یہ ساری مخلوق اللہ کے عیال کی طرح ہے۔ (مشکوۃ المصابیح حدیث:4998)

ے ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے (علامہ اقبالؒ)

**اللہ فرماتا ہے**

مجھے اُس بندے پر زیادہ پیار آتا ہے جو میری مخلوق سے پیار کرتا ہے۔

خَیرُ الناسِ مَن یَنفعُ النَاس (الفتح الکبیر:2/98)

**''تم لوگوں میں سب سے بہتر وہ ہے جو اللہ کی مخلوق کو سب سے زیادہ نفع دیتا ہے زیادہ فائدہ دیتا ہے۔''**

اب یہ تعلیم ہمیں کہنا پڑے گا نوجوانوں کو کہاں سے مل سکتی ہے؟ **نیک صحبت سے، نیک مجلس سے کیونکہ**

**"Society Moulds a Man"**

جیسا انسان کا ماحول ہوتا ہے ویسے اُس کے سانچے میں وہ ڈھل جاتا ہے تو اُن کو نیک صحبت دی جائے۔ ماں باپ اپنے بچے کو، بچیوں کو پاس بیٹھائیں اُن کو محبت و پیار سے غموں کا دکھوں کا ٹینشن کا مداوا کرنے کی کوشش کریں اللہ سے دعا کریں اساتذہ بھی بچوں سے پیار کریں، علماء مشائخ وہ بھی جو اللہ کی رحمتوں کے جو راستے ہیں وہ ان کو دیکھائیں اور میڈیا والے بھی جو دین اسلام کی ابدی تعلیمات ہیں

اللہ تعالٰی کی رحمتوں کے جو چرچے ہیں، پھر جو حکمران طبقہ ہے وہ بھی اپنے دلوں میں خوفِ خدا پیدا کرے۔ مخلوق کی خدمت بھلائی کیلئے اپنے اختیارات کو استعمال کرے تو پھر یہ کہا کہ

ے شبِ گریزاں ہو گی آخر جلوۂ خورشید سے
یہ چمن مامور ہو گا نغمۂ توحید سے
آسماں ہوگا سحر کے نور سے آئینہ پوش
اور ظلمت رات کی سیماب پا ہو جائے گی
پھر دلوں کو یاد آ جائے گا پیغامِ سجود
پھر جبیں خاکِ حرم سے آشنا ہو جائے گی (علامہ اقبالؒ)

## اچھی صحبت سے متعلق حدیث

عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ رضي الله عنهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "مَثَلُ الْجَلِيسِ الصَّالِحِ وَالْجَلِيسِ السَّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيرِ، فَحَامِلُ الْمِسْكِ إِمَّا أَنْ يُحْذِيَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ، وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا طَيِّبَةً، وَنَافِخُ الْكِيرِ إِمَّا أَنْ يُحْرِقَ ثِيَابَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا خَبِيثَةً".

رواه البخاري ومسلم

ترجمہ: ابوموسیٰ الاُ شعری (رضی اللہ عنہ) نے روایت کی ہے کہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا: "اچھے ساتھی اور برے ساتھی کا مثال مشک کے بیچنے والے اور لوہار کے بھوسے کے مثال کی طرح ہے۔ پہلے سے آپ مشک خرید یں یا اس کی خوشبو کا لطف اٹھائیں جبکہ بھوسہ آپ کے کپڑوں کو جلائے گا یا آپ کو اس کی بدبو محسوس ہوگی۔"

[ صحیح البخاری اور مسلم ]

(صُبحِ عظیم)

# صدق

محررہ: بختاور حیات فاروقی (ایم فل)

اینکر: محمد عمران خان فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی اسکالر)

مہمان: پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی فکرِ اسلامی، تاریخ وثقافت)

**اینکر**

**صدق کے لغوی اور اصلاحی معنی کیا ہیں اور آج کے دور میں اِس کی ہمیں کیا ضرورت ہے؟**

**مہمان**

یہ موضوع بہت اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اسلام سچائی کا دین ہے یہ سچائی کا مذہب ہے لفظ صدق عربی زبان کا ہے حضور ﷺ کی حدیث ہے:

اَلصِّدْقُ یُنْجِیْ وَالْکِذْبُ یُھْلِکُ (صحیح مسلم باب قبح الکذب)

بیشک صدق، سچائی، راست بازی، دیانت، امانت، صداقت، نجات دیتی ہے وَالْکِذْبُ یُھْلِکُ اور جھوٹ ہلاک کرتا ہے۔

اِس میں صدق اور کذب دونوں بیان کر دیئے گئے ہیں جو ایک دوسرے کے متضاد ہیں۔

اَلْأَشیاءُ تُعْرَفُ بِأَضْدَادِھَا! (کتاب مقالات حدیث)

چیزیں اپنی ضدوں سے پہچانی جاتی ہیں۔

**اجتماع ضدین محال است**

دو ضدیں اکٹھی نہیں ہوسکتیں جہاں صدق ہوگا وہاں کذب نہیں ہوگا جہاں کذب ہوگا صدق نہیں ہوگا۔

**صدق کی لفظی معنی** سچائی، راست بازی، امانت، دیانت سارے مفاہیم اس کے اندر موجود ہیں قرآن پاک میں بھی اللہ فرماتے ہیں۔

وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ حَدِیْثاً (النساء:87)

کون بڑا سچا ہوسکتا ہے اللہ کے کلام سے تو اللہ کا کلام سب سے سچا ہے۔

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّکَ فَلَا تَکُنْ مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ (آل عمران:60)

ترجمہ: **سچائی تیرے پروردگار کی طرف سے ہے تو آپ شک کرنے والوں میں سے نہ ہوجانا۔**

تو اُس کیلئے حق کا لفظ بھی بولا جاتا ہے تو قرآن مقدس میں اللہ کریم نے سچوں کی بڑی شان بیان کی جن کے اندر صدق کا وصف پایا جاتا ہے یہ ایک اعلیٰ ترین اخلاقی وصف ہے جو اللہ رب العالمین اپنے مخلص اور انعام یافتہ لوگوں کو عطا فرماتے ہیں۔

اَنۡعَمَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَ الصِّدِّيۡقِيۡنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَ الصّٰلِحِيۡنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيۡقًا (النساء:69)

اللہ اپنا انعام واکرام فرماتے ہیں نبیوں پر، سچوں پر، صدیقین پر، شہدا پر اور صالحین اولیا اللہ و بزرگانِ دین پر اور جو اِن لوگوں کیساتھ وابستہ رہتے ہیں۔

اِسی لیے یہ حکم ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوۡنُوۡا مَعَ الصّٰدِقِيۡنَ

(التوبہ:119)

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور سچوں کیساتھ رہو۔

اصطلاح میں **صدق سے مراد سچائی ہے کہ انسان کے قول وفعل میں مطابقت ہو تضاد نہ ہو**۔ اسکے ظاہر اور باطن میں مطابقت ہو اور اُس کی جلوت اور خلوت میں مطابقت ہو۔

جس طرح جب کوئی کلمہ پڑھتا ہے مسلمان ہوتا ہے تو پڑھتا ہے۔

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِيْقٌ بِالْقَلْبِ (ایمانِ مجمل)

زبان سے قرار ہو، دل سے تصدیق ہو، تو اِس اعتبار سے دل کی تصدیق، دل کی سچائی، پھر زبان کی سچائی، پھر کردار اور عمل کی سچائی یہ اصطلاح میں تینوں شعبوں میں یکجا ہوں تو صدق پیدا ہو جائے گا تو سمجھیں کہ وہ ایک آئیڈل (Ideal) اور کامل مومن بن جائے گا۔

**اینکر**

**فرد اور معاشرہ سچائی سے کس طرح برکات حاصل کرتا ہے اور کون کونسی برکات حاصل کرتا ہے؟**

**مہمان**

صدق اور سچائی انسان کا بہت اعلیٰ ترین اخلاقی وصف ہے اور دنیا کے ہر مذہب میں، ہر دور میں اور ہر معاشرے میں صدق اور سچائی کو ہمیشہ عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور صادق اور صدقین جو ہیں اُن کو بھی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

**"Honesty is the best policy."**

**"Beauty is truth, truth beauty" that is all/ye know on earth, and all ye need to know. (John Keats)**

سچائی اور صدق نہ صرف نسان کے اپنے لیے اطمینان بخش ہے بلکہ باقی مخلوق بھی آسودہ خاطر رہتی ہے۔

**سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:**

جس قلب میں صدق ہے اللہ اُس کو نور سے بڑھ دیتا ہے۔

**صحابیؓ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عرض کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے کوئی وظیفہ بتائیں کہ میں ''مستجاب الدعوات'' ہو جاؤں۔**

آپ نے ایسا کوئی وظیفہ نہیں بتایا جس طرح ہم کہتے ہیں آیت کریمہ پڑھو یا کلمہ طیبہ شریف کا ورد کرو یا سورۃ یسٰین کی تلاوت کا اور ورد کرو، سورۃ القریش پڑھو تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

**زبان سے سچ بولو، اور لقمہ حلال کھاؤ۔**

تو اِس اعتبار سے صدق جو ہے انسان کی ذات کیلئے جنت میں داخلے کا سبب ہے، پھر صدق جو ہے وہ انسان کے قلب کو نورِ ایمان سے بڑھ دیتا ہے اور اُسے مستجاب الدعوات کے درجے تک لے جاتا ہے۔

اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (الرعد:28)

دلوں کو حقیقی سکون اللہ کے ذکر سے ملتا ہے۔

جو سچائی کی بنیاد ہے۔

**معاشی طور پر دیکھا جائے تو حدیث میں سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:**

التَاجِرُ الصَدُوقُ الْأَمِينُ مَعَ النَبِيِينَ وَالصِدِيقِينَ وَالشُهَدَاءِ (جامع ترمذی:1209)

**جو تجارت میں صدق کو اپناتا ہے اپنی روزی روٹی کمانے میں تو وہ معمولی نہیں ہے وہ نبیوں صدیقوں اور شہیدوں کا ساتھی ہے۔**

تو اِس اعتبار سے اُس سے اُلٹ دیکھیں جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا:

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا مومن بزدل ہوسکتا ہے فرمایا ہوسکتا ہے، کیا مومن کنجوس ہوسکتا ہے فرمایا ہوسکتا ہے، کیا مومن صدق سے عاری ہوسکتا ہے فرمایا یہ نہیں ہوسکتا کیونکہ یہ ایک قسم کی ضد ہے تو مومن کا اوڑھنا بچھونا ہی صدق ہے، صدق صرف قلب کیلئے نہیں اپنی ذات کی حد تک نہیں بلکہ اُس سچائی کو اپنے عمل اور کردار میں پیدا کرنا ہے چاہے وہ معیشت ہے چاہے وہ معاشرت ہے، چاہے وہ سیاست ہے یعنی ہر شعبہ زندگی میں اگر دیکھیں تو عدل و انصاف جو ہے وہ بھی صدق کی ہی ایک عملی تصویر ہے ایک عملی مظاہرہ ہے۔

**؎ زبان نے کہہ دیا لاالٰہ تو کیا حاصل**

**دل و نگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں (اقبالؒ)**

یہ نماز کیا ہے؟ یہ کلمہ طیبہ ایک اقرار ہے اور اِس اقرار کا تقاضا یہ ہے کہ ہم نماز کی ادائیگی کریں یہ کردار کا صدق ہے، جب ہم نے کہا مسلمان ہیں تو پھر زکوۃ بھی ادا کریں، پھر ہم حج بھی کریں، پھر ہم روزہ بھی رکھیں پھر ہم حرام خوری سے بھی بچیں ہر شعبہ زندگی میں گویا

**''صدق مومن کا اوڑھنا بچھونا ہے۔''**

وَاذْکُرْ فِی الْکِتٰبِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّہٗ کَانَ صِدِّیْقًا نَّبِیًّا (مریم:41)

**اپنی کتاب میں ابراہیم علیہ السلام کا ذکر کرو کیونکہ وہ صدیق نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے۔**

اللہ نے ہر نبی کو صدق کے ساتھ بھیجا یوسف علیہ السلام سے بھی کہا کہ آپ صدیق ہیں اللہ کے نبی ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بھی کہا سارے انبیاء اور مرسلین کا یہ ایک مشترکہ وصف ہے۔ یہ اللہ کا بھی وصف ہے۔ یہ اہلِ ایمان کا بھی وصف ہے اور یہ ایک اعلیٰ ترین اخلاقی قدر ہے جس کو یہ نصیب ہو جاتا ہے سمجھ لیں وہ دنیا میں چلتا پھرتا جنتی ہے۔

**اینکر**

**ڈاکٹر صاحب صوفیا اکرام کی زندگی سے صدق و سچائی کے بارے میں ہمیں کیا تعلیمات ملتی ہیں؟**

**مہمان**

**؎ صدقِ خلیل بھی ہے عشق، صبرِ حسینؓ بھی ہے عشق**

**معرکہ وجود میں بدر و حنین بھی ہے عشق**

**؎ سبق پھر پڑھ صداقت کا، شرافت کا، عدالت کا، شجاعت کا**

**لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا (اقبالؒ)**

طریقت و تصوف ان کی ساری کاوشیں صدق و صفائی سے عبارت ہیں۔

میں نے اپنے حضرت سے پوچھا کہ آپ ہمیں ذکر کرواتے ہیں کبھی مراقبہ کرواتے ہیں کبھی تہجدیں پڑھواتیں ہیں کبھی روزے رکھواتے ہیں اور کبھی حق ھو کی ضربیں لگواتے ہیں تو اِس سے کیا ہوگا؟؟ فرمایا

**بیٹا! اِس سے قلب پاک ہوگا دل کی صفائی ہوگی۔**

**سرکار ﷺ نے فرمایا**

اِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً إِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ كُلُّهُ وَإِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهُ أَلَا وَهِيَ الْقَلْبُ (صحیح بخاری حدیث:52)

**انسان کے جسم میں ایک گوشت کا لوتھڑا ہے جب وہ ٹھیک ہو تو سارا جسم ٹھیک کام کرتا ہے اور جب وہ خراب ہو جائے تو سارا جسم خراب کام کرتا ہے۔**

أَلَا خبردار! وَهِيَ الْقَلْبُ وہ قلب ہے۔

تو دل جو ہے یہ جب صدق سے بڑھ جاتا ہے۔ پاکیزگی سے بھر جاتا ہے۔ اِس کے اندر سے نفرتیں نکل جاتی ہیں کینہ نکل جاتا ہے، حسد نکل جاتا ہے، تکبر نکل جاتا ہے، گندی خواہشات نکل جاتی ہیں، منافقت، کفر، شرک، لالچ اور طمع نکل جاتا ہے تو پھر

قُلْبُ الْمُؤْمِنِ عَرْشُ اللهِ (حدیث)

مومن کا قلب اللہ کا عرش ہے۔

تو یہ قلب کی صفائی جو ہے وہ اُس کی سوچ کی سچائی کی طرف رہنمائی کرتی ہے سوچ کی صفائی پھر کردار کی صفائی کی طرف انسان کو لے کر جاتی ہے۔

**جس طرح بابا بلھے شاہؒ نے ارشاد فرمایا**

**؎ بُلھے نوں لوکی متیں دیندے وے بلھے آ بیجا وچ مسیتی**

**پئی وچ مسیتاں دے کی ہوندا جے دلوں نماز نہ نیتی**

**سرکار ﷺ نے فرمایا**

اگر کوئی روزے دار ہے اُس کا روزہ اگر اسے صدق کی طرف رہنمائی نہیں کرتا۔ اُس سے جھوٹ بلوا رہا ہے تو اُس کے بھوکا پیاسا رہنے کی اللہ کو کوئی حاجت نہیں۔ نماز پڑھتا ہے لیکن اُس کے دامن میں صدق نہیں ہے، رزق حلال نہیں ہے وہ نماز وہ عبادت بے اثر ہے۔ اگر اُس نے صدق سے رزق نہیں کمایا حج عمرے کرتا ہے

صدقات وخیرات کرتا ہے وہ بھی ایک ورزش (Exercise) بن جاتی ہے۔

تو ہر عمل کی بنیاد جو ہے وہ صدق و سچائی کے اوپر ہے ۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر جب وحی نازل ہوئی آپ کوہِ صفا پر چڑھے ساری قوم کو بُلایا جو اُن کا اُس وقت طریقہ تھا سارے لوگ آئے تو آپ نے ان کو کوئی آیت نہیں سنائی کوئی حدیث نہیں سنائی بلکہ اتنا فرمایا کہ مجھے بتاؤ اگر میں یہ کہوں کہ اِس پہاڑ کے پیچھے ایک فوج ہے جو تم پر حملہ کرنے والی ہے تو کیا تم میری بات کو درست مان لو گے۔

وہ کہنے لگے ہم نے چالیس سال آپ کے شب وروز سفر، خوشی، غمی ہر حال میں دیکھا ہے آپ تو صدق کے پیکر ہیں۔ آپ صادق وامین ہیں آپ سے تو جھوٹ کا ہم تصور بھی نہیں کر سکتے کا حصّہ ہے ۔تو پھر سرکار صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے صدق سے ان سے گواہی لینے کے بعد فرمایا

**دیکھو آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ وحدہٗ ہے لاشریک ہے۔**

اب ایک ریسرچ (Research) یہ ہے کہ یقیناً صوفیا اکرام اور بزرگانِ دین نے اسلام پھیلایا لیکن کچھ تاریخی حقائق یہ ہیں کہ پاک وہند کی سرزمین میں، وہ مالابار کے ساحلی علاقے وہاں عرب تاجر آئے عرب تاجروں کی صداقت دیکھ کر کہ وہ وعدہ کر رہے ہیں تو پورا کر رہے ہیں، چیز بھیج رہے ہیں تو صحیح ناپ وتول کر رہے ہیں اور کوئی غلط بیانی نہیں کوئی فراڈ نہیں کوئی دھوکہ نہیں۔ وہ اسلام کے قریب ہوئے۔

جس طرح سرکار صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک شخص سے لین دین کیا تو اُس نے کہا ٹھہریں میں ابھی گھر سے پیسے لے کر آتا ہوں تین دن بعد آیا تو سرکار صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اُدھر ہی کھڑے تھے آپ نے بہر حال اُس کو گالی گلوچ نہیں کیا بُرا بھلا نہیں کہا بلکہ یہ کہا کہ تم نے مجھے بڑی مشقت میں ڈالا۔

**تو صوفیا اکرام کا اوڑھنا بچھونا یہ ہے کہ صدق ہونا چاہیئے زبان پر بھی، قلب میں بھی، کردار میں بھی اور معاملات زندگی میں بھی یہ تب ہوگا جب ہم اپنے دل پر اللہ کے ذکر کا پہرا بٹھائیں گے۔**

**اینکر**

**ڈاکٹر صاحب! ماں باپ کی صدق وصداقت ہی بچے کو راہ پر لا سکتی ہے یا معاشرے کے باقی لوگوں کو بھی اِس میں حصہ ڈالنا پڑے گا؟**

**مہمان**

**؎ جوانوں کو مری آہ وسحر دے**
**پھر ان شاہین بچوں کو بال و پر دے**
**خدایا! آرزو میری یہی ہے**
**میرا نورِ بصیرت عام کر دے (اقبالؒ)**

**علامہ نے بھی یہ دعا کی اور فرمایا**

**؎ ہزار خوف ہو لیکن زباں ہو دل کی رفیق**
**یہی رہا ہے ازل سے قلندروں کا طریق (اقبالؒ)**

صدق وسچائی یقیناً بہت بڑا اللہ کا عطیہ ہے انعام ہے لیکن سب

سے زیادہ اِس کی ضرورت ہمارے نوجوان طبقہ کو ہے۔ وہی مستقبل کی قوم بننے والے ہیں انہوں نے ہی سارا نظام دنیا سنبھالنا ہے انہوں نے ہی قیادت کرنی ہے اِس کیلئے بچے کی پہلی درس گاہ ماں کی آغوش ہے۔

اگر آج ہم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور ان کی ولایت اور بزرگی اور سلطانِ اولیاء اور پیرانِ پیر کی سیرت دیکھتے ہیں تو ان کے اندر یہ وصف ماں کا دیا ہوا عہد تھا کہ بیٹا ہمیشہ سچ بولنا ہے صدق پر نو کمپو مائز (NoCompromise) تو سچائی ان کو ولایت کے اعلیٰ درجوں پر لے گئی۔

**آپؒ سے کسی نے پوچھا! حضور: جو اللہ نے آپکو رتبہ دیا ہے علم کی دنیا میں تقویٰ کی دنیا میں ولایت کی دنیا میں**

**تو آپ کا خاص وصف کیا ہے؟**

**تو آپؒ نے اُسی کا ذکر کیا فرمایا**

میری امی جان نے صدق کا کہا تھا۔ میں سچ بولتا ہوں، میں سچ کہتا ہوں، میں سچ پر عمل کرتا ہوں، میں سچوں کے ساتھ رہتا ہوں اور میں نے سچائی کو اپنے لیے اوڑھنا بچھونا بنایا ہے۔

تو اِس اعتبار سے والدین اساتذہ کی بھی بڑی ذمہ داریاں liabilities ہیں پھر علماء اور مشائخ کی بڑی ذمے داریاں ہیں پھر جو حکمران طبقہ ہے وہ بھی اپنا اِس میں رول (Role) ادا کریں اِس کیساتھ ساتھ پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا (Print& Electronic media) بھی سچائی کے راستے پر اِس نوجوان نسل کو لے کر جائے بعض اوقات ارباب اختیار وقتی اور ہنگامی ضرورت پوری کرنے کیلئے جھوٹ کا ایک پالندہ بنا کر اور ان کے دماغوں میں ڈال دیتے ہیں وہ ایک جذباتی کیفیت میں لا کر اپنے ٹارگٹ (Target) مکمل کرتے ہیں حالانکہ وہ اللہ جانے سچائی پر مبنی ہے بھی یا نہیں لیکن اُس کے اثرات بد ساری قوم کو اور آنے والی نسلوں کو بھگتنے پڑتے ہیں۔

ہمیں وقتی مفادات کی بجائے دائمی مفادات پر بنیاد بنانی چاہئے جس میں اللہ کی رضا ہے جنت کا حصول ہے جس میں معاشرے کی آسودگی ہے وقتی طور پر تو گزارا ہو جائے گا لیکن بعد میں ساری زندگی لعنتوں کے طوق شیطان کی طرف اُن کے گلے میں ڈالے جائیں گے۔

لہذا حکمِ رسول ﷺ ہے

كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ (صحیح مسلم: 4724)

**سرکار ﷺ نے فرمایا**

تم میں سے ہر اِک نگہبان ہے اور وہ ذمے دار ہے کہ اپنے ماتحتوں کا۔

خود بھی سچائی کے راستے پر چلے اور انہیں بھی سچائی کے راستے پر چلائے۔

(صُبحِ عظیم)

# سود

محررہ: بختاور حیات فاروقی (ایم فل)

اینکر: محمد عمران خان فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی اسکالر)

مہمان: پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی (پی۔ایچ۔ڈی فکرِ اسلامی، تاریخ وثقافت)

**اینکر**

**سود کے لفظی اور اصطلاحی معنی کیا ہیں اور اِس ضمن میں کون کونسی چیزیں آتی ہیں؟**

**مہمان**

سود کا موضوع بہت شہرہ آفاق (BurningTopic) ہے یہ اہم issue صرف اسلامی دنیا کیلئے نہیں بلکہ ساری انسانیت کیلئے دلچسپی کا حامل ہے اسلام دینِ فطرت ہے۔

فِطۡرَتَ اللّٰهِ الَّتِیۡ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیۡهَا لَا تَبۡدِیۡلَ لِخَلۡقِ اللّٰهِ

(الروم:30)

اللہ نے انسان کو فطرتی اسلام پر پیدا کیا ہے تو اُس کیلئے وہی قانون وہی اُصول وضابطہ اور طرزِ زندگی بہترین ہے جو اُس کے خالق نے عطا کیا سود اِس کیلئے قرآن پاک میں ربوٰ کا لفظ استعمال ہوا یہ ر۔ب۔ا کیساتھ بھی لکھا جاتا ہے۔

**توجس طرح ارشادِ خداوندی ہے:**

اَلَّذِیۡنَ یَاۡكُلُوۡنَ الرِّبٰوا لَا یَقُوۡمُوۡنَ اِلَّا كَمَا یَقُوۡمُ الَّذِیۡ یَتَخَبَّطُهُ الشَّیۡطٰنُ مِنَ الۡمَسِّ (البقرہ:275)

وہ لوگ جو ربا کھاتے ہیں، سود کھاتے ہیں۔ وہ نہیں کھڑے ہوں گے مگر جس طرح کوئی ایسا شخص کھڑا ہوتا ہے جس کو شیطان نے چھو کر پاگل بنادیا ہو۔

**دوسری جگہ بھی اِسی طرح ارشاد ہے:**

وَ اَحَلَّ اللّٰهُ الۡبَیۡعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰوا ط (البقرہ:275)

**"اللہ نے تجارت کو حلال قرار دیا ہے اور سود کو حرام قرار دیا ہے۔"**

اور اعلان جنگ اللہ اور اُس کے نبی کی طرف سے ہے اُس بد نصیب کیلئے جو شعوری یا لاشعوری طور پر سود کے نظام میں ربا کے نظام میں اپنے آپ کو پھنسا لیتا ہے۔

**امام راغب اصفہانیؒ لفظ ربا کے حوالے سے مفردات امام راغب اصفہانیؒ میں فرماتے ہیں:**

ربا اصل مال سے جو زیادہ رقم ہوتی ہے اُس کیلئے یہ لفظ بولا جاتا ہے۔ **انگریزی میں** اِس کیلئے interest کا لفظ ہے۔ اُردو میں بیاج کا لفظ بھی استعمال ہوتا ہے۔ لفظی معنی ہے بڑھوتری، زیادتی، بلندی، بڑھ جانا لیکن اصطلاح میں جو اصل مال آپ نے کسی

ضرورت مند کو جو دیا پھر اُس کے اوپر اضافی رقم لی جاتی ہے، دی جاتی ہے، وصول کی جاتی ہے، کسی خاص شرح سے تو وہ سود یعنی ربا کے زُمرُے میں آتی ہے۔

سود اردو کا لفظ ہے اِس کا معانی بھی نفع ہے، مال کا زیادہ ہو جانا ہے، مال کے اندر فراوانی آ جانا ہے۔ عام طور پر نفع کا لفظ بھی سود کے ہم معنی ہے۔

**علامہ اقبالؒ نے اپنے شعر میں بھی اس لفظ کو استعمال کیا ہے۔**

**ے برتر از اندیشۂ سُود و زیاں ہے زندگی**

**ہے کبھی جاں کبھی تسلیمِ جاں ہے زندگی (اقبالؒ)**

تو یہ سود، ربا، انٹرسٹ (Interest)، بیاج یا دیگر جو بھی اِس سے ملتی جُلتی اصطلاحات چلتی ہیں لیکن بعض اُس کو کوئی اور نام مختلف انداز اور اور زبانوں میں دے دیئے جاتے ہیں مفہوم یہ ہے کہ:

**نسان اپنے اصل مال پر کسی خاص شرح سے نفع طے کرے جس میں کسی نقصان کا اندیشہ نہ ہو تو وہ جائز نہیں ہے۔**

**مفسرین فرماتے ہیں** وہ ہدیہ جو کسی کو بیاہ شادی کے موقع پر یا بچی بچہ پیدا ہوا تو دیا گیا۔

جیسا کہ ارشاد ہے

**تَهَادَوْا تَحَابُّوا (الادب المفرد حدیث:594)**

**''ہدیے دیا کرو محبت بڑھتی ہے۔''**

یہ سود کے زمرے میں نہیں آتا۔ ایسے ہی اگر آپ کسی کے ویسے پر گئے اور آپ نے پانچ سو روپیہ دیا وہ آیا اُس نے ہزار روپیہ دے دیا یا آپ نے ہزار دیا اُس نے پانچ سو دیا تو اِس میں کمی بیشی بعض اوقات زیادہ مل جاتا ہے بعض دفعہ ہدیہ ہے وہ سود اور ربا کی category میں نہیں آئے گا لیکن عام جو دنیاوی امور میں ہم لوگ قرضہ لیتے ہیں ایک دوسرے کو قرض دیتے ہیں تو وہ چاہے نوٹوں کی صورت میں ہو، وہ دوسری جنس کی صورت میں ہو یا کوئی اور مفاد اُس سے حاصل کرنا مقصود ہو تو جب وہ طے کر لیا جاتا ہے تو وہ ربا کے زمرے میں آ جاتا ہے۔

ایسے ہی اگر کوئی مل کر کاروبار کرتا ہے جس میں نفع بھی ہو سکتا ہے اور نقصان بھی ہو سکتا ہے تو اُس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے اور اگر اُس کے پاس پیسہ نہیں کوئی دوسرا پیسہ لگاتا ہے تو وہ اُس سے کاروبار کرتا ہے اور وہ ایک شرح طے کر لیتے ہیں کہ اتنے پرسنٹ نفع تمہیں ملے گا۔ اتنے پرسنٹ دوسرے کو ملے گا جو ورکنگ پاٹنر ہے اُس کو یہ ملے گا تو جس میں نفع نقصان کا اندیشہ موجود ہو محنت کی ہے لیکن اُس کا پھل نہیں نکلا خواہ وہ اندیشہ موجود ہو تو وہ ربا میں نہیں آئے گا وہ تجارت ہے۔

**اینکر:**

**سود سے پاک معاشرے میں اور تجارت میں کیا کیا حسنات و بر کات ہوتی ہیں؟**

**مہمان:**

ابتداء میں بھی میں نے عرض کیا کہ سود صرف ایک معاشی برائی

نہیں ہے بلکہ اس کی جڑیں ہر طرف پھیلی ہوئی ہیں اس کی بنیاد اللہ کی نافرمانی ہے اللہ کے نبی کی نافرمانی ہے اِس کی بنیاد انسانیت کے استحصال پر ہے۔ یہ Explortation اور اس کے ساتھ بہت ساری دیگر معاشی برائیاں احتکار ہے اکتناز ہے تبذیر ہے اسراف ہے پھر اس کے بعد باقی بھی دروازے کھل جاتے ہیں۔ چور بازاری کے جتنے بھی حربے شریعت نے منع کیے ہیں تو اس کے ڈانڈے بنیادی طور پر اسی کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں کہ میرا کوئی نقصان نہ ہو میں اِسی طرح Safe and Sound رہو ں میرا مال بڑھتا رہے میرے مفادات کا تحفظ رہے اور دوسرا چاہے بچارہ ذلت اور رسوائی ،غربت اور مفلسی کے ساتھ برائیوں میں گر جائے۔

جیسا کہ یہودی کہتے تھے اللہ نے جس کو غریب اور مسکین رکھا ہے ہم اس کو کیوں امیر بنائیں یا کیوں ضروریات زندگی دیں یہ تو ہماری اپنی محنت کی کمائی ہے اللہ نے تو کھلے لفظوں میں کہا خبردار! تمہارے مالوں میں محرومین اور ضرورت مندوں کا بھی حصہ ہے۔

**وَفِیۡۤ اَمۡوَالِہِمۡ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَ الۡمَحۡرُوۡمِ (الذریت:9)**

ایسا نہ ہو کہ مال تمہارے امیروں کے پاس اکٹھا ہو کے رہ جائے۔

سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حکم دیا پھر فرمایا

**کَیۡ لَا یَکُوۡنَ دُوۡلَۃًۢ بَیۡنَ الۡاَغۡنِیَآءِ مِنۡکُمۡ (الحشر:7)**

امیروں سے مال لے لو اور غریبوں میں بانٹ دو۔

ارشاد ہے:

**توخذمن اغنیائھم فتردفی فقرائھم (حدیث صحیح البخاری:1395)**

اسلام میں جو امداد باہمی کا تصور ہے، جو مخلوق پروری کا تصور ہے، جو صدقات وخیرات کا جو تصور ہے یہ تو اس کی مکمل نفی کر دیتا ہے۔

**وَ أَحِلَّ اللّٰہُ الۡبَیۡعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰوا (البقرہ:275)**

اللہ نے تجارت حلال سود حرام کیا ہے۔

**یَمۡحَقُ اللّٰہُ الرِّبٰوا وَ یُرۡبِی الصَّدَقٰتِ ط (البقرہ:276)**

**اللہ سود کو مٹاتا ہے صدقات کو بڑھاتا ہے۔**

اس کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ اللہ سودی کی جڑیں کاٹ دیتا ہے بظاہر لگتا ہے اُس کو مال آ رہا ہے اُس کے ساتھ آہیں بھی ہیں سسکیاں بھی ہیں بہت سارے لوگوں کے دکھوں غموں کے لا متناہی سلسلے ہیں جو اُس کی قبر کو جہنم کی آگ سے بھر دیتے ہیں۔ اللہ فرماتا ہے جو لوگ مال اکٹھا کرتے رہتے ہیں وَلَھُمۡ عَذَابٌ عَلِیۡمٌ انکے لیے دردناک عذاب ہے تو اِس اعتبار سے جب معاشرہ سود سے پاک ہوگا تو وہاں اللہ کی محبت ہوگی اللہ کے نبی کی محبت ہوگئی نیکی کا فروغ ہوگا دولت کی منصفانہ تقسیم ہوگی

گردِش دولت ہوگی علم ہوگا کہ زکوۃ دینی ہے میں نے عُشر ادا کرنا ہے سب کا حق میں نے ادا کرنا ہے وہ جائز طریقے سے تجارت کرے گا احتکار کرنے کی بجائے بزنس Activities کو جنریٹ(Generate) کرے گا نتیجہ یہ نکلے گا کہ غربت اور افلاس ختم ہوگئی۔

دیکھو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور خلفاء راشدین کے دور میں بندہ زکوۃ سر پر اٹھا کر سارے ملک میں پھرتا پھرتا تا کہ کوئی جا تا کہ مجھ سے زکوۃ لے لو تو کوئی لینے والا نہیں تھا اس لیے کہ انہوں نے سود کو جڑ سے اکھاڑ دیا ہمارے ہر طرف غربت اور افلاس ہے بڑے بڑے Advance countries میں جائیں وہاں بھی بیکاریوں کی فوجیں بنی ہیں اُس کی وجہ یہ ہے جو سودی نظام جو ہے یہ ہر فساد کی جڑ ہے ہر دور میں ہے اور ہر معاشرے میں جو ہے یہ تباہی پھیلاتا ہے اسکو ختم کریں تو خوشحالی ہی خوشحالی ہے۔

**اینکر:**

**صوفیانہ روایات میں سود سے بچنے کیلئے کون سے اقدامات تجویز کیے گئے ہیں؟**

**مہمان:**

**حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:**

**لَا يَرْحَمُهُ اللّٰهُ مَنْ لَّا يَرْحَمُ النَّاسَ (صحیح البخاری حدیث:6013)**

**اللہ اُس پر کبھی رحم نہیں کرتا جو اللہ کی مخلوق پر رحم نہیں کرتا۔**

تو سودی نظام ظلم اور استحصال اور بربریت ہے غربت اور افلاس کی راہیں کھولنے کا اور جرائم کے راستے کھولنے کا راستہ ہے اور جتنے بھی شوٹ کٹ (Shortcuts) ہیں سودی بندہ گویا ان کو Incentive دے رہا ہوتا ہے۔

طریقت اور تصوف کا تو اڑھنا بچھونا ہی خدمتِ خلق ہے۔

**؎ کرو مہربانی تم اہلِ زمیں پر**

**خدا مہرباں ہوگا عرشِ بریں پر (مسدس حالی)**

تو اِس میں قناعت کی تعلیم ہے اِس کے اندر اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کی تعلیم ہے اِس کے اندر مخلوقِ خدا کی خدمت اور بھلائی کی تعلیم ہے۔

**؎ اوروں کے واسطے ہیں سیم و زر گوہر**

**اپنا یہ حال ہے کہ ہے چولھا بجھا ہوا**

**سیدہ عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ:**

چالیس چالیس دن ایسے آلِ نبی کے گھر میں ہوتے تھے کہ ہم چھولھا نہیں جلا پاتی تھیں کیونکہ کھانے پکانے والی کوئی شے ہی نہیں ہوتی تھی دودھ کا پیالہ آتا ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے زیادہ طلبگار ہیں کم و بیش ساٹھ صحابہ بیٹھے ہیں اور ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں میری تو جان ہی نکلنے والی تھی اتنا میں کمزور ہو چکا تھا بھوک و پیاس کی وجہ سے کئی دن کے فاقے چل رہے تھے۔

سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیالہ دیا اور فرمایا! ابو ہریرہ یہ پکڑو۔ وہ خوش ہو گیا کہ مجھے مل گیا ارشاد ہوا کہ پہلے ان کو پلاؤ۔ اب اصحابِ صفہ کم

وبیش ساٹھ ہیں انہوں نے کہا مجھے تو ایک قطرہ نہیں ملے گا اگر سب کو پلانا شروع کر دیا لیکن سرکار ﷺ نے دعا فرمائی تھی سب نے پیٹ بھر کر وہ دودھ کا پیالہ پیا اور پھر حضور ﷺ نے فرمایا اے ابو ہریرہ! اب تم بھی پیو کہتے ہیں میں نے دیکھا کہ وہ پیالہ ابھی بھرا ہوا ہے تو میں نے خوف پیا سرکار ﷺ نے فرمایا اور پیو اور پیو میں نے عرض کی۔آقا دودھ میرے حلق تک آ چکا ہے اب میں مزید نہیں پی سکتا پھر سرکار نے لیا بسم اللہ شریف پڑھ کر پیا وہ پیالہ ختم ہوا۔

**یعنی پہلے سب کو کھلاؤ پھر خود کھاؤ۔**

لوگ کہتے ہیں کہ پہلے اپنی تجوری بھرو پھر کسی اور کو دو۔تو یہ اصل میں ایک بیماری ہے جو قلب اور روح کو لگتی ہے جس طرح جسم کو بیماری لگتی ہے اسی طرح قلب و روح کو بھی بیماریاں لگتی ہیں۔

**فِیۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا (البقرہ:10)**

اُن کے دلوں میں مرض تھے تو حکمِ الٰہی سے مرض بڑھ گئے۔

**صُمٌّ بُکۡمٌ عُمۡیٌ فَهُمۡ لَا یَرۡجِعُوۡنَ (البقرہ:18)**

وہ گونگے، بہرے، اندھے ہیں تو وہ لوٹ نہیں سکتے۔

ان بیماریوں میں ایک روحانی بیماری طمع اور لالچ ہے۔

**"Greed is Curse"**

**میاں صاحب فرماتے ہیں:**

**ے تینوں حرف طمع دے یاروں**
**تے تینوں نقطیوں خالی**
**خالی نال پہناوا میرا میں وی رہ گیا خالی**

تو یہ طمع پرست لوگ لالچی ہوتے ہیں۔لالچ بُری بلا ہے۔ "Greed is Curse" مزید یہ کہ لالچی کتے کی مثال دی جاتی ہے۔

وہ حدیث بھی ہے۔

**الدنیا جیفة و طالبها کلاب (مجموعہ ضعیف:1057)**

دنیا ایک مردار کی طرح ہے اس کے پیچھے بھاگنے والے کُتے کی طرح ہیں۔

تو یہ انسان اس کے پیچھے بھاگتا رہتا ہے۔کوئی شے ہاتھ آ جائے گی تو سکون آ جائے گا ایسا نہیں ہوتا سرکار سے زیادہ کون حکمتوں کو جانتا ہے آپ تو معلمِ اخلاق ہیں معلمِ انسانیت ہیں تو آپ فرماتے ہیں اگر بفرض محال اگر لالچی انسان کو مال آ جائے اور ایک سونے سے بھری ہوئی دی بھی دے دیں تو وہ کہے گا نہیں یا اللہ یہ تھوڑی ہے ایک اور دے دیں دو ملیں گی پھر تیسری اسکو صرف قبر کی مٹی سکون دے سکتی ہے۔

**اَلۡهٰکُمُ التَّکَاثُرُ O حَتّٰی زُرۡتُمُ الۡمَقَابِرَ O (القرآن)**

اُسکو تمہیں دولت کی ہوس نے تباہ کر دیا کہ تم قبروں میں پہنچ گئے۔

تو طریقت اور تصوف طمع اور لالچ کو قلب کی بیماری کہتے ہیں اس کو کسی قلب کے ڈاکٹر کے پاس جا کر ٹھیک کروائیں۔

**ے تمنا دردِ دل کی ہو تو کر خدمت فقیروں کی**
**نہیں ملتا یہ گوہر بادشاہوں کے خزینوں میں**

؎ نہ مسجد سے نہ مکتب سے نہ ہے کالج کے در سے پیدا

دین ہوتا ہے بزرگوں کی نظر سے پیدا (اقبالؒ)

جن کے دامن میں صبر کی دولت ہے شکر کی دولت ہے قناعت کی دولت ہے اللہ اور رسول ﷺ کی محبت ہے اُس کی مجلس اور صحبت میں بیٹھیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ یہ دل کی بیماری نکل جائے گی یہاں ذکر آجائے گا۔

قَلْبُ الْمُؤْمِنِ عَرْشُ اللّٰہ (الزاریات: 21)

مومن کا دل عرش الٰہی ہے۔

اللہ کی رحمتیں آجائیں گی پھر صبر، قناعت اور اطمینان آجائے گا۔

**اینکر**

ڈاکٹر صاحب یہ صرف حکومت کی ہی ذمہ داری ہے کہ وہ نوجوان میں آگاہی کا عمل جو وہ لے کر آئے یا اِس میں کوئی اور لوگ بھی شامل ہو سکتے ہیں جو نوجوان کو اس لعنت سے دور رکھ سکتے ہیں؟

**مہمان**

علامہ اقبالؒ نوجوانوں کا شاعر ہے

؎ جوانوں کو پیروں کو اُستاد کر دے

نگاہِ مسلماں کو تلوار کر دے!

عقابی روح جب بیدار ہوتی ہے جوانوں میں

نظر آتی ہے ان کو اپنی منزل آسمانوں میں

؎ اے طائر لاہوتی اُس رزق سے موت اچھی

جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی (علامہ اقبالؒ)

یعنی تو اللہ کا شیر ہے اللہ کا شہباز ہے تو اللہ کی رضا حاصل کرنے میں ساری دنیا میں توحید کا پیغام عام کرنے کیلئے، خیر کا پیغام عام کرنے کیلئے عدل و انصاف، اسلامی روایات کو پھیلانے کیلئے، تمہیں دنیا میں اللہ نے بھیجا ہے تو کن چکروں میں پھنس گیا ہے۔

؎ وقت فرصت ہے کہاں، کام ابھی باقی ہے

نورِ توحید کا اِتمام ابھی باقی ہے (اقبالؒ)

تو ہمارے نوجوانوں میں شعور اور آگہی کی کمی ہے۔

**قرآن میں اللہ فرماتے ہیں:**

وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ (الحشر: 18)

ہر انسان کو جائزہ لینا چاہئے کہ اُس نے کل کیلئے آج کیا کیا ہے۔

اَلدُّنیا مَزْرَعَةُ الْاٰخِرَةِ O (مجموعة ورام: ج: ا: ص: 183)

''دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔''

کل اچھی کھیتی ملے گئی تو نوجوان مستقبل کے معمار ہیں وہ ہماری قوم کے رہنما ہیں نجات دیسیدہ ہیں کہ انہوں نے ہی انقلاب برپا کرنا ہے ان کی تعلیم و تربیت صرف ایک طبقے کے سپرد نہ کی جائے بلکہ سود کی لعنت سے بچانے کیلئے اُن کے ماں باپ بھی اُن کی تربیت کریں بچپن سے کریں اور کیسے کریں۔

اُن کو خود رزق حلال کھلائیں ان کو سود کی لعنت سے، رشوت کے مال سے، غبن کے مال سے، ظلم سے کمایا ہو، اجھوٹ سے کمایا ہوا، ایسے ماں باپ بچوں پر نیکی اور احسان نہیں کرتے وہ بدترین

ظلم کرتے ہیں وہ ظالمین ہیں وہ بدمعاش ہیں جن کا بدمعاش جن کا معاش بُرا ہے نمازیں پڑھ لینا کافی نہیں۔ روزے رکھ لینا کافی نہیں۔نمازیں تو منافق بھی پڑھتے ہیں ۔ کئی بدنصیب نمازیں پڑھیں، روزے رکھیں، حج اور عمرے بھی کریں، سپارے بھی پڑھیں لیکن اگر ذریعہ معاش حلال اور جائز نہیں تو سب عبادتیں بے روح اور بے جان ہوجاتی ہیں فقہا کا فتویٰ کہ جس کا معاش حرام ہے وہ بدمعاش ہے بھڑکیں مارنے والے نہیں بلکہ رزق حرام کمانے والے بدمعاش ہیں۔

تو ماں باپ پہلے مجرم ہیں وہ رزق حلال کا تصور دیں پہلے بچوں کو اپنے گھر کو بچائیں اساتذہ اِس میں رہنمائی کریں۔ ہمارا میڈیا بھی اپنا رول(Role) ادا کرے۔

جیسے سگریٹ کے ایڈ پر لکھا ہوتا ہے۔

**"Smoking Is Dangerous To Health."**

تو ہمارا ٹی وی جو چوبیس گھنٹے سود سود سود پھیلا رہا ہے جیسے یہ کوئی آسمانی حکم ہے اِس کے بغیر تم زندہ نہیں رہ سکتے۔

☆ہمارا ایک بھتیجا انگلینڈ میں ہے مسز کا حقیقی بھتیجا اس کا فون آیا پھوپھو میں نے وہاں ایک فلیٹ لے لیا ہے کہا مبارک ہو کہنے لگا لیکن پھوپھو بات یہ ہے کہ میرے پوتے تک اُس کی قسطیں ادا کریں گے وہ اِس طرح کا سودی سسٹم جو بنایا ہوا ہے ایسی نیشن (Nation) ہے سود کا نظام وہ بچوں کو تعلیم بھی دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم تمہیں وظیفہ دیں گے تم پڑھنے کے بعد جب نوکری لگو گے پھر ہمیں تھوڑے تھوڑے کر کے واپس دینا ابس بچارے کی جڑوں میں وہ سود ڈال دیتے ہیں ہم تمہیں تعلیمی قرضے دے رہے ہیں یہ قرضے نہیں ہیں آؤ ہم امداد باہمی کریں روٹی، کپڑا، مکان، تعلیم، صحت کا انتظام حکومت کا فرض ہے اگر تم نہیں کر سکتے تم کوئی اور کام کرو جا کے۔ یہ اقتدار کسی دانشور کو دے دو۔ **اللہ کہتا ہے**

**اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّکَّنّٰھُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتَوُا الزَّکٰوۃَ**

**(الحج:41)**

تمہیں اگر میں نے حکومت دی ہے تو لوگوں کو نمازی بناؤ زکوۃ کا نظام عدل کا نظام دو روزگار کا نظام دو۔ ہر اِک کو خوشحال بناؤ۔ تمہارا فرض اولین ہے ورنہ تم اللہ کی بارگاہ میں جواب دہ ہو۔

فرمایا:

**''تم میں سے ہر کوئی نگہبان ہے ہر اک سے اُس کی رعایا کے بارے میں جواب دینا ہوگا۔''**

ماں باپ سے اُولاد کے بارے میں، اساتذہ سے شاگردوں کے بارے میں، علماء سے مقتدیوں کے بارے میں، شیخ سے مریدوں کے بارے میں، حاکم سے رعایا کے بارے میں اور ہر شعبے میں سارے کوشش کریں اور اِس کے خلاف ایک تحریک چلائیں باقاعدہ۔ ان شاء اللہ تعالی آپ دیکھیں گے ہر طرف خوشحالی ہوگئی ان شاء اللہ اللہ کا دین ہوگا۔

(صُبح عظیم)

# ریا کاری

**محررہ: بختاور حیات فاروقی** (ایم فل)

**اینکر: محمد عمران خان فاروقی** (پی۔ایچ۔ڈی اسکالر)

**مہمان: پروفیسر ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی** (پی۔ایچ۔ڈی فکرِ اسلامی، تاریخ وثقافت)

**اینکر**

**ریا کاری کے لغوی اور اصطلاحی معنی کیا ہیں؟**

**مہمان**

ریا کاری ایک بہت بڑا روحانی مرض بھی ہے اور ایک معاشرتی و اخلاقی برائی بھی ہے اِس کی قرآن و حدیث میں بہت زیادہ مذمت کی گئی ہے ''ریا'' کا لفظی معنی ہوتا ہے دیکھاوا کرنا، اس کیلئے نمود و نمائش کا لفظ بھی بولا جاتا ہے جو اِس عمل میں ملوث ہوتا ہے اُس کو ریا کار کہتے ہیں۔

تو جس کا تعلق دیکھنے سے ہو تو، دکھاوا کرنے سے، شو (Show) کرنے سے نمائش Exhilut کرنے سے، اِس کیلئے ایک اور لفظ بھی ہے اُس کو کہتے ہیں سماکاری یعنی وہ جو اپنی تعریف و توصیف سننا چاہتا ہے سن کر خوش ہوتا ہے۔ پھولا نہیں سماتا اور اندر ہی اندر ایک اطمینان سا محسوس کرتا ہے کہ ٹھیک ہے میری نیک نامی، میری بزرگی یا میری سخاوت یا میری بہادری یا کوئی اُس کا وصف ہوتا ہے اُس کو تسلیم Acknowledge کیا جا رہا ہے اب ٹھیک ہے میں اپنا مقصد (target) حاصل کر چکا ہوں تو اُس کو کہتے ہیں سماکاری یہ بھی ریا کاری کی ایک قسم ہے۔

**قرآن پاک میں (سورۃ الماعون) میں یہ ہے**

اَلَّذِیْنَ ھُمْ یُرَآءُوْنَ (الماعون:6)

''اور وہ لوگ جو یُرَآءُوْن یعنی دکھاوا کرتے ہیں نمازیں۔ بھی دکھانے کیلئے۔ صدقہ وخیرات بھی دیکھانے کیلئے۔''

**دوسری جگہ فرمایا**

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِکُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰی کَالَّذِیْ یُنْفِقُ مَالَہٗ رِئَآءَ النَّاسِ (البقرۃ:264)

**''اے ایمان والو! اپنے اعمال کو احسان جتلا کر اور دوسرے کی دل آزاری کر کے ضائع نہ کرو اُس شخص کی طرح جو مال خرچ کرتا ہے لوگوں کو دکھانے کیلئے''۔**

تو اِس اعتبار سے دیکھو! ہر عمل تو ہے اللہ کی رضا کیلئے ہونا چاہیے تھا نہ کر لوگوں سے اُس کی تعریف و توصیف Appreciation طلب کرنا اور لوگوں سے اُس کی Acknowledgement مانگنا یا لوگوں سے اُس کا معاوضہ طلب کرنا سوچے کہ اسکا صلہ لوگ کیا دے سکتے ہیں اللہ

کریم چاہتا ہے کہ تم ہر کام صرف اُس کی رضا کیلئے کرو۔ جس طرح قرآن میں اُس کی نیک مثال دی۔

وَیُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّہٖ مِسْکِیْنًا وَّیَتِیْمًا وَّ اَسِیْرًا

(الدھر:8)

''اور وہ لوگ جو کھانا کھلاتے ہیں (عَلٰی حُبِّہٖ) صرف اللہ کی محبت میں (مِسْکِیْنًا وَّیَتِیْمًا وَّ اَسِیْرًا) یتیم کو اور مسکین کو اور قیدی کو۔''

اب یہ تین لوگوں کا ذکر کیا جن سے بندہ کوئی معاوضہ (Return) نہیں لے سکتا لہذا یہ امر خیر صرف رب کریم کیلئے ہونا چاہیے۔

**حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں**

اگر کوئی ذکر کرتا ہے یا نماز پڑھتا ہے اُسے احساس ہو کوئی بندہ میرے قریب آ گیا ہے تو خشوع وخضوع پیدا کر لیتا ہے اپنے مناسک اور آداب اور زیادہ Concentrate کرتا ہے تو یہ بھی ایک ریاکاری ہے اِس سے بچنا بھی ضروری ہے۔

**آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔**

اللہ قیامت کے دن سب سے پہلے ایک شہید جو ہے اُس کو جہنم میں جھونک دیں گے اُس سے کہیں گے یہ تو نے کیا کیا وہ کہے گا میں لڑ لڑ کر شہید ہوا اللہ فرمائے گا کہ تو بڑا مالِ غنیمت، شہرت کیلئے نہ کہ میرے لیے لہذا اب میرے پاس تیرے لیے کچھ نہیں تو صلہ دنیا میں لے چکا ہے

☆ دوسرا عالم ہو گا وہ بھی یہ کہے گا قرآن پڑھاتا رہا دین سیکھاتا رہا اللہ کہے گا یہ دنیاداری کیلئے تھا فلیکس لگ گئیں ڈھنڈورے پیٹے گئے تمہارے نعرے لگتے رہے۔ اب میرے پاس تیرے لیے کچھ نہیں اب دنیا میں جو شہرت اور نذرانے لیے ہو گیا حساب پورا۔

☆ تیسرا جو ہے ایک سخی ہو گا وہ بھی کہے گا بہت کچھ کیا خرچ کیے مسجدیں بنائی مدرسے بنائے۔ ڈسپنسری کھولی۔ اللہ فرمائے گا دنیاداری کیلئے تھا ایم پی اے ایم این اے بننے کیلئے تو قرآن میں اللہ تعالی نے دوٹوک اِس کیلئے اصول بیان کر دیا فرمایا۔

اَفَاَرَءَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰھَہٗ ھَوٰہُ (الفرقان:43)

''اے میرے محبوب اَفَاَرَءَیْتَ کیا آپ نے دیکھا اُس شخص کو کہ جو مَنِ اتَّخَذَ اِلٰھَہٗ ھَوٰہُ جس کی خواہشات اُس کا خدا ہیں۔''

وہ نیکی کا جو کام بھی کرتا تھا کہ لوگ دیکھیں اور اُس کو Reward دیں۔ یا اِس لیے کہ لوگ اُس کو نیک سمجھیں نیکی کیساتھ اُس کی تعریف وتوصیف کی جائے اور وہ نیکوکار اور بزرگوں میں شامل ہو۔

**اینکر**

**ریاکاری سے فرد یا معاشرے میں کون کونسی برائیاں جنم لیتی ہیں؟**

**مہمان**

*ے یہی تجھ کو دُھن ہے رہوں سب سے بالا*
*ہو زینت نرالی ہو فیشن نرالا*

تو یہ ریا کاری اصل میں منافقت کی ہی ایک قسم ہے منافقت کے بارے میں بڑے سخت احکامات ہیں۔

اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ فِی الدَّرْکِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ (النساء 145:)

''منافقین جہنم کے بدترین درجے میں ہونگے۔''

سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

روز قیامت بدترین دو چہروں والے ہونگے۔

یعنی دو منہ والے جو ایک کے پاس ایک منہ لے کر جاتے ہیں اور دوسرے کے پاس دوسرا منہ لے کر جاتے ہیں۔

یُخٰدِعُوْنَ اللّٰہَ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْ وَ مَا یَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَھُمْ وَ مَا یَشْعُرُوْنَ (البقرۃ:9)

''اللہ کو بھی دھوکہ دیتے ہیں اہل ایمان کو بھی دھوکہ دیتے ہیں حالانکہ یہ لوگ اپنے آپ کو دھوکہ دیتے ہیں۔''

تو یہ ریا کاری جس معاشرے میں پنپتی ہے یا جس ماحول کے اندر یہ پروان چڑھتی جاتی ہے تو یہ بہت ساری دیگر قباحتوں ناہمواریوں کو جنم دیتی ہے جہاں ریا کار منافقت کے خطے میں چلا جاتا ہے اور اُس کے اندر خودنمائی اور خودستائش کے بُرے جذبات پنپتے ہیں وہاں دوسروں کے اندر بُری مثال بن جاتا ہے۔

☆ جس طرح بعض لوگ بیاہ شادی کے موقع پر اپنی ناک رکھنے کیلئے اور دوسروں کو اپنی دولت کی نمائش کرنے کیلئے جو ہے وہ بہت زیادہ فضول خرچی کرتے ہیں بعض اوقات قرضے بھی لیتے ہیں اور بعض اوقات ایسا رویہ Attitude ہوتا ہے کہ غریب اور مسکین لوگ دیکھ کر کڑھتے ہیں جلتے ہیں رقابت اور حسد جیسی کئی قسم کے منفی جذبات پروان چڑھتے ہیں تو اِس اعتبار سے شریعت نے اُس عمل کو جو دوسروں کے لیے ایذا کا سبب بنے اور اُن کے اپنے لیے بھی جو بعد میں وہ قرضوں میں دب جاتے ہیں منع کیا گیا ہے اور ناپسند کیا گیا ہے۔

جو لوگ بیاہ شادی پر بڑے بڑے بھاری بھاری جہیز دیتے ہیں اور اُس کی باقاعدہ نمائش ہوتی ہے لیکن جب شریعت کے احکامات ان کے سامنے آتے ہیں تو بچیوں کا جائیداد میں سے حق دینے کیلئے بھی پس وپیش کرتے ہیں اور اُس سے پہلو تہی کرتے ہیں۔

☆ دنیاوی ستائش حاصل کرنے کیلئے بڑے بڑے جلسے، بڑی بڑی محافل کا اہتمام ہوتا ہے لیکن پانچ وقت نماز کیلئے انکے پاس ٹائم نہیں

ہوتا۔ زکوۃ دینے کیلئے انکو موت پڑھ جاتی ہے جہاں خرچ کرنا شرعاً فرض ہے اولاد پر، انپے ماں باپ پر، اپنے رشتہ داروں پر، جو بچارے مختلف معاشی مشکلات کا شکار ہوتے ہیں۔ ہمسائے غریب ہیں مساکین ہیں وہاں ایک ڈھیلہ بھی دینے کیلئے وہ روادار نہیں۔ لیکن جہاں پر نیکی کر اور فیس بک پر ڈال، نیکی کر اور اخبار میں ڈال، نیکی کر نہ کر اخبار میں ضرور ڈال۔ یہ منفی ہیں جب رویے یہ قلب کے اندر سے نور نکل جاتا ہے وہ بندہ تو دوغلے پن کا شکار ہو جاتا ہے۔ دوسروں کیلئے وہ بندہ بہت زیادہ اذیت کا

باعث بنتا ہے اور پھر اُس کی نیکیاں جو ہیں سرکار ﷺ فرماتے ہیں وہ ساری ضائع و برباد ہو جاتی ہیں حالانکہ ایک مسلمان کی زندگی کا اوڑھنا بچھونا تو اللہ کی رضا ہے۔

**سرکار ﷺ نے فرمایا کہ**

**من قال لا اله الا اللہ مخلصاً من قلبه دخل الجنة (حدیث: 1110 سلسله صحیحه)**

**''جس نے کلمہ طیبہ پڑھا خلوص کیساتھ دل سے تو وہ جنت میں داخل ہوا''۔**

**؎ زباں نے کہہ بھی دیا لا الہ تو کیا حاصل**

**دل ونگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں**

تو اِس لیے ہمیں چاہیے کہ مالی عبادت، بدنی عبادت اور زبانی عبادت دنیوی و ظاہری منافقت کو فوکس کر کے نہ ہو بلکہ اُس کا اجر وثواب اللہ سے طلب کریں پھر اللہ اُس کا اجر دے گا۔ہم وہاں بھی بزنس کرتے ہیں۔

**؎ سوداگری نہیں، یہ عبادت خدا کی ہے**

**اے ناسمجھ جزا کی تمنا بھی چھوڑ دے**

**؎ جن کا عمل ہے بے غرض، ان کی جزا کچھ اور ہے**

**حور وخیام سے گزر بادہ وجام سے گزر**

**اینکر**

**صوفیا اکرام نے ریاکاری سے محفوظ رہنے کیلئے کیا رہنمائی کی ہے؟**

**مہمان**

**؎ مٹا دے اپنی ہستی کو اگر کچھ مرتبہ چاہے**

**کہ دانہ خاک میں مل کر گل و گلزار ہوتا ہے**

تو تصوف یہ اپنی انا کے بت کو پاش پاش کرنا اور اپنی لَو کو اللہ سے لگا کر ہر امر خیر کا غلبِ اجر صرف اُسی سے رکھنا ہوتا ہے۔

**؎ بتوں سے تجھے امیدیں اور خدا سے نا اُمیدی**

**مجھے بتا تو سہی اور کافری کیا ہے (علامہ اقبال)**

اُس کیلئے **حضرت داتا گنج بخش ہجویریؒ نے کشف المجوب شریف** میں بڑی اچھی گفتگو کی کہ

آپ فرماتے ہیں صوفی تین قسم کا ہوتا ہے۔

ایک صوفی ہے دوسرا متصوف ہے اور تیسرا مستصوف ہے۔

☆ **صوفی وہ ہے** جس کا ظاہر و باطن اللہ اور اللہ کے نبی کی شریعت کے سانچے میں ڈھلا ہوا ہو ظاہر شریعت کے ظاہر کے سانچے میں اور باطن شریعت کے باطن کے سانچے میں ڈھل چکا ہو یعنی وہ حضور ﷺ کے جسمی، قلبی اور روحانی کمالات کا جامع ہو۔

☆ **متصوف** وہ بد نصیب شخص ہے جس کا ظاہر تو شریعت کے سانچے میں ڈھلا ہوا ہے اُس کی وضع قطع اور اُس کے اعمال بظاہر لیکن اُس کا باطن خوف خدا سے عاری ہوتا ہے وہ اخلاص کی دولت سے تہی دامن ہوتا ہے اُس کا باطن میں روحانی بیماریاں ہیں حسد ہے، کینہ ہے، لالچ ہے، تکبر ہے گندی خواہشات ہیں منافقت ہے اور ریاکاری بھی موجود ہے۔

☆مستصوف وہ بدنصیب ہے کہ جس کا ظاہر بھی شریعت کے خلاف ہے اور جس کا باطن بھی شریعت کے خلاف ہے لیکن دعوٰی کرتا ہے میں بھی صوفی ہوں میں بھی اللہ والا ہوں۔میں باطن میں یہ کرتا ہوں۔میں نمازیں خانہ کعبہ میں جا کر پڑھتا ہوں۔ہمارا حج ہر وقت دل کا حج ہوتا ہے۔آپ فرماتے ہیں یہ مردار خور ہے۔یہ دین کا ڈھگ اچکا ہے اُس کا شریعت سے، طریقت سے،تصوف سے،کوئی تعلق نہیں ہے۔اُس کا ظاہر اور باطن سیاہ ہے اُس کا بھی کوئی سٹیٹس (Status) نہیں ہے تا وقتکہ وہ اپنے ظاہر اور باطن کو بھی اللہ کے نور اور اخلاص سے مزین کرے۔

**سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا**

**انما الاعمال بالنیات (صحیح بخاری:1)**

**عملوں کا دارمدار نیتوں پر ہے۔**

حضرت مجدد الف ثانیؒ کہتے تھے۔

شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہمیں تین چیزوں ملی ہیں۔

☆علم ☆عمل ☆اخلاص

جب یہ تینوں وصف کسی اہل ایمان میں یکجا ہو جاتے ہیں تو اُس کو حقیقی مومن اور صوفی کہتے ہیں۔

نفس کے شر کا علاج شریعت محمدیہ ﷺ پر عمل پیرا ہونا ہے۔

**اِنَّ النَّفۡسَ لَاَمَّارَۃٌۢ بِالسُّوۡٓءِ (یوسف:53)**

**''بیشک نفس تو بُرائی پر اُبھارتا رہتا ہے۔''**

**صوفیوں کا قول ہے**

**؎ نہنگ واژدہا وشیر نر مارا تو کیا مارا**

**بڑے موذی مرض کو مار انفسِ امارہ کو گر مارا**

کسی مگر مچھ کو کسی شیر نر یا اژدہا کو ختم کر دیا ہے تو کوئی کمال نہیں کیا بلکہ اصل کمال یہ ہے اپنے نفس امارہ کو رام کرلیا ہے۔

**سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا**

**پہلوان وہ نہیں جو اکھاڑے میں دشمن کو بچھاڑ دے بلکہ پہلوان تو وہ ہے جب غصہ آئے تو اُس پر قابو پالے اور اُسے ضبط کرلے۔**

**وَ الۡکٰظِمِیۡنَ الۡغَیۡظَ وَ الۡعَافِیۡنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَ اللّٰہُ یُحِبُّ الۡمُحۡسِنِیۡنَ (آل عمران:134)**

**''اور وہ غصہ پی جانے والے ہیں اور لوگوں کو معاف کر دینے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔''**

تو اِس اعتبار سے صوفیا کرام نے اِس کیلئے جو طریقہ بتایا ہے وہ اپنی ذات کی نفی اور حکم الٰہی کا اثبات ہے۔

**حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ فرماتے ہیں کہ صوفی سے پہلے خدمت** خلق کروا، پھر عمل صالحہ کی راہ پر چلاؤ اور پھر روحانی امراض اور اُن سے بچاؤ کی تعلیم دو۔

**خیر الناس من ینفع الناس (حدیث)**

''لوگوں میں بہتر وہ ہے جو مخلوق کو نفع دے۔''

**؎ طریقت بجز خدمت خلق نیست**

بہ تسبیح وسجادہ ودلق نیست (شیخ سعدی شیرازی)

صوفی اپنے آپ کو خادم کا جو تصور ہے نہ کہ مخدوم دوسرے درجے میں پھر اُس کو علم بھی دیں اُس سے عبادات بھی کروائیں کیونکہ عبادت بھی اُس وقت مقبول ہے جب سجدہ اللہ کیلئے ہو۔

؎ تیری نماز بے سرور تیرا امام بے حضور

ایسی نماز سے گزر ایسے امام سے گزر

؎ جن کا عمل ہے بے غرض ان کی جزا کچھ اور ہے

حور و خیام سے گزر بادہ و جام سے گزر (علامہ اقبال)

لا صلوۃ الا بحضور القلب (مشکوۃ المصابیح: حدیث 2351)

''اُس نماز کی کوئی حیثیت نہیں جس میں حضورِ قلب نہیں۔''

اُس روزے کی کوئی حیثیت نہیں جس میں اخلاص اور للھیت نہیں اُس زکوۃ کی کوئی حیثیت نہیں جو دل آزاری، دکھاوا اور ریاکاری سے پاک نہ ہو اُس حج کا سیر وسیاحت کی طرح کوئی فائدہ نہیں اور اللہ کی رضا کیلئے نہ ہو۔ پھر صوفی مجلسِ ذکر کرے اور کروائے اور قلبی روحانی امراض سے بچے اور بچائے۔

الا بذکر اللہ تطمئن القلوب (الرعد:28)

خبردار! دلوں کو سکون اللہ کے ذکر سے ملتا ہے۔

اِس لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث ہے

ذکرِ خفی ذکرِ جلی سے ستر درجے بہتر ہے۔

قرآن میں اللہ نے فرمایا۔

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّ خِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ

(الاعراف:205)

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ اللہ کے نام کا ذکر اپنے نفس میں کر، اللہ کے نام کا ذکر اپنے قلب میں کر، کس طرح وَ خِيْفَةً خوف سے، تَضَرُّعًا عاجزی سے انکساری سے وَّدُوْنَ الْجَهْرِ ظاہر کیے بغیر مِنَ الْقَوْلِ (قول اور اقرار کے بغیر) بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ صبح بھی کر اور رات کو بھی کر وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ اور غفلت میں نہ پڑھ۔

ہر لمحہ جب اللہ کے ذکر کا پہرہ قلب میں بیٹھائے گا تو یہ روحانی بیماریاں، یہ رکاریاں، یہ منافقتیں، یہ حسد، یہ کینے، یہ لالچ اور یہ تکبر یہ سارا کچھ نکل جائے گا۔

القلوب المؤمن عرش اللہ (حدیث)

''مومن کا دل اللہ کا عرش ہے''

؎ ایہہ دل حجرہ رب سچے دا وچ پا فقیراں جھاتی ہو،

نہ کر منت خواجہ خضر دی تیرے اندر آپ حیاتی ہو

(سلطان باہو)

# صُلح حدیبیہ ا فتح مُبین

(تاریخ کے جھروکوں سے)

فوزیہ عظیم
(ایم اے اردو، ایم اے اسلامک اسٹڈیز، ایم اے ایجوکیشن۔ پرنسپل، الفوز العظیم انٹرنیشنل قرآن اکیڈمی)

**سوال: صُلح حدیبیہ فتح مبین کیسے ثابت ہوئی؟**

**جواب: صُلح نامہ حدیبیہ کیونکہ وجود میں آیا:**

اسلام امن وسلامتی کا نام ہے۔ چنانچہ جہاں صُلح سے امن قائم ہوسکتا ہے وہاں مسلمانوں کا امیر سب سے پہلے دستِ تعاون دراز کرے۔ یہ اسلامی ریاست خارجہ کا زریں اصول ہے اور اس اصول کو چودہ سو سال قبل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نے مقام پر واضح کیا تھا۔ آیئے دیکھیں کہ کن حالات میں صلح حدیبیہ وقوع پزیر ہوا۔

**(۱) زیارتِ کعبہ کی خواہش:**

اُدھر مسلمان اپنے روحانی معبد کعبہ سے طویل مدت کی جدائی محسوس کرنے لگے۔ گذشتہ کئی سالوں کے متواتر معرکوں نے ان کا دھیان ہٹائے رکھا۔ مگر اب انہیں اپنے معبد کعبے کی یاد ستانے لگی تھی اور پھر تحویل قبلہ نے تو اس کی اہمیت کو اور زیادہ اُجاگر کردیا تھا۔ چنانچہ مسلمانوں کی خواہش تھی کہ جلد از جلد اور جس طرح ممکن ہوسکے کعبہ کی زیارت کی جائے۔

**(۲) آبائی وطن کی یاد:**

ہجرت کرکے آنے والے مسلمانوں کو اپنے آبائی وطن مکہ کی یاد بڑی ستاتی تھی۔ گھر یا یاد آنا پردیس میں ایک قدرتی امر ہے۔ ویسے بھی مہاجرین کی خواہش تھی کہ وہ سال میں کم از کم ایک دفعہ اپنے وطن کی گلیوں کو دیکھ سکیں۔

**(۳) عزیز واقارب کی یاد:**

ہجرت کرکے مسلمانوں نے نہ صرف وطن چھوڑا بلکہ بہت سے عزیز واقارب اور قریشی رشتہ داروں کو چھوڑ آئے تھے۔ اب جب کہ اُنہوں نے قریش مکہ کو چند اہم معرکوں میں ذلت آمیز شکست سے دوچار کیا تو اب ان کو رشتہ داروں کی یاد ستا رہی تھی۔ اب وہ ان سے ملنے کے لئے بے تاب تھے۔

**(۴) آنحضورؐ کی سیاست خارجہ کا انتخاب:**

مکہ یا خیبر؟ ہجرت مدینہ کے بعد بدر کی ناکامی اور اُحد کی واضح اور احزاب کی ذلت آمیز شکستیں کھانے کے بعد قریش مکہ کو اب مدینہ کا رُخ کرنے کا سوچنا تھا۔ چنانچہ اپنی کامرانیوں کو نفسیاتی طور پر استعمال کرنے کے لئے آپؐ کو اب دو طاقتور مخالفین قریش مکہ اور خیبر کے یہودیوں میں سے ایک کا انتخاب کرنا تھا۔ اس کے لئے آپؐ نے مکہ کا انتخاب کیا۔

**(۵) مکہ کا انتخاب کیوں کیا گیا؟**

مکہ کا انتخاب اس لئے کیا گیا کہ مکہ کے لوگوں میں پہلی سی خود سری نہ رہی تھی اور وہ اپنا نقطہ نظر تبدیل کرنے پر مجبور ہوئے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ میں قحط کے زمانہ میں پانچ سو اشرفیاں امداد میں بھیج کر مکہ والوں کے دل جیت لئے۔ چنانچہ سازگار حالات دیکھ کر آپؐ نے مکہ کا انتخاب کیا۔ پھر یہ کہ مکہ ایک مقدس مقام تھا اور مسلمانوں کی دلی درستگی اس کے ساتھ تھی۔

**(۶)اشاعتِ اسلام:**

اشاعتِ اسلام کا ایک بہترین پروگرام آپؐ اپنی ذہنی بصیرت سے طے کر چکے تھے۔ چنانچہ مکہ کی طرف زیارت کے لئے روانگی اس کا مظہر تھی۔

**(۷)اشارہ خداوندی:**

بہت جلد مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ نے خوشخبری سُنادی کہ وہ ''تم بہت جلد انشاء اللہ مسجد حرام می داخل ہوجاؤ گے''۔مسلمان اس خوشخبری پر حیران تھے کہ وہ کس طرح کعبہ میں داخل ہونگے۔

**(۸)حُرمت کے مہینوں کا انتخاب:**

رسول پاکؐ نے ایک کام یہ بھی کیا کہ آپؐ نے سفر حج کے لئے اُن مہینوں کا انتخاب کیا جن میں عربوں کے لئے لڑنا کفر تھا اور یہ مہینے حرمت کے مہینے تھے۔ یہ آپؐ کی عدیم النظر بصیرت کا شاہکار تھا۔

**(۹)قریش پر نفسیاتی برتری قائم کرنا:**

اگرچہ کفار مکہ کو پے در پے ناکامیاں ہوئیں مگر ان کی عسکری صلاحیت اتنی کمزور نہ ہوئی کہ وہ آسانی سے ختم ہوجاتے۔تاہم اب مکہ والوں کو ابتداء کرنے کی جرأت نہ ہوگی۔اس دفعہ ابتداء مسلمان کریں گے۔

## اعلان نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا صُلح نامہ کی ابتداء تک واقعات:

**(۱)زیارت کعبہ کے لئے اعلان سفر:**

وحی ایسی آنے پر آپؐ نے منادی کرادی کہ جو شخص زیارت کعبہ کے لئے جانا چاہے وہ تیاری کرے۔مگر جنگ کا ارادہ کر کے گھر سے نہ نکلے۔

**(۲)جانوروں پر قربانی کے نشانات لگانا:**

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قربانی کے لئے آنے والے ستر((70 اونٹوں بشمول ابوجہل کے اونٹ کے ہر قربانی کے نشان لگادیئے۔

**(۳)احرام باندھنا:**

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمانوں کو حکم دیا کہ وہ احرام باندھ کر جائیں۔جس طرح زائرین جاتے ہیں۔تلواریں نیام میں تھیں اور لباس خالصتاً حاجیوں کے لئے جنہیں دیکھ کر کوئی یہ شک نہ کرسکتا تھا کہ جنگ کے ارادے سے آئے ہیں۔

**(۴)قریش مکہ کا اطلاع اور ردعمل:**

اطلاع ملنے پر عکرمہ بن ابی جہل اور خالد بن ولیدؓ نے ذی طویٰ کے مقام پر مسلمانوں کی ناکہ بندی کردی۔

**(۵)رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جنگ سے پرہیز کا حکم:**

رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمانوں کو جنگ سے پرہیز کرنے کا حکم دیا اور ایک دوسرے راستے سے روانہ ہوئے اور حدیبیہ کے مقام پر جاکے رُکے۔

**(۶)مسلمانوں کو کیوں مکہ آنے سے روکا جارہا تھا:**

قریش مکہ اس لئے مسلمانوں کو مکہ نہیں آنے دے رہے تھے کیونکہ ایک تو وہ نفسیاتی طور پر مسلمانوں سے خوفزدہ تھے۔ پھر انہیں خدشہ تھا کہ مسلمانوں اور مشرکوں کے میل جول سے اسلام کی اشاعت ہوگی۔ پھر یہ کہ مسلمانوں کے رشتہ دار بھی مکہ میں تھے۔ انہیں اب اسلام قبول کرنے سے روکنا تھا۔

**(۷)قریش کے اندیشے:**

قریش بے حد خوفزدہ تھے۔ان کو اندیشہ تھا کہ اگر مسلمان مکہ

آ گئے تو ان کی برتری ختم ہو جائے گی۔ ان کے مذاہب کا خاتمہ ہو جائے گا وغیرہ۔

**(۸) ابتدائی گفتگو:**

قریش کا پہلا وفد قبیلہ خزاع کا سربراہ بدیل بن ورقا کی قیادت میں آیا۔ بات چیت کے بعد اس نے واپس جا کر قریش سے کہا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اجازت دے دیں۔ کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بلاوجہ جنگ ختم کرنے اور صلح کے خواہش مند ہیں۔ قریش نے ان کا مشورہ رد کر دیا۔

**(۹) دوسرا وفد:**

دوسرے وفد نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات کے بعد بدیل بن ورقا والا مشورہ دیا۔

**(۱۰) تیسرے وفد کی کارگزاری:**

تیر اندازی میں کامل مہارت کے حامل قبیلہ کے سربراہ حلیس کو قربانی کے جانور دکھائے گئے تو وہ بڑا متاثر ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بات چیت کئے بغیر واپس چلا گیا اور قریش کو ظُلم سے باز رہنے کی تلقین کی اور ساتھ ہی قریش کو دھمکی دی کہ اس کا قبیلہ جنگ نہیں کرے گا۔ پھر عروہ بن ثقفیٰ کو بھیجا گیا۔ اس نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف کی اس پر قریش مکہ سٹپٹا گئے۔

**(۱۱) مسلمانوں کی پہلی سفارت:**

قریش کے مسلسل وفود آنے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فراش بن اُمیہ خزاعی کو بھیجا جس کے اونٹ کو ہلاک کر دیا گیا۔ تاہم قاصد کو حلیس نے بچوا لیا۔

**(۱۲) قریش کی سنگ باری:**

رات کو قریش کے جوانوں نے حدیبیہ پہنچ کر مسلمانوں پر سنگ باری کی ان سب کو گرفتار کر کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لایا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سب کو رہا کر دیا۔ اس طرح رائے عامہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق میں مزید ہموار ہو گئی۔

**(۱۳) عثمان بن عفانؓ کی روانگی:**

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوسرا قاصد عثمان بن عفانؓ کو بنا کر بھیجا۔

**(۱۴) شہادت عثمانؓ کی افواہ:**

افواہ پھیل گئی کہ عثمان بن عفانؓ شہید کر دیئے گئے ہیں۔

**(۱۵) بیعت رضوان:**

عثمان بن عفانؓ کی شہادت کی اطلاع پا کر مسلمانوں میں رنج الم کی لہر دوڑ گئی۔ اس موقع پر قصاص عثمانؓ لینے کے لئے مسلمانوں نے ایک درخت کے نیچے آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی کہ وہ جنگ میں زندگی پر موت کو ترجیح دیں گے۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے اس بیعت پر خوشی کا اظہار کیا اور اسے بیعت رضوان کے نام سے پکارا۔

**(۱۶) خالد بن ولید سے جھڑپ:**

بیعت کے بعد مسلمان تلواریں سونت کر جنگ کے لئے تیار ہو گئے۔ اس اثناء میں حضرت عثمانؓ باخیریت واپس آنے کی اطلاع ملی جس سے مسلمان خوش ہو گئے۔ اس دوران خالد بن ولید سواروں کا دستہ لیکر آن پہنچا، معمولی جھڑپ کے بعد وہ واپس چلا گیا۔

**(۱۷) سہیل بن عمرو:**

مکہ سے مذاکرات کرنے کے لئے قریش کی طرف سے سہیل بن

عمرو آئے اور درج ذیل نکات پر سمجھوتہ ہوا۔

**شرائط یا نکات صلح حدیبیہ:**

شبلی نعمانی سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں چھ نکات کا ذکر کرتے ہیں۔

پروفیسر محمد صدیق رسول نمبر شمارہ میں سیاست خارجہ میں آٹھ شرائط کا ذکر ہے۔ سیارہ ڈائجسٹ رسول نمبر میں چھٹی شق کو الف ، ب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ دورانِ معاہدہ عمرو نے چند الفاظ پر اعتراض کیا حضرت علیؓ جو کاتب تھے ان الفاظ کو مٹانے سے انکار کر دیا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود اپنے دستِ مبارک سے ان کو مٹا دیا جو صلح نامہ طے پایا ان کی شرائط درج ذیل تھیں۔

(۱) اس سال مسلمان واپس چلے جائیں گے۔

(۲) اگلے سال آئیں اور صرف تین دن قیام کریں گے۔

(۳) فریقین دس سال جنگ نہیں کریں گے۔

(۴) قبائل عرب جس کے ساتھ چاہیں مل جائیں۔

(۵) صرف تلوار لائیں وہ بھی نیام میں ہو۔

(۶) قریش کا جو شخص مدینہ جائے گا اسے واپس کیا جائیگا۔

(۷) مدینہ کا جو شخص مرتد ہو کر مکہ جائے گا اس کو واپس نہیں کیا جائیگا۔

(۸) مدینہ سے گزرنے والے قریش کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امان اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھیوں کو مکہ میں قریش کی امان ہوگی۔

**معاہدہ کی پاسداری:**

ابھی بات چیت جاری تھی کہ عمرو بن سہیل کے صاحبزادے ابوجندلؓ جو اسلام قبول کر چکے تھے اور ان کو قید کر کے رکھا گیا تھا، بھاگ کر آنے میں کامیاب ہو گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معاہدے کی رو سے ان کو واپس کر دیا حالانکہ ابھی معاہدے پر دستخط ہونا باقی تھے۔

**مسلمانوں کا مطمئن نہ ہونا:**

ایک تو مسلمان پہل اس معاہدے سے مطمئن نہ تھے پھر جب ابوجندلؓ بیڑیاں توڑ کر آ گئے تو انہیں مسلمانوں کے سامنے واپس کر دیا گیا تو مسلمانوں میں رنج والم کی لہر دوڑ گئی۔ حضرت عمر فاروقؓ کی بے چینی اضطراب میں بدل گئی تھی۔

**قربانیوں کا حکم:**

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرامؓ کو حکم دیا کہ جو جانور قربانی کے لئے لائے تھے انہیں یہاں ذبح کر دیا جائے۔ غمگین مسلمان غمزدہ بیٹھے رہے۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب خود جانور ذبح کیا تو سب شامل ہو گئے۔

**قرآنی آیت کا نزول:**

واپسی پر راستے میں قرآن پاک کی آیت نازل ہوئی۔

ترجمہ: ''اے پیغمبر یہ حدیبیہ کی صُلح کیا ہوئی حقیقت میں ہم نے کھلم کھلا تمہاری فتح کر دی تا کہ تمہارے اگلے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں''۔

**صلح حدیبیہ کے نتائج واثرات:**

بظاہر یک طرفہ ہونے والے اس معاہدے میں مسلمانوں کو اگر چہ کمزور رکھا گیا مگر حقیقتاً یہ مسلمانوں کے لئے سودمند تھا۔ اس میں کئی دفعات ایسی تھی جو مسلمانوں کے لئے مرکزی حیثیت رکھتی تھیں۔ آیئے دیکھیں تو اس صلح کے کیا اثرات، نتائج وثمرات حاصل ہوئے۔

**اشاعت اسلام:**

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اشاعت اسلام کا ایک جامع پروگرام ترتیب دے دیا تھا اور صلح حدیبیہ کے ذریعے اس پر عمل درآمد شروع کر دیا۔

**محمد صدیق قریشی: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیاست خارجہ:**

''معاہدہ حدیبیہ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبلیغ کا کام اس طرح شروع کیا کہ صرف تین سال کے اندر جزیرہ عرب سرنگوں ہو گیا جب کہ صرف پندرہ برسوں میں اسلامی ریاست تین براعظموں تک پھیل گئی۔ اسی طرح مدینہ سے تجارتی تحفظات کی بحالی سے لوگوں میں میل جول بڑھا اور وہ مسلمان ہونے لگے۔

**(۱) کفار کے حلیفی نظام کی تباہی:**

جنگ خندق میں قریش نے بہت سے قبائل کو اپنے ساتھ ملا لیا تھا۔ تاہم صلح حدیبیہ کی رو سے تمام عرب قبائل کو حق دیا گیا کہ وہ جس کے ساتھ چاہیں مل جائیں۔ چنانچہ فوری نتیجہ آیا اور بنوخزاعہ کا قبیلہ مسلمانوں کا حلیف بن گیا۔ اس سے قریش کے حلیفی نظام کو شدید نقصان پہنچا۔

**(۲) طرز فکر میں تبدیلی:**

صلح حدیبیہ اور فتح مکہ کے موقع پر مکہ میں شدید قحط پڑا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانچ سو اشرفیاں ان کی امداد کے لئے بھیجیں تو لوگ یہ سوچنے پر مجبور ہو گئے کہ ہم نے ان (مسلمانوں) کو اتنی اذیتیں دیں اور وہ ہمیں اس قدر تکلیف میں بھی نہیں بھولے۔ اس سے ان کے طرز عمل اور طرز فکر میں تبدیلی ہونے شروع ہو گئی۔

**(۳) لشکر کشی کا خطرہ جاتا رہا:**

سرداران مکہ جو یکے بعد دیگرے مدینہ پر چڑھ دوڑتے تھے اب ان کی طرف سے لشکر کشی کا خطرہ ٹل گیا کیونکہ صلح نامہ حدیبیہ کی رو سے دونوں قریش دس سال تک جنگ نہیں کریں گے اور پھر یہ کہ دونوں فریقین اپنی عداوتیں دل میں ہی رکھیں گے اور جنگ نہیں کریں گے۔

**(۴) دیگر قبائل سے نمٹنا:**

**ڈاکٹر حمید اللہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیاسی زندگی:**

''جب اہل مکہ نے تسلیم کر لیا کہ وہ مدینہ اور مسلمانوں کے خلاف منصوبہ بندی نہ کریں گے تو اس صورت حال سے ایک نادر موقع مسلمانوں کے ہاتھ آ گیا کہ مسلمان دیگر قبائل سے نمٹ سکیں گے۔ عرب پر قبضہ کرنے سے مسلمان بحرین وعمان کے قریب پہنچ گئے۔ قریش کا ہموار ہونا یمن کا راستہ کھول گیا''۔

**(۵) مسلمانوں کا حق زیارت تسلیم کرنا:**

فراست نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قریش سے یہ تسلیم کر لیا کہ زیارت کعبہ مسلمانوں کا حقیقی حق ہے۔

**پروفیسر محمد صدیق قریشی: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیاست خارجہ:**

''معاہدہ کی رو سے مسلمانوں کا حق زیارت تسلیم کر لیا گیا جس کے تحت یہ تسلیم کر لیا گیا کہ اسلام کی ایک مذہبی حیثیت کو قبول کر لیا گیا۔

**(۶) ریاست مدینہ کو تسلیم کرنا:**

صلح حدیبیہ میں قریش نے گویا ریاست مدینہ کو تسلیم کر لیا کیونکہ ایک ریاست اپنی ہم پلہ ریاست کے ساتھ ہی صلح کر سکتی ہے۔

**(۷)خیبر کی فتح:**

صلح حدیبیہ سے قبل آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دو طاقتور حریف تھے۔ یہودی اور قریش مکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فہم وفراست سے قریش مکہ سے سمجھوتہ کر کے یہودیوں کو تنہا کر دیا۔ یہی وجہ تھی کہ یہ معاہدہ مسلمانوں کے تحفظ کی ضمانت بن گیا۔ چنانچہ صلح حدیبیہ کے تقریباً 25 دن بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خیبر فتح کر کے ایک خطرناک اور عیار دُشمن سے نجات حاصل کی۔

**(۸)فتح مکہ:**

صلح حدیبیہ ایک کھلی فتح تھی۔ اس فتح کے کئی اہم پہلو تھے جن میں ایک یہ کہ مسلمانوں نے صلح حدیبیہ کے دوسرے سال ہی مکہ کو فتح کر لیا۔ یہ ایک بہت بڑی فت تھی جو تاریخ اسلام میں ایک نمایاں مقام رکھتی ہے۔ اس کی فتح کی بنیاد صلح حدیبیہ ہی تھی۔

**(۹)خالد بن ولیدؓ اور عمر بن العاصؓ کا اسلام قبول کرنا:**

اشاعت اسلام صلح حدیبیہ کے بعد تیز ہوگئی اور خالد بن ولیدؓ اور عمرو بن العاصؓ جیسے لوگوں نے اسلام قبول کر لیا۔ تاریخ اسلام میں خالد بن ولیدؓ جیسا جرنیل پیدا نہیں ہوا جب کہ عمرو بن العاص کا شمار مکہ کے معتمدین میں سے تھا۔ چنانچہ صلح حدیبیہ کے بعد ان کا اسلام لانا مسلمانوں کے لئے نیک شگون تھا۔ یہی وجہ تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے اسلام لانے پر کہا ''کہ مکہ نے اپنے جگر کے ٹکڑے ہمارے حوالے کر دیئے ہیں''۔

**(۱۰) قریش کی شرمساری:**

اپنی من مانی شرائط عائد کر کے قریش نے سمجھ لیا تھا کہ اُنہوں نے آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سیاسی میدان میں شکست دے دی ہے۔ حالانکہ یہ ان کی اپنی شکست تھی۔ ایک شق کے تحت طے پایا تھا کہ مکہ سے آنے والے مسلمان کو واپس کرنا تھا۔ ابوبصیرؓ آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو واپس کر دیا، راستے میں اس نے ایک شخص کو قتل کر دیا، دوسرا بھاگ گیا۔ اب ابوبصیرؓ نے اپنا گروہ بنا کر کفار مکہ کے لوگوں کو لوٹنا شروع کر دیا۔ وہ اس قدر تنگ ہوئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے درخواست کی کہ معاہدہ کی یہ شق ختم کر دی جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہی شق اشاعت اسلام کے لئے ترقی کا باعث بنی۔

**(۱۱)مسلمانوں کی سیاسی پوزیشن مستحکم ہونا۔**

صلح حدیبیہ نے رسول پاکؐ کی سیاسی پوزیشن مستحکم کر دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بہت سے بادشاہوں کو دعوت اسلام دی۔ بحرین، عمان اور حبشہ کے بادشاہ مسلمان ہوگئے جب کہ روم، ایران کے مغرور بادشاہوں نے اسلام کی دعوت کو مسترد کر دیا اور جہنم واصل ہوگئے۔

**(۱۲)مسلمانوں کی عظمت وسطوت میں اضافہ:**

جب ۷ ہجری میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ میں حج فرمایا تو اس وقت مسلمانوں کی شان وشوکت کا منظر قابلِ دید تھا۔ عبداللہ بن رواحہؓ کے گیت نے سونے پر سہاگہ کا کام کیا اور پھر مسلمانوں کی جماعت جہاں سے بھی گزرتی، مسلمانوں کی عظمت وسطوت کا نقش بٹھا دیتی اور یہی فتح کے لئے معاون بنی۔

**(۱۳)معاشرتی اصلاح:**

شراب صلح حدیبیہ کے بعد ہی حرام قرار دی گئی۔ پھر یہ کہ معاہدہ میں ایک شق کے مطابق مرتد جو کہ مسلمانوں کے لئے آستین کے سانپ تھے ان کو الگ کر کے مسلمانوں نے اپنی ترقی کی راہ ہموار کی۔

**(۱۴) فتح مبین کی بشارت:**

حدیبیہ سے واپسی پر راستے میں سورۃ الفتح کی آیات نازل ہوئیں:

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خواب کو سچ کر کے دکھایا لہذا وہ یقیناً مسجد حرام میں داخل ہونگے کہ اللہ تعالیٰ چاہے گا کہ آرام کے ساتھ وہ اپنے سروں کو منڈوائیں گے اور روک توک بال کتروائیں گے۔

**(۱۵) امن وامان کا قیام:**

**ڈاکٹر حمید اللہ: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیاسی زندگی:**

''صلح حدیبیہ کے بعد کا دور امن وامان کا دور ہے۔ اس دوران چند معرکے ہوئے مگر اب کی بار چڑھائی مسلمانوں نے کی نہ کہ قریش مکہ نے۔ چنانچہ قرآن پاک نے جس طرح اسے فتح مبین کہا ہے۔ حالات وواقعات نے اسے واقعی سچا ثابت کر دیا ہے''۔

**(۱۶) وفاداری کا بے نظیر مظاہرہ:**

شہادت عثمانؓ کی خبر نے مسلمانوں کو رنج والم اور جوش وانتقام کے جذبہ صادق کی بیعت رضوان نے اس طرح تصدیق کی کہ رب پاک بھی عرش بریں پر خوش ہوگیا۔ اس جذبہ وفاداری سے ثابت ہوگیا کہ مسلمان سیسہ پلائی دیوار کی مانند یک جاں دو قالب ہیں۔

**وفاداری سے متعلق حدیث**

**عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيهِ"**

**رواه الترمذي وحسنه الألباني**

**ترجمہ**

اُبو ہریرہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے روایت کیا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ایک مسلمان کا ایمان اسکے حصہ میں سے ہے کہ وہ اُس چیز سے دور رہے جو اسے متعلق نہیں ہوتی۔''

[سنن الترمذی، حسن]

**حدیث کا مفہوم**

یہ حدیث اسلام میں وفاداری کی اہمیت کو زور دیتی ہے۔ وفادار ہونا مطلب ہے کہ ہم اپنے تمام اعمال اور تعاملات میں وفادار، سچّا اور قابلِ اعتماد رہیں۔ اس حدیث میں، النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں سکھاتے ہیں کہ ایک اچھے مسلمان کی علامت یہ ہے کہ وہ اُس بات میں دخل نہ کرے جس سے وہ متعلق نہیں ہوتا۔

## حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

- کوئی تم سے محبت نہ کرے گا جب تک تم خود کو محبت نہ کرو گے- صحیح البخاری، کتاب 73، حدیث 13
- اپنے بھائی کے لئے وہی چاہیں جو تم اپنے لئے چاہتے ہو''- صحیح البخاری، کتاب 2، حدیث 13
- علم حاصل کرنا ہر مسلمان کے لئے فرض ہے- سنن ابن ماجہ، کتاب 1

# (تاریخ کے جھروکوں سے) تاریخ خلافت کا تاریخی جائزہ

محمد علی فاروقی

(پی ایچ ڈی، پاکستان اسٹڈیز سکالر، قائداعظم یونیورسٹی، اسلام آباد)

**جواب:(ا) پس منظر:**

تاریخ اسلام میں نظریہ خلافت کو ایک ارفع و اعلیٰ مقام حاصل رہا ہے۔ خلافت کا آغاز آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے بعد ہوا اور بنوامُیہ کے بعد خلافت موروثی ہوگئی اور اسلامی نظام کی اصل روح مفقود ہوگئی۔ اس کے باوجود نظریہ خلافت کسی نہ کسی حوالے سے قائم رہی۔ منگولوں کے ہاتھوں بغداد کی تباہی کے بعد عباسی خلیفہ دینوی اقتدار سے مکمل طور پر محروم ہوگیا۔ لیکن اس کی دین قدرومنزلت بدستور قائم رہی اور وہ قاہرہ میں جامقیم ہوا۔

**(۲) ترکی اور ہندوستانی مسلمان:**

1057ء میں ترکی کے سلطان نے مصر کو زیرنگین کیا تو مصر میں مقیم آخری عباسی خلیفہ نے اس کے ہاتھ پر بیعت کرلی۔ یہ خلافت بنوعباس سے ترکی کے عثمانیہ خاندان میں منتقل ہوگئی۔ برصغیر کے مسلمان خلافت کو اسلامی اتحاد کی علامت خیال کرتے تھے اس لئے وہ ترکی کے سلطان کو بڑی عقیدت کی نگاہ سے دیکھتے تھے اوراس کے ہرفیصلے کو مانتے تھے۔

ڈاکٹر معین الحق ''ہسٹری آف دی فیڈم موومنٹ'' میں رقمطراز ہیں کہ'' 1914ء میں جب پہلی جنگ عظیم کا آغاز ہوا اور برطانوی اور ترکی ایک دوسرے کے خلاف صف آراء ہوئے تو برطانیہ نے مسلمانانِ ہند کے تعاون کے حصول اور اِن کی تشفی کے لئے اعلان کیا کہ اعلانِ جنگ سلطنتِ ترکیہ کے خلاف ہے نہ کہ خلیفتہ المسلمین کے خلاف اور وعدہ کیا کہ مقامات مقدسہ کی حُرمت کا بھی احترام کیا جائے گا''۔

**(۳) خلافت کمیٹی کا قیام:**

جنگ کے بعد ترکی کے ساتھ ناروا سلوک کیا گیا تو ترکی کے مستقبل کے بارے میں برصغیر کے مسلمانوں کا اضطراب بڑھ گیا۔ لیکن حکومت کی پابندیوں کی وجہ سے بے بس تھے۔ مگر اُنہوں نے ہمت اور اولوالعزمی کے ساتھ حالات کا مقابلہ کیا۔ انہوں نے ایک تحریک شروع کی جو تحریکِ خلافت کے نام سے مشہور ہے۔ اس تحریک کی قیادت خلافت کمیٹی کے ہاتھ تھی۔ خلافت کمیٹی کے بڑے مقاصد یہ تھے؟

**(ا) ترکی کی خلافت قائم رکھی جائے۔**

**(ب) مسلمانوں کے مقدس مقامات ترکوں کی حفاظت میں رہیں۔**

**(ب) ترکوں کی سلطنت کی حدود وہی رہنے دی جائیں جو جنگ سے پہلے تھیں۔**

**(۴) خلافت کمیٹی کا اجلاس امرتسر:**

دسمبر 1912ء میں مسلم لیگ، کانگریس اور خلافت کمیٹی کے اجلاس امرتسر میں ہوئے۔ اجلاس میں ہندو مُسلم اتحاد پرزور دیا گیا۔ کانگرس نے کمیٹی کی حمایت کا یقین دلایا اس میں یہ بات

طے ہوئی کہ خلافت کے سوال کی وضاحت کرنے کے لئے ایک وفد انگلستان بھیجا جائے۔

**(۵) قائدین کی وائسرائے سے ملاقات:**

18 جنوری 1920ء کو اٹھارہ ہندو مسلم لیڈروں پر مشتمل وفد نے وائسرائے چیمسفورڈ سے ملاقات کی اور خلافت کے بارے میں اس کو بتایا۔ مگر اس نے جواب دیا کہ ترکی کی قسمت کا فیصلہ صرف انگلستان کے ہاتھ میں نہیں بلکہ اتحادیوں کا مشترکہ مسئلہ ہے۔ اس کے بعد خلافت کمیٹی کا اجلاس بلایا گیا جس میں گاندھی کے حکومت سے عدم تعاون لائحہ عمل اختیار کرنے کو کہا۔

**(۶) وفد کی انگلستان روانگی:**

مارچ 1920ء کے آغاز میں ایک وفد مولانا محمد علی جوہر کی قیادت میں انگلستان روانہ ہوا اور انگلستان کے نامور سیاستدانوں سے ملاقاتیں ہوئیں لیکن وفد کو جلد ہی احساس ہو گیا کہ تعصب اور لاعلمی کے باعث برطانیہ کی فضا ترکی کے سخت خلاف ہے۔ پھر وفد 17 مارچ 1920ء کو وزیراعظم لوئیڈ جارج سے ملا مگر اس نے نہایت بے حیائی سے برطانیہ کی طرف سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے سے اور وفد کے مطالبات ماننے سے انکار کر دیا۔

آئی ایچ قریشی ''مسٹرگل فار پاکستان'' میں لکھتے ہیں کہ اس نے جواب دیا کہ ''آسٹریا سے انصاف ہو چکا، جرمنی سے بھی ہو چکا کیسا خوبصورت اور بھیانک انصاف اب ترکیہ اس سے کیوں بچے''۔

**(۷) تحریکِ ہجرت:**

1920ء میں ہندوستان میں عجیب وغریب واقعہ ہوا کہ علماء نے فتویٰ دے دیا کہ مسلمان ایسی حکومت کے وفادار نہیں ہو سکتے جس نے اس کے ساتھ اتنی بڑی غداری کی ہے۔ انہیں ان کے خلاف لڑنا چاہیئے اور ہجرت بھی کری چاہیئے۔ چنانچہ کم وبیش مسلمانوں نے اپنی جائیدادوں کو اونے پونے بیچ دیا اور افغانستان کی طرف ہجرت کر گئے۔ مگر افغانستان نے ان کو پناہ نہ دی اور یہ مجبوراً بے شمار جانی و مالی نقصان اُٹھا کر وطن واپس لوٹ آئے۔

**(۸) معاہدہ سیورے:**

وفد خلافت ابھی انگلستان میں ہی تھا کہ پہلی جنگ عظیم کے فاتحین نے ترکی کے ساتھ صلح کی شرائط طے کیں اور حکومت ترکی کو ان پر دستخط کرنے پر مجبور کیا۔ 10 اگست 1920ء کو مجبوراً اس پر دستخط کرنے پڑے۔ اس کی شرائط یہ ہیں۔

1۔ سلطان ترکی اتحادیوں کی حمایت پر قسطنطنیہ پر حکومت کرے گا۔

2۔ اتحادی ترکی کے ایشیائی حصوں پر جب چاہیں قبضہ کر لیں۔

3۔ ترکی کے یورپی حصوں کو چھین کر ان میں آرمینیا کی ریاست بنا دی جائے۔

4۔ عرب ملکوں میں ترکی کی حکومت ختم ہو جائے گی۔

5۔ اٹلی اور یونان کو ترکی کے کچھ علاقے دیئے جائیں گے۔

معاہدہ سیورے اتنا تنگ ظرفانہ تھا کہ باضمیر انسان نے اس کے بارے میں بے چینی محسوس کی۔ سلطان ترکی جو شکست خوردہ تھا وہ بھی تلملا اُٹھا مگر اس سے زبردستی دستخط کروائے گئے۔

**(۹) وفد خلافت کی واپسی اور تحریک کا آغاز:**

وفد خلافت بھی مایوس لوٹا اور جلسے جلوس کر کے ہندوستان کے

لوگوں کو اس ساری صورتِ حال سے آگاہ کیا اور انہیں اپنے حقوق کے لئے آواز اُٹھانے کے لئے کہا کہ انگریزوں کی چالوں کو سمجھو۔

**(۱۰) کانگرس کی شمولیت:**

مہاتما گاندھی اگرچہ پہلے روز ہی سے تحریک کی حوصلہ افزائی کر رہے تھے مگر اب صورتحال کچھ اور تھی۔ اس طرح گاندھی جی کو کمیٹی کی قیادت دے دی گئی۔ باقی ارکان مسلمان تھے، اصل میں گاندھی اپنا مقصد نکالنا چاہتے تھے کہ تحریک کامیاب ہو یا نہ ہو لیکن تحریک آزادی کے لئے یہ سازگار رہے گی۔ اس طرح اس نے خلافت کی بحالی کے لئے نعرہ بلند کیا۔

**(۱۱) تحریک ترک مولات کے اقدامات:**

تحریک کی مشترکہ ہائی کمیشن کی قیادت بھی گاندھی جی کو سونپی گئی تھی۔ اُنہوں نے جو منصوبہ پیش کیا اس کے مطابق ذیل اقدامات کئے گئے۔

**1۔ ہڑتال، خطابات، تمغوں کی واپسی:**

یکم اگست 1920ء کو ملک گیر ہڑتال کروائی گئی، گاندھی جی نے اپنے تمغے واپس کر دیئے۔ اس طرح تحریک کا آغاز کیا گیا۔ لوگوں نے بھی اپنے تمغے واپس کرنے کا اعلان کر دیا اور خطابات واپس کرنے کی بھی اپیل کی گئی۔

**2۔ عدالتوں کا بائیکاٹ:**

عدالتوں کے بائیکاٹ کی اپیل کی گئی۔ اس اپیل پر بہت سے وکلاء نے پریکٹس چھوڑ دی۔ اس سے عدالتوں کا وقار کافی مجروح ہوا اور عدلیہ کا پورا نظام جزوی طور پر معطل ہو گیا۔

**3۔ تعلیمی اداروں میں تحریک:**

تعلیمی اداروں کو گرانٹ وسول کرنے سے انکار کی ترغیب دی گئی اور کہا گیا کہ اگر کالج تیار نہ ہوں تو طلباء کالج چھوڑ دیں اور استاد استعفیٰ دے دیں۔ اس اپیل پر گرانٹ وصول کرنے سے انکار تو مشکل تھا البتہ ہزاروں طلبہ نے کالج چھوڑ دیا۔

**4۔ انتخابات کا بائیکاٹ:**

1919ء کے ایکٹ کے تحت انتخابات ہوئے تو خلافت کمیٹی اور کانگرس نے انتخابات کے بائیکاٹ کا فیصلہ کیا تاہم کانگرس کے ایک گروہ نے سوراج پارٹی بنا کر انتخابات جیتے اور تفاوتی گروہ کہلایا۔

**5۔ فوجی ملازمت سے علیحدگی کی ترغیب:**

خلافت کمیٹی نے ایک قرارداد کے ذریعے برطانوی فوج کے مسلمان سپاہیوں سے اپیل کی کہ وہ برطانوی حکومت کی فوج کی نوکری چھوڑ دیں۔

**6۔ سودیشی تحریک:**

گاندھی جی نے تحریک اور زیادہ شدید کرنے کے لئے سودیشی تحریک شروع کر دی جس کا مطلب یہ تھا کہ غیر مُلکی مال کا بائیکاٹ کیا جائے بالخصوص کپڑے کی درآمد تقریباً بند ہو کر رہ گئی۔ پہلے سے درآمد شدہ کپڑا جلا دیا گیا۔ مسلمانوں نے جمع کر کے ترکی بجھوا دیا۔

**6۔ سرکاری تقریبات کا بائیکاٹ:**

اگست 1920ء میں پرنس آف ویلز کے برصغیر کے دورے کا پروگرام بنا تو زبردست ہڑتالیں ہوئیں۔ جلوس نکلے، دفعہ 144 توڑ دی گئی۔ اس طرح حکومت برطانیہ نے پرنس آف ویلز کو روک دیا۔

**(۱۲) قائدین کی گرفتاری اور مقدمات:**

6 جولائی 1921ء کو کراچی کے خلافت کمیٹی کے اجلاس میں محمد علی جوہر کو حکومت کے خلاف تقریر کرتے ہوئے دیکھا تو حکومت نے علی برادران کو گرفتار کرلیا۔ اِن پر مقدمہ چلا کر ان کو 2 سال کے لئے قید بامشقت کی سزا سنائی گئی جب کہ مقدمہ میں ملوث واحد ہندو کو شک کا فائدہ دیکر رہا کردیا گیا۔ دوسری طرف ابوالکلام آزاد نے کلکتہ میں سول نافرمانی شروع کرنے کا اعلان کیا تو انہیں بھی گرفتار کرلیا گیا۔

**(۱۳) موپلا بغاوت:**

موپلا انگریزوں کے خلاف انیسویں صدی کے آخر میں تین بار بگاوت کرچکے تھے۔ تحریک خلافت کی لہر جب وہاں پہنچی تو اُنہوں نے اگست 1921ء کو دفعہ 144 توڑ دی۔ سید حسن ریاض ''پاکستان ناگزیر تھا'' میں لکھتے ہیں کہ ''حکومت برطانیہ نے دفعہ 144 ایسی شرارت سے نافذ کی اگر موپلے مشتعل نہ ہوتے تو تعجب کی بات ہوتی''۔ امن پسند رضا کاروں کو پیٹا گیا، ان کی وردیاں اتاردی گئیں، انہیں گھروں سے گھسیٹ کر باہر نکالا گیا اور مقامی مذہبی راہنماؤں کی تذلیل کی گئی۔ بہت سو کو گرفتار کرلیا گیا۔ آخر تنگ آکر موپلوں نے بغاوت کردی اور انگریز افسروں کو قتل کر ڈالا۔ جیلوں پر حملے کرکے قیدی رہا کردیئے۔ اس طرح چھ ماہ تک انہوں نے گوریلا طریقے سے جنگ جاری رکھی۔ حکومت نے اس علاقے پر فوج کشی کی اور خوب قتل وغارت کرکے بغاوت ختم کی اور قیدیوں کو بلدری بھیج دیا گیا۔ ڈبے میں بند ہونے کی وجہ سے بیشتر راستے ہی میں حبس دم کا شکار ہوگئے۔

**(۱۴) اجلاس احمد آباد اور گاندھی کی بلاشرکت غیرے قیادت:**

احمد آباد میں کانگرس میں مسلم لیگ اور خلافت کمیٹی کا اجلاس بُلوایا گیا اور مسلم لیگ کی طرف سے مکمل آزادی کا نعرہ لگانے کی پیش کش پر گاندھی جی نے مخالفت کی۔ حسرت موہانی نے گوریلا جنگ جاری کرنے کا طریقہ اختیار کرنے کی تلقین کی تو حکومت نے انہیں بھی گرفتار کرلیا اور 23 سال قید سُنائی۔ اس میں سول نافرمانی جاری رکھنے کو کہا گیا اور خلافت کانفرنس میں مہاتما گاندھی کو تحریک کا واحد قائد بھی مقرر کیا۔

**(۱۵) سمجھوتے کی کوششیں:**

وائسرائے نے کانگرس کے ساتھ سمجھوتے کی کوششیں شروع کردیں تو گاندھی نے بھی اس کے حل کے لئے ایک ماہ تک سول نافرمانی تحریک کو ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ لیکن حقیقت میں وائسرائے مخلص نہیں تھا۔ اصل میں وہ پرنس آف ویلز کے دورے تک حالات سازگار رکھنا چاہتا تھا۔ جونہی دورختم ہوا تو وائسرائے نے حیلے بہانے سے شرائط ختم کرنی شروع کردیں تو گاندھی جی نے سول نافرمانی دوبارہ شروع کرنے کا فیصلہ کیا۔

**(۱۶) واقعہ چوراچوری اور تحریک کا خاتمہ:**

گاندھی جی نے سول نافرمانی کو ختم کرنے کا اعلان کیا ہوا تھا۔ اس کے باوجود 1922ء کو کانگرس کے ایک جلوس نے موضع فرخ آباد میں ایک گاؤں چورا چوری میں ایک تھانے پر حملہ کرکے آگ لگادی جس سے 21 سپاہی اور ایک انسپکٹر زندہ جل مرے۔ اس کروائی کے خلاف حکومت نے سخت پروپیگنڈہ کیا۔ گاندھی جی نے اس واقعہ کو بہانہ بنا کر تحریک ملتوی کرنے کا اعلان کردیا۔ 13 مارچ کو گاندھی جی بھی گرفتار ہوئے۔ اُنہوں نے تشدد کی ذمہ

داری اپنے اوپر لے لی اور اس کو چھ سال قید کی سزا سُنائی گئی۔ لیکن اس نے جاتے جاتے خلافت کا خاتمہ کر دیا۔ اس کے لئے اس نے باقاعدہ اعلان کیا۔

**(۱۷) خلافت کا انجام:**

خلافت جس کے حق میں یہ ساری تحریک چل رہی تھی جن حالات سے گزری تھی، نہایت پیچیدہ تھے۔ ترکوں نے سیورے معاہدہ کو ماننے سے انکار کر دیا۔ کمال اتاترک نے خلیفہ کو چیلنج کرتے ہوئے قومی اسمبلی قائم کر دی اور اتحادی فوجوں کو شکست دی اور آرمینینا پر قبضہ کر لیا اور اس نے پہلے خلیفہ کو معزول کر کے عبدالمجید کو خلیفہ بنا دیا اور عمومی اختیار اپنے پاس رکھ لئے۔ سید امیر علی اور سر آغا خان نے خلافت کو بحال کرنے کے بارے میں لکھا تو کمال اتاترک نے اس کو داخلی معاملات میں مداخلت کہہ کر خلافت کو 1924ء میں ختم کر ڈالا۔ جس خلافت کو بچانے کے لئے برصغیر کے مسلمانوں نے اتنی قربانیاں دیں تھیں وہ اپنوں کے ہاتھوں ختم ہوگئی تو اس کی اُمیدوں پر پانی پھر گیا۔

**(۱۸) تحریک خلافت کی ناکامی کے اسباب:**

1۔ گاندھی جی کی منافقانہ پالیسیاں اور مسلمانوں سے بدعہدی۔

2۔ تحریک خلافت کے لئے جو فنڈ جمع کئے گئے ان میں بھی کرد برد کی افواہیں۔

3۔ ہندوؤں کی فرقہ پرستی اور مُسلم دُشمنی ہندو تحریکوں سے تعاون۔

4۔ تحریک ہجرت اور اس کی ناکامی۔

5۔ کمزور اور شکست خوردہ ترکی۔

6۔ ترکوں کے اپنے ہاتھوں خلافت کا خاتمہ۔

**(۱۹) تحریک خلافت کے اثرات و نتائج:**

چوہدری خلیق الزمان ''پاتھ وے ٹو پاکستان'' میں لکھتے ہیں کہ تحریک خلافت مسلمانوں کی بہت جاندار تحریک تھی مگر عملاً مسلمانوں کو اس سے نقصان ہوا۔ انگریزوں کو زک پہنچی مگر ہندو قوم کو بے انتہا فائدہ پہنچا۔

سید حسن ریاض ''پاکستان ناگزیر تھا'' میں لکھتے ہیں کہ تحریک خلافت واحد تحریک تھی جس میں مسلمان اور ہندو شانہ بشانہ شریک رہے۔ ان کے باہمی اختلافات وقتی طور پر دب گئے اور بھائی چارے کی بڑی خوشگوار فضا پیدا ہوگئی۔

تحریک خلافت کا مثبت پہلو یہ ہے کہ مسلم قوم ایک مضبوط قوت کے طور پر اُبھری۔ اس تحریک نے بقول ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی مسلم قوم کو باور کرا دیا کہ ''وہ نہ تو برطانوی حکومت پر اعتماد کر سکتی ہے نہ ہندوؤں پر بلکہ اسے اپنی سلامتی اور بقاء کے لئے خود اپنے بازوؤں پر بھروسہ کرنا ہوگا''۔

**1۔ ہندو مسلم اختلافات:**

تحریک کی بدولت دونوں قوموں میں جو قربت پیدا ہوئی تھی وہ تحریک کے خاتمے کے ساتھ نہ صرف ختم ہوئی بلکہ نفرت، بداعتمادی اور عدم اتفاق کا ایک لامتناہی دور شروع ہوگیا۔ تحریک کے معاون گاندگی کی شخصیت خوب اُبھری لیکن تحریک ختم ہوئی تو وہ بے نقاب ہوگیا۔

**2۔ ہجرت کے نتائج:**

ابوالکلام آزاد نے گادھی کے کہنے پر مسلمانوں کو ہجرت کی راہ دکھائی، مسلمانوں نے اونے پونے اپنی جائیدادیں بیچ دیں اور ہجرت کی۔ مگر افغانستان نے اس کو داخلہ نہ دیا تو یہ لوگ جب

واپس آئے تو مکمل طور پر لوٹ لئے گئے تھے اور ہندوستان میں ہندوؤں نے ان کی جائیدادیں واپس کرنے سے انکار کر دیا اس طرح بیشتر مسلمان گھر سے بے گھر ہو گئے۔

**3۔فنڈ میں خرد برد:**

تحریک کو کامیاب بنانے کے لئے مسلمانوں نے لاکھو روپے کا چندہ جمع کیا۔ مگر جن لوگوں نے پاس فنڈ کی رقم اکٹھی کی گئی اُنہوں نے بے ایمانی شروع کر دی تو عوام کو ان پر اعتماد اُٹھ گیا اور عوام نے ان کا ساتھ دینا بھی چھوڑ دیا۔

**4۔دستوری ارتقاء میں رکاوٹ:**

تحریک شروع ہوئی تو مسلمانوں نے اپنی پوری توجہ اس پر دی اور دستور سے ان کی توجہ ہٹ گئی۔ پھر اُنہوں نے تحریک کو کامیاب بنانے کے لئے 1919ء کی اصلاحات کے حوالے سے انتخابات میں بھی حصہ لیا۔ اس سے انگریزوں سے عدم تعاون بھی شروع ہو گیا اور حکومت نے مسلمانوں کے مسائل میں دلچسپی لینی بھی چھوڑ دی اور مسلمانوں سے ناراضگی کا اظہار کیا۔

**5۔خواتین میں انقلابی تبدیلیاں:**

تحریک میں خواتین نے مردوں کے شانہ بشانہ حصہ لیا۔

**6۔تعلیمی انحطاط:**

تحریک خلافت نے مُسلم طلباء کو پڑھائی کی راہ چھوڑ کر سیاست میں حصہ لینے کا مشورہ دیا اس نے ان کے متسقبل کو بری طرح متاثر کیا۔ اشتیاق حسین قریشی'' جدوجہد پاکستان'' میں لکھتے ہیں کہ طلباء کی سیاست میں حصہ لینے کی روایت قائم چلی آرہی ہے اور پورے برصغیر پر اپنا منحوس سایہ ڈالتی ہے''۔

طلباء نے اپنی تعلیمی سرگرمیوں کو معطل کر کے تحریک کے لئے اپنا وقت وقف کیا تو ان کی پڑھائی کا تسلسل ٹوٹ گیا اور مسلم یونیورسٹی علی گڑھ اور دوسرے مسلم ادارے جو معیار قائم کر چکے تھے، برقرار نہ رہ سکا اور اس کے اثرات مستقبل کے معاشی اور تعلیمی حالات پر پڑے۔

تحریک خلافت کے نتائج حوصلہ افزاء نہیں تھے، انگریز اور ہندو دونوں سے مسلمانوں کے تعلقات بگڑ گئے۔ مسلمانوں کو تعلیمی معاشی نقصان ہوا۔ وہ اندرونی و بیرونی اسباب کی بناء پر بہت مایوس ہوئے لیکن تحریک خلافت مسلمانوں کو بحیثیت ایک قوم اپنی پہچان کروا گئی۔ انہیں علم ہو گیا کہ ہندو اور انگریز دونوں اس کے دشمن ہیں اور مسلمانوں کو دونوں کے خلاف اپنے حقوق کے لئے لڑنا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسلمان قوم اپنے لئے علیحدہ منزل کا تعین کرنے میں کامیاب ہوگئی۔ مسلم لیڈروں کو بڑے تلخ تجربات ہوئے لیکن یہ تجربات بحیثیت مجموعی بڑے مفید ثابت ہوئے اور مسلمان اپنی منزل کی تلاش میں کامیاب ہو گئے۔ تحریک خلافت کے بعد مسلمان اپنے پاؤں پر کھڑے ہو گئے اور اُنہوں نے 1940ء میں جداگانہ مملکت کا مطالبہ کر دیا۔

ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی'' جدوجہد پاکستان'' میں رقمطراز ہیں کہ'' مسلمانوں میں خود اعتمادی اور سیاسی شعور پیدا ہوا، تحریک خلافت کے بعد مسلمان سیاستدان ایک مختلف زبان بولنے لگے۔ انہوں نے اس خیال کو ترک کر دیا کہ وہ ہندوستان میں ہندوؤں یا انگریزوں کے بھروسے پر ہی زندہ رہ سکتے ہیں''۔

سید حسن ریاض'' پاکستان ناگزیر تھا'' میں لکھتے ہیں کہ'' اگر مسلمان اس تحریک میں حصہ نہ لیتے تو پاکستان کے لئے جنگ کرنے کے قابل ہرگز نہ ہوسکتے''۔

# (ادبیات پنجابی) حضرت بابا فرید گنج شکرؒ

اقدس ہاشمی

(لیکچرار اردو، گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس، کہوٹہ)

## حضرت بابا فرید الدین گنج شکر دی حیاتی تے فن دا ویروا

آپ دا نام مسعود الدین، لقب گنج شکرؒ، تے تخلص فریدؒ اے۔ آپ دے وڈ وڈیرے بلخ بخارے توں ہجرت کر کے ملتان دے نیڑے پنڈ کوٹھوال وچ آ کے آباد ہوئے۔ آپ دا شجرہ نسب حضرت عمر فاروقؓ نال مل جاندا اے۔ ایس پاروں آپ نوں فاروقی دے آکھدے نیں۔ نانکی لڑی دا سلسلہ حضرت علیؓ نال جاملدا اے، تے ایس پکھوں آپ نوں علوی وی آکھدے نیں۔

آپ دے بزرگاں جس ویلے کابل (بلخ بخارا) توں ہجرت کیتی اوس زمانے وچ چنگیز خاں، ہلاکو خاں دے حملیاں پاروں تمام لاکوئی تنگ سی۔ اودھر محمود غزنوی دے ہندوستان اتے حملہ کرن ویلے کجھ اللہ دے نیک بندے وی لشکر نال رل کے ہندوستان وچ آباد ہو گئے جنہاں نے تبلیغ دا کم جاری کیتا اس زمانے وچ ہندوستان دی حالت ابتر ہو رہی سی۔ خاص طور تے پنجاب دا حال بہت خراب سی۔ کوئی طاقتور حکومت نہیں قائم نہیں سی۔ جے اج اک پردھان بن گیا سی تے دوسرے دن اوہدا پتہ نشان نہیں لبھدا سی۔ بابا فرید گنج شکرؒ دے دادا دا ناں محمد شعیبؒ تے والد داناں قاضی جمال دینؒ سی۔ آپ دی پیدائش یکم رمضان 569ھ/1174ء نوں پنڈ کھوتووال (ملتان) وچ ہوئی۔ مڈھلی تعلیم کھوتووال وچ رہ کے مکمل کیتی فیر ملتان آ کے مولانا منہاج الدین ترمذی دی درسگاہ وچ رہ کر قرآن مجید، فقہ، حدیث تے تفسیر دا علم حاصل کیتا۔ اٹھاراں سالاں دے سن کہ آپ دی ملاقات خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ نال ہوئی۔ فیر آپ دلی، قندھار، بغداد شریف دا سفر کر کے شیخ شہاب الدین سہروردی، حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانیؒ، شیخ فرید الدین عطا نیشاپوریؒ، حضرت سیف الدین بخرزمی رحمہم اللہ تعالیٰ دی صحبت وچ رہ یک قلب تے نفس دی صفائی کردے رہے۔ دلی دا بادشاہ سلطان التمش ہفتے وچ دو واری آپ دی زیارت واسطے آندا سی۔ جدوں خواجہ قطب الدینؒ دی وفات ہوئی۔ آپ ست دن اوہناں دی خانقاہ تے بیٹھے رہے۔ فیر ہانسی (حصار) تے بعد وچ اجودھن جا کے آباد ہوئے۔ آپ دی شادی سلطان غیاث الدین بلبن دی دھی نال ہوئی جس دے بطن وچوں چھ پتر تے دو دھیاں پیدا ہویاں۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ آپ دے مرید تے جوائی سن۔ حضرت علی احمد صابر کلیرؒ والے آپ دے شاگرد تے بھانجے سن۔ آپ دا وصال 5 محرم الحرام 664ھ/1265 نوں ہویا۔ سلطان غیاث الدین بلبن نے آپؒ دا مزار تعمیر کروایا۔

ایک دن آپ خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ دی خدمت وچ حاضر ہوئے تے بیعت دی خواہش دا اظہار کیتا۔ آپ جناب خواجہ صاحب دے وسیلے نال حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ دے دست حق پرست توں 589 ہجری وچ خلافت دی گدی حاصل کیتی تے تقریباً 20-22 ورہے تبلیغ دا کم کردے رہے۔ تے اہناں دناں عاماں لوکاں دے بھلے لئی اپنی رائج

الوقت بولی پنجابی وچ شعر آکھن دی ابتداء کیتی۔ آخر 600ھ وچ آپؒ نے اجودھن وچ پکا ڈیرا جمایا۔اجودھن نوں آج کل پاکپتن آکھدے نیں۔ اپنے آخری ساہ تک آپ ایتھے ہی رہے تے 664ھ وچ ایسے جگہ آپ دا وصال ہویا۔اس وقت دے حاکم نے آپ دا مزار وی اسے جگہ بنایا جیہڑا اج تیک عوام واسطے اک اُچا مقام رکھدا اے جتھے سارا دن ساری رات دین دے پرستاراں دا میلہ لگا رہندا اے تے ہر سال یکم محرم توں لیکے دس محرم تک عرس منایا جاندا اے۔

بابا فرید گنج شکرؒ دے کلام وچ صوفیانہ رنگ ڈاہڈا گوہڑا رچیا ہویا نظر آوندا اے کیونکہ آپؒ دی طبیعت مُڈھ توں مذہبی رنگ نال رنگی ہوئی سی۔ ایہدے نال نال ایہہ گل وی ضروری اے پئی اپنے قاریاں نوں اوس سمے دے حالات دا وی کجھ پتہ دتا جائے۔ محمود غزنوی دے حملیاں پاروں کوئی وڈی تے مضبوط حکومت قائم نہیں سی جے اج کوئی پردھان سی تے کل اوسے دا زوال آجاندا سی۔ ایس توں ودھ کے کئی ہور وی علتاں سن جنہاں نے بابا جی دے علم ادب وچ تصوف دا رنگ بھریا۔ ایک وجہ اے وی سی کہ باہر دے دیسوں آون والے مسلماناں نے اپنے طور طریقے تے زبان، ورتارا وی نال لیاندا جس نے آل دوالے دی رہتل بہتل تے اپنا اثر پایا۔ اوہناں دناں وچ اس سمے دے منے پرمنے صوفی بزرگ وہ ہجرت کر کے ایتھے آ کے آباد ہوگئے جنہاں وچ حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ، حضرت علی ہجویری یالمعروف داتا گنج بخشؒ تے بہت وڈیاں علمی، دینی ہستیاں ساہن تے فیر اگوں اہناں دے مرید بنن دا کم جاری ساری رہیا۔ دیس پنجاب وچوں کھلر کے اے بزرگ تے اہناں دے مریدین پورے ہندوستان وچ پھیل کے اللہ دے دین نوں پھیلایا جیہڑا آج تیک قائم دائم اے۔

حضرت بابا فریدؒ ہوراں عوامی قصیاں دی تھاں عشق حقیقی تے زور دتا، اوہ فرماندے نیں:

برہا برہا آکھئے برہا توں سلطان
فریدا جت تن برہا نہ اوپجے سوتن جان مسان

ایہدا مطلب آپ لخدے نیں کہ اے گل سچ اے کہ عشق عشق ای سلطان اے جو عشق اللہ تعالیٰ دا ناں وے تے اے وی سچ اے کہ جس جثے وچ عشق نہیں اوس وچ اللہ دا ناں اِ وی نہیں۔ جے اللہ دا عشق نہ ہووے تے جثہ جثہ نہیں ہوندا بلکہ مسان اے۔(مسان مردے ساڑن والی جگہ نوں آکھدے نیں)

ایہدا مطلب ایہہ وے کہ جیہڑے تن رب دی ذات نال رنگے ہوئے نیں اوہناں وچ رت نہیں ہوندی۔ اوہناں دی ایہہ گل عام لوکاں دی سمجھ وچ چھیتی نہیں آوندی۔ ڈاکٹر فقیر محمد فقیر ہوراں اپنی کتاب ''مکھدے پھل'' وچ لخیا اے کہ باباجیؒ نے باراں ورہے کجھ نہیں کھادا پیتا۔ اس اک کاٹھ دی روٹی پیٹ اتے بنھ رکھی سے جدوں بھکھ پیاس ڈاہڈا تنگ کر دی تے آپ اوس روٹی نوں منہ وچ پالیندے۔

فریدا روٹی میری کاٹھ دی لاون میری بھکھ
جنہاں کھادی چوپڑی گھنے سہن گے دُکھ

آپ دے شعر تے عمل توں سانوں پہلے شعر دا مطلب ہتھ آوندا اے کیوں جے گوشت پوست دا انسان ہوون کر کے اوہدیاں فطری لوڑاں نوں پورا نہ کرنا تے بھکھ پیاس دی پرواہ نہ کرنا۔ ہر ہمی تمی دا کم نہیں ہوندا جیکر جثے وچ جائے کجھ ناں تاں اوہدے

وچ خون کتھوں پیدا ہووے گا۔

آپ فرماندے نیں کہ پیٹ بھر کھانا انسان تے نشہ حاوی کر دیندا اے تے او خدا دی راہ چھڈ کے عیش عشرت دا راہ پھڑ لیندا اے۔ ایس لئی اوہناں نے گھٹ کھاون دی عادت پالئی۔

رکھ سکھی کھا کے ٹھنڈا پانی پی

فریدا ویکھ پرائی چوپڑی نہ ترساویں جی

''مہکدے پھل'' کتاب وچ لکھیا اے کہ پرہیز گاری حاصل کرن لئی ضروری اے کہ انسان اپنے وچوں بھکھ پیاس دا لوبھ کڈھ دیوے، جیہڑا بہت اوکھا کم اے۔ جے کسی کم دی دلوں محبت نہ ہووے تے اوہ کم خوشی نال نہیں ہوسکدا۔ ایسی لئی اوہ سب توں پہلاں اپنے اندر ویکھن دی صلاح دیندے نیں۔

فریدا جے توں عقل لطیف ہیں کالے لکھ نہ لیکھ

آپنڑے گریواں میں سر نیواں کر ویکھ

ایس طرح بابا فریدؒ ہوراں نے لوکاں نوں اوہو قدیم تعلیم دتی اے جیہڑی سارے پاک لوکاں نے دتی ''من عرف نفسه'' ایہدے نال نال آپ نے انقلابی زندگی ول دھیان کرن دی اشکل وی دتی۔

ویکھ فرید جو تھیا، داڑی ہوئی بور

اگا نیڑے آ گیا، پچھا رہ گیا دُور

ایس شعر توں صاف صاف ظاہر ہوندا اے کہ انسان نوں اپنی عاقبت دا وی خیال کرنا چاہیدا اے کیوں جے مرن دا ویلا کوئی نہیں جاندا تے ایہہ کسے ویلے وی آسکدا اے۔ جیہدا علم صرف خدا نوں اے۔

ڈاکٹر فقیر محمد فقیر جیہڑے پنجابی زبان دے ماہر منے جاندے نیں اپنی کتاب ''مہکدے پھل'' وچ لکھدے نیں کہ بابا فرید گنج شکر ہمیشہ تکبر، غرور دے خلاف جہاد کردے رہے۔ اس دے حوالے نال اے شعر ویکھو:

فریدا خاک نہ نندیے، خاکوں جیڈ نہ کوئے

جنیوندیاں پیرا تلے مویاں اُپر ہوئے

یعنی خاک، جو پوری دُنیا جہاں دے پیراں تھلے رہندی اے آخر مرن توں بعد وہی خاک انسان دے اُپر آ جاندی اے۔ اوہناں دے خیال موجب ایہہ دُنیا ایسی جگہ اے جیہدے وچ کرنی دی بھرنی اے۔ نیکی کروگے تاں نیک پھل پاؤ گے۔ اتے بدی کروگے تاں بُراں بدلا پاؤ گے۔

فیدا لوڑے داکھ نجوریاں ککر بیجے جٹ

ہنڈے ان کتایندا پیڈھا لوڑے پٹ

جیہدا صاف مطلب ایہہ وے کہ ککر بیج کے داکھ نہیں مل سکدی۔ جیویں زندگی بھر ان کتاون والے توں ریشم نہناں نصیب نہیں ہوندا۔

آپ ہمشہ نیک کم کرن دی تبلیغ کردے رہے۔ کیوں جو مندے کم کرکے انسان گھاٹے وچ رہندا اے۔ ایسا کدی نہیں ہوندا کہ آدمی نم یا دریکھ کھا کے آکھے کہ اوہدا منہ وی کوڑا نہ ہووے ایہہ کیویں ممکن اے ایس لئی او ہمیش نیک کم کرن تے حلال رزق کھان تے زور دیندے رہے۔

فریدا بے نمازا کیتا ایہہ نہ بھلی ریت

کدی چل نہ آیا پنجے وقت مسیت

آپؒ دی تبلیغ دا انداز ایہو جیہا پیارا سی کہ اکسے نوں بُرا نہیں سی لگدا۔ بابا فرید گنج شکرؒ ہمیش مثال وچ اپنا ای ناں لیندے سن۔ جیویں کہ پچھلے شعر توں ظاہر ہوندا اے۔ آپؒ نے ہمیشہ نماز دی سختی نال تلقین کیتی کیوں جو نماز اک اجیہا عمل اے جیہدا ذکر قرآن مجید وچ تقریباً 700 واری آیا وے۔ آپ فرماندے نیں:

جنہیں ویس شاہ ملے سو یو ویس کرو

نماز دے نال آپؒ نے صبر دی وی تلقین کیتی تے امر رضا توں ڈگدے بندے نوں اپنے پیرا تے کھڑے ہون دا سہارا انج دیندے نیں:

فریدا دکھ سکھ اک کر دل توں لاہ وکار
اللہ بھاوے سو بھلا تاں لبھے دربار

آپؒ دے سارے کلام وچ نعمتاں دا سبق ملدا اے۔ آپؒ نے انسان نوں اخلاق نہ چھڈن دا سبق دتا اے۔

فریدا دُنیا دے لالچ لگیاں محنت بھل گئی
جاں سر آئی اپنے تاں سبھو وسر گئی

بعد پنجابی زبان دا ایڈا وڈا ادیب تے شاعر پنجاب دیس وچ پیدا نہیں ہویا۔

فریدا کالے منڈے کپڑے کالا مینڈا ادیس
گنی بھریا میں پھراں لوگ کہن درویش

بابا فرید گنج شکرؒ دا کلام ارفانہ رنگ وچ گوہڑا رنگیا ہویا اے جیہدے وچ مٹھاس بھری اے تے اسلامی تصوف اسلامی تہذیب دی یکتائی، سچائی تے بندگی دا سچا نمونہ اے۔

مکدی گل ایہہ وے کہ بابا فرید گنج شکرؒ دا کلام آپؒ دی حیاتی تے شخصیت دا بھروں نمونہ پیش کردا اے کیوں جے آپؒ زندگی بھر صبر تے شکر دی تلقین کردے رہے۔ آپؒ نے اپنا کلام پنجابی دے علاوہ فارسی زبان وچ وی لکھیا اے جیہدا کجھ نمونہ ''مکھدے پھل'' کتاب وچ نہیں ملدا پر ایتھے قاریاں دی شیرینی طبع واسطے لکھیا جارہیا اے جو ونگی اودھی چکھن لین۔

من نیم واللہ یارا من نیم — جان جانم سر سرم من نیم
نور پاک احمدم در مشت خاک — کور چشماں دا اگر روشن نیم
دوست اندر سر من ظاہر شدہ — من نیم مسعود باللہ من نیم

بابا فرید گنج شکرؒ دا کلام اشلوک کہاوندا اے۔ پنجاب دے سکھاں نے آپؒ دا کلام اپنی گرنتھ (مذہبی کتاب) وچ شامل کرلیا ہویا وے تے اج تیک سکھ مذہب دے منن والے بڑے چاء تے مذہبی عقیدت نال روزانہ ورد کردے نیں۔

فریدا راتیں وڈیاں دھخ دھخ اٹھن پاس
دھرگ تنہاں دا جیوناں جہاں پرائی آس

**بابا فریدؒ دا عرس۔۔۔میلہ:**

حضرت بابا فرید گنج شکرؒ ہوراں دا عرس یکم محرم الحرام توں دس محرم الحرام تیک منایا جاندا اے۔ آپ دے عرس تے میلے دیاں تیاریاں کافی پہلوں شروع ہوجاندیاں نیں تے آپؒ دے دربار دے آلے دوالے دے علاقے وچ دکاناں سجنیاں شروع ہوجاندیاں نیں۔

حضرت بابا فرید گنج شکرؒ دے دربار تے انج تے ہر ویلے رش لگا رہنا اے پر میلے (عرس) دے دناں وچ ایتھے پیر دھرن وں جگہ نہیں ہوندی۔ آپؒ دے دربار تے لوک دوروں دوروں سلام کرن تے اللہ رب العزت کولوں دعا منگن لئی حاضر ہوندے نیں تے اللہ اپنے نیک تے پسندیدہ بندیاں دی وجھوں اہناں لوکاں دی دعاواں وی قبول کرلیندا اے۔

حضرت بابا فرید گنج شکرؒ دے عرس دی اک خاص گل آپ دے دربار دا وہ بہشتی دروازہ اے جیہڑا پنج محرم الحرام توں دس محرم الحرام تیکر کھلا رہندا اے تے لوک خاص طور تے ایس دروازے چوں لنگھن لئی آندے نیں۔

حضرت بابا صاحبؒ نے نماز نوں بنیادی حیثیت دتی۔ اوہ ایس نوں دین دا ستون ای قرار دیندے نیں تے جنہیں نماز نوں قائم کیتا اوس نے دین نوں قائم کیتا۔ نماز اللہ نال محبت کرن تے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نال پیار عشق دی حد تک کرن نوں قرار دیندے نیں تے ایسے طرحاں ای نماز قائم ہوسکدی اے۔ باباؒ ہوری اک جگہ فرماندے نیں:

فریدا پچھلی رات نہ جاگیوں، جیوندڑ و مویو
جے تیں رب وساریا تاں رب نہ وساریو
جو سر سائیں نہ نیویں سو سر کپیجئے کاٹے
کنیں ہیٹھ جلائیے بال سندے تھاٹے
اُٹھ فریدا وضو سار صبح نماز گزار
جو سر سائیں نہ نیویں سو سر کپ اُتار
فریدا بے نماز کیتا ایہہ نہ بھلی ریت
کدہی چل نہ آیا پنجے وقت مسیت

حضرت بابا فرید گنج شکرؒ نال لوکاں دا ایہہ عشق ایس گل دی نشانی اے کہ جیہڑے لوک اپنی اندگی رب دی محبت سے گزاردے نیں اوہ دُنیا توں چلے جاندے باوجود لوکاں دے دلاں وچ وسدے نیں تے رب لوکاں دے دلاں وچ اوہناں دی محبت پیدا کردیندا اے۔

# بابا فرید گنج شکر کے چند اشعار

جے توں عقل لطیف کالے لکھ نہ لیکھ
آپنے گریوان میں سر نیواں کر دیکھ

جے جاناں تل تھوڑے سنبھل بک بھریں
جے جاناں شوہ نںڈھڑا تھوڑا مان کریں

فریدا در درویشی گاکھڑی، چلاں دنیا بھت
بنھ اٹھائی پوٹلی کتھے ونجاں گھت

# (ادبیات پنجابی) سید بُلھے شاہؒ

حمیرا ریاض
(ایل ایل ایم سکالر، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، اسلام آباد)

## سوال: سید بُلھے شاہ بیباک شاعر کیویں؟

سید بُلھے شاہ دا اصل نام عبداللہ سی پر اوہ بلھے شاہؒ دے ناں نال مشہور ہوئے۔ پیو دا نام سخی محمد درویشؒ ساکن پانڈو کے تحصیل قصور (لاہور) دے رہنوالے سن۔ بلھے شاہؒ دی تاریخ پیدائش 1103ھ مطابق 1680ء تے آپ دی وفات 1171ھ مطابق 1746ء اے۔

بلھے شاہؒ جدوں ذرا سیانے ہوئے قصور آ کے مولوی غلام مرتضیٰ کولوں ظاہری علم حاصل کیتا۔ جوانی وچ پیر رکھیا تے کجھ مجذوب ہو گئے، اک واری پھردے پھراندے بٹالہ (گورداسپور) پہنچے۔ منصور وانگوں مونہوں نکلیا: میں اللہ ہاں۔ لوک اوہناں نوں دربار فاضلیہ بٹالہ دے موڈھی شیخ فاضل الدین دے کول لے گئے۔ اوہناں فرمایا: اہ سچ کہندا اے۔ اہ الھا (کچا، الہڑ) اے ایس نوں آکھو شاہ عنایت کول جاتے پک کے آ۔

شاہ عنایت قادری ذات دے ارائیں تے قصور دے رہن والے درویش بزرگ سن۔ قصور دے پٹھان حاکم حسین خاں (گورنر) نال ان بن دے سببوں قصور چھڈ کے لاہور آ گئے تے اتھے اپنا جدی کم کردے رہے۔ بلھے شاہ جد اوہناں کول پہلی واری گئے۔ او پیلی وچ گنڈے (پیاز) بیج رہے سن، بلھے شاہ نے آکھیا۔ میں رب دا راہ پچھن آیا ہاں۔ آپ نے سبھاؤ کی فرمایا:

بلھیا! رب دا کیہ پاؤنا! ایدھروں پٹنا اودھر لاؤناں

مرشد دی ایہہ بات سن کے دل تے کجھ عجیب اثر ہویا، قدمیں جا لگے تے مرید ہو گئے۔ آپؒ لکھدے ہن:

بلھے شاہؒ دی سنو حکایت ہادی پکڑیا ہوئی ہدایت
میرا مرشد شاہ عنایت اوہ لنگھاوے پار

حضرت بابا بُلھے شاہؒ نوں پاکستان دے صاحب حال صوفی شاعراں دا سُرخیل آکھیا گیا اے۔ اوہناں دی ہر دلعزیزی دا کمال ایہہ وے جے اوہناں دا کلام کراچی توں لیکے خیبر تک بچے بچے دی زبان تے وے۔ لوکی اوہناں دا کلام سن دے نیں تے اللہ دیاں جلیاں پاندے نیں۔ ایس گل وچ کسے شک شبہے دی گنجائش نہیں جے اوہناں فدا مرتبہ تے مقام نہ صرف شاعری وچ بلند اے بلکہ اوہ تصوف، سلوک، ، معرفت تے حقیقت دی وی معراج تے نیں۔

بلھے شاہؒ حال دے اوس مقام اتے نیں جتھے کل شی یرجع الی اصلہ تے اوستوں وی کجھ ہورا گے من عرف نفسہ فقد عرف ربہ دی جیوندی جاگدی تصویر بن جاندا اے۔ سید بُلھے شاہ عشق دی اوس منزل تے نیں جتھے اوہناں نوں محبوب حقیقی توں وکھ ہور کجھ وی نظر نہیں آوندا یا فیر ہر ہر شے وچ صرف اوہو نظر آوندا اے۔ اوہ قطرے وچ، سمندر تے جز وچ کل دا مشاہدہ کردے نیں۔

بُلھا شوہ بن کوئی ناہیں
ایتھے اوتھے دوہیں سرائیں
بلھا شوہ یہ دوہیں جہانیں
کوئی نہ دسدا غیر

تے فیر اوہ ویلا وی آ جاندا اے جدوں اوہ علیحدگی تے وچھوڑے نوں کسے طور قبول کرن تے تیار نہیں ہوندے بلکہ قطرے وانگوں سمندر وچ مل کے خودنوں اوہدا ای حصہ تصور کرن لگ پیندے نیں تے حال پا ہر یا پا دیندے نیں۔

ہن پردہ کستوں راکھی دا　　کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی داؔ
پہلوں آپے ساجن ساجے دا　　ہن دسناں ایں سبق نمازے داؔ
ہن آیا آپ نظارے نوں　　وچ لیلیٰ بن بن جھاکی دا!
شاہ شمس دی کھل لہائیو　　منصورؒ نوں چا سولی دوائیو
زکریے سر کلوتر دھرائیو　　ایہہ لیکھا رہیا باقی دا!
ہن ساڈے ول دھایا ہے　　نہ رہندا چھپا چھپایا ہے
کتے بلھا نام دھرایا ہے　　وچ اوہلا رکھیا خاکی دا!
ہن پردہ کس توں راکھی دا!

سندھی تے پنجابی سرائیکی دے اک عظیم المرتبت شاعر تے بابے ہوراں وانوں ایسے انا الحق دے عشق دے مریض حضرت سائیں سچل سرمستؒ نے بابا بلھے شاہ نوں زبردست خراج عقیدت پیش کیتا اے کیوں جے سائیں ہوری سمجھدے نیں اوہناں ایہہ وی پتہ اے جے ایس دعوے تے اصلیت بیان کران دی سزا کڈی سخت تے ڈاہڈی اے۔اوہ لکھدے نیں:

"اناالحق"، منصور الایا کیش حشر تے ہولی
"من خدا"، عطا الایا جھل پئی ایہا جھولی
"خودخدا ہوں" آکھیا قلندر راہ لدھیس! ایہا سول
عشق بلھے سے سر دے اُتے تیغ اجل دی تولی
سچو نال سدا سکھ ہووے عشق والیاں دی ٹولی

اک ہور تھاں تے سید بُلھے شاہؒ نوں فیر اہناں مست الست عاشقاں دے زمرے وچ کر دیاں ہوئیاں بڑے سوہنے لفظاں وچ خراج عقیدت پیش کیتا اے:

تیڈ یاں چشماں کیتا چور
کہنوں آکھاں گل آھیں حال دی
بلھے شاہ کوئی بیراگی کیتوئی جیس دا شہر قصور
نازنیناں دے نال پیارہ سولی چاہڑیوئی منصور
خونی نین تیڈے کیڈا کیتا کرفل نال کلور
سرمد نوں لت دے کہائیوئی ورہ نیتا وہلور
شمس الحق دی کھل لہائیوئی ملکن وچ مشہور
قتل تساڈا قبولیا، جے ہوندے وچ حضور
سچو غیرت دے وچ ہوویں بےمحو کریں مذکور

اک سائیں ہوری ای نہیں بلکہ بابا بلھے شاہؒ ہوراں توں بعد وچ آوَن والے گھٹ ورہ سارے ای وڈ شاعراں، ادیباں، مئورخاں نے زبردست خراج عقیدت پیش کیتا اے۔ پنجابی دے اک سرکڈھ تے عظیم صوفی شاعر میاں مضمد بخش ہورا اپنی کتاب "سیف المولک" وچ بابا جی دے حضور نذرانہ پیش کردیاں آکھیا اے:

بلھے شاہ کافی سنکے ترٹ دا کفر اندرد
وحدت دے دریا دے اندر اوہ بھی وتیار تر دا

پنجابی زبان دا ادب تے تاریخ دے مصنف عبدالغفور قریشی قلعہ داری ہوراں دا کہناں ایں پئی بلھے شاہ دے کلام وچ عشق الہٰی، حق گوئی، بے باکی تے راست کرداری کٹ کٹ کے بھری ہوئے اے۔زور کلام وچ اوہناں دا جوڑ نہیں۔اونہاں ای خوبیاں دی وجہ توں بلھے شاہ دا نا پنجابی شاعراں دی پہلی صف وچ آوندا اے۔ پر آوَ خاں اسیں میاں محمد صاحب دے لفظاں وچ "وحدت دے وچ ترن" آئی گل بارے بابا بلھے شاہؒ دے کلام وچوں

شہادت حاصل کرن دی کوشش کریئے تے ویکھئے پئی ایہہ دعویٰ کتھوں تک صحیح اے۔

بُلھے شاہ دی شاعری نیک تے سچے عمل کمان دی تلقین نال بھری پئی اے۔موت دی یاد تے ہر ویلے ای آپ دے دل وچ رہندی اے ایس لئی آپ فرماندے نیں:

اُٹھ جاگ گھراڑے مرنہیں ایہہ سون تیرے درکار نہیں
اک روز جہانوں جاناں اے جا قبرے وچ سمانا اے
تیرا گوشت کیڑیاں کھانا اے کر چیتا مرگ وسار نہیں
اُٹھ جاگ گھراڑے مارنہیں ایہہ سون تیرے درکار نہیں
توں سُتیاں عمر ونجائے اے تیری ساعت نیڑے آئی اے
توں چرخے تند نہ پائی اے کیہ کرسیں داج تیار نہیں
اُٹھ جاگ گھراڑے مارنہیں ایہہ سون تیرے درکار نہیں

ایس موضوع تے تاں بابا بُلھے شاہؒ نے بہت کجھ لکھیا اے فیر ایس نوں اک عورت نال تشبیہہ دے کے بڑے معرفت نال سمجھاون دی چنتا کیتی اے۔ جیویں اک عورت جدوں جمدی اے تے تھوڑی جیہی جدوں اوہ سمجھ والی ہوندی اے اوہ اپنے ساہورے گھر جان دی تیاری کردی اے کیوں اوہنوں وی اتے اوہدے ماں پیو وی اے پتہ ہوناں اے جے داج توں بغیر جاوے گی تے ساہورے گھر ایسی دی کجھ قدر نہیں ہونی، ایس لئی بُلھے شاہؒ فرماندے نیں:

نت مٹیں دیندی مادھیا کیوں پھرنی ایں انویں آدھیا
نی زرم حیانہ گوادھیا توں کدی تاں سمجھ ندان کڑے
کر کتن والا دھیان کڑے

بابا بُلھے شاہؒ نے اپنی ایس کافی دے اندر دُنیاوی زندگی نوں چرخے نال تشبیہہ دتی اے کیوں جے اج توں پہلاں چرخہ ہر گھر دی اہم ضرورت سمجھیا جاندا سی اتے داج دا اکثر کم چرخے نال ایک متعلق ہوندا سی۔اج تاں ہر پاسے مِلاں تے کارخانیاں نے ایس نوں انھیری کوٹھڑی وچ اپڑا دتا اے۔ بابا ہوری فرماندے نیں کہ تیری زندگی چرخ دی مثال اے کہ جس طرحاں چرخہ چلدا اے تے اوہدے کولوں لوکاں نوں فائدہ ہوندا اے ایسی طرحاں تیرے کولوں وی لوکاں نوں فائدی ہونا چاہیدی اے یعنی تیرے عمل انج دے ہون کہ دوجیاں نوں اوہدے نال فائدہ حاصل ہوئے۔ایسے لئی باباجیؒ فرماندے نیں:

اوہ چرخہ تیرا رنگ رنگیلا ریس کیندا سب قبیلہ
چلدے چارے کرلے حیلہ ہوگھر وچہ آوادان کڑے
کر کتن وال دھیان کڑے

تے جے اج توں کجھ نہ کیتا، اج ویلا ای پچھے پریشان ہوسکیں نالے اوکھی ہوسیں۔ بابا بُلھے شاہؒ آکھدے نیں:

نت مٹیں دیا دہلی نوں اس بھولی کملی جھلی نوں
جد پوے گا وخت اکلی نوں تدہائے ہائے کرسی جاں کڑے
کر کتن وال دھیان کڑے

بابا بُلھے شاہؒ اگے ہور فرماندے نیں:

پھڑ نکتہ چھوڑ حساباں نوں کر دُور کفر دیاں باباں نوں
کر صاف دلے دیاں خواباں نوں گل ایسے گھر وچ ڈھکدی اے
اک نکتے وچ گل مکدی اے

تے اوہ نکتہ جیہدا بابا بُلھے شاہؒ ہوری اپنے شعراں وچ بار بار ذکر کردے نیں اوہ نکتہ بندے دے نیک، سچے عمل تے نیک کمائی اے۔ ایس اکو نکتے نوں سمجھ لین توں بعد کسے ہور نکتے نوں سمجھن دی لوڑ نہیں رہندی۔ بابا ہوری اک ہور تھاں تے فرماندے نیں:

الٹی گنگا بہایورے سادھو تب ہر درسن پائے
پریم کی پونی ہاتھ میں لیجو گنجھ مروڑی پڑنے نہ دیجو
گیان کا تکلا دھیان کا چرخہ اُلٹا پھیر بھوائے

اُلٹے پاؤں پر کھنب کرن جائے تب لنکا کا بھیدا پائے
دھنیرڑلٹیا ہن پچھمن باقی تب انحد ناد بجائے

موت تے فنا فاڈر بھو شروع توں بندے دی وکھ وچ کنڈا بن کے چھبدا رہیا اے۔ کوئی بندہ کنا ہی بھلن ہار تے مورکھ ہووے کدی نہ کدی بیٹھیاں کھلوتیاں اوہنوں ایہہ خیال آہی جاندا اے کہ میں چار دیہاڑی لئی ایس دُنیا تے یاہاں تے موت دی تلوار ہر ویلے میرے سر اُتے لٹک رہی اے۔ کیہ پتہ کیہڑے ویلے ڈھے کے میرے ڈکرے کر دیسی۔

سوجھوان کہندے ہن کہ مذہب تے تصوف دی اساری موت دے تصورات تے ای کیتی گئی اے۔ مذہب دا مڈھلا خیال ایہہ ہے کہ مرن توں پچھوں میں پھیر جی اُٹھاں گا۔ ایسے آس دے سہارے لوکیں مذہب دا لڑ پھڑی رکھدے ہن۔ تصوف وی ایہو جیہا نفسیاتی سہارا اے۔ صوفی کجھ لوکیں تے اجیہے ڈرے کہ سب کجھ چھڈ چھڈا کے پہاڑاں دیاں کھنداں تے تھلاں دیاں نکراں وچ لُک کے بیٹھے۔ کجھ سوجھواناں دا ایہہ خیال سی کہ ایہہ دُنیا چار دیہاڑیاں دی کوڑی کھیڈ ہے تے موت ہر ویلے سر اُتے کھلوتی اے ایس لئی کیوں نہ اپنے جیون نوں چونڑ طریقے نال گزاریئے تے اک اک پل توں بھرپور آنند لئے۔

گوتم بدھ، بابا فرید، سلطان باہو، شاہ حسین تے بُلھے شاہ آکھدے نیں کہ ایہہ دُنیا دُکھاں دا گھر اے۔ موت توں نسیا نہیں جاسکدا۔ ایس کر کے سچے یعنی نیک عمل کمانے چاہی دے نیں جیہڑے بندے دے کم آون۔ موت دے خیال نوں ہر ویلے سامنے رکھنا چاہی دا اے۔ ایس کر کے کجھ ہندو یوگی تے سادھو ایس لئے ردے دی کھوپڑی وچ ان پانی لیندے سن کہ موت ہر ویلے یاد رہووے۔ کن پائے جوگی ہتھ وچ کھپری رکھدے سن تے اوس وچ کھاندے پیندے سن۔ دوجے پاسے عارف، سُنت تے صوفی موت نوں ایس لئی یاد کردے سن کہ اوہ نیک عمل کرسکن تے اپنا جیون بھوہ دے بھانہ ونجا سٹن۔ پنجابی دیاں صوفی شاعراں نوں وی موت تے فنا دی چنتا لگی رہی اے۔ بابا بُلھے شاہؒ گفر ماندے نیں:

تیں کت پر پاؤں پسارا اے    کوئی دم کا انہاں گزارا اے
اک پلک جھلک دا میلا اے    کجھ کر لے ایہو ویلا اے
تیں کت پر پاؤں پسارا اے    کوئی دم کا انہاں گزارا اے
اک رات سراں دار ہناں اے    ایتھے آ کر پھل نہ بہناں اے
کل سب دا کوچ نقاراں
تیں کت پر پاؤں پسارا اے    کوئی دم کا انہاں گزارا اے

ایہہ دُنیا کوچ سراں ایں، ایتھے بیٹھ کسے نہیں رہناں۔ اج تیری کل میری واری، چنگے کم کرن وچ دیرن نہ کریئے، جیہڑا ویلا لنگھ جاندا اے مڑ ہتھ نہیں آندا۔

خاکی خال سوں رل جاناں    کجھ نہیں زور دھگاناں
گئے سو گئے فیر نہیں آئے    میرے جانی میت پیارے
میرے باہنجھوں رہیندے نائیں    ہن کیوں آساں وسارے
مٹی نیں مٹی وچ مل جاناں ایں
جیہڑے ٹر جاندے نیں واپس نہیں آندے
رین گئی لٹکے سب تارے    اب تو جاگ مسافر پیارے
کرے اج کرن دا بیرا    بوڑھ نہ ہوسی آون تیرا
ساتھ تیار چلو چل پکارے    اب تو جاگ مسافر پیارے
رین گئی لٹکے سب تارے    اب تو جاگ مسافر پیارے

(ادبیات پنجابی) حضرت سلطان باہوؒ

محمد دلشان اسلم فاروقی

ایم۔ایس۔سی۔انٹرنیشنل ریلیشنز،ایم اے انگلش

## حضرت سلطان باہو ہوراں دی حیاتی تے شاعری دا نکھیڑ ا

حضرت سلطان باہوؒ شورکوٹ ضلع جھنگ دے اک پنڈ ''اعوان'' وچ 1039ھ وچ پیدا ہوئے۔ اہناں دا وصال 1104ھ / 1691ء جمادی الثانی دے مہینے وچ ہویا۔ اس وقت اہناں دی عمر 63 ورہے سی۔

حضرت سلطان باہوؒ بڑے اُگھے اللہ لوک بزرگ نیں۔ اوہناں بارے ہور واقفی کران دی کوئی لوڑ نہیں کیوں جے کراچی دیاں کندھاں توں لے کے لنڈی کوتل تک اوہناں نوں کون نہیں جان دا۔ ویکھنا اے کہ اوہناں اپنے دوہڑیاں راہیں اپنے طور طریقیاں، مذہب تے مسلک بارے کناں کو چاناں پایا اے۔

جے حضرت سلطان باہوؒ نوں ویا اللہ توں وکھ صرف شاعر ای سمجھ لیا جاوے تاں وی ہر شاعر دا کلام اوہدے دل دی آواز ہوندا اے۔ اوہ اپنے دل دیاں وارداتاں نوں گلاں توں بناں اک دوجے اندر وچ کہہ جاندا اے۔ جنے وی ولی اللہ دیاں دین محمدی دی راہ دکھان والے ایسی ملک وآئے، اوہناں لئی شعر نوں ای مناسب جانیا۔ اک گل ایہہ وی اے جیہڑہ رہ کسے نوں آپ چنگا لگدا اے، اوہ قدرتی طور تے چاہندا اے پئی دوجے وی اوس راہ نوں اپناؤن ایہہ تاں عام جیہی گل اے۔ انگور و یچن والا مالٹیاں دی واج نہیں لاندا۔ جو کجھ کسے دے کول ہوندا اے، اوہ شعراں راہوں اوہدی زبان تے آجاندا اے۔ انج ای حضرت سلطان باہوؒ دے سینے وچ عشق نے جیہڑی اگ بالی اے۔ اوہدیاں لاٹاں سانوں دوروں دکھائی دیندیاں نیں۔

جدوں تصوف نے اوہناں دے دل دی صفائی کیتی تے اوہناں نوں ہر پاسے چانن ہویا تے ایہہ بول آکھیا:

جنہاں شوہ الف تھیں پایا پھول قرآن نہ پڑھدے ہُو
اوہ مارن دم محبت والا دور ہویونیں پردے ہُو
دوزخ بہشت غلام تنہاں دے چا کیتونیں بردے ہُو
میں قربان تنہاں توں باہوؒ جیہڑے وحدت دے وچ وڑدے ہُو

گویا جدوں عشق حقیقی ملیا تے پھر ہر پاسے دا چانن ہو گیا، تے دُنیاوی حقیقت وی کھل کے سامنے آگئی تے آپ نے فرمایا:

ایہہ دُنیا زن حیض پلیتی ہرگز پاک نی تھیوے ہُو
جیں فقر گھر دُنیا ہووے لعنت اس دے جیوے ہُو
حب دُنیا دی رب تھیں موڑے ویلے فکر کیجیوے ہُو
طلاق دُنیا نوں دیئے جے باہوؒ سچ پچھوے ہُو

دُنیا توں اتنی نفرت کرن توں بعد دُنیا داراں نال وی نفرت دا اظہار کردیا تے آکھیا:

ادھی لعنت دُنیا تائیں تے ساری دُنیا داراں ہُو
جیں راہ صاحب خرچ نہ کیتی لین غضب دی ماراں ہُو
پیوواں کولوں پتر کہاوے بھٹھ دُنیا مکاراں ہُو
جنہاں ترک دُنیا دی کیتی باہوؒ لیسن بہاراں ہُو

اہناں بولاں توں پتا لگدا اے بئی حضرت سلطان باہوؒ ہوراں دا

نظریہ دُنیا اُتے دُنیا داراں بارے کی سی یعنی پہلے بول دے راہیں اوہناں نے دُنیا نوں اس عورت نال تشبیہہ دتی اے جیہڑے اپنے خاص دناں وچ ہووے تے اودوں مرد وی اوس دے نیڑے نہیں جا سکدا یعنی اوس توں جیوں مرد لذت حاصل نہیں کر سکدا ایویں دُنیا توں وہ لذت نہیں ملدی بلکہ حضرت سلطان باہوؒ نے ایس توں غالباً ایہہ مراد لئی اے بُھی عورت تاں اک وقت تے جا کے پاک ہو جاندی اے پر دُنیا کدی وی پاک نہیں ہوسکدی، ایس واسطے ایس دُنیا دی پاکی دا انتظار نہیں کرنا چاہیدا ایس نوں تن طلاقاں دینیاں چاہیدیاں نیں۔

اتے دوجے بول وچ حضرت سلطان باہوؒ دنیا داراں بارے آکھدے نیں جیہڑے دنیا دار ایس دُنیا نوں خرچ نہیں کردے اوہناں نوں لعنت کرنی چاہیدی اے اتے ایس دُنیا نال محبت کیہڑی گل پچھے کردے اور ایہہ تاں پیواں کولوں پتر کھوہ لیندی اے اتے بھرا بھراواں لڑا لیندی اے ایس واسطے ایس دنیا بے وفا نال پیار نہیں کرنا چاہیدا۔

حضرت سلطان باہوؒ ہوراں نے ایس توں اڈ دنیا داراں بارے ہور وی الفاظ بولے نیں۔ جیویں ایہہ شعر دیکھو:

دُنیا ڈھونڈن والے کتے در در پھرن حیرانی ہُو
ہڈی اُتے ہوڑ تنہاں دی لڑدیاں عمر دہانی و
عقل دے کوتاہ سمجھ نہ جانن پیون لوڑن پانی ہُو
باجھوں ذکر ربے دے باہوؒ کوڑی رام کہانی ہُو

یعنی دُنیا ایک مردار اے اتے اس نوں ڈھونڈن والے کتے نیں جیویں نبی پاکؐ نے فرمایا ''دُنیا اک مردار اے اتے اوس لوڑن والے کتے نیں''۔

حضرت سلطان باہوؒ ہوریں وی ایہہ ای آکھدے نیں جے دنیا نوں لوڑب والے کتے نیں اتھے ساری عمر ایک ہڈی اتے لڑدیاں عمر وہا گئی اے اتے اجے وی اہناں عقل دے لاتا ہواں نوں سمجھ نہیں آئی کہ ایہہ فانی دُنیا نوں چھڈ کے اک رب دے ہو رہین۔

اک ہور جگہ اتے آپ نے دنیا نوں ٹھگ وی آکھیا اے:

عشق چلایا طرف اسماناں فرشتوں عرش دکھایا ہُو
رہ نی دنیا ٹھگ نہسا نوں ساڈا اگے جی گھبرایا ہُو
اسیں پردیسی ساڈا وطن دوراڈڑا ایویں کوڑا لالچ لایا ہُو
باہوؒ مر گئے جو مرنے تھیں پہلے تنہاں ای رب کو پایا ہُو

حضرت سلطان باہوؒ ''ترک'' تے ''تارک'' دی گل بات ملاؤندے نیں تے آکھدے نیں:

ترک دنیا دی تاہیں ہوسی جد فقر ملیسی خاصہ ہُو
تارک دنیا تاہیں ہوسی جد ہتھ پکڑ لیسی کاسہ ہُو
دریا وحدت نوش کیتوس اجے بھی جی پیاس ہُو
راہ فقر رات ہنجوروون باہو لوکاں بھانے ہاسہ ہُو

اونہاں دے دوہڑیاں تے نظر مارن توں پہلا ایہہ گل وی سامنے رکھنی پیندی اے پئی اوہ عشق الٰہی وچ مرشد دا وجود تے بے حد ضروری سمجھدے نیں کیوں جے اونہاں راہ مرشد راہیں ہتھ آیا سی۔

ذرا ویکھو اوہناں دے پہلے دوہڑے وچ ای خدا تے مرشد دا ذکر اپنے خاص انداز وچ اے:

الف۔ اللہ چنبے دی بوٹی مرشد من وچ لائی ہُو
نفی اثبات دا پانی ملیا ہر رگے ہر جائی ہُو

اندر بوٹی مُشک مچایا جاں پھلن پر آئی ہُو
جیوے مرشد کامل باہوؒ جیں ایہہ بوٹی لائی ہُو

حضرت سلطان باہوؒ وہویں صدی دا شاعر نہیں جسدے کول تشبیہات استعاریاں دے نال مبالغے دیاں نازک خیالاں وی ہون۔ ہندواں دیاں کتاباں دے مطابق اوہ ست جگ دا شاعر اے جیہڑا لوہے نوں لوہا تے چاندی نوں چاندی آکھدے اے۔ اوہدے دل وچ کسے گل تے پردہ پاؤن یاں کسے ہوردا وزن ظاہر کرن دا کوئی حصہ نہیں۔ اوہ اللہ تعالیٰ دے وجود نوں چنبے دی بوٹی دی تشبیہہ دیندا اے۔ اک شاعری دی حیثیت نال اوہ ''انبی'' یا ''جامن'' دے لفظ وی ورت سکدا ا یکیوں جے اہناں دا وزن وی ایہواے جیہڑا ''چنبے'' دا پر اوہ ایہہ کیوں نہیں کیتا۔ انبی یا جامن دے بوٹے اوس ویلے ہوندے سن۔ اہناں توں وکھ سلطان صاحب دے اپنے علاقے وچ ''کھجی'' دیاں بوٹیاں دے جنگل سن۔ اوہ کھجی دے بوٹے نال تشبیہہ دے سکدے سن۔ ایہدی اصل وجہ ایہہ وے پئی ''انبی'' کٹھی وہ ہوسکدی اے۔ عام طور تے کوئی انب مٹھا نکلدا اے۔ جامن دے وچ انب وانگوں گھٹلی وی نکلدی اے جیہڑی کہ سٹی جاندی اے۔ کھجی دے نال کنڈے ہوندے نیں۔ چنبا اک اجیہی بوٹی اے جیہڑی اپنے آل دوالے نوں مہکاں نال بھر دیندی اے۔

جے پھل ناں ویہون تے اوہدے پتے وی من کھچویں ہوندے نیں۔ مکدی گل اوہدے وچ کوئی چیز اجیہی نہیں جیہدے ولوں دل بھیڑا ہووے۔

ایتھیا یتھے حضرت سلطان باہوؒ دا اک عقیدہ ہور وی اے پئی اوہ اللہ تعالیٰ دی ذات دے رحیم تے کریم ہون تے ای یقین رکھدے نیں۔ اوہ اللہ نوں قہار تے جبار والیاں صفتیاں توں پاک جاندے نیں۔ اوہ ایسی چیز دے قائل نیں پئی اللہ دی ذات تاں گنہگاراں نوں بخش دیندی اے۔ جیہڑے بندے ذرا کو پیار نال اوہنوں یاد وی کرلیندے نیں اوہناں اوہناں اُتے قہار تے جبار والیاں صفتاں کم نہیں آؤندیاں۔ ایتھوں تیکر تاں ایہہ گل مکی پئی اللہ اک چنبے دی بوٹی وانگر اے۔ ایس گل توں اوہناں نے چنبے دی بوٹی والیاں ساریاں صفتاں اپنے اُتے وارد کرلیاں۔ اوہ کہیندے نے اللہ ایک چنبے دی بوٹی اے پر ایہہ بوٹی میری کوشش نال نہیں بلکہ میرے مرشد یعنی حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دی ذات گرامی نے لائی اے۔ اوہ کہیندے نیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آکے میںوں توحید دا سبق پڑھایا۔ اوہناں توں پہلاں ایس جہان وچ کوئی اللہ دے وجود نوں نہیں سی جان دا۔ ایہہ اوہناں دا یقین اے کہ میں اللہ دی تحید فاجانوں ہویاں تاں بوٹی لائی پر بوٹی نوں پانی وی پاوناں پیندا اے۔ ایس توحید دے یقین نوں کلمہ طیبہ دا پانی ملیا۔ جیویں پانی پاون نال ہر بوٹی پھلدی پُھلد یاے۔ اونویں ایہہ توحید دی بوٹی وی ودھی تے پھلی۔ جیس ویلے ایس نوں پھل لگے، چونہیں پاسیں اوہدیاں مہکاں، کھلر گئیاں، میرا سارا اندر مہک پیا۔ ہن ایس ویلے جے میں اپنے آپ تے مان کراں ایہہ گل وی ٹھیک نئیں۔ میںوں اوہ احسان یاد اے جیہڑا حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے اُتے کیتا، جو اوہ میرے دل وچ اللہ دے پیار، اللہ دی توحید والا بوٹا نہ لاؤندے، کلمے دا پانی نہ دیندے تے میںوں کون پچھدا۔ میرلوں لوں وچوں دُعا نکلدی اے پئی میرا اوہ مرشد جنھے میرے

تے ایڈا احسان کیتا اے۔ اے رہندی دنیا توڑی جیوندار ہوئے۔

ایس دوہڑے نے اوہناں دا عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تے عشق الٰہی تاں ظاہر کر دتا۔ اک ہور دوراوی ملاحظہ کرو:

ایمان سلامت ہر کوئی منگے عشق سلامت کوئی ہُو
منگن ایمان شرماوَن عشقوں دل نوں غیرت ہوئی ہُو
جس منزل نوں عشق پوچاوے ایمان نوں خبر نہ کوئی ہُو
میرا عشق سلامت رکھیں باہوؒ ایمانوں دیاں دھروئی ہُو

آکھن نوں تاں ایمان اک لفظ اے پر ایہہ کنے ای جزاں دا مرکب اے۔ عام لوکی ایمان دا مطلب صرف ایہوای سمجھدے نیں کہ اللہ دی ذات دا اقرار کرنا ای ایمان اے۔ پر حضرت سلطان باہوؒ ایس توں اگلی منزل تے کھڑا ہو کے کوکدا اے پئی ایمان دا وجود عشق توں بناں مکمل نہیں ہو سکدا۔ صرف اللہ دے وجود نوں من لینا کوئی گل نہیں، جدوں تیکر انسان عشق دے نور نال اپنے آپ نوں لشکا نہ لوے۔ ایہو گل اے عام لوکی صرف ایہو دعا کردے نیں پئی اوہناں دا ایمان سلامت رہوے۔ پر حضرت سلطان باہوؒ دا خیال اے کہ ذات الٰہی نوں وی تسلیم کروناں ای نال عشق دا جذبہ وہ ہووے۔ عشق اوہ جذبہ اے جہیدے نال انسان انسانیت توں اگانہہ ودھ کے اجیہے کم کر جاندا اے جیہڑا رہندی دُنیا تیکر بھلایاں وی نہیں بھل سکدے۔ عام ظاہرہ گلاں نوں ویکھ لو، عام بندہ پہاڑ کٹن دا کم اپنے ذمے کلیاں لیندا اے۔ جدوں کے اج والا سائنسی دور نہیں سی۔ فرہاد نے شیریں نوں راضی کرن لئی بیسوں پہاڑ نوں کٹن لئی تیشہ چک لیا سی۔ جے حقیقت ول نظر پایئے تاں ''انا الحق'' دی سزا وچ سولی چڑھنا یا کھل لہاوَن والیاں گلیاں عشق نال ہوئیاں۔ کلے ایمان نال جیہدا مطلب صرف اللہ تعالیٰ دی ذات نوں من لینا ہووے۔ ساڈے قومی شاعر علامہ محمد اقبالؒ عشق دے گھیر، پیٹے نوں انج ولیٹ کے سامنے رکھدے نیں:

جب عشق سکھاتا ہے آدابِ خود آگاہی
کھلتے ہیں غلاموں پر اسرار شہنشاہی

حضرت سلطان باہوؒ کہندے نیں پئی عزق دے لگے ہوئے جو ہر میری نظر وچ نیں۔ جیہڑی منزل تے عشق پہنچا دیندا اے، وچارے ایمان نوں تاں پتہ وی نہیں لگدا۔ علامہ محمد اقبالؒ دی زبانی سن لو:

کبھی تنہائی کوہ و دمن عشق کبھی سوز و سرور و انجمن عشق
کبھی سرمایہ محراب و ممبر کبھی مولا علیؓ خیبر شکن عشق

ایس لئی جو میں عشق دیاں رمزاں، جرأتاں تے ہمتاں دا جانوں آں ایس لئی میں ایمان دی تھاں عشق دی سلامتی دیاں دعاواں کرناں۔ حضرت سلطان باہوؒ ایتھے اوہ گل کہہ گئے نیں جیہڑی 400 سال بعد علامہ محمد اقبالؒ نے ایس انداز وچ آکھی:

اگر ہے عشق تو ہے کفر بھی مسلمانی
نہ ہو مردِ مسلماں بھی کافر و زندیق

حضرت سلطان باہوؒ اپنے مرشد کامل دے دیدار الٰہی کہندے نیں:

ایہہ تن میرا چشماں ہووے میں مرشد ویکھ نہ رجاں ہُو
لوں لوں دے مڈھ لکھ لکھ چشماں اک کھولاں اک کجاں ہُو
ایہناں ڈٹھیاں قی صبر نہ آوے فیر ہور کتے ول بھجاں ہُو
مرشد دا دیدار اے باہوؒ میوں لکھ کروڑاں حجاں ہُو

تے مرشد دے دیدار دی تریہہ کسے طرح وی بجھدی نہیں۔ اوہ مرشد کامل دے سنہیے لیاندے ہوئے قرآن تے اوہناں دی شریعت تے کتھوں توڑی پورا اے۔ ایہدا اگویڑا ایس دوہڑے توں لا کے ویکھیئے۔

باجھ حضوری نہیں منظوری توڑے پڑھن پے بانگ صلوٰاتاں ھُو

روزے نماز گزارن توڑے جاگن ساریاں راتاں ھُو

باجھوں قلب حضور نہ ہووے توڑے کڈھن لکھ زکوٰتاں ھُو

باجھ فنا رب حاصل ناہیں باہوؒ ناں تاثیر جماعتاں ھُو

حضرت سلطان باہوؒ حضور سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دا سچا عاشق تے اوہناں دے لیاندے ہوئے سنہیے یعنی شریعت تے ٹرن والے درویش نیں۔ اوہ نماز، روزہ، کلمہ، زکوٰۃ تے اسلام دیاں ساریاں رکناں دے پابند نیں۔ پر اوہ رواجی عبادت نوں عبادت نہیں جان دے۔ اوہناں دے خیال وچ منہ ہتھ پیر دھو کے لہندے ول منہ کر کے کھڑے ہو کے نماز پڑھنا جدوں کہ دل وچ ہور ہور خیال ہون کیہڑے کم جیویں شیخ سعدی شیرازیؒ فرماوندے نیں:

شب چو عقد نماز می بندم چہ خورد بامداد فرزندم

یعنی میں راتیں نماز دی نیت بدھی تے ایہہ سوچدا رہیا پئی سویرے میرا چھوہر کیہہ کھائے گا۔ حضرت سلطان باہوؒ جیہی نماز نوں نماز سمجھدے نیں جیہدے وچ نماز پڑھن والا اللہ دے دربار وچ جسمانی تے روحانی طور تے حاضر ہووے۔ اوہناں دا خیال اے جدوں تیکر انسان اللہ تعالیٰ دی ذات وچ یا اللہ دے عشق وچ فنا نہ ہو جاوے اودوں تیکر اوہدیاں نمازاں، نفل، روزے تے زکوتاں بے فائدہ نیں۔ ایسی نماز پڑھی جاوے تاں اللہ تعالیٰ دی ات وچ ڈُب کے۔ بے حضور نمازاں، روزے، نفل تے زکوتاں اجیہاں چیزاں نہیں جنہاں تے انسان مان کر سکے۔

حضرت علامہ محمد اقبالؒ وی ایتھے حضرت سلطان باہوؒ دے خیال دی تائید کردے نیں۔ فرمایا اے:

تیرا امام بے حضور تیری نماز بے سُرور

ایسی نماز سے گزر، ایسے امام سے گزر

حضرت سلطان باہوؒ اس نماز دے قائل نیں جیہدے بارے مولانا رومؒ فرماندے نیں:

چوں نماز می گزارم بخدا خبر ندارم

کہ تمام شد رکوعے کہ کدام شد امامے

شریعت دا سبھ توں پہلا تے وڈا رکن کلمہ اے۔ حضرت سلطان باہوؒ ایس کلمے بارے فرماوندے نیں:

کلمے لکھ کروڑاں تارے ولی کیتے سے راہیں ھُو

کلمے نال بجھائے دوزخ جتھے اگ بلے ازگاہیں ھُو

کلمے نال بہشتیں جانا جتھے نعمت سنج صباحیں ھُو

کلمے جیہی ناں نعمت کوئی باہوؒ اندر دوہیں سراہیں ھُو

ایس دوہڑے وچ جتھے کلمے شریف دیاں وڈیاں ظاہر ہوندیاں نیں، اوتھے باہو دا کلمے نال پیار وی اُجاگر ہوندا اے۔ باہوؒ دا ایمان اے پئی ایس کلمے نال لکھاں راہواں بھلے ہوئے لوک سدھے راہ تے آ گئے اوہ اپنی منزل تے اپڑ گئے۔ جیہڑے گناہاں دے بھنور وچ بھاتے ہوئے سن کنڈھے لگ گئے۔ ایس کلمے نے اوہناں نوں کلا گناہاں توای نہیں بچایا سگوں ولی بنا دتا۔ اوہناں نوں معرفت دیا اُچیاں منزلاں تے اپڑا دتا۔ کلمہ دوزخ دی

بے پناہ اگ نوں بجھا دیندا اے۔ اوس اگ نوں صرف کلمہ ای بجھاسکدا اے،کلمہ انسان نوں جنت وچ لے جاون دا ضامن اے۔ جنت دی تعریف وی نال ای کر چھڈی اے۔ پئی اوہ اجیہی تھاں اے، جتھے ہر ویلے اللہ تعالیٰ دیاں نعمتاں مینہ وانگوں ورھدیاں ریہندیاں نیں۔ اوہ نعمتاں کدے مکن والیاں نہیں۔ جے اوہناں نعمتاں دی لوڑ اے تاں کلمے نال پیار پاؤ تاں جے تہانوں دین وڈُں یا دیاں نعمتاں لبھ جاون۔

حضرت سلطان باہوؒ کہندے نیں پئی کلمہ اک خاص نعمت اے، جیہڑی اللہ تعالیٰ نے حضور سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دے ہتھیں ساڈھے ول گھلی۔ ایہہ دین تے دنیا دوہاں لئی بابرکتا اے،جیہڑی شئے نال دوہاں جہاناں وچ عزت آبرو لبھے، اوس توں وڈی کیہڑی نعمت ہوسکدی اے۔

حضرت سلطان باہوؒ نے کئی تھانواں تے کلمے دیناوڈیائیاں تے قلم چلایا اے۔اوہناں دے اک اک نقطے توں شریعت دی تائید ہوندی اے۔ نال نال اوہناں دی بے پناہ محبت دا ٹھاٹھاں ماردا سمندر وی وکھائی دیندا اے۔ اوہناں دا عقیدہ اے کہ کلمہ اول توں آخر تک فیض پچاؤندا اے۔ ہر بندے نوں چاہیدا اے کہ ایس چشمے توں فیض حاصل کرے تاں جے دُنیا وچ عزت پاوے تے اگلے جہان دوزخ دی اگ توں بچے۔

# حضرت سلطان باہو کے چند اشعار

میں بدصورت ہوں میرا محبوب نہائت حسین ہے
میں کس طرح سے اس کو پسند آسکتی ہوں

میرے گھر میں وہ قدم نہیں رکھتا
میں نے لاکھوں تدبیریں کیں ہیں

نہ تو میں خوبصورت ہوں نہ ہی مال و دولت ہے
میں کیسے محبوب کو مناوں

باہو یہ دکھ ہمیشہ رہے گا
یہاں تک کہ رو رو کر مر جاؤں

ابھی گھر بیٹھے ڈاکٹر محمد عظیم فاروقی صاحب کی تصانیف آرڈر کرنے کے لیے
+923125892959
یا ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں
drazeemfarooqi.com

# (اللہ والوں کی باتیں) حضرت مخدوم شاہ مینا لکھنویؒ، شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ حضرت خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہ، حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی سرہندیؒ

انتخاب از: (محمد اویس فاروقی) ریسرچ سکالر جنوبی کوریا

## 1۔ حضرت مخدوم شاہ مینا لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ

**مختصر حالات:**

آپ کا نام شیخ محمد، آپ کے عم بزرگوار حاجی شاہ قوام الدین بن ظہیر الدین عباسی دہلوی چشتیہ نظامیہ سلسلہ کے پہلے بزرگ ہیں جو شیخ مبارک بجنوری (علاقہ لکھنو) سے رابطہ محبت کے باعث دہلی سے لکھنو تشریف لائے اور یہیں مستقل سکونت پذیر ہوگئے۔ حضرت حاجی صاحب مرید ہیں حضرت نصیر الدین محمود چراغ دہلیؒ کے اور خلافت حاجی صاحب کو مخدوم جہانیاں جہاں گشت سے عطا ہوئی۔ حضرت حاجی صاحب کے برادر سعید شیخ قطب الدین، والد ماجد حضرت مخدوم بھی حاجی صاحب کے تعلق سے دہلی کو خیر باد کہہ کر لکھنو چلے آئے۔ حضرت حاجی صاحب نے شیخ قطب الدین کو یہ بشارت دے کر شادی کرنے پر آمادہ کیا کہ تمہارے صُلب سے ایک لڑکا پیدا ہوگا جو ہمارا نام زندہ رکھے گا اور چشتیہ نظامیہ سلسلہ کو یہاں روشن کرے گا۔ جب حضرت مخدوم کی ولادت باسعادت ہوئی اور حضرت حاجی صاحب کو اس کی خبر کی گئی تو حضرت حاجی صاحب نے خوش ہوکر اپنے ہندی زبان میں فرمایا ''آؤ مورے مینا'' چنانچہ حضرت مخدوم اسی لقب ''شیخ مینا'' سے مشہور ہویت۔ آپ حضرت صدیق اکبرؓ کی اولاد میں ہیں۔

**تعلیم وتربیت:**

حضرت مخدوم کے بچپن میں حضرت حاجی صاحب نے ان کی تعلیم وتربیت فرمائی۔ ابھی حضرت مخدوم دس بارہ سال کے تھے کہ حضرت حاجی صاحب کا انتقال ہوگیا۔ حضرت مخدوم نے لکھنو کے مشہور عالم شیخ اعظم ثانی سے عبادات شرح وقایہ کا درس لیا اور علوم ظاہری کی تعلیم حاصل کی اور سید راجو قتال کے بعض خدام سے رہ سلوک کے طور طریقے سیکھے اور اس پر عمل پیرا ہوئے۔ حضرت مخدوم کی قطبیت کا شہرہ حضرت شاہ مدار سید بدیع الدین مکن پور ضلع کانپور کے ایک جلیل القدر مرید قاضی شہاب پرکار آتش کی معرفت ہوا۔ جب کہ حضرت مخدوم کی خدمت میں قاضی صاحب نے حسب ارشاد اپنے پیر ومرشد حضرت شاہ مدار مکن پور حاجتمندوں کی مشکلات پیش کیں اور حضرت مخدوم نے سب کی عقدہ کشائی تبوفیق ایزدی فرمائی۔

**مجاہدات وخلافت:**

حضرت حاجی صاحب کے وصال کے بعد حضرت حاجی صاحب کے ایک مرید خاص شیخ سارنگ کا لکھنو آنا ہوا۔ شیخ سارنگ دہلی کے امراء میں سے تھے اور حضرت حاجی صاحب کے نظر کیمیا اثر سے امارت کو چھوڑ فقر وفاقہ اختیار کیا اور حج بیت اللہ کو پاپیادہ روانہ ہوگئے اور عرصہ تک جاروب کشی حرمین شریفین کرنے کے

بعد حضرت حاجی صاحب ست تکملہ باطنی کی گرض سے لکھنو جب پہنچے جب کہ حضرت حاجی صاحب کا وصال ہو چکا تھا۔ المتوفی ۸۳۰ھ۔ شیخ سارنگ کو چونکہ لکھنو کا اژدھام نگوار خاطر ہوا۔ آپ لکھنو سے ۱۲ کوس کے فاصلہ پر ایک قصبہ مجھگوان (علاقہ تحصیل فتح پور ضلع بارہ بنکی اودھ) میں جا بسے اور یہیں مدفون ہوئے۔ المتوفی ۸۵۵ھ۔ حضرت حاجی صاحب کے زمانہ قیام میں مخدوم جہانیاں اور مخدوم جہانیاں کے خلیفہ حضرت سید راجو قتال حضرت شیخ سارنگ کو دہلی میں دیکھ چکے تھے۔ لہذا اب جب کہ شیخ سارنگ کے پیر بیعت حضرت حاجی صاحب وفات پا چکے تھے۔ حضرت سید راجو قتال نے حضرت شیخ سارنگ کو اپنے خرقہ خلافت سے سرفرازی فرمائی۔ حضرت مخدوم مینا باوجود کہ ولایت وہبی سے فائز تھے۔ پندرہ سال کی عمر میں شیخ سارنگ کے مرید ہوگئے۔ اپنے مجاہدات وریاضات اور خدمت گزاری پیر اور اتباع پیر میں سالہا سال رہ کر اس کے منظور نظر ہوئے اور خرقہ خلافت سے سرفرازی حاصل کی۔

**حضرت مخدوم کا مسلک:**

حضرت مخدوم مینا کے خلیفہ شیخ سعد الدین خیر آبادی (المتوفی ۹۳۲ھ نے رسالہ مکیہ من تصنیف شیخ قطب الدین دمشقی کی شرح لکھی ہے۔ نام اس کا ''مجمع السلوک'' رکھا جو راہ سلوک کی مشہور ومستند کتاب ہے۔ شیخ نے اپنے پیر ومرشد مخدوم میناؒ کے ملفوظات بھی اس میں شامل کئے۔ اس میں حضرت مخدوم کے مسلک کو مندرجہ ذیل اشعار سے واضح کیا ہے۔

طریقت بے شریعت نیست واصل
حقیقت بے طریقت نیست حاصل

تمام آئی اگر اندر طریقت — عیاں گردو بہ تو نور حقیقت
طریقت بے شریعت راس ناید — حقیقت بے شریعت کے کشاید
شریعت در نماز و روزہ بودن — طریقت در جہاد اندر فزودن
حقیقت روئے در دلدار کردن — نظر اندر جمال یار کردن

(ترجمہ) ''بلا اتباع شریعت، طریقت یعنی احسان کا درجہ پانا وصول الی اللہ کا حصول ممکن نہیں۔ جب طریقت کی تمام گھاٹیاں طے ہو جاتی ہیں تب نور حقیقت تجلی انوار الٰہی کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ بلا اتباع شریعت طریقت سازگار نہیں ہوتی اور نہ ہی حقیقت تک پہنچ ہو سکتی ہے۔ شریعت نماز، روزہ، ظاہری عبادات اور ''اُسوۂ حسنہ'' اچھے اخلاق اور اعمال صالحہ کا نام ہے اور طریقت تزکیہ نفس یعنی نفس پر مشقتیں اُٹھانے، ریاضیات ومجاہدات شاقہ کرنے کا۔ اس کے بعد حقیقت کی منزل دکھائی دیتی ہے جہاں انوار الٰہی کا نزول ہوتا ہے اور احسان کا درجہ سالک کو نصیب ہوتا ہے''۔

پس معلوم ہوا کہ سب سے مقدم ''اتباع شریعت'' پیروی سُنت واحادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ یعنی شریعت ہی اسلام وایمان کی بنیاد اور ذریعہ حق آگاہی ہے۔

**وفات:**

حضرت مخدوم میناؒ کی وفات ماہ صفر ۸۸۴ھ میں لکھنو میں ہوئی۔ مزار مبارک لکھنو میڈیکل کالج کے احاطہ کے باہر واقع ہے اور اسی کالج کے احاطہ کے اندر حضرت مخدوم کے عم بزرگوار جناب حاجی صاحب قبلہ رحمتہ اللہ علیہ کا مزار زیارت گاہِ عام وخاص ہے۔ کسی اہل اور صاحبِ دل شیخ کا فرمودہ ذیل کا شعر حضرت مخدوم کے مزار کے صدر پھاٹک پر کندہ ہے۔

ہر کہ خواہد چشم را بینا کند

سرمہ خاک در مینا کند

**ارشاداتِ عالیہ:**

(۱) جو شریعت کا پورے طور پر پابند ہو اور امورِ شرعیہ کے بجا لانے میں پا مرد ہو وہی شیخ شامل اور قطب کامل ہے۔

(۲) انسان کی بڑائی زمانہ کی موافقت اور اس کے مرتبت کی سازگاری پر نہیں بلکہ اس کے تقویٰ پر موقوف ہے۔ بموجب آیہ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ تم سب سے بزرگ و برتر وہ ہے جو تم میں سب سے زیادہ خدا ترس (متقی) اور پرہیزگار (محتاط) ہے۔

(۳) دونوں جہاں کے نیک بخت وہ لوگ ہیں جو دُنیائے فانی کو آخرت کی کھیتی سمجھتے ہیں۔ اس عالم (دُنیا) میں کارخیر کرتے اور احکام خداوندی بجالاتے ہیں اور اس عالم (آخرت) میں اپنے اعمالِ نیک کا ثمرہ پاتے ہیں۔

(۴) سچے دل سے توبہ انسان کو پارس بنا دیتی ہے۔ اس کے ہاتھ میں مٹی سونا بن جاتی ہے۔

(۵) محبت ہی سب کچھ ہے یہ بتوفیق ایزدی اور احسان سے نصیب ہوتی ہے۔

(۶) جو تارک فرائض وسُنن ہے اگر وہ ہوا پر اڑے اور پانی پر چلے تو یہ محض شعبدہ اور بازیگری ہے، کرامت نہیں۔

(۷) جب باری تعالیٰ اپنے بندے سے کسی وقت غافل نہیں پھر بندہ اپنے مالکِ حقیقی سے کیوں گافل رہے یعنی انسان کو لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اپنی حقیقت کو نہ بھولے۔

(۸) جس نے شریعت کا احترام ملحوظ خاطر نہیں رکھا وہ شریعت، ایمان توحید سب سے خالی ہے۔

(۹) خدا سے غافل رہنا تمام بدبختی کی جڑ ہے کیونکہ ایسا مرد غافل اپنی بہت سے آرزوؤں اور اس کے غم میں مبتلا رہتا ہے۔ یہ مکر شیطانی ہے جن میں شیطان لعین ان گافلوں کو پھانس کر دھوکا دیتا ہے۔

(۱۰) شریعت پر بطریق واجب واحسن کاربند ہونے سے طریقت کا آغاز ہوتا ہے۔

(۱۱) اصل بندگی وہی ہے جو جسم پر گزرے۔

(۱۲) توکل نام ہے صبر وقناعت کا جسے یہ دولت ملی وہ مُلک وخزانہ سب سے مستغنی ہو گیا۔

(۱۳) جو سوچ سمجھ کر کماتا کھاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نام اس کا صدیقوں کی فہرست میں داخل کرتا ہے اور صدیق کہلاتا ہے (یعنی جائز وناجائز کو مدنظر رکھتا ہے)۔

(۱۴) بندگی خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ کنجی اس کی دُعا ہے۔ اس کُنجی کے دندانے ''لقمہ حلال'' ہے یعنی بلالقمہ حلام بندگی مقبول نہیں۔

(۱۵) حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں، عالم کتنا ہی علم حاصل کر لے اگر وہ اس پر عمل نہیں کرتا تو سارا علم اس کا نہ اس کے لئے منفعت بخش ہے۔ نہ دوسروں کے لئے پُرتاثیر وفائدہ مند ہوسکتا ہے۔

(۱۶) انسان کو جو چیز جتنی زیادہ عزیز ہوتی ہے اتنی ہی زیادہ وہ اس کی نگہداشت وحفاظت کرتا ہے۔

(۱۷) ''صدق واخلاق'' بغیر دو چیزوں کے تحقیق نہیں ہوتا:

**اول:** امور شریعت کی بجا آوری وپیروی اور دوم خلق اللہ سے بے لوثی۔

(۱۸) آدم کی خلقت پانی ومٹی سے اللہ تعالیٰ نے فرمائی۔ اس میں حکمت یہ رکھی کہ جسمانی ناپاکی کو پانی سے دُور کریں (بذریعہ غسل ووضو) پانی میسر نہ آئے یا بوجہ علالت معذوری کی ہو تو مٹی سے طہارت (یعنی تیمم) کرلیا جائے۔ مصلحت یہ تھی کہ اس طرح پاک رہ کر آدمی دوزخ کی آگ سے ''محفوظ'' ہوجائے۔

(۱۹) جس طرح جسم کی طہارت (یعنی ظاہری پاکی) آسمانی پانی سے ہے اسی طرح باطن (دل) کی پاکی یعنی طہارت'' اشک ندامت کے پانی سے'' (یعنی گریہ وزاری بجناب باری اور اس کے خوف اور اپنی شرمساری کے اظہار سے) کی جاتی ہے۔

(۲۰) تازہ وضو ظاہری و باطنی شقاوت، کدورت اور تاریکی وسیاہی کو دُور کرتا ہے اور دل میں تازگی اور نُور پیدا کرتا ہے۔

(۲۱) حرص وہوا کا بندہ'' خدا پرست'' نہیں'' خود پرست'' ہے۔ خود پرستی کا خدا پرستی کی راہ میں گزر نہیں۔

(۲۲) جو عہد شباب میں توبہ کرتا ہے خدا کا مقبول بندہ ہوجاتا ہے۔

(۲۳) اپنے کو کوئی چیز سمجھنا اپنے کو ناچیز کردیتا ہے۔

(۲۴) کاملین پیری مریدی کی دوکانداری سے پناہ مانگتے رہے ہیں۔

(۲۵) نفس کی رعونت (اتراہٹ، تکبر) سب خود پرستی ہے۔ جب تک اس سے چھٹکارہ نہ ہو'' خدا پرستی'' کہاں ممکن ہے۔

(۲۶) تصوف نام ہے'' باطن میں'' دل کی پاکی اور صفائی کا (جس کا صرف خدا کو علم ہے) اور ظاہر میں'' حُسنِ خلق'' کا جس کا معالات میں مظاہرہ ہوتا ہے۔

(۲۷) اپنے ایمان کی سلامتی کے لئے غمخوری کرنا بہتر ہے۔ اس دردسری سے کہ دوسروں کا بار اپنے سر لیا جائے۔

(۲۸) ماں کی خدمت باعث فلاح دوجہاں ہے۔

(۲۹) صحیح ایثار والے وہ لوگ ہیں جو اس میں اپنے پرائے، آشنا، غیر آشنا کا فرق نہیں کرتے۔

(۳۰) صالح اور متقی لوگوں کو منجانب اللہ ایک ایسے علم کی توفیق رفیق عطا ہوتی ہے جس سے بلا معلم بہت سی باتوں کا علم انہیں ہوجاتا ہے۔

(۳۱) جو خدا کا ہو رہا اس کے سب مطیع وفرمابردار ہوگئے۔

(۳۲) دین دار وہ ہے جو مسلمانوں کی بہبودی وہمدردی میں لگا ہوا ہے۔

(۳۳) صحبت کا اثر ناگزیر ہے۔ اس سے آدمی مالا مال نہال ہوتا ہے اور خراب وخستہ حال بھی۔ بُری صحبت جلد اثر کرتی ہے۔ لہذا اس سے جلد بھاگنا چاہیے۔ اچھی صحبت نیک وصالح لوگوں کی دیر اثر ہے۔ پس ان کی صحبت زیادہ رکھنی چاہئے تاکہ وہ اثر پذیر اور مستحکم ہو۔

(۳۴) شریعت کے احکامات عاقل، بالغ، ممیز ومختار، آزاد پر جاری ہوتے ہیں اور یہ بھی شرعت ہی کا حکم ہے کہ جب حواس جاتے رہتے ہیں آدمی بے خود وبے ہوش ہوجائے تو اس پر امور شرعیہ کا اجراء ساقط ہوجائے۔ (یعنی عالم سُکر)

(۳۵) دوست کے نظارہ کے لئے سب کچھ کرنا بھلا معلوم ہوتا ہے۔ آلام بھی مزہ دیتے ہیں۔

(۳۶) قابلِ اقتداء وہ ہے جو علم شریعت وطریقت وحقیقت میں ماہر وکامل ہو اور ساحب سجادہ ہونے کا اطلاق بھی اسی پر ہوتا ہے جو سجادہ مذکور پر استقامت کرے اور شریعت وطریقت وحقیقت سے نابلد نہ ہو۔

(۳۷) حضرت مخدوم شاہ میناؒ اپنے پیرومرشد شیخ سارنگ رحمتہ اللہ

علیہ کے متعلق (جو شاہی امراء میں تھے اور مُلک سارنگ کہے جاتے تھے) بیان فرماتے تھے کہ شیخ سارنگؒ، بندگی شیخ قوام الدین قدس سرہ سے بیعت ارادت کرنے کے بعد ایک دن بندگی قوام الدین کی خدمت میں بغرض قدم بوسی حاضر ہوئے۔ اس وقت بندگی قوام الدین حالت جذب میں تھے کہنے لگے اے ملک سارنگ اپنے امیرانہ لباس کو لبادہ کی طرح کرنے میں تجھے ذکر تلقین کروں گا۔ شیخ سارنگ نے تعمیل ارشاد کیا۔ تلقین کے بعد بندگی شیخ قوام الدین نے بشارت دی کہ یہ ذکر انشاء اللہ تیرے لئے بارآور ہوگا۔ غرض اس نظر کیمیا اثر کی برکت سے حق سبحانہ تعالیٰ نے وہ اسباب مہیا کر دیئے کہ ملک سارنگ نے مال وجاہ سے ہاتھ سمیٹا، مشاغل دُنیا سے مُنہ پھیرا۔ طلب مولیٰ کی راہ اختیار کی۔ خانہ کعبہ میں جا بیٹھے اور وہ ذکر تلقین کردہ، بموجب بشارت بندگی شیخ قوام الدین شیخ سارنگ کے لئے ''کارگر وسازگار'' ہوا۔ ملک سارنگ کو قرب الی اللہ نصیب ہوا۔ ولی کامل ہوئے۔ ''مخدوم شیخ سارنگ'' کہلائے۔ سرچشمہ فیض یعنی پیر پاکان مشہور ہوئے۔

## شیخ عبدالقدوس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا سلسلہ نسب حضرت امام ابوحنیفہؒ سے ملتا ہے۔ آپ کے اجداد میں شیخ نظام الدین بعہد علاؤالدین خلجی غزنیں سے ترک سکونت کر کے دہلی چلے آئے اور وہیں مستقل طور پر قیام پذیر ہوگئے۔ ان کے پوتے شیخ صفی الدین نے جو حضرت شیخ عبدالقدوس کے دادا تھے۔ قصبہ گوئلہ ور کے قاضی سید درویش کی صاحبزادی سے عقد کیا۔ ۸۹۷ھ میں اللہ تعالیٰ نے ان کو ایک فرزند عطا کیا جن کا نام اسمٰعیل رکھا گیا۔ یہ صاحبزادے علوم ظاہری و باطنی میں اعلیٰ مرتبہ پر فائز ہوئے۔ اِن کے شیخ محمد اسمٰعیل کے فرزند ارجمند حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہی تھے۔ جن کی ولادت ۸۶۰ھ میں بمقام ردولی ہوئی تھی۔ آپ کی تعلیم وتربیت اور خیالات کے ارتقاء میں آپ کے والد ماجد شیخ محمد اسماعیل کا بڑا حصہ تھا۔ حضرت شیخ کو شروع ہی سے طلب علم اور عبادت وریاضت سے اس درجہ لگاؤ تھا کہ دن بھر عبادت میں صرف کرتے تھے۔ آپ نے صرف چند کتابیں دوسروں سے پڑھیں ورنہ علام ظاہری میں زیادہ حصہ اپنی ذاتی کوشش سے حاصل کیا۔ اکثر تذکرہ نگار اس امر پر متفق ہیں کہ علوم باطنی کی طرح علوم ظاہری میں آپ کا رتبہ بلند ہے۔

حضرت شیخ ریاضات ومجاہدات میں تو بہت پہلے سے ہی مشغول تھے اور روحانی فیض براہ راست حضرت احمد عبدالحق ردولی قدس سرہ سے حاصل کر چکے تھے۔ تاہم باقاعدہ طور پر آپ حضرت شیخ ردولی کے پوتے شیخ محمد کے حلقہ ارادت میں داخل ہوئے اور ان سے خرقہ خلافت حاصل کیا۔

آپ کا ذریعہ معاش کھیتی باڑی تھا۔ ۸۹۷ھ میں جب ردولی کے حالات بگڑے تو آپ ہجرت کر کے شاہ آباد تشریف لے گئے۔ جب آپ شاہ آباد میں مقیم تھے تو آپ کے مرشد حضرت شیخ محمد واصل بحق ہوگئے۔ آپ ایک طویل عرصہ تک شاہ آباد میں قیام فرما کر ۹۳۴ھ میں گنگوہ چلے گئے اور عرصہ تک ایک عالم کو اپنے فیوض وبرکات سے متمتع فرما کر ۹۴۴ھ میں واصل رحمت حق ہوئے۔ مزار پرانوار گنگوہ میں ہے۔

آپ مسئلہ وحدۃ الوجود کے ماننے والوں میں تھے اور اس میں بے انتہا توغل اور مبالغہ سے کام لیتے تھے۔

آپ کے خلفاء میں دو حضرات بہت مشہور ہیں اور ان سے اس سلسلہ کے لوگوں کو بہت فیض پہنچا۔ ایک آپ کے صاحبزادے حضرت رکن الدینؒ، دوسرے شیخ جلال الدین تھانیسری۔

**تصانیف زیادہ اہم یہ ہیں:**

بحر الانشعاب، رسالہ قدسی، شرح مصباح، حاشیہ شرح صحائف، شرح عوارف المعارف، فوائد القرأۃ، رُشد نامہ، مجموعہ کلام فارسی، مکتوبات قدوسیہ، منتخب مکتوبات قدوسیہ، اسرار العجائب (مجموعہ ملفوظات)

حضرت شیخ فارسی اور ہندی کے اچھے شاعر تھے، شاعری کا خاص موضوع وحدت الوجود تھا۔ کلام کا نمونہ ملاحظہ ہو۔

آستیں بر رو کشیدہ، ہمچو مکار آمدی

با خودی، خود در تماشا سوئے بازار آمدی

در بہاراں گل شدی در صحن گلزار آمدی

بعد از ابلبل شدی با گریہ وزار آمدی

شور منصور از کجا دوار منصور از کجا

خود زدی بانگ انا الحق خود سردار آمدی

خویشتن اجلوہ کردی اندریں آئینہ

آئینہ اسمش نہادی خود بہ اظہار آمدی

گفت قدوس فقیرے در فنا و در بقا

خود بخود آزاد بودی خود گرفتار آمدی

**مکتوبات وارشادات:**

حضرت شیخ کے مکاتیب کو سرمایہ ادب وتصوف میں خاص اہمیت حاصل ہے جو تصوف کے اہم رموز ونکات، علمی مسائل کی توضیحات، عقائد واعمال کی تشریحات، ترویج دین، اشاعتِ اسلام اور رشد وہدایت کے اہم ابواب پر مشتمل ہیں۔

**اولاد کی تعلیم وتربیت:**

(۱) اے فرزند فرصت کو غنیمت جانو اور دن رات علم کے حاصل کرنے میں انتہائی کوشش کرو کہ علم حاصل کرنے کا وقت یہی ہے اور ہمیشہ طہارت، ادائے فرائض وسُنن اور نوافل میں خشوع وخضوع اور تعدیل ارکان کے ساتھ اس طریقہ پر کہ جس طرح ہم کو صاحبِ شریعت نے تعلیم دی ہے لگے رہو کہ اس کام پر استقامت کرنے سے دو جہان کی سعادت اور دولت جاودانی اور بے شمار برکتیں اور رحمتیں حاصل ہوتی ہیں اور (یہ بھی) تمہیں جاننا چاہئے کہ مقصود وعلم سے عمل ہے کہ کل قیامت کے دن عمل کے متعلق پوچھا جائے گا نہ کہ کثرت علم کے متعلق اور عمل کا مقصود اخلاص اور حق تعالیٰ کی محبت ہے۔

**سلطان بابر کے نام خط:**

(۲) جیسے ہی بابر برسر اقتدار آیا سب سے پہلے اس مغل شہنشاہ کو خط لکھا اور اسے اتباع شریعت، آئین اسلام، عدل وانصاف، پیروی خلفائے راشدین اور نماز باجماعت کی طرف توجہ دلائی اس خط میں فرماتے ہیں:

''تمہارے لئے مناسب ہے کہ خدا کا شکر کرتے ہوئے سارے عالم پر انصاف کا سایہ اس طرح کرو کہ کوئی کسی پر ظلم نہ کر سکے اور تمام مخلوق اور فوج اوامر نواہی اور شریعت پر مستقیم اور پابند ہو اور نماز باجماعت ادا کریں۔ علم اور علماء کو دوست رکھو اور ہر شہر کے بازاروں میں محتسب مقرر کرو تا کہ وہ شرع محمدی کے انصاف کے مطابق ان بازاروں کو آراستہ کریں جن شرائط کے ساتھ زمانہ سابق اور خلفائے راشدین کے عہد میں تھا۔

**شیخ جلال تھانیسری کے نام شب بیداری کی تلقین:**

شیخ جلال تھانیسری حضرت شیخ کے مرید اور اکابر خلفاء میں ہیں۔ اِن کے ایک سوال پر جو اُنہوں نے بیداری اور مشغولی سب کے متعلق کیا تھا۔آپ نے ایک خط میں تحریر فرمایا۔

(۳)(الف) بیداری شب مردان حق کا کام ہے اور محبان مطلق کی طلب کا میدان۔

عزیز من! دولت بیداریِ شب کی بدولت ہی عاشقوں، سادقوں اور مخلصوں نے دامن معشوق تک رسائی حاصل کی ہے اور مقصود تک پہنچے ہیں اور واصل ہوئے ہیں اور جو کچھ بھی پایا ہے اور کمال و جمال وہ رکھتے تھے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حرم خاص اور احترام اختصاص قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی میں رات ہی کو لے گئے۔

عزیز من حق سبحانہ وتعالیٰ کی بارگاہ سے جو کچھ پایا ہے آدمیوں نے پایا ہے اور شب بیداروں نے پایا ہے اور کمال و جمال کے مرتبے کو جو پہنچے ہیں وہ سب بیدار ہی پہنچے ہیں۔

(ب) اس خط میں آگے چل کر حضرت جلال تھانیسری کو پیرومرید کے تعلقات پر توجہ دلاتے ہوئے لکھا:

''اور مرید اپنے پیر کے جمال (دیدار) کا عاشق (گرویدہ) ہوجاتا ہے۔ایک گھڑی اور ایک پل اس سے غافل نہیں اور دُنیا کو ہمارے پیروں کے قدموں میں ڈال دیتا ہے اور ہمیشہ جمال (دیدار) شیخ کا مشتاق رہتا ہے اور مرید کی سعادت (خوش بختی) کا کمال اس اشتیاق سے نصیب ہوتا ہے۔حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اسی سے اشتیاق کو اس درجہ کمال کو پہونچایا کہ غارِ (حراء) میں بھی یار (سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا ساتھ نہ چھوڑا۔غرض یار غار کا درجہ پایا اور مقرر ہوئے کہ خداوند باری تعالیٰ کی ذات پاک محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نظارہ کیا۔ (لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا)

بگذار تا بدیدہ کشم خاک پائے تو

زیرا گذشتہ بسر خاک آں دیار

جب اس طرح سچے مریدین اور مخلص طالبین پیروں کی خدمت میں رہ کر ریاضت ومجاہدات کرتے ہیں تب کہیں جا کر اس سعادت کے کمال اور اس دیدار کے جمال کے مرتبہ کو پہونچتے ہیں اور شیخیت پر فائز ہوتے ہیں۔

(ج) پھر اس خط میں شیخ جلال کو سوال سے نفرت دلاتے ہوئے لکھا عزیز من! از سوال دور باید بود واز اں نفور باید

(اے عزیز سوال کرنے سے بچنا اور اس سے نفرت (بھاگنا) چاہئے۔

(۴) صوفیائے خام اور علماءِ سُو کی گمراہیوں پر تاسف کرتے ہوئے ایک مرید کو لکھتے ہیں:

''اس زمانہ میں درویشی کا ذریعہ معاش بنا رکھا ہے۔ہمیں خدا تعالیٰ ایسی درویشی اور اس طرح دین فروشی سے محفوظ رکھے۔ پہلے ہمیں اپنے دین اسلام کی درستی لازم ہے۔ پھر درویشی ہے۔

(۵) اسی خط میں اپنے زمانہ کے علماء کی علمی سطحیت پر اظہار تاسف کرتے ہوئے لکھا۔

ہم پر اس زمانہ میں یہ ادبار ہے کہ ہم دو چار کتابیں پڑھ کر اور اس کی لغت ومعنی یاد کر کے تقریر کرتے ہیں۔ اپنے کو عالم سمجھتے اور صاحبِ کمال وحال گردانتے ہیں۔ یہ سب علم نہیں جہالت ہے۔

(۶) ایک مکتوب میں حضرت شیخ نے بحوالہ حدیث فرمایا:

''دولت دو جہانی اور سعادت جاودانی ایک تو صدق واخلاص اور

خدا کی عبادت کرنے پر اور ایک دوسرے مخلوق خدا کی خدمت پر منحصر ہے۔

ہر کہ صاحب ہمت آمد مرشد
ہمچو خورشید از بلندی فروشد
پس ہمے بلند باید، درم، دُنیا، جاہ وجلال، نثار،
فقراء وصلحاء شاید کہ درخدمت محبت ایشاں ایں سعادت
مساعدت نماید

(اس لئے ہمت بلند رکھنا چاہئے۔ مال ومتاع دُنیا، جاہ وجلال درویشوں اور مردانِ خدا پر نثار کرنا چاہیے کیونکہ ان کی محبت وخدمت گزاری سے خیر وبرکت راس آتی اور اس کی افزائش ہوتی ہے۔

(۷) ایک اور خط میں لکھتے ہیں:

''مومن کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے ظاہر کو عبادت سے آراستہ اور اپنے باطن کو پیراستہ کرے تا کہ انسانی پیدائش کا مقصد جو معرفت وعبادت ہے پورا ہو۔ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَO

(۸) ایک دوسرے مکتوب میں رقمطراز ہیں:

اعمال کا دارومدار ''خلوص نیت'' پر ہے۔ انسانی معدن میں سب سے بڑا جوہر معرفت الٰہی ہے اور اس کا حصول سعی وعمل سے تعلق رکھنا ہے۔ پھر دُنیا کی بے ثباتی اور تمام مال ومتاع کو امانت الٰہی قرار دیتے ہوئے نہایت لطیف پیرائے میں اس کی طرف توجہ دلائی ہے کہ دولت کا صحیح مصرف یہ ہے کہ اسے کار خیر میں میں اور محبان حق پر خرچ کیا جائے کہ وہی دولت جو اس طور پر خرچ ہوتی ہے۔ زادِ آخرت اور محبت اہل حق کا ذریعہ بنتی ہے۔

(۹) ایک خط میں حیات انسانی اور دُنیاوی کروفر شان وشوکت کی مثال قرض سے دیتے ہوئے سمجھایا ہے کہ یہ سب چیزیں فانی ہیں۔ ان کے فریب میں آ کر مومن کو کسی وقت بھی آخرت کے خیال سے غافل نہ ہونا چاہیے اور افعالِ حسنہ اور اعمال خیر کو آخرت کے لئے زادراہ بنانا چاہیے۔

(۱۰) ایک جگہ فرماتے ہیں:

نیست دُنیا بدا گر کارے کنی    بد بود گر عزم دنیارے کنی

(ترجمہ) دنیاوی بری نہیں اگر اسے کار خیر میں صرف کیا جائے بے شک اس وقت قبیح ہے کہ اسے عیش وعشرت اور مال ومتاع کمانے میں خدا سے غافل رہ کر گذارا جائے۔

(۱۱) اسی سے آگے لکھتے ہیں:

حب دنیا ذوق ایمانت برد    زور از تن نور از جانت برد

(ترجمہ) دُنیا کی محبت ایمان کی چاشنی (ذوق) کو نیست ونابود کردیتی ہے۔ جسم وجان سے تقویت اور نور ایمانی کو ملیا میٹ کردیتی ہے۔

## حضرت خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہؒ

**مختصر حالات:**

حضرت خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہ کو مولانا خواجگی ایکنگی رحمۃ اللہ علیہ سے انتساب تھا۔ آپ کو ولادت بمقام کابل ۹۷۱ھ میں ہوئی۔ مولانا محمد صادق حلوائی رحمۃ اللہ علیہ سے کہ اس زمانہ میں علماء کبار سے تھے تحصیل علم ظاہری فرمائی۔ ابھی علم ظاہری اچھی طرح ختم نہیں کیا تھا کہ راہ خدا میں قدم رکھا۔ بہت سے مشائخ ماوراالنہر کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ مگر کسی سے تشفی نہ ہوئی۔ ایک اور کسی تصوف کی کتاب کا مطالعہ کررہے تھے کہ ایک تجلی کا ظہور ہوا۔ جس سے یہ بے اختیار ہو گئے اور اس وقت روحانیت

حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ نے تلقین ذکر والقاء جذر فرمایا۔ اس کے بعد ہمہ تن ارباب باطن کی تلاش میں سرگرداں پھرتے رہے۔ اس تگ ودو میں ایک مجذوب کی دعا سے حصول مقصود ہوا۔ان کے اشارہ سے آپ سمرقند کے لئے روانہ ہوئے۔

اس سفر میں آپ کو واقعہ میں معلوم ہوا کہ حضرت خواجہ احرار قدس سرہ فرماتے ہیں کہ مولانا خواجگی ایکنگیؒ کے پاس جاؤ۔ پھر حضرت مولانا ایکنگیؒ کو خواب میں دیکھ کر فرماتے ہیں کہ اے فرزند میری آنکھیں تیری طرف لگی ہوئی ہیں۔ یہ دیکھ کر حضرت خواجہ بہت خوش ہوئے اور یہ شعر زبان پر جاری ہو گیا۔

میگد شتم زغم آسودۂ کہ ناگہہ رنگین

عالم آشوب نگاہے سر راہم بگرفت

غرضیکہ حضرت خواجہؒ حضرت مولانا خواجگی ایکنگیؒ کی خدمت میں پہنچے اور وہاں تین دن رات مولانا کی خلوت میں رہے اور اپنے تمام حالات باطنی گوش زد کئے۔ حضرت مولانا نے فرمایا کہ بعنایت الٰہی وتربیت روحانیت اکابر طریقہ تمہارا کام انجام کو پہنچ گیا۔تم ہندوستان جاؤ۔تم سے وہاں اس طریقہ کا رواج ہوگا۔ حضرت خواجہؒ نے عجز وانکسار کیا مگر حسبِ فرمودہ حضرت مولانا خواجگیؒ ہندوستان کو روانہ ہوئے۔ پہلے لاہور پہنچے وہاں لوگوں نے آپ کا خیر مقدم کیا۔تمام علماء وفضلاء آپ کے شیفتہ ہو گئے۔ وہاں ایک سال قیام کے بعد آپ دہلی چلے آئے۔ یہاں قلعہ فیروزی میں سکونت اختیار کی اور تادم آخر یہیں رہے۔ وصال آپ کا روز شنبہ ۲۵ جمادی الثانی ۱۰۱۲ ہجری کو ہوا۔ بیرون شہر دہلی بجانب اجمیری دروازہ قریب قدم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کا مزار مبارک ہے۔

**اقوال:**

(۱) فرمایا ''قناعت'' ترک فضول واکتفا بقدر حاجت اور عمدہ کھانے اور لباس اور مسکن سے پرہیز کرنے کو کہتے ہیں۔

(۲) فرمایا اکابر نقشبندیہ قدس سرہ اسراہم کا قول ہے ''جس شخص کو اس راہ کا درد دامن گیر ہو اس کو چاہیے کہ بعد ''توبہ نصوح'' بقدر طاقت رعایت'' زہد وتوکل وقناعت وعزت وصبر وتوجہ وغیرہ جمیع مقامات کر کے اوقات ذکر الٰہی میں مصروف رکھے اور اسی رعایت کو ''سفر در وطن'' کہتے ہیں۔

(۳) فرمایا طریقہ حضرت خواجگان قدس اللہ اسراہم کا حضرت صدیق اکبرؓ سے منسوب ہے۔ یہ طریقہ حقیقت میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ہے کیونکہ ان کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نسبت جزئی بدرجہ کمال حاصل تھی اور اسی راہ سے اُنہوں نے فیض حاصل کیا ہے۔

(۴) فرمایا کہ دوام مراقبہ بڑی دولت ہے کہ اس سے دلوں میں قبولیت پیدا ہوتی ہے اور دلوں میں قبولیت پیدا ہوئی اللہ تعالیٰ کی قبولیت کی نشانی ہے۔

(۵) فرمایا ''اولیاء اللہ'' کبائر سے محفوظ ہیں اگر ان سے کوئی بات اتفاقاً صادر ہوجائے تو ان کے احوال کا بطلان کرنا جہالت ہے۔ دیکھنا چاہئے کہ ان کا دائم یا اکثر حال کیا ہے۔اگر اکثر اچھا ہے تو پھر اگر اتفاقاً ان سے کچھ سرزد ہو گیا تو اس میں معذور رکھنا چاہئے۔

(۶) فرمایا کہ طریقہ انجذاب ومحبت یقینی موصل ہے۔انجذاب ومحبت ہر فرد انسانی میں ہے لیکن پوشیدہ ہے۔سلسلہ نقشبندیہ اسی انجذاب کی تربیت کرتا ہے۔

(۷) فرمایا توکل کے یہ معنی نہیں کہ ترک اسباب کر کے بیٹھ

جائیں۔بیخود بے ادبی ہے بلکہ کتابت وغیرہ کا کوئی سبب یعنی پیشہ مقرر کرلے۔سبب پر نظر رکھی چاہئے۔سبب کو مثل دروازہ کے خیال کرنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے واسطے سبب کے مقرر کیا ہے۔

**فضائل:**

آپ نے صرف تین چار سال ہدایت وارشاد خلق فرمایا اور آپ کا فیض تمام میں پھیل گیا۔آپ کی فضیلت اس سے ظاہر ہے کہ آپ کے پیرومرشد حضرت مولانا خواجگی ایلنگیؒ نے اپنے انتقال کے تھوڑے دنوں پہلے آپ کو ایک خط لکھا تھا اور اس کے آخر میں یہ دو شعر درج تھے۔

زماں تا زماں مرگ یاد آیدم ندانم کنوں تا چہ پیش آیدم

خدائی مبادا مراازخدا دگر ہر چہ پیش آیدم شایدم

پھر حضرت امام ربانی مجدد شیخ احمد سرہندیؒ قدس سرہ اور شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ جیسے عالم متبحر آپ کے حلقہ ارادت میں آئے۔

## حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی سرہندی رحمتہ اللہ علیہ:

موسوم بہ شیخ سرہندیؒ ۹۷۲ھ (۹۷۱ھ) میں پیدا ہوئے۔علام دین کی تعلیم سیالکوٹ اور لاہور میں پائی۔چشتیہ سلوک کا راستہ والد نے (جو شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ کے مرید تھے) طے کرایا۔ روحانی قواء کا نشوونما خوجہ باقی باللہ کی توجہ سے نقشبندیہ طریق میں مقدر تھا۔عمر کے آخری ایام وطن مالوف میں گزارے۔ ۱۰۳۴ھ مطابق ۱۶۲۴ء میں وہیں انتقال کیا۔

ان کا بڑا کارنامہ یہ ہے کہ ''وحدت الوجود'' کو طریقت کی محض وسطی منزل قرار دیا اور ثابت کیا کہ'' مسلمان صوفی منتہا'' ''وحدت شہود'' ہے جہاں عبدو معبود کا امتیاز اور کفر و اسلام کا فرق بدیہی ہوجاتا ہے۔'' قرآن وسُنت کی پابندی لازمہ حیات بن جاتی ہے'' شریعت کا یہی اتباع ایمان و عرفان کی کسوٹی ہے۔

**اقوال:**

(۱) مسلمانوں کی جماعت کثیرہ اکابر ارباب سُکر کی باتوں کی تقلید سے سیدھے راستے سے منحرف ہوکر گمراہی اور زیاں کاری کے کوچوں کے پیچھے گری ہوئی ہے اور اپنے دین کو برباد کرتی ہے۔اُنہیں یہ معلوم نہیں کہ ایسی باتوں کا قبول کرنا شرطوں کے ساتھ مشروط ہے۔جو ارباب سُکر میں موجود اور ان میں مفقود ہیں۔ان شرطوں میں سے بڑی شرط ماسوائے حق سبحانہ کی فراموشی ہے جو اس قبول کی دہلیز ہے اور مُحق اور مبطل میں امتیاز کی علامت ''شریعت پر استقامت'' ہے۔جو محق ہے وہ باوجود مستی اور بے تمیزی کے بال برابر خلاف شریعت کا مرتکب نہ ہوگا''۔( مکتوب،جلد ثانی،صفحہ نمبر ۹۵)

(۲) حضرت امام ربانی رحمتہ اللہ علیہ اس گروہ کی پہچان یہ بیان فرماتے ہیں۔'' وہ علامت جس سے اس گروہ کا سچا یا جھوٹا ہونا ہوسکے یہ ہے کہ جو شریعت پر استقامت رکھتا ہو اور اس کی مجلس میں دل کو حق تعالیٰ کی طرف رغبت و توجہ پیدا ہوجائے اور ماسوا کی طرف دل سرد ہوجائے وہ شخص سچا ہے اور درجات کے اختلاف کے بموجب اولیاء کے شمار میں ہے۔مگر یہ بھی ان لوگوں کے لئے ہے جو اس گروہ کے ساتھ مناسبت رکھتے ہیں اور جن کو اس گروہ کے ساتھ مناسبت نہیں وہ محروم مطلق ہیں۔ ( مکتوب،جلد ثانی،صفحہ نمبر ۹۲)

(۳) حضرت امام ربانیؒ اسی مکتوب میں فرماتے ہیں'' خواجہ محمد پارسا قدس سرہ رسالہ قدسیہ میں لکھتے ہیں کہ چونکہ مردہ جسم کا زندہ کرنا اکثر لوگوں کے نزدیک بڑا اچھا کام سمجھا جاتا ہے۔اہل اللہ

ایسے زندہ کرنے سے منہ پھیر کر ''رُوح'' کے زندہ کرنے میں مشغول ہوگئے ہیں اور طالب کے مردہ دل کو زندہ کرنے کی طرف متوجہ ہوگئے ہیں۔ حقیقت میں مردہ جسم کو زندہ کرنا قلب کے زندہ کرنے کے مقابلہ میں اس چیز کے مثل ہے جو راستہ میں چھینک دی گئی ہو۔ کیونکہ جسم کا زندہ کرنا چند روزہ ہی زندگی کا سبب ہے اور قلب کا زندہ کرنا ہمیشہ کی زندگی کا وسیلہ ہے۔ بلکہ ہم کہتے ہیں کہ اہل اللہ کا وجود حقیقت میں کرامات میں سے ایک کرامت ہے اور لوگوں کو حق سبحانہ کی طرف ان کی دعوت حق تعالیٰ کی رحمتوں میں سے ایک رحمت ہے اور مردہ دلوں کو زندہ کرنا بڑی نشانیوں میں سے ایک نشانی۔ اہل اللہ زمین والوں میں امان اور زمانہ کے لئے غنیمت ہیں۔

(۴) حضرت امام ربانی اپنے رسالہ ''مبداومعاد'' میں بیان فرماتے ہیں۔ پیر وہ ہے جو مرید کی نجاست معنویہ کو اپنے قلب وروح سے ساف کرتا ہے اور اس کے معدہ کو پاک کرتا ہے۔ ان توجہات میں جو بعض طالبوں کی نسبت وقوع میں آتی ہیں محسوس ہوتا ہے کہ ان کی باطنی نجاستوں کے پاک کرنے میں صاحب توجہ کی بھی آلودگی پہنچتی ہے اور کچھ دیر تک مکدرر رکھتی ہے۔

پیر ہے کہ جس کے وسیلہ سے خدائے عزوجل تک پہونچتے ہیں جو دُنیا وآخرت کی تمام سعادتوں سے بڑھ کر ہے۔ پیر ہی کے وسیلہ سے نفس امارہ جو بذات خود خبیث ہے پاک ہوجاتا ہے اور امارگی سے اطمینان تک پہونچتا ہے اور کفر ذاتی سے اسلام حقیقی میں آجاتا ہے۔

''گر بگویم شرح این بے حد شود''

(ترجمہ) ''اگر اس کی شرح بیان کیجئے تو دفتر بے کراں درکار ہے''۔

جاننا چاہئے کہ پیر کے حقوق تمام حقوق والوں کے حقوق سے زیادہ ہیں بلکہ پیر کے حقوق حق سبحانہ کے انعامات اور اس کے رسول علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات کے احسانات کے بعد دوسروں کے حقوق سے نسبت نہیں رکھتے بلکہ سب کے پیر حقیقی ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' ہیں۔ اگرچہ ظاہری ولادت والدین سے ہے مگر ولادت معنوی پیر کے ساتھ مخصوص ہے۔ ظاہری ولادت کی زندگی چند روزہ ہے اور ولادت معنوی ابدی ہے۔

(۵) حضرت مجدد صاحب قدس سرہ اپنے ایک مکتوب میں ''تاکید سُنت'' کے سلسلہ مین حضرت شیخ سعدی شیرازیؒ کی یہ بیت نقل فرماتے ہیں:

آں کس کہ بہ قرآن وخبر زدنہ رہی

آں ست جوابس کہ جوابش نہ دِہی

(ترجمہ) وہ شخص جس سے بذریعہ قرآن وحدیث تو رہائی حاصل نہ کر سکے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ تو جواب ہی نہ دے۔

(۶) آپ نے ''ترقی بعدالموت'' کے بارے میں بھی لکھا ہے کہ حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی قدس سرہ نے لکھا ہے کہ جو شخص اس راہ میں اخلاص کے ساتھ قدم رکھتا ہے اور ''اتباع شریعت'' کرتا ہے اس کو اگر دُنیا کی زندگی میں صوفیائے کرام کے ذوق وکوائف حاصل نہیں ہوتے تو مرنے کے بعد یہ سب کچھ اس کو دیدیا جاتا ہے۔

پھر کچھ تامل کے بعد مجدد صاحبؒ نے فرمایا کہ:

''مرنے سے پہلے بھی دیدیا جاتا ہے''۔

(۷) حضرت مجدد الف ثانیؒ کا ارشاد گرامی ہے کہ ''سلطان رُوح کے مانند ہے اور رعایا جسم کے مانند۔ اگر رُوح صالح ہوتی ہے تو جسم بھی صالح رہتا ہے۔ اگر رُوح فاسد ہوجاتی ہے تو بدن میں بھی

فساد پڑ جاتا ہے"۔ حضرت امیر خُسرو علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

"نیک و بد درادمی پنہاں نمی ماند چنانکہ
نافہ در جیبِ مُلوک د بادہ در جام بلُور

اقتباس تذکرہ "مجدد الف ثانی" مرتبہ محمد منظور نعمانیؒ، مدیر الفرقان لکھنو۔

**۱۔ پیدائش:**

پیدائش ۱۲ شوال المکرم ۹۷۱ھ شہر سرہند، نام نامی امام ربانی مجدد الف ثانی بدرالدین ابوالبرکات شیخ امد بن عبدالاحد عمری فاروقی۔

**۲۔ معاصرین:**

قدرت کے کرشموں کے علل وحکم کی تہہ تک کسی کو رسائی نہیں ہوسکتی اور اس کے رموز کو کوئی معلوم نہیں کرسکتا۔ اتفاق وقت کیسا عجیب ہے کہ کس طرح اکبری وجہانگیری دور میں مسائب وفتن مظلمہ کا جوش وخروش تھا۔ الحاد وزندقہ کی گرم بازاری تھی۔ مشرکین اور روافض کی روسم وبدعات کا دور دورہ تھا۔ جس کا عشرعشیر بھی زمانہ سابق میں نہ تھا۔ اسی طرح دونوں عہدوں میں اولیاء کرام اور علماء ربانی کا اجتماع بھی ایسا تھا کہ اس سے قبل اس کی نظیر نہیں ملتی۔
شاہ صاحب (شاہ ولی اللہ) نے شرح رسالہ میں اس کی تفصیل کی ہے۔ خاس دہلی میں اس وقت سید عبدالوہاب بخاریؒ، شاہ محمد خیال صاحبؒ الریاضات العجیبہ، شیخ عبدالعزیز چشتیؒ، خواجہ محمد باقی باللہ نقشبندیؒ، شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ موجود تھے۔ ہر ایک ان میں صاحب کرامت اور ساحب تصنیف تھا اور اپنے اپنے فن کا امام۔ گنگوہ میں شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ اور ان کی اولاد موجود تھی۔ رحمہم اللہ تعالیٰ کہ ہر ایک ان میں یکتائے روزفار تھا۔ انہیں میں سے شیخ عبدالنبی گنگوہی تھے جن کو اکبر نے ختم کیا تھا۔ مولانا سید رفیع الدین اکبرآباد میں تھے جو اپنے زمانہ میں صالحین اور اہل علم کے ماواوملجاء تھے۔ یہ وہی شیخ الحدیث ہیں کہ حافظ سخاوی نے ان سے حدیث کی پچاس کتابوں کی سند اجازت حاصل کی۔
اسی طرح امیر ابوالعلاعلوی رحمۃ اللہ علیہ بھی اکبرآباد میں موجود تھے جو طریقہ علویہ نقشبندیہ کے زبردست شیخ تھے۔ گوالیار میں شاہ محمد غوث گوالیاری، نارنول میں شیخ نظام نارنولی اور سرہند میں مجدد الف ثانیؒ تھے۔ یہ حال تو دہلی اور اس کے اطراف کا ہے کہ یہ حضرات اکابر جمع تھے۔ یہ وہ حضرات ہیں جن کے ناموں سے برکت حاصل کی جاتی ہے اور جن کے ذکر سے رحمت خداوندی کے نزول کی اُمید کی جاتی ہے۔

**۳۔ نسب:**

مجدد صاحبؒ کا نسب ستائیس واسطوں سے خلیفہ ثانی حضرت فاروق اعظم عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے جاملتا ہے۔ چونکہ نسباً آپ فاروقی ہیں اس لئے آپ کی تجدید اور آپ کے ارشادوتلقین کا دور دورہ اسی جاہ وجلال کے ساتھ ساتھ تھا جو خلیفہ ثانی فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی شان تھی۔ مجدد صاحبؒ کا خاندان آبائی علم وفضل اور ارشادوتلقین کے منصب پر فائز تھا۔

**۴۔ اکبر کا خواب:**

اسی رسالہ میں ہے کہ اکبر بادشاہ نے ایک خواب دیکھا تھا جس کی تعبیر معبروں نے یہ دی تھی کہ ایک صالح بزرگ کے ظہور سے آپ کے آئین سلطنت میں تزلزل پیدا ہوگا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

**۵۔ مختصر حالات مجدد صاحبؒ:**

سترہ سال کی عمر میں آپ تمام علوم فنون اور حفظ قرآن ہوکر مسند درس وتدریس پر متمکن ہوگئے۔ نقشبندیہ خاندان میں حضرت خواجہ

باقی باللہؒ کے دست حق پرست پر بیعت کی اور خلیفہ قرار پائے۔ تمام خاندانوں سے آپ کو اجازت بیعت حاصل ہے۔ بڑے بڑے اولیاء واکابر آپ کے حلقہ بگوش تھے۔ تمام عمر اتباع کتاب وسُنت اور اس کی تبلیغ اور اجتناب بدعت اور اس کے مٹانے میں گذاری جس مین مکتوبات کے تین دفتر شاہد عادل ہیں۔

ایسے شخص کو قدرت نے مذکورہ بالا بادشاہوں کی سلطنت میں مجدد مقرر کیا تا کہ حکومت کی کایا پلٹ دے۔ جہاد باللسان اور جہاد بالقلم کا ہی یہ نتیجہ ہے کہ حضرت شیخ کو جاہنگیر بادشاہ نے گوالیار کے قلعہ میں قید کر دیا تھا اور پھر آخر خود ہی پشیمان ہوکر رہائی کا حکم دیا۔ تیسرے دفتر کے بعض مکتوبات میں اس قید کی طرف مجمل اشارات ہیں۔ قید خانہ میں رہ کر بھی ارشاد وتلقین کا سلسلہ جاری رہا اور تمام قیدیوں کو باخدا بنا کر باہر نکلے۔ جہانگیر کے دربار سے سجدۂ تعظیمی موقوف کرایا۔ خلاف شریعت قوانین منسوخ کرائے۔ ذبیحہ گاؤ کو علی الاعلان جاری کرایا۔ جزیہ مقرر کیا گیا۔ ویران اور منہدم مسجدیں آباد کرائیں اور قوانین شریعت کا نفاذ کرایا۔ بالآخر جہانگیر نے توبہ کی اور مرید ہوا۔

**۶۔مجدد صاحبؒ کے احسانات اہل ہند کی گردنوں پر:**

(۱) مجدد صاحبؒ ہی نے اطراف ہند میں نقشبندی طریقہ کو پھیلایا اور خود آپ اور آپ کے اصحاب کے ذریعہ ایک خلق خدا مہذب ہوگئی۔

(۲) صوفیوں اور فقہاء کے درمیان جو اختلاف تھا اس میں ایک مستقل فیصلہ کیا جس میں اختلاف مٹ گیا۔ توحید شہودی اور وجودی کے ایسے معنی بیان کئے جن پر کوئی اشکال وارد نہیں ہوتا اور نہ اس میں کسی قسم کا اجمال باقی رہتا ہے اور لوگوں پر ظاہر کر دیا کہ سالکوں کو جو یہ معلوم ہوتا ہے کہ تمام اجزاءِ عالم میں واحد سرایت کئے ہوئے ہے۔ یہ حقیقت سلوک کا شیخ اور سلوک کے مقدمات میں سے ایک مقدمہ ہے۔ ان کے علاوہ اور بھی بہت سی مغلق اور مشکل باتوں کو حل کر دیا ہے۔

(۳) امراء کو عقائد باطلہ سے منع کرتے تھے۔ ان کو لکھا کرتے تھے کہ اپنی مجالس میں کسی رافضی یا ذمی کو نہ آنے دیں۔ عبادات وصدقات کی ان کو ترغیب دیتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے مجدد صاحبؒ کے ذریعہ ان امراء وحکام کو نفع پہونچایا اور اِن حکام کے ذریعہ عام لوگوں کی اصلاح ہوگئی۔ قاعدہ ہے کہ لوگ اپنے بادشاہوں کے طریق پر ہوتے ہیں۔

(۴) جب روافض کی بدعت ظاہر ہوئی۔ شیخ نے ان سے مناظرے کرنے شروع کردیئے اور ہمیشہ ان کو ساکت وصامت کر دیتے تھے تا ایں کہ ان کا فساد مٹ گیا۔

(۵) مسلمانوں میں سے وہ ضعیف الاعتقاد جن کی طبیعتیں کتب فلاسفہ کے مطالعہ سے یا ہندوؤں کی صحبت سے فاسد ہوچکی تھی نئے نئے قول اُنہوں نے ایجاد کئے اور کہنے لگے کہ ہم کو نبی کی حاجت نہیں۔ بندوں کو حرام وحلال کا مکلف کرنے میں کوئی فائدہ نہیں۔ اعتماد کے قابل ملکات ہیں وغیرہ ذالک۔

شیخ نے اس کے متعلق رسالہ لکھا اور ان کو رد کیا اور مختلف مجلسوں میں ان لوگوں سے مناظرے مباحثے کئے حتیٰ کہ ان کے اس الحاد کے فتنے کو مٹا دیا۔

ان امور کی وجہ سے پھر تو شیخ کی یہ حالت ہوگئی کہ بجز مومن متقی کے اور کوئی اُن سے بغض وعداوت نہیں رکھتا تھا۔




# ORDER NOW!

+92 312 5892959

FOR MORE : WWW.DRAZEEMFAROOQI.COM

# THE VOICE YOUTH TRUSTS




LOG ON TO
**aemagazine.pk**
READ YOUR FAVORITE ARTICLES
DOWNLOAD YOUR FAVORITE EDITION
SUBSCRIBE AZEEM ENGLISH MAGAZINE
SEND YOUR FEEDBACK
SUBMT YOUR ARTICLE

AZEEM ENGLISH MAGAZINE MONTHLY